| قرآن | سے | طرف | حکیم | علیم | جب | کہا | موسیٰ نے | اپنے گھر والوں سے | بیشک میں نے | دیکھی ہے | آگ |

حکیم و علیم کی طرف سے عطا کیا جاتا ہے۔ جب موسیٰ نے اپنے گھر والوں سے کہا کہ میں نے آگ دیکھی ہے،

سَاٰتِيْكُمْ مِّنْهَا بِخَبَرٍ اَوْ اٰتِيْكُمْ بِشِهَابٍ قَبَسٍ لَّعَلَّكُمْ تَصْطَلُوْنَ ⑦ فَلَمَّا

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| سَاٰتِيْكُمْ | مِنْهَا | بِخَبَرٍ | اَوْ | اٰتِيْكُمْ | بِشِهَابٍ | قَبَسٍ | لَعَلَّكُمْ | تَصْطَلُوْنَ | فَلَمَّا |
| عنقریب میں لاؤں گا تمہارے پاس | اس سے | کوئی خبر | یا | لاؤں گا تمہارے پاس | انگارہ | سلگتا ہوا | تاکہ تم | تاپو | پس جب |

میں وہاں سے (رستے کا) پتہ لاتا ہوں یا سلگتا ہوا انگارہ تمہارے پاس لاتا ہوں تاکہ تم تاپو۔ جب موسیٰؑ

جَآءَهَا نُوْدِيَ اَنْۢ بُوْرِكَ مَنْ فِي النَّارِ وَ مَنْ حَوْلَهَا ؕ وَ سُبْحٰنَ اللّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ⑧

| | | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| جَآءَهَا | نُوْدِيَ | اَنْ | بُوْرِكَ | مَنْ | فِيْ | النَّارِ | وَ مَنْ | حَوْلَهَا | وَ سُبْحٰنَ | اللّٰهِ | رَبِّ | الْعٰلَمِيْنَ |
| وہ آیا اسکے پاس | اسے پکارا گیا/ندا آئی | کہ | بابرکت ہے | وہ جو | میں | آگ | اور وہ جو | اسکے اردگرد ہے | اور پاک ہے | اللہ | رب | جہانوں کا |

اس کے پاس آئے تو ندا آئی کہ وہ جو آگ میں (تجلی دکھاتا) ہے، بابرکت ہے اور وہ جو آگ کے اردگرد ہے، اور اللہ جو تمام عالم کا پروردگار ہے پاک ہے۔

يٰمُوْسٰۤى اِنَّهٗۤ اَنَا اللّٰهُ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ⑨ وَ اَلْقِ عَصَاكَ ؕ فَلَمَّا رَاٰهَا تَهْتَزُّ كَاَنَّهَا

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| يٰمُوْسٰى | اِنَّهٗ | اَنَا | اللّٰهُ | الْعَزِيْزُ | الْحَكِيْمُ | وَ اَلْقِ | عَصَاكَ | فَلَمَّا | رَاٰهَا | تَهْتَزُّ | كَاَنَّهَا |
| اے موسیٰ | بے شک | میں ہی | اللہ ہوں | غالب | حکیم | اور ڈال دے | اپنی لاٹھی | پس جب | اس نے اسے دیکھا | وہ ہل رہی تھی | گویا کہ وہ |

اے موسیٰؑ! میں ہی اللہ غالب و دانا ہوں۔ اور اپنی لاٹھی ڈال دو۔ جب اسے دیکھا تو (اس طرح) ہل رہی تھی گویا

جَآنٌّ وَّلّٰى مُدْبِرًا وَّ لَمْ يُعَقِّبْ ؕ يٰمُوْسٰى لَا تَخَفْ ۫ اِنِّيْ لَا يَخَافُ لَدَيَّ الْمُرْسَلُوْنَ ۖ ⑩

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| جَآنٌّ | وَلّٰى | مُدْبِرًا | وَ لَمْ يُعَقِّبْ | يٰمُوْسٰى | لَا تَخَفْ | اِنِّيْ | لَا يَخَافُ | لَدَيَّ | الْمُرْسَلُوْنَ |
| سانپ ہے | وہ پھر گیا/بھاگا | پیٹھ پھیر کر | اور نہ پیچھے مڑ کر دیکھا | اے موسیٰ | مت ڈر | بیشک | نہیں خوف کھاتے | میرے حضور | رسول |

سانپ ہے تو پیٹھ پھیر کر بھاگے اور پیچھے مڑ کر نہ دیکھا۔ (حکم ہوا) موسیٰؑ! ڈرو مت، ہمارے پاس پیغمبر ڈرا نہیں کرتے۔

اِلَّا مَنْ ظَلَمَ ثُمَّ بَدَّلَ حُسْنًاۢ بَعْدَ سُوْٓءٍ فَاِنِّيْ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ⑪ وَ اَدْخِلْ يَدَكَ

| | | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اِلَّا | مَنْ | ظَلَمَ | ثُمَّ | بَدَّلَ | حُسْنًا | بَعْدَ | سُوْٓءٍ | فَاِنِّيْ | غَفُوْرٌ | رَحِيْمٌ | وَ اَدْخِلْ | يَدَكَ |
| مگر | جس نے | ظلم کیا | پھر | بدل دیا | نیکی سے | بعد | برائی کے | تو بیشک میں | معاف کرنے والا | رحم کرنے والا ہوں | اور داخل کر | اپنا ہاتھ |

ہاں، جس نے ظلم کیا پھر برائی کے بعد اسے نیکی سے بدل دیا تو میں بخشنے والا مہربان ہوں۔ اور اپنا ہاتھ اپنے

فِيْ جَيْبِكَ تَخْرُجْ بَيْضَآءَ مِنْ غَيْرِ سُوْٓءٍ ۫ فِيْ تِسْعِ اٰيٰتٍ اِلٰى فِرْعَوْنَ وَ قَوْمِهٖ ؕ اِنَّهُمْ

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| فِيْ جَيْبِكَ | تَخْرُجْ | بَيْضَآءَ | مِنْ غَيْرِ | سُوْٓءٍ | فِيْ | تِسْعِ | اٰيٰتٍ | اِلٰى | فِرْعَوْنَ | وَ قَوْمِهٖ | اِنَّهُمْ |
| اپنے گریبان میں | نکلے گا | سفید | بغیر | عیب کے | میں | نو | نشانیاں | طرف | فرعون | اور اس کی قوم کی | بے شک وہ |

گریبان میں ڈالو، بے عیب سفید نکلے گا۔ (ان دو معجزوں کے ساتھ جو) نو معجزوں میں (داخل ہیں) فرعون اور اس کی قوم کے پاس (جاؤ) کہ وہ

كَانُوْا قَوْمًا فٰسِقِيْنَ ﴿١٢﴾ فَلَمَّا جَآءَتْهُمْ اٰيٰتُنَا مُبْصِرَةً قَالُوْا هٰذَا سِحْرٌ مُّبِيْنٌ ﴿١٣﴾

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| كَانُوْا | قَوْمًا | فٰسِقِيْنَ | فَلَمَّا | جَآءَتْهُمْ | اٰيٰتُنَا | مُبْصِرَةً | قَالُوْا | هٰذَا | سِحْرٌ | مُّبِيْنٌ |
| ہیں | لوگ | بدکردار | پس جب | پہنچیں ان کے پاس | ہماری نشانیاں | روشن | کہا انہوں نے | یہ | جادو ہے | صریح |

بدکردار لوگ ہیں۔ جب ان کے پاس ہماری روشن نشانیاں پہنچیں تو کہنے لگے، یہ صریح جادو ہے۔

وَ جَحَدُوْا بِهَا وَ اسْتَيْقَنَتْهَآ اَنْفُسُهُمْ ظُلْمًا وَّ عُلُوًّا ؕ فَانْظُرْ كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ جَحَدُوْا | بِهَا | وَ اسْتَيْقَنَتْهَا | اَنْفُسُهُمْ | ظُلْمًا | وَّ عُلُوًّا | فَانْظُرْ | كَيْفَ | كَانَ | عَاقِبَةُ |
| اور انکار کیا انہوں نے | ان سے | حالانکہ قائل ہو گئے تھے انکے | دل ان کے | بے انصافی | اور غرور سے | پھر دیکھئے | کیسا | ہوا | انجام |

اور بے انصافی اور غرور سے ان سے انکار کیا، لیکن ان کے دل ان کو مان چکے تھے۔ پھر دیکھ لو کہ فساد کرنے والوں کا انجام

الْمُفْسِدِيْنَ ﴿١٤﴾ وَ لَقَدْ اٰتَيْنَا دَاوٗدَ وَ سُلَيْمٰنَ عِلْمًا ۚ وَ قَالَا الْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ ع ١ ١٤ ١٦

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الْمُفْسِدِيْنَ | وَ لَقَدْ | اٰتَيْنَا | دَاوٗدَ | وَ سُلَيْمٰنَ | عِلْمًا | وَ قَالَا | الْحَمْدُ لِلّٰهِ | الَّذِيْ |
| فساد کرنے والوں کا | اور بے شک | دیا ہم نے | داؤد | اور سلیمان کو | علم | اور دونوں نے کہا | اللہ کا شکر ہے | جس نے |

کیسا ہوا؟ اور ہم نے داؤد اور سلیمان کو علم بخشا، اور انہوں نے کہا کہ اللہ کا شکر ہے جس نے

فَضَّلَنَا عَلٰى كَثِيْرٍ مِّنْ عِبَادِهِ الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿١٥﴾ وَ وَرِثَ سُلَيْمٰنُ دَاوٗدَ وَ قَالَ يٰۤاَيُّهَا

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| فَضَّلَنَا | عَلٰى كَثِيْرٍ | مِّنْ عِبَادِهِ | الْمُؤْمِنِيْنَ | وَ وَرِثَ | سُلَيْمٰنُ | دَاوٗدَ | وَ قَالَ | يٰۤاَيُّهَا |
| فضیلت دی ہمیں | اکثریت پر | اپنے بندوں میں سے | مومن | اور وارث ہوا | سلیمان | داؤد کا | اور اس نے کہا | اے |

ہمیں اپنے بہت سے مومن بندوں پر فضیلت دی۔ اور سلیمان داؤد کے قائم مقام ہوئے اور کہنے لگے کہ لوگو!

النَّاسُ عُلِّمْنَا مَنْطِقَ الطَّيْرِ وَ اُوْتِيْنَا مِنْ كُلِّ شَيْءٍ ؕ اِنَّ هٰذَا لَهُوَ الْفَضْلُ

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| النَّاسُ | عُلِّمْنَا | مَنْطِقَ | الطَّيْرِ | وَ اُوْتِيْنَا | مِنْ | كُلِّ | شَيْءٍ | اِنَّ | هٰذَا | لَهُوَ | الْفَضْلُ |
| لوگو | ہم کو سکھائی گئی | بولی | پرندوں کی | اور ہم کو دی گئی | سے | ہر | چیز | بے شک | یہ | وہ | فضل ہے |

ہمیں (اللہ کی طرف سے) جانوروں کی بولی سکھائی گئی ہے اور ہر چیز عنایت فرمائی گئی ہے۔ بیشک یہ (اس کا) صریح

الْمُبِيْنُ ﴿١٦﴾ وَ حُشِرَ لِسُلَيْمٰنَ جُنُوْدُهٗ مِنَ الْجِنِّ وَ الْاِنْسِ وَ الطَّيْرِ فَهُمْ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الْمُبِيْنُ | وَ حُشِرَ | لِسُلَيْمٰنَ | جُنُوْدُهٗ | مِنَ الْجِنِّ | وَ الْاِنْسِ | وَ الطَّيْرِ | فَهُمْ |
| صریح | اور جمع کیے گئے | سلیمان کے لیے | اس کے لشکر | جنوں کے | اور انسانوں کے | اور پرندوں کے | پھر ان کی |

فضل ہے۔ اور سلیمان کے لیے جنوں اور انسانوں اور پرندوں کے لشکر جمع کیے گئے، اور وہ

يُوْزَعُوْنَ ﴿١٧﴾ حَتّٰٓى اِذَآ اَتَوْا عَلٰى وَادِ النَّمْلِ ۙ قَالَتْ نَمْلَةٌ يّٰٓاَيُّهَا النَّمْلُ ادْخُلُوْا

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| يُوْزَعُوْنَ | حَتّٰٓى | اِذَآ | اَتَوْا | عَلٰى | وَادِ | النَّمْلِ | قَالَتْ | نَمْلَةٌ | يّٰٓاَيُّهَا | النَّمْلُ | ادْخُلُوْا |
| گروہ بندی کی گئی | یہاں تک کہ | جب | وہ پہنچے | پر | وادی | چیونٹیوں کی | کہا | ایک چیونٹی نے | اے | چیونٹیو | داخل ہو جاؤ |

ہر قسم وار کیے گئے تھے۔ یہاں تک کہ جب چیونٹیوں کے میدان میں پہنچے تو ایک چیونٹی نے کہا کہ چیونٹیو! اپنے اپنے بلوں میں

مَسٰكِنَكُمْ ۚ لَا يَحْطِمَنَّكُمْ سُلَيْمٰنُ وَ جُنُوْدُهٗ ۙ وَ هُمْ لَا يَشْعُرُوْنَ ﴿١٨﴾ فَتَبَسَّمَ

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| مَسٰكِنَكُمْ | لَا يَحْطِمَنَّكُمْ | سُلَيْمٰنُ | وَ جُنُوْدُهٗ | وَ هُمْ | لَا يَشْعُرُوْنَ | فَتَبَسَّمَ |
| اپنے بلوں میں | کہیں کچل نہ دیں تم کو | سلیمان | اور اس کے لشکر | اور وہ | نہ شعور رکھتے ہوں | پس مسکرایا |

داخل ہو جاؤ، ایسا نہ ہو کہ سلیمان اور اس کے لشکر تم کو کچل ڈالیں اور ان کو خبر بھی نہ ہو۔ تو وہ اس کی بات سے

ضَاحِكًا مِّنْ قَوْلِهَا وَ قَالَ رَبِّ اَوْزِعْنِيْٓ اَنْ اَشْكُرَ نِعْمَتَكَ الَّتِيْٓ اَنْعَمْتَ عَلَيَّ

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ضَاحِكًا | مِّنْ | قَوْلِهَا | وَقَالَ | رَبِّ | اَوْزِعْنِيْٓ | اَنْ | اَشْكُرَ | نِعْمَتَكَ | الَّتِيْٓ | اَنْعَمْتَ | عَلَيَّ |
| ہنستے ہوئے | سے | اس کی بات | اور کہا | اے میرے رب | توفیق دے مجھے | یہ کہ | میں شکر کروں | تیری نعمت کا | وہ جو | تو نے انعام کی | میرے اوپر |

ہنس پڑے اور کہنے لگے کہ اے پروردگار! مجھے توفیق عنایت کر کہ جو احسان تو نے مجھ پر اور میرے ماں باپ پر

وَ عَلٰى وَالِدَيَّ وَ اَنْ اَعْمَلَ صَالِحًا تَرْضٰىهُ وَ اَدْخِلْنِيْ بِرَحْمَتِكَ فِيْ عِبَادِكَ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ عَلٰى | وَالِدَيَّ | وَ اَنْ | اَعْمَلَ | صَالِحًا | تَرْضٰىهُ | وَ اَدْخِلْنِيْ | بِرَحْمَتِكَ | فِيْ عِبَادِكَ |
| اور پر | میرے والدین | اور یہ کہ | میں عمل کروں | صالح | تو راضی ہو اس سے | اور داخل کر مجھے | اپنی رحمت سے | اپنے بندوں میں |

کیے ہیں ان کا شکر کروں اور ایسے نیک کام کروں کہ تو ان سے خوش ہو جائے اور مجھے اپنی رحمت سے اپنے نیک بندوں میں

الصّٰلِحِيْنَ ﴿١٩﴾ وَ تَفَقَّدَ الطَّيْرَ فَقَالَ مَا لِيَ لَآ اَرَى الْهُدْهُدَ ۖ اَمْ كَانَ مِنَ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الصّٰلِحِيْنَ | وَ تَفَقَّدَ | الطَّيْرَ | فَقَالَ | مَا | لِيَ | لَآ اَرَى | الْهُدْهُدَ | اَمْ | كَانَ | مِنَ |
| صالح | اور اس نے جائزہ لیا | پرندوں کا | پھر کہا | کیا ہے | مجھے | نہیں میں دیکھتا | ہدہد کو | کیا | وہ ہے | سے |

داخل فرما۔ اور جب انہوں نے جانوروں کا جائزہ لیا تو کہنے لگے، کیا سبب ہے کہ ہدہد نظر نہیں آتا، کیا کہیں

الْغَآئِبِيْنَ ﴿٢٠﴾ لَاُعَذِّبَنَّهٗ عَذَابًا شَدِيْدًا اَوْ لَاَاذْبَحَنَّهٗٓ اَوْ لَيَاْتِيَنِّيْ بِسُلْطٰنٍ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الْغَآئِبِيْنَ | لَاُعَذِّبَنَّهٗ | عَذَابًا | شَدِيْدًا | اَوْ | لَاَاذْبَحَنَّهٗٓ | اَوْ | لَيَاْتِيَنِّيْ | بِسُلْطٰنٍ |
| غائب ہونے والوں میں | میں ضرور عذاب دوں گا اس کو | عذاب | سخت | یا | ضرور ذبح کر دوں گا اس کو | یا | وہ لازماً لائے گا میرے پاس | دلیل |

غائب ہو گیا ہے؟ میں اسے سخت سزا دوں گا یا ذبح کر ڈالوں گا یا میرے سامنے (اپنی بے قصوری کی) دلیل صریح

مُّبِيْنٍ ۝٢١ فَمَكَثَ غَيْرَ بَعِيْدٍ فَقَالَ اَحَطْتُّ بِمَا لَمْ تُحِطْ بِهٖ وَ جِئْتُكَ مِنْ

| مُبِيْنٍ | فَمَكَثَ | غَيْرَ بَعِيْدٍ | فَقَالَ | اَحَطْتُّ | بِمَا | لَمْ تُحِطْ | بِهٖ | وَ جِئْتُكَ | مِنْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| صریح | پھر ٹھہرا | تھوڑی دیر | پس (ہدہد نے) کہا | میرے پاس خبر ہے | اس کی کہ | نہیں آپ کو خبر | جس کی | اور میں لایا ہوں آپ کے پاس | سے |

پیش کرے۔ ابھی تھوڑی ہی دیر ہوئی تھی کہ (ہدہد) آموجود ہوا اور کہنے لگا کہ مجھے ایک ایسی چیز معلوم ہوئی ہے جس کی آپ کو خبر نہیں اور میں آپ کے پاس (شہر)

سَبَاٍ بِنَبَاٍ يَّقِيْنٍ ۝٢٢ اِنِّيْ وَجَدْتُّ امْرَاَةً تَمْلِكُهُمْ وَ اُوْتِيَتْ مِنْ كُلِّ شَيْءٍ وَّ لَهَا

| سَبَاٍ | بِنَبَاٍ | يَقِيْنٍ | اِنِّيْ | وَجَدْتُّ | اِمْرَاَةً | تَمْلِكُهُمْ | وَ اُوْتِيَتْ | مِنْ كُلِّ | شَيْءٍ | وَ لَهَا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| سبا | خبر | یقینی | بیشک میں نے | پایا | ایک عورت کو | حکومت کرتی ہے ان پر | اور اس کو دی گئی ہے | ہر | چیز | اور اس کا |

سبا سے ایک یقینی خبر لے کر آیا ہوں۔ میں نے ایک عورت دیکھی کہ ان لوگوں پر بادشاہت کرتی ہے اور ہر چیز اسے میسر ہے اور اس کا

عَرْشٌ عَظِيْمٌ ۝٢٣ وَجَدْتُّهَا وَ قَوْمَهَا يَسْجُدُوْنَ لِلشَّمْسِ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ وَ زَيَّنَ

| عَرْشٌ | عَظِيْمٌ | وَجَدْتُّهَا | وَ قَوْمَهَا | يَسْجُدُوْنَ | لِلشَّمْسِ | مِنْ دُوْنِ | اللّٰهِ | وَ زَيَّنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ایک تخت ہے | بڑا | میں نے پایا اس کو | اور اس کی قوم کو | سجدہ کرتے ہیں | سورج کو | سوائے | اللہ کے | اور خوب صورت بنایا |

ایک بڑا تخت ہے۔ میں نے دیکھا کہ وہ اور اس کی قوم اللہ کو چھوڑ کر آفتاب کو سجدہ کرتے ہیں اور شیطان نے

لَهُمُ الشَّيْطٰنُ اَعْمَالَهُمْ فَصَدَّهُمْ عَنِ السَّبِيْلِ فَهُمْ لَا يَهْتَدُوْنَ ۝٢٤ اَلَّا

| لَهُمْ | الشَّيْطٰنُ | اَعْمَالَهُمْ | فَصَدَّهُمْ | عَنْ | السَّبِيْلِ | فَهُمْ | لَا يَهْتَدُوْنَ | اَلَّا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ان کیلئے | شیطان نے | ان کے اعمال کو | پس اس نے روک دیا ان کو | سے | راستے | پس وہ | نہیں ہدایت پاتے | کیوں نہیں |

ان کے اعمال انہیں آراستہ کر دکھائے ہیں اور ان کو رستے سے روک رکھا ہے پس وہ رستے پر نہیں آتے۔ (اور نہیں سمجھتے) کہ

يَسْجُدُوْا لِلّٰهِ الَّذِيْ يُخْرِجُ الْخَبْءَ فِي السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضِ وَ يَعْلَمُ مَا تُخْفُوْنَ

| يَسْجُدُوْا | لِلّٰهِ | الَّذِيْ | يُخْرِجُ | الْخَبْءَ | فِيْ | السَّمٰوٰتِ | وَ الْاَرْضِ | وَ يَعْلَمُ | مَا | تُخْفُوْنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وہ سجدہ کرتے | اللہ کو | وہ جو | نکالتا ہے | پوشیدہ چیزوں کو | میں | آسمانوں | اور زمین | اور جانتا ہے | جو کچھ | تم چھپاتے ہو |

اللہ کو جو آسمانوں اور زمین میں چھپی چیزوں کو ظاہر کر دیتا ہے اور تمہارے پوشیدہ اور ظاہر اعمال کو جانتا ہے،

وَ مَا تُعْلِنُوْنَ ۝٢٥ اَللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ ۩ ۝٢٦ قَالَ سَنَنْظُرُ السجدة ٨

| وَ مَا | تُعْلِنُوْنَ | اَللّٰهُ | لَا | اِلٰهَ | اِلَّا | هُوَ | رَبُّ | الْعَرْشِ | الْعَظِيْمِ | قَالَ | سَنَنْظُرُ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور جو کچھ | تم ظاہر کرتے ہو | اللہ | نہیں | کوئی معبود | سوائے | اس کے | رب ہے | عرش | عظیم کا | کہا سلیمان نے | عنقریب ہم دیکھیں گے |

کیوں سجدہ نہ کریں؟ اللہ کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں، وہی عرش عظیم کا مالک ہے۔ (سلیمانؑ نے) کہا (اچھا) ہم دیکھیں گے

اَصَدَقْتَ اَمْ كُنْتَ مِنَ الْكٰذِبِيْنَ ﴿٢٧﴾ اِذْهَبْ بِّكِتٰبِيْ هٰذَا فَاَلْقِهْ اِلَيْهِمْ ثُمَّ

| اَصَدَقْتَ | اَمْ | كُنْتَ | مِنَ الْكٰذِبِيْنَ | اِذْهَبْ | بِّكِتٰبِيْ | هٰذَا | فَاَلْقِهْ | اِلَيْهِمْ | ثُمَّ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| آیا تو نے سچ کہا ہے | یا | تو ہے | جھوٹوں میں سے | لے جا | میرا خط | یہ | پس ڈال دے اسکو | ان کی طرف | پھر |

تو نے سچ کہا ہے یا تو جھوٹا ہے۔ یہ میرا خط لے جا اور اسے ان کی طرف ڈال دے پھر

تَوَلَّ عَنْهُمْ فَانْظُرْ مَاذَا يَرْجِعُوْنَ ﴿٢٨﴾ قَالَتْ يٰۤاَيُّهَا الْمَلَؤُا اِنِّيْۤ اُلْقِيَ اِلَيَّ كِتٰبٌ

| تَوَلَّ | عَنْهُمْ | فَانْظُرْ | مَاذَا | يَرْجِعُوْنَ | قَالَتْ | يٰۤاَيُّهَا | الْمَلَؤُا | اِنِّيْۤ | اُلْقِيَ | اِلَيَّ | كِتٰبٌ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تو لوٹ آ | ان سے | پھر دیکھ | کیا | وہ جواب دیتے ہیں | ملکہ نے کہا | اے | درباروالو | بیشک | ڈالا گیا ہے | میری طرف | خط/نامہ |

ان کے پاس سے پھر آ اور دیکھ کہ وہ کیا جواب دیتے ہیں۔ ملکہ نے کہا کہ دربار والو! میری طرف ایک نامۂ گرامی ڈالا گیا

كَرِيْمٌ ﴿٢٩﴾ اِنَّهٗ مِنْ سُلَيْمٰنَ وَ اِنَّهٗ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ﴿٣٠﴾ اَلَّا تَعْلُوْا عَلَيَّ

| كَرِيْمٌ | اِنَّهٗ | مِنْ سُلَيْمٰنَ | وَ اِنَّهٗ | بِسْمِ اللّٰهِ | الرَّحْمٰنِ | الرَّحِيْمِ | اَلَّا | تَعْلُوْا | عَلَيَّ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اہم/گرامی | بیشک وہ | سلیمان کی طرف سے ہے | اور بیشک وہ | اللہ کے نام سے | جو بڑا مہربان | نہایت رحم کرنے والا ہے | کہ نہ | تم سرکشی کرو | میرے خلاف |

ہے۔وہ سلیمان کی طرف سے ہے اور (مضمون) یہ ہے کہ شروع اللہ کا نام لے کر جو بڑا مہربان، نہایت رحم والا ہے۔(بعد اس کے یہ) کہ مجھ سے سرکشی نہ کرو

وَ اْتُوْنِيْ مُسْلِمِيْنَ ﴿٣١﴾ قَالَتْ يٰۤاَيُّهَا الْمَلَؤُا اَفْتُوْنِيْ فِيْۤ اَمْرِيْ ۚ مَا كُنْتُ قَاطِعَةً ٢ ع ١٧ ١٧

| وَ اْتُوْنِيْ | مُسْلِمِيْنَ | قَالَتْ | يٰۤاَيُّهَا | الْمَلَؤُا | اَفْتُوْنِيْ | فِيْۤ اَمْرِيْ | مَا | كُنْتُ | قَاطِعَةً |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور آجاؤ میرے پاس | فرمانبردار بن کر | ملکہ نے کہا | اے | اہل دربار | مشورہ دو مجھے | میرے معاملے میں | نہیں | ہوں میں | فیصلہ کرنے والی |

اور مطیع ومنقاد ہو کر میرے پاس چلے آؤ۔(خط سنا کر) کہنے لگی کہ اے اہل دربار! میرے اس معاملے میں مجھے مشورہ دو، جب تک تم حاضر نہ ہو (اور صلاح نہ دو)

اَمْرًا حَتّٰى تَشْهَدُوْنِ ﴿٣٢﴾ قَالُوْا نَحْنُ اُولُوْا قُوَّةٍ وَّ اُولُوْا بَاْسٍ شَدِيْدٍ ۙ۬ وَّ الْاَمْرُ

| اَمْرًا | حَتّٰى | تَشْهَدُوْنِ | قَالُوْا | نَحْنُ | اُولُوْا قُوَّةٍ | وَّ اُولُوْا بَاْسٍ | شَدِيْدٍ | وَّ الْاَمْرُ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| کسی کام کا | یہاں تک کہ | تم حاضر ہو میرے پاس | انہوں نے کہا | ہم | زور آور ہیں | اور جنگجو ہیں | سخت | اور حکم |

میں کسی کام کو فیصل کرنے والی نہیں۔ وہ بولے کہ ہم بڑے زور آور اور سخت جنگجو ہیں اور حکم آپ کے اختیار

اِلَيْكِ فَانْظُرِيْ مَاذَا تَاْمُرِيْنَ ﴿٣٣﴾ قَالَتْ اِنَّ الْمُلُوْكَ اِذَا دَخَلُوْا قَرْيَةً اَفْسَدُوْهَا

| اِلَيْكِ ① | فَانْظُرِيْ | مَاذَا | تَاْمُرِيْنَ | قَالَتْ | اِنَّ | الْمُلُوْكَ | اِذَا | دَخَلُوْا | قَرْيَةً | اَفْسَدُوْهَا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تیرے پاس ہے | پس دیکھ لے | کیا | تو حکم کرتی ہے | ملکہ نے کہا | بے شک | بادشاہ | جب | داخل ہوتے ہیں | کسی بستی میں | تباہ کردیتے ہیں اس کو |

میں ہے، تو جو حکم دیجئے گا (اس کے مآل پر) نظر کر لیجئے گا۔ اس نے کہا کہ بادشاہ جب کسی شہر میں داخل ہوتے ہیں تو اس کو تباہ کر دیتے ہیں



① اِلَيْكِ: تیرے پاس یعنی تیرے اختیار میں ہے۔

وَ جَعَلُوْٓا اَعِزَّةَ اَهْلِهَآ اَذِلَّةً ۚ وَ كَذٰلِكَ يَفْعَلُوْنَ ﴿٣٤﴾ وَ اِنِّيْ مُرْسِلَةٌ اِلَيْهِمْ بِهَدِيَّةٍ

| وَ جَعَلُوْٓا | اَعِزَّةَ | اَهْلِهَا | اَذِلَّةً | وَ كَذٰلِكَ | يَفْعَلُوْنَ | وَ اِنِّيْ | مُرْسِلَةٌ | اِلَيْهِمْ | بِهَدِيَّةٍ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور کردیتے ہیں | عزت والوں کو | اسکے رہنے والے/وہاں کے | ذلیل | اور اسی طرح | وہ کریں گے | اور بیشک میں | بھیجنے والی ہوں | ان کی طرف | ایک تحفہ |

اور وہاں کے عزت والوں کو ذلیل کر دیا کرتے ہیں، اور اسی طرح یہ بھی کریں گے۔ اور میں ان کی طرف کچھ تحفہ بھیجتی ہوں

فَنٰظِرَةٌۢ بِمَ يَرْجِعُ الْمُرْسَلُوْنَ ﴿٣٥﴾ فَلَمَّا جَآءَ سُلَيْمٰنَ قَالَ اَتُمِدُّوْنَنِ بِمَالٍ ۫

| فَنٰظِرَةٌ | بِمَ يَرْجِعُ ① | الْمُرْسَلُوْنَ | فَلَمَّا | جَآءَ | سُلَيْمٰنَ | قَالَ | اَتُمِدُّوْنَنِ | بِمَالٍ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| پھر دیکھنے والی ہوں | کیا جواب لاتے ہیں | قاصد | پس جب | پہنچا | سلیمان کے پاس | کہا | کیاتم مجھے مدد دیتے ہو | مال کے ساتھ |

اور دیکھتی ہوں کہ قاصد کیا جواب لاتے ہیں۔ جب (قاصد) سلیمان کے پاس پہنچا تو (سلیمانؑ نے) کہا، کیا تم مجھے مال سے مدد دینا چاہتے ہو؟

فَمَآ اٰتٰىنِۦَ اللّٰهُ خَيْرٌ مِّمَّآ اٰتٰىكُمْ ۚ بَلْ اَنْتُمْ بِهَدِيَّتِكُمْ تَفْرَحُوْنَ ﴿٣٦﴾ اِرْجِعْ

| فَمَآ | اٰتٰىنِۦَ اللّٰهُ | خَيْرٌ | مِّمَّآ | اٰتٰىكُمْ | بَلْ | اَنْتُمْ | بِهَدِيَّتِكُمْ | تَفْرَحُوْنَ | اِرْجِعْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| پس جو | دیا ہے مجھے اللہ نے | بہتر ہے | اس سے جو | تمہیں دیا ہے | بلکہ | تم ہی | اپنے تحفے سے | خوش ہوتے ہو | تو واپس جا |

جو کچھ اللہ نے مجھے عطا فرمایا ہے وہ اس سے بہتر ہے جو تمہیں دیا ہے، حقیقت یہ ہے کہ اپنے تحفے سے تم ہی خوش ہوتے ہوگے۔ ان کے پاس واپس

اِلَيْهِمْ فَلَنَاْتِيَنَّهُمْ بِجُنُوْدٍ لَّا قِبَلَ لَهُمْ بِهَا وَ لَنُخْرِجَنَّهُمْ مِّنْهَآ اَذِلَّةً

| اِلَيْهِمْ | فَلَنَاْتِيَنَّهُمْ | بِجُنُوْدٍ | لَا | قِبَلَ | لَهُمْ | بِهَا | وَ لَنُخْرِجَنَّهُمْ | مِنْهَا | اَذِلَّةً |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ان کی طرف | پس ہم ضرور لائیں گے ان پر | ایسے لشکر | نہیں | مقابلہ | ان کا | انکے ساتھ | اور ضرور ہم نکال دیں گے انکو | وہاں سے | بے عزت کر کے |

جاؤ ہم ان پر ایسے لشکر لے کر حملہ کریں گے جن کے مقابلے کی ان میں طاقت نہ ہوگی اور ان کو وہاں سے بے عزت کر کے نکال دیں گے

وَّ هُمْ صٰغِرُوْنَ ﴿٣٧﴾ قَالَ يٰٓاَيُّهَا الْمَلَؤُا اَيُّكُمْ يَاْتِيْنِيْ بِعَرْشِهَا قَبْلَ اَنْ يَّاْتُوْنِيْ

| وَ هُمْ | صٰغِرُوْنَ | قَالَ | يٰٓاَيُّهَا | الْمَلَؤُا | اَيُّكُمْ | يَاْتِيْنِيْ | بِعَرْشِهَا | قَبْلَ اَنْ | يَّاْتُوْنِيْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور وہ | ذلیل ہوں گے | کہا | اے | اہل دربار | کون ہے تم میں | لے آئے میرے پاس | اس کا تخت | اس سے پہلے کہ | وہ آئیں میرے پاس |

اور وہ ذلیل ہوں گے۔ (سلیمانؑ نے) کہا کہ اے دربار والو! کوئی تم میں ایسا ہے کہ قبل اس کے کہ وہ لوگ فرمانبردار ہوکر ہمارے پاس آئیں ملکہ کا تخت

مُسْلِمِيْنَ ﴿٣٨﴾ قَالَ عِفْرِيْتٌ مِّنَ الْجِنِّ اَنَا اٰتِيْكَ بِهٖ قَبْلَ اَنْ تَقُوْمَ مِنْ مَّقَامِكَ ۚ

| مُسْلِمِيْنَ | قَالَ | عِفْرِيْتٌ | مِنَ الْجِنِّ | اَنَا | اٰتِيْكَ | بِهٖ | قَبْلَ | اَنْ | تَقُوْمَ | مِنْ | مَقَامِكَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| فرمانبردار ہوکر | کہا | ایک قوی ہیکل نے | جنوں میں سے | میں | لاؤں گا آپ کے پاس | اسے | قبل | کہ | آپ کھڑے ہوں | سے | اپنی جگہ |

میرے پاس لے آئے۔ جنات میں سے ایک قوی ہیکل جن نے کہا کہ قبل اس کے کہ آپ اپنی جگہ سے اٹھیں میں اس کو آپ کے پاس لا حاضر کرتا ہوں،



① اصل معنی ہے؛ کس چیز کے ساتھ وہ لوٹتے ہیں، یعنی کیا جواب لاتے ہیں۔

وَ اِنِّيْ عَلَيْهِ لَقَوِيٌّ اَمِيْنٌ ﴿٣٩﴾ قَالَ الَّذِيْ عِنْدَهٗ عِلْمٌ مِّنَ الْكِتٰبِ اَنَا اٰتِيْكَ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ اِنِّيْ | عَلَيْهِ | لَقَوِيٌّ | اَمِيْنٌ | قَالَ | الَّذِيْ | عِنْدَهٗ | عِلْمٌ | مِّنَ الْكِتٰبِ | اَنَا | اٰتِيْكَ |
| اور بیشک میں | اس پر | طاقت رکھنے والا | امانت دار ہوں | کہا اس نے | وہ کہ | جس کے پاس | علم تھا | کتاب کا | میں | لاؤں گا آپکے پاس |

اور مجھے اس پر قدرت (بھی) حاصل ہے (اور) امانتدار (بھی) ہوں۔ ایک شخص جس کو کتاب (الٰہی) کا علم تھا کہنے لگا کہ میں آپ کی آنکھ کے جھپکنے سے

بِهٖ قَبْلَ اَنْ يَّرْتَدَّ اِلَيْكَ طَرْفُكَ ۭ فَلَمَّا رَاٰهُ مُسْتَقِرًّا عِنْدَهٗ قَالَ هٰذَا

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بِهٖ | قَبْلَ اَنْ | يَّرْتَدَّ | اِلَيْكَ | طَرْفُكَ ❶ | فَلَمَّا | رَاٰهُ | مُسْتَقِرًّا | عِنْدَهٗ | قَالَ | هٰذَا |
| اسے | قبل کہ | لوٹے | آپ کی طرف | آپ کی نظر/ پلک | پس جب | دیکھا اس نے اس کو | رکھا ہوا | اپنے پاس | کہا | یہ |

پہلے پہلے اسے آپ کے پاس حاضر کیے دیتا ہوں۔ جب (سلیمانؑ نے) تخت کو اپنے پاس رکھا ہوا دیکھا تو کہا کہ یہ

مِنْ فَضْلِ رَبِّيْ ۣ ۖ لِيَبْلُوَنِيْٓ ءَاَشْكُرُ اَمْ اَكْفُرُ ۭ وَ مَنْ شَكَرَ فَاِنَّمَا يَشْكُرُ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مِنْ فَضْلِ | رَبِّيْ | لِيَبْلُوَنِيْٓ | ءَاَشْكُرُ | اَمْ | اَكْفُرُ | وَ مَنْ | شَكَرَ | فَاِنَّمَا | يَشْكُرُ |
| فضل ہے | میرے رب کا | تاکہ وہ مجھے آزمائے | آیا میں شکر کرتا ہوں | یا | کفرانِ نعمت کرتا ہوں | اور جو | شکر کرتا ہے | تو صرف | شکر کرتا ہے |

میرے پروردگار کا فضل ہے تاکہ مجھے آزمائے کہ میں شکر کرتا ہوں یا کفرانِ نعمت کرتا ہوں، اور جو شکر کرتا ہے تو اپنے ہی فائدے کے لیے

لِنَفْسِهٖ ۚ وَ مَنْ كَفَرَ فَاِنَّ رَبِّيْ غَنِيٌّ كَرِيْمٌ ﴿٤٠﴾ قَالَ نَكِّرُوْا لَهَا عَرْشَهَا نَنْظُرْ

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| لِنَفْسِهٖ | وَ مَنْ | كَفَرَ | فَاِنَّ | رَبِّيْ | غَنِيٌّ | كَرِيْمٌ | قَالَ | نَكِّرُوْا | لَهَا | عَرْشَهَا | نَنْظُرْ |
| اپنے نفس کیلئے | اور جو شخص | ناشکری کرتا ہے | تو بیشک | میرا رب | بے پروا | کرم کرنیوالا ہے | کہا | صورت بدل دو | اس کیلئے | اسکے تخت کی | ہم دیکھیں |

کرتا ہے، اور جو ناشکری کرتا ہے تو میرا پروردگار بے پروا (اور) کرم کرنے والا ہے۔ (سلیمانؑ نے) کہا کہ ملکہ کے (امتحانِ عقل کے) لیے اسکے تخت کی صورت

اَتَهْتَدِيْٓ اَمْ تَكُوْنُ مِنَ الَّذِيْنَ لَا يَهْتَدُوْنَ ﴿٤١﴾ فَلَمَّا جَاۗءَتْ قِيْلَ اَهٰكَذَا

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اَتَهْتَدِيْٓ | اَمْ | تَكُوْنُ | مِنَ الَّذِيْنَ | لَا يَهْتَدُوْنَ | فَلَمَّا | جَاۗءَتْ | قِيْلَ | اَهٰكَذَا ❷ |
| آیا وہ ہدایت پاتی ہے | یا | ہے | ان لوگوں میں سے جو | نہیں ہدایت پاتے | پس جب | وہ آپہنچی | کہا گیا | کیا اسی طرح کا ہے |

بدل دو، دیکھیں کہ وہ سوجھ رکھتی ہے یا ان لوگوں میں سے ہے جو سوجھ نہیں رکھتے۔ جب وہ آ پہنچی تو پوچھا گیا کہ کیا آپ کا تخت بھی

عَرْشُكِ ۭ قَالَتْ كَاَنَّهٗ هُوَ ۚ وَ اُوْتِيْنَا الْعِلْمَ مِنْ قَبْلِهَا وَ كُنَّا مُسْلِمِيْنَ ﴿٤٢﴾

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| عَرْشُكِ | قَالَتْ | كَاَنَّهٗ | هُوَ | وَ اُوْتِيْنَا | الْعِلْمَ | مِنْ قَبْلِهَا | وَ كُنَّا | مُسْلِمِيْنَ |
| تیرا تخت | ملکہ نے کہا | گویا کہ یہ | وہی ہے | اور ہمیں دیا گیا تھا | علم | اس سے پہلے | اور ہم ہیں | فرمانبردار |

اسی طرح کا ہے؟ اس نے کہا کہ یہ تو گویا ہو بہو وہی ہے اور ہم کو اس سے پہلے ہی (سلیمانؑ کی عظمت و شان کا) علم ہو گیا تھا اور ہم فرمانبردار ہیں۔



❶ طَرْفُكَ: آپ کی نظر یا آپ کی پلک۔ ❷ یہاں بطور ایک کلمے (اسم اشارہ) کے اظہار کیا گیا ہے، اصل میں یہ ھَا حرف تنبیہ، كَ حرف جر اور ذَا اسم اشارہ سے مرکب ہے۔

وَ صَدَّهَا مَا كَانَتْ تَّعْبُدُ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ ؕ اِنَّهَا كَانَتْ مِنْ قَوْمٍ كٰفِرِيْنَ ﴿۴۳﴾ قِيْلَ

| وَ صَدَّهَا | مَا | كَانَتْ | تَعْبُدُ | مِنْ دُوْنِ | اللّٰهِ | اِنَّهَا | كَانَتْ | مِنْ قَوْمٍ | كٰفِرِيْنَ | قِيْلَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اوراس نے روکا اس کو | جو | تھی | عبادت کرتی | سوائے/ چھوڑ کر | اللہ کو | بے شک وہ | تھی | قوم میں سے | کافروں کی | کہا گیا |

اور وہ جو اللہ کے سوا (اور کی) پرستش کرتی تھی (سلیمانؑ نے) اس کو اس سے منع کیا، (اس سے پہلے تو) وہ کافروں میں سے تھی۔ (پھر) اس سے کہا گیا

لَهَا ادْخُلِي الصَّرْحَ ۚ فَلَمَّا رَاَتْهُ حَسِبَتْهُ لُجَّةً وَّ كَشَفَتْ عَنْ سَاقَيْهَا ؕ قَالَ اِنَّهٗ

| لَهَا | اُدْخُلِي | الصَّرْحَ | فَلَمَّا | رَاَتْهُ | حَسِبَتْهُ | لُجَّةً | وَ كَشَفَتْ | عَنْ سَاقَيْهَا | قَالَ | اِنَّهٗ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اس کو | داخل ہوجا | محل میں | پس جب | اس نے دیکھا اس کو | سمجھا اس کو | حوض/گہرا پانی | اور کھول دیں اس نے | اپنی دونوں پنڈلیاں | کہا | بیشک وہ |

کہ محل میں چلئے، جب اس نے اس (کے فرش) کو دیکھا تو اسے پانی کا حوض سمجھا اور (کپڑا اٹھا کر) اپنی پنڈلیاں کھول دیں۔ (سلیمانؑ نے) کہا، یہ ایسا

صَرْحٌ مُّمَرَّدٌ مِّنْ قَوَارِيْرَ ۬ؕ قَالَتْ رَبِّ اِنِّيْ ظَلَمْتُ نَفْسِيْ وَ اَسْلَمْتُ مَعَ

| صَرْحٌ | مُمَرَّدٌ | مِنْ قَوَارِيْرَ | قَالَتْ | رَبِّ | اِنِّيْ | ظَلَمْتُ | نَفْسِيْ | وَ اَسْلَمْتُ | مَعَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ایک محل ہے | جڑا ہوا/ چکنا کیا ہوا | شیشوں سے | ملکہ نے کہا | اے میرے رب | بیشک میں نے | ظلم کیا | اپنی جان پر | اور میں فرمانبردار ہوئی | ساتھ |

محل ہے جس میں (نیچے بھی) شیشے جڑے ہوئے ہیں۔ وہ بول اٹھی کہ پروردگار! میں اپنے آپ پر ظلم کرتی رہی تھی اور (اب) میں سلیمان کے ہاتھ پر

ع ۳ ۱۳ ۱۸ سُلَيْمٰنَ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿۴۴﴾ وَ لَقَدْ اَرْسَلْنَآ اِلٰى ثَمُوْدَ اَخَاهُمْ صٰلِحًا اَنِ

| سُلَيْمٰنَ | لِلّٰهِ | رَبِّ | الْعٰلَمِيْنَ | وَ لَقَدْ | اَرْسَلْنَا | اِلٰى | ثَمُوْدَ | اَخَاهُمْ | صٰلِحًا | اَنِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| سلیمان کے | اللہ کے لیے | رب | جہانوں کا | اور بے شک | بھیجا ہم نے | طرف | ثمود کی | ان کا بھائی | صالح | یہ کہ |

اللہ رب العالمین پر ایمان لاتی ہوں۔ اور ہم نے ثمود کی طرف ان کے بھائی صالح کو بھیجا کہ

اعْبُدُوا اللّٰهَ فَاِذَا هُمْ فَرِيْقٰنِ يَخْتَصِمُوْنَ ﴿۴۵﴾ قَالَ يٰقَوْمِ لِمَ تَسْتَعْجِلُوْنَ

| اُعْبُدُوا اللّٰهَ | فَاِذَا | هُمْ | فَرِيْقٰنِ | يَخْتَصِمُوْنَ | قَالَ | يٰقَوْمِ | لِمَ | تَسْتَعْجِلُوْنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| عبادت کرو اللہ کی | پس اچانک | وہ | دو فریق ہو کر | آپس میں جھگڑنے لگے | کہا | اے میری قوم | کیوں | تم جلدی کرتے ہو |

اللہ کی عبادت کرو تو وہ دو فریق ہو کر آپس میں جھگڑنے لگے۔ (صالحؑ نے) کہا کہ اے قوم! تم بھلائی سے پہلے برائی کے لیے

بِالسَّيِّئَةِ قَبْلَ الْحَسَنَةِ ۚ لَوْلَا تَسْتَغْفِرُوْنَ اللّٰهَ لَعَلَّكُمْ تُرْحَمُوْنَ ﴿۴۶﴾ قَالُوا

| بِالسَّيِّئَةِ | قَبْلَ | الْحَسَنَةِ | لَوْلَا | تَسْتَغْفِرُوْنَ | اللّٰهَ | لَعَلَّكُمْ | تُرْحَمُوْنَ | قَالُوْا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| برائی میں | پہلے | نیکی سے | کیوں نہیں | تم معافی مانگتے | اللہ سے | تاکہ تم پر | رحم کیا جائے | کہا انہوں نے |

کیوں جلدی کرتے ہو؟ (اور) اللہ سے بخشش کیوں نہیں مانگتے تاکہ تم پر رحم کیا جائے؟ وہ کہنے لگے کہ

اَطَّيَّرْنَا بِكَ وَ بِمَنْ مَّعَكَ ۭ قَالَ طٰۗىِٕرُكُمْ عِنْدَ اللّٰهِ بَلْ اَنْتُمْ قَوْمٌ تُفْتَنُوْنَ ﴿٤٧﴾

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اِطَّيَّرْنَا | بِكَ | وَ بِمَنْ | مَعَكَ | قَالَ | طٰۗىِٕرُكُمْ | عِنْدَ اللّٰهِ | بَلْ | اَنْتُمْ | قَوْمٌ | تُفْتَنُوْنَ |
| ہم منحوس سمجھتے ہیں | تجھ کو | اوران کو جو | تیرے ساتھ ہیں | کہا | تمہاری بدشگونی | نزدیک اللہ کے ہے | بلکہ | تم | لوگ | آزمائش میں ڈالے گئے ہو |

تم اور تمہارے ساتھی ہمارے لیے شگونِ بد ہیں۔ (صالحؑ نے) کہا کہ تمہاری بدشگونی اللہ کی طرف سے ہے بلکہ تم ایسے لوگ ہو جن کی آزمائش کی جاتی ہے۔

وَ كَانَ فِي الْمَدِيْنَةِ تِسْعَةُ رَهْطٍ يُّفْسِدُوْنَ فِي الْاَرْضِ وَ لَا يُصْلِحُوْنَ ﴿٤٨﴾ قَالُوْا

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ كَانَ | فِي الْمَدِيْنَةِ | تِسْعَةُ | رَهْطٍ | يُفْسِدُوْنَ | فِي الْاَرْضِ | وَ لَا | يُصْلِحُوْنَ | قَالُوْا |
| اور تھے | شہر میں | نو(۹) | جتھے دار | فساد کرتے تھے | زمین میں | اور نہیں | اصلاح کرتے تھے | کہا انہوں نے |

اور شہر میں نو شخص تھے جو ملک میں فساد کیا کرتے تھے اور اصلاح سے کام نہیں لیتے تھے۔ کہنے لگے کہ

تَقَاسَمُوْا بِاللّٰهِ لَنُبَيِّتَنَّهٗ وَ اَهْلَهٗ ثُمَّ لَنَقُوْلَنَّ لِوَلِيِّهٖ مَا شَهِدْنَا مَهْلِكَ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تَقَاسَمُوْا | بِاللّٰهِ | لَنُبَيِّتَنَّهٗ | وَ اَهْلَهٗ | ثُمَّ | لَنَقُوْلَنَّ | لِوَلِيِّهٖ | مَا | شَهِدْنَا | مَهْلِكَ |
| تم باہم قسم کھاؤ | اللہ کی | ہم ضرور شب خون ماریں گے اس پر | اور اسکے گھروالوں پر | پھر | ہم کہہ دیں گے | اسکے وارث سے | نہیں | ہم حاضر تھے | ہلاکت کے موقع پر |

اللہ کی قسم کھاؤ کہ ہم رات کو اس پر اور اس کے گھر والوں پر شب خون ماریں گے، پھر اس کے وارثوں سے کہہ دیں گے کہ ہم تو اس کے گھر والوں کے موقع ہلاکت

اَهْلِهٖ وَ اِنَّا لَصٰدِقُوْنَ ﴿٤٩﴾ وَ مَكَرُوْا مَكْرًا وَّ مَكَرْنَا مَكْرًا وَّ هُمْ لَا يَشْعُرُوْنَ ﴿٥٠﴾

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اَهْلِهٖ | وَ اِنَّا | لَصٰدِقُوْنَ | وَ مَكَرُوْا | مَكْرًا | وَ مَكَرْنَا | مَكْرًا | وَ هُمْ | لَا يَشْعُرُوْنَ |
| اسکے گھروالوں کی | اور بیشک ہم | سچے ہیں | اور مکر کیا انہوں نے | ایک مکر | اور چال چلی ہم نے | ایک چال | اور وہ | نہیں سمجھتے تھے |

پر گئے ہی نہیں اور ہم سچ کہتے ہیں۔ اور وہ ایک چال چلے اور ہم بھی ایک چال چلے اور ان کو کچھ خبر نہ ہوئی۔

فَانْظُرْ كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ مَكْرِهِمْ ۙ اَنَّا دَمَّرْنٰهُمْ وَ قَوْمَهُمْ اَجْمَعِيْنَ ﴿٥١﴾ فَتِلْكَ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| فَانْظُرْ | كَيْفَ | كَانَ | عَاقِبَةُ | مَكْرِهِمْ | اَنَّا | دَمَّرْنٰهُمْ | وَ قَوْمَهُمْ | اَجْمَعِيْنَ | فَتِلْكَ |
| سو دیکھ لیجئے | کیسا | تھا | انجام | ان کی چال کا | بے شک | ہم نے تباہ کردیا ان کو | اور ان کی قوم کو | سب کو | سو یہ |

تو دیکھ لو کہ ان کی چال کا انجام کیسا ہوا؟ ہم نے ان کو اور ان کی قوم سب کو ہلاک کر ڈالا۔ اب یہ

بُيُوْتُهُمْ خَاوِيَةًۢ بِمَا ظَلَمُوْا ۭ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيَةً لِّقَوْمٍ يَّعْلَمُوْنَ ﴿٥٢﴾ وَ اَنْجَيْنَا الَّذِيْنَ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بُيُوْتُهُمْ | خَاوِيَةً | بِمَا | ظَلَمُوْا | اِنَّ | فِيْ ذٰلِكَ | لَاٰيَةً | لِقَوْمٍ | يَعْلَمُوْنَ | وَ اَنْجَيْنَا | الَّذِيْنَ |
| ان کے گھر | خالی پڑے ہیں | اسلئے کہ | انہوں نے ظلم کیا | بے شک | اس میں | نشانی ہے | ان لوگوں کیلئے | جو جانتے ہیں | اور نجات دی ہم نے | ان لوگوں کو جو |

ان کے گھر ان کے ظلم کے سبب خالی پڑے ہیں۔ جو لوگ دانش رکھتے ہیں ان کے لیے اس میں نشانی ہے۔ اور جو لوگ ایمان لائے

اٰمَنُوْا وَ كَانُوْا يَتَّقُوْنَ ﴿۵۳﴾ وَ لُوْطًا اِذْ قَالَ لِقَوْمِهٖۤ اَتَاْتُوْنَ الْفَاحِشَةَ وَ اَنْتُمْ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اٰمَنُوْا | وَ كَانُوْا | يَتَّقُوْنَ | وَ لُوْطًا | اِذْ | قَالَ | لِقَوْمِهٖ | اَتَاْتُوْنَ | الْفَاحِشَةَ | وَ اَنْتُمْ |
| ایمان لائے | اور تھے | ڈرتے | اور لوط | جب | کہا اس نے | اپنی قوم کو | کیا تم کرتے ہو | بے حیائی کا کام | اور تم |

اور ڈرتے تھے ان کو ہم نے نجات دی۔ اور لوط (کو یاد کرو) جب انہوں نے اپنی قوم سے کہا کہ تم بے حیائی (کے کام) کیوں کرتے ہو اور تم

تُبْصِرُوْنَ ﴿۵۴﴾ اَئِنَّكُمْ لَتَاْتُوْنَ الرِّجَالَ شَهْوَةً مِّنْ دُوْنِ النِّسَآءِ ؕ بَلْ اَنْتُمْ قَوْمٌ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تُبْصِرُوْنَ | اَئِنَّكُمْ | لَتَاْتُوْنَ | الرِّجَالَ | شَهْوَةً | مِنْ دُوْنِ | النِّسَآءِ | بَلْ | اَنْتُمْ | قَوْمٌ |
| دیکھتے ہو | کیا واقعی تم | مائل ہوتے ہو | مردوں کی طرف | لذت کیلئے | چھوڑ کر | عورتوں کو | بلکہ | تم | لوگ |

دیکھتے ہو؟ کیا تم عورتوں کو چھوڑ کر لذت (حاصل کرنے) کے لیے مردوں کی طرف مائل ہوتے ہو؟ حقیقت یہ ہے کہ تم

تَجْهَلُوْنَ ﴿۵۵﴾ فَمَا كَانَ جَوَابَ قَوْمِهٖۤ اِلَّاۤ اَنْ قَالُوْۤا اَخْرِجُوْۤا اٰلَ لُوْطٍ مِّنْ قَرْيَتِكُمْ ۚ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تَجْهَلُوْنَ | فَمَا | كَانَ | جَوَابَ | قَوْمِهٖ | اِلَّا | اَنْ | قَالُوْا | اَخْرِجُوْا | اٰلَ لُوْطٍ | مِنْ قَرْيَتِكُمْ |
| جاہل ہو | پس نہ | تھا | جواب | اس کی قوم کا | مگر | یہ کہ | کہا انہوں نے | نکالو | آلِ لوط کو | اپنی بستی سے |

احمق لوگ ہو۔ تو ان کی قوم کے لوگ (بولے تو) یہ بولے اور اس کے سوا ان کا کچھ جواب نہ تھا کہ لوط کے گھر والوں کو اپنے شہر سے نکال دو،

اِنَّهُمْ اُنَاسٌ يَّتَطَهَّرُوْنَ ﴿۵۶﴾ فَاَنْجَيْنٰهُ وَ اَهْلَهٗۤ اِلَّا امْرَاَتَهٗ ؗ قَدَّرْنٰهَا مِنَ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اِنَّهُمْ | اُنَاسٌ | يَتَطَهَّرُوْنَ | فَاَنْجَيْنٰهُ | وَ اَهْلَهٗ | اِلَّا | اِمْرَاَتَهٗ | قَدَّرْنٰهَا | مِنَ |
| بے شک وہ | لوگ | پاک باز بنتے ہیں | پھر نجات دی ہم نے اس کو | اور اسکے گھر والوں کو | سوائے | اس کی بیوی کے | مقرر کر رکھا تھا ہم نے اسے | سے |

یہ لوگ پاک بننا چاہتے ہیں۔ تو ہم نے ان کو اور ان کے گھر والوں کو نجات دی مگر ان کی بیوی کہ اس کی نسبت ہم نے مقرر کر رکھا تھا (کہ وہ)

ع ۴ ۱۴ ۱۹ الْغٰبِرِيْنَ ﴿۵۷﴾ وَ اَمْطَرْنَا عَلَيْهِمْ مَّطَرًا ۚ فَسَآءَ مَطَرُ الْمُنْذَرِيْنَ ﴿۵۸﴾ قُلِ الْحَمْدُ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الْغٰبِرِيْنَ | وَ اَمْطَرْنَا | عَلَيْهِمْ | مَطَرًا | فَسَآءَ | مَطَرُ | الْمُنْذَرِيْنَ | قُلْ | الْحَمْدُ |
| پیچھے رہنے والوں میں | اور ہم نے برسایا | ان پر | مینہ | پس برا تھا | مینہ | خبردار کیے گئے لوگوں پر | کہہ دیجئے | سب تعریف |

پیچھے رہنے والوں میں ہوگی۔ اور ہم نے ان پر مینہ برسایا، سو (جو) مینہ ان لوگوں پر (برسا) جن کو متنبہ کر دیا گیا تھا، برا تھا۔ کہہ دو کہ سب تعریف

لِلّٰهِ وَ سَلٰمٌ عَلٰى عِبَادِهِ الَّذِيْنَ اصْطَفٰى ؕ آٰللّٰهُ خَيْرٌ اَمَّا يُشْرِكُوْنَ ﴿۵۹﴾

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| لِلّٰهِ | وَ سَلٰمٌ | عَلٰى عِبَادِهِ | الَّذِيْنَ | اصْطَفٰى | آٰللّٰهُ | خَيْرٌ | اَمَّا (اَمْ۔مَا) | يُشْرِكُوْنَ |
| اللہ کی ہے | اور سلام ہے | اس کے بندوں پر | جن کو | اس نے منتخب کیا | کیا اللہ | بہتر ہے | یا وہ جن کو | وہ شریک ٹھہراتے ہیں |

اللہ ہی کو (سزاوار) ہے اور اس کے بندوں پر سلام ہے جن کو اس نے منتخب فرمایا۔ بھلا اللہ بہتر ہے یا وہ جن کو یہ (اس کا) شریک بناتے ہیں؟

اَمَّنۡ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَ الۡاَرۡضَ وَ اَنۡزَلَ لَكُمۡ مِّنَ السَّمَآءِ مَآءً ۚ

| اَمَّنۡ (اَمۡ-مَنۡ) | خَلَقَ | السَّمٰوٰتِ | وَ الۡاَرۡضَ | وَ اَنۡزَلَ | لَكُمۡ | مِنَ السَّمَآءِ | مَآءً |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بھلاکس نے | پیدا کیا | آسمانوں | اور زمین کو | اور نازل کیا | تمہارے لیے | آسمان سے | پانی |

بھلا کس نے آسمانوں اور زمین کو پیدا کیا اور (کس نے) تمہارے لیے آسمان سے پانی برسایا؟ (ہم نے)۔

فَاَنۡۢبَتۡنَا بِهٖ حَدَآئِقَ ذَاتَ بَهۡجَةٍ ۚ مَا كَانَ لَكُمۡ اَنۡ تُنۡۢبِتُوۡا شَجَرَهَا ؕ

| فَاَنۡۢبَتۡنَا | بِهٖ | حَدَآئِقَ | ذَاتَ | بَهۡجَةٍ | مَا كَانَ | لَكُمۡ | اَنۡ | تُنۡۢبِتُوۡا | شَجَرَهَا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| پھر اگائے ہم نے | اس سے | باغ | والے | رونق/تازگی | نہ تھا | تمہارے لیے | یہ کہ | تم اگاتے | درخت ان کے |

پھر ہم نے اس سے سرسبز باغ اگائے۔ تمہارا کام تو نہ تھا کہ تم ان کے درختوں کو اُگاتے۔

ءَاِلٰهٌ مَّعَ اللّٰهِ ؕ بَلۡ هُمۡ قَوۡمٌ يَّعۡدِلُوۡنَ ؕ ﴿۶۰﴾ اَمَّنۡ جَعَلَ الۡاَرۡضَ قَرَارًا

| ءَاِلٰهٌ | مَّعَ اللّٰهِ | بَلۡ | هُمۡ | قَوۡمٌ | يَّعۡدِلُوۡنَ ❶ | اَمَّنۡ | جَعَلَ | الۡاَرۡضَ | قَرَارًا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| کیا کوئی معبود | ساتھ اللہ کے | بلکہ | وہ | لوگ | راستے سے الگ ہو رہے ہیں | بھلاکس نے | بنایا | زمین کو | قرارگاہ |

تو کیا اللہ کے ساتھ کوئی اور بھی معبود ہے؟ (ہرگز نہیں) بلکہ یہ لوگ رستے سے الگ ہو رہے ہیں۔ بھلا کس نے زمین کو قرارگاہ بنایا

وَّ جَعَلَ خِلٰلَهَاۤ اَنۡهٰرًا وَّ جَعَلَ لَهَا رَوَاسِيَ وَ جَعَلَ بَيۡنَ الۡبَحۡرَيۡنِ حَاجِزًا ؕ

| وَ جَعَلَ | خِلٰلَهَا | اَنۡهٰرًا | وَ جَعَلَ | لَهَا | رَوَاسِيَ | وَ جَعَلَ | بَيۡنَ | الۡبَحۡرَيۡنِ | حَاجِزًا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور بنائیں | بیچ اس کے | نہریں | اور بنائے | اس کے لیے | پہاڑ | اور بنائی | درمیان | دو دریاؤں کے | اوٹ |

اور اس کے بیچ نہریں بنائیں اور اس کے لیے پہاڑ بنائے اور (کس نے) دو دریاؤں کے بیچ اوٹ بنائی؟ (یہ سب کچھ اللہ نے بنایا)

ءَاِلٰهٌ مَّعَ اللّٰهِ ؕ بَلۡ اَكۡثَرُهُمۡ لَا يَعۡلَمُوۡنَ ﴿۶۱﴾ اَمَّنۡ يُّجِيۡبُ الۡمُضۡطَرَّ اِذَا

| ءَاِلٰهٌ | مَّعَ اللّٰهِ | بَلۡ | اَكۡثَرُهُمۡ | لَا يَعۡلَمُوۡنَ | اَمَّنۡ | يُّجِيۡبُ | الۡمُضۡطَرَّ | اِذَا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| کیا کوئی معبود ہے | ساتھ اللہ کے | بلکہ | اکثر ان کے | نہیں جانتے | بھلا کون | قبول کرتا ہے | بے قرار/مجبور کی (دعا) | جب |

تو کیا اللہ کے ساتھ کوئی اور بھی معبود ہے؟ (ہرگز نہیں) بلکہ ان میں اکثر دانش نہیں رکھتے۔ بھلا کون بے قرار کی التجا قبول کرتا ہے جب

دَعَاهُ وَ يَكۡشِفُ السُّوۡٓءَ وَ يَجۡعَلُكُمۡ خُلَفَآءَ الۡاَرۡضِ ؕ ءَاِلٰهٌ مَّعَ اللّٰهِ ؕ

| دَعَاهُ | وَ يَكۡشِفُ | السُّوۡٓءَ | وَ يَجۡعَلُكُمۡ | خُلَفَآءَ | الۡاَرۡضِ | ءَاِلٰهٌ | مَعَ اللّٰهِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وہ دعا کرتا ہے اس سے | اور دور کرتا ہے | تکلیف | اور بناتا ہے تم کو | خلیفہ | زمین میں | کیا کوئی معبود | ساتھ اللہ کے |

وہ اس سے دعا کرتا ہے اور (کون اس کی) تکلیف کو دور کرتا ہے اور (کون) تم کو زمین میں (اگلوں کا) جانشین بناتا ہے؟ تو کیا اللہ کے ساتھ کوئی اور معبود بھی



❶ اس کا یہ معنی بھی ہے؛ وہ برابر قرار دیتے ہیں، مراد وہ شرک کرتے ہیں۔

قَلِيْلًا مَّا تَذَكَّرُوْنَ ﴿٦٢﴾ اَمَّنْ يَّهْدِيْكُمْ فِيْ ظُلُمٰتِ الْبَرِّ وَ الْبَحْرِ وَ مَنْ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| قَلِيْلًا مَّا | تَذَكَّرُوْنَ | اَمَّنْ | يَهْدِيْكُمْ | فِيْ | ظُلُمٰتِ | الْبَرِّ | وَ الْبَحْرِ | وَ مَنْ |
| بہت کم | تم غور کرتے ہو | بھلا کون | ہدایت دیتا ہے تم کو | میں | اندھیروں | خشکی | اور سمندر کے | اور کون |

ہے؟ (ہرگز نہیں مگر) تم بہت کم غور کرتے ہو۔ بھلا کون تم کو جنگل اور دریا کے اندھیروں میں رستہ بتاتا اور (کون)

يُّرْسِلُ الرِّيٰحَ بُشْرًاۢ بَيْنَ يَدَيْ رَحْمَتِهٖ ؕ ءَ اِلٰهٌ مَّعَ اللّٰهِ ؕ تَعٰلَى اللّٰهُ عَمَّا

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| يُرْسِلُ | الرِّيٰحَ | بُشْرًا | بَيْنَ يَدَيْ | رَحْمَتِهٖ | ءَاِلٰهٌ | مَعَ اللّٰهِ | تَعٰلَى | اللّٰهُ | عَمَّا |
| بھیجتا ہے | ہواؤں کو | خوشخبری بنا کر | درمیان دو ہاتھوں کے/آگے | اپنی رحمت کے | کیا کوئی معبود ہے | ساتھ اللہ کے | بہت بلند ہے | اللہ | اس سے جو |

ہواؤں کو اپنی رحمت کے آگے خوش خبری بنا کر بھیجتا ہے؟ تو کیا اللہ کے ساتھ کوئی اور معبود بھی ہے؟ (ہرگز نہیں) یہ لوگ جو شرک کرتے ہیں

يُشْرِكُوْنَ ﴿٦٣﴾ اَمَّنْ يَّبْدَؤُا الْخَلْقَ ثُمَّ يُعِيْدُهٗ وَ مَنْ يَّرْزُقُكُمْ مِّنَ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| يُشْرِكُوْنَ | اَمَّنْ | يَبْدَؤُا | الْخَلْقَ | ثُمَّ | يُعِيْدُهٗ | وَ مَنْ | يَرْزُقُكُمْ | مِنَ |
| وہ شرک کرتے ہیں | بھلا کون | پہلی بار پیدا کرتا ہے | خلقت | پھر | بار بار پیدا کرتا ہے اس کو | اور کون | رزق دیتا ہے تم کو | سے |

اللہ (کی شان) اس سے بلند ہے۔ بھلا کون خلقت کو پہلی بار پیدا کرتا ہے پھر اس کو بار بار پیدا کرتا رہتا ہے اور (کون) تم کو آسمان اور زمین سے

السَّمَآءِ وَ الْاَرْضِ ؕ ءَ اِلٰهٌ مَّعَ اللّٰهِ ؕ قُلْ هَاتُوْا بُرْهَانَكُمْ اِنْ كُنْتُمْ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| السَّمَآءِ | وَ الْاَرْضِ | ءَاِلٰهٌ | مَعَ اللّٰهِ | قُلْ | هَاتُوْا | بُرْهَانَكُمْ | اِنْ | كُنْتُمْ |
| آسمان | اور زمین | کیا کوئی معبود | ساتھ اللہ کے | کہہ دیجئے | پیش کرو | اپنی دلیل | اگر | ہو تم |

رزق دیتا ہے؟ (یہ سب کچھ اللہ کرتا ہے) تو کیا اللہ کے ساتھ کوئی اور معبود بھی ہے؟ (ہرگز نہیں) کہہ دو کہ (مشرکو!) اگر تم سچے ہو تو دلیل

صٰدِقِيْنَ ﴿٦٤﴾ قُلْ لَّا يَعْلَمُ مَنْ فِي السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضِ الْغَيْبَ اِلَّا اللّٰهُ ؕ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| صٰدِقِيْنَ | قُلْ | لَا يَعْلَمُ | مَنْ | فِيْ | السَّمٰوٰتِ | وَ الْاَرْضِ | الْغَيْبَ | اِلَّا | اللّٰهُ |
| سچے | کہہ دیجئے | نہیں جانتا | کوئی شخص | میں | آسمانوں | اور زمین | غیب | مگر | اللہ |

پیش کرو۔ کہہ دو کہ جو لوگ آسمانوں اور زمین میں ہیں اللہ کے سوا غیب کی باتیں نہیں جانتے

وَ مَا يَشْعُرُوْنَ اَيَّانَ يُبْعَثُوْنَ ﴿٦٥﴾ بَلِ ادّٰرَكَ عِلْمُهُمْ فِي الْاٰخِرَةِ ۫ بَلْ هُمْ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ مَا | يَشْعُرُوْنَ | اَيَّانَ | يُبْعَثُوْنَ | بَلْ | اِدّٰرَكَ | عِلْمُهُمْ | فِي الْاٰخِرَةِ | بَلْ | هُمْ |
| اور نہیں | وہ جانتے ہیں | کب | اٹھائے جائیں گے | بلکہ | گم ہوگیا ہے | ان کا علم | آخرت کے بارے میں | بلکہ | وہ |

اور نہ یہ جانتے ہیں کہ کب (زندہ کر کے) اٹھائے جائیں گے۔ بلکہ آخرت (کے بارے) میں ان کا علم منتہی ہو چکا ہے، بلکہ وہ

ع ٥ / ٨ / ١

فِيْ شَكٍّ مِّنْهَا ۫ بَلْ هُمْ مِّنْهَا عَمُوْنَ ﴿٦٦﴾ وَ قَالَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا ءَ اِذَا كُنَّا

| فِيْ | شَكٍّ | مِنْهَا | بَلْ | هُمْ | مِنْهَا | عَمُوْنَ | وَ قَالَ | الَّذِيْنَ | كَفَرُوْا | ءَ اِذَا | كُنَّا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| میں | شک | اس سے | بلکہ | وہ | اس سے | اندھے ہیں | اور کہا | ان لوگوں نے جو | کافر ہوئے | کیا جب | ہم ہو جائیں گے |

اس سے شک میں ہیں، بلکہ اس سے اندھے ہو رہے ہیں۔ اور جو لوگ کافر ہیں کہتے ہیں کہ جب ہم اور

تُرٰبًا وَّ اٰبَآؤُنَآ اَئِنَّا لَمُخْرَجُوْنَ ﴿٦٧﴾ لَقَدْ وُعِدْنَا هٰذَا نَحْنُ وَ اٰبَآؤُنَا مِنْ قَبْلُ ۙ

| تُرٰبًا | وَ اٰبَآؤُنَا | اَئِنَّا | لَمُخْرَجُوْنَ | لَقَدْ | وُعِدْنَا | هٰذَا | نَحْنُ | وَ اٰبَآؤُنَا | مِنْ قَبْلُ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مٹی | اور ہمارے باپ دادا | کیا واقعی ہم | نکالے جائیں گے | بیشک | وعدہ کیا گیا ہم سے | یہ | ہم | اور ہمارے باپ دادا سے | اس سے پہلے |

ہمارے باپ دادا مٹی ہو جائیں گے تو کیا ہم پھر (قبروں سے) نکالے جائیں گے؟ یہ وعدہ ہم سے اور ہمارے باپ دادا سے پہلے سے ہوتا چلا آیا ہے

اِنْ هٰذَآ اِلَّآ اَسَاطِيْرُ الْاَوَّلِيْنَ ﴿٦٨﴾ قُلْ سِيْرُوْا فِي الْاَرْضِ فَانْظُرُوْا

| اِنْ | هٰذَا | اِلَّا | اَسَاطِيْرُ | الْاَوَّلِيْنَ | قُلْ | سِيْرُوْا | فِي الْاَرْضِ | فَانْظُرُوْا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| نہیں | یہ | مگر | کہانیاں ہیں | پہلے لوگوں کی | کہہ دیجئے | سیر کرو | زمین میں | پھر دیکھو |

(کہاں کا اٹھنا اور کیسی قیامت) یہ تو صرف پہلے لوگوں کی کہانیاں ہیں۔ کہہ دو کہ ملک میں چلو پھرو پھر دیکھو کہ

كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الْمُجْرِمِيْنَ ﴿٦٩﴾ وَ لَا تَحْزَنْ عَلَيْهِمْ وَ لَا تَكُنْ فِيْ

| كَيْفَ | كَانَ | عَاقِبَةُ | الْمُجْرِمِيْنَ | وَ لَا تَحْزَنْ | عَلَيْهِمْ | وَ لَا تَكُنْ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| کیسا/کیونکر | تھا/ہوا | انجام | مجرموں کا | اور نہ آپ غم کریں | ان پر | اور نہ آپ ہوں |

گنہگاروں کا انجام کیا ہوا ہے۔ اور ان (کے حال) پر غم نہ کرنا اور نہ ان چالوں سے

ضَيْقٍ مِّمَّا يَمْكُرُوْنَ ﴿٧٠﴾ وَ يَقُوْلُوْنَ مَتٰى هٰذَا الْوَعْدُ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ﴿٧١﴾

| فِيْ ضَيْقٍ | مِمَّا | يَمْكُرُوْنَ | وَ يَقُوْلُوْنَ | مَتٰى | هٰذَا | الْوَعْدُ | اِنْ | كُنْتُمْ | صٰدِقِيْنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تنگی میں/تنگ دل | اس سے جو | وہ مکر کرتے ہیں | اور کہتے ہیں | کب (ہوگا) | یہ | وعدہ | اگر | ہو تم | سچے |

جو یہ کر رہے ہیں تنگ دل ہونا۔ اور کہتے ہیں کہ اگر تم سچے ہو تو یہ وعدہ کب پورا ہو گا؟

قُلْ عَسٰٓى اَنْ يَّكُوْنَ رَدِفَ لَكُمْ بَعْضُ الَّذِيْ تَسْتَعْجِلُوْنَ ﴿٧٢﴾ وَ اِنَّ

| قُلْ | عَسٰى | اَنْ | يَكُوْنَ | رَدِفَ | لَكُمْ | بَعْضُ | الَّذِيْ | تَسْتَعْجِلُوْنَ | وَ اِنَّ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| کہہ دیجئے | ممکن ہے | کہ | وہ ہو | پیچھے لگا/نزدیک آپہنچا | تمہارے | بعض/کچھ | وہ جس کی | تم جلدی کرتے ہو | اور بے شک |

کہہ دو کہ جس (عذاب) کے لیے تم جلدی کر رہے ہو شاید اس میں سے کچھ تمہارے نزدیک آ پہنچا ہو۔ اور تمہارا

رَبَّكَ لَذُوْ فَضْلٍ عَلَى النَّاسِ وَ لٰكِنَّ اَكْثَرَهُمْ لَا يَشْكُرُوْنَ ﴿٧٣﴾ وَ اِنَّ

| رَبَّكَ | لَذُوْ فَضْلٍ | عَلَى النَّاسِ | وَ لٰكِنَّ | اَكْثَرَهُمْ | لَا يَشْكُرُوْنَ | وَ اِنَّ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| آپ کا رب | البتہ فضل کرنے والا ہے | لوگوں پر | اور لیکن | ان کے اکثر | نہیں شکر کرتے | اور بے شک |

پروردگار تو لوگوں پر فضل کرنے والا ہے، لیکن ان میں سے اکثر شکر نہیں کرتے۔ اور جو باتیں

رَبَّكَ لَيَعْلَمُ مَا تُكِنُّ صُدُوْرُهُمْ وَ مَا يُعْلِنُوْنَ ﴿٧٤﴾ وَ مَا مِنْ غَآئِبَةٍ فِيْ

| رَبَّكَ | لَيَعْلَمُ | مَا | تُكِنُّ | صُدُوْرُهُمْ | وَ مَا | يُعْلِنُوْنَ | وَ مَا | مِنْ غَآئِبَةٍ | فِيْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| آپ کا رب | یقیناً جانتا ہے | جو کچھ | پوشیدہ رکھتے ہیں | سینے ان کے | اور جو | وہ ظاہر کرتے ہیں | اور نہیں | کوئی پوشیدہ چیز | میں |

ان کے سینوں میں پوشیدہ ہوتی ہیں اور جو کام وہ ظاہر کرتے ہیں تمہارا پروردگار ان (سب) کو جانتا ہے۔ اور آسمان اور زمین

السَّمَآءِ وَ الْاَرْضِ اِلَّا فِيْ كِتٰبٍ مُّبِيْنٍ ﴿٧٥﴾ اِنَّ هٰذَا الْقُرْاٰنَ يَقُصُّ عَلٰى

| السَّمَآءِ | وَ الْاَرْضِ | اِلَّا | فِيْ كِتٰبٍ | مُبِيْنٍ | اِنَّ | هٰذَا | الْقُرْاٰنَ | يَقُصُّ | عَلٰى |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| آسمان | اور زمین | مگر | کتاب میں | روشن | بے شک | یہ | قرآن | بیان کرتا ہے | پر |

میں کوئی پوشیدہ چیز نہیں ہے مگر (وہ) کتابِ روشن میں (لکھی ہوئی) ہے۔ بے شک یہ قرآن بنی اسرائیل کے سامنے

بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ اَكْثَرَ الَّذِيْ هُمْ فِيْهِ يَخْتَلِفُوْنَ ﴿٧٦﴾ وَ اِنَّهٗ لَهُدًى وَّ رَحْمَةٌ

| بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ | اَكْثَرَ | الَّذِيْ | هُمْ | فِيْهِ | يَخْتَلِفُوْنَ | وَ اِنَّهٗ | لَهُدًى | وَ رَحْمَةٌ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بنی اسرائیل | اکثر | وہ کہ | وہ | جس میں | اختلاف کرتے ہیں | اور بے شک وہ | ہدایت ہے | اور رحمت |

اکثر باتیں جن میں وہ اختلاف کرتے ہیں، بیان کر دیتا ہے۔ اور بے شک یہ مومنوں کے لیے ہدایت

لِّلْمُؤْمِنِيْنَ ﴿٧٧﴾ اِنَّ رَبَّكَ يَقْضِيْ بَيْنَهُمْ بِحُكْمِهٖ ۚ وَ هُوَ الْعَزِيْزُ الْعَلِيْمُ ﴿٧٨﴾

| لِلْمُؤْمِنِيْنَ | اِنَّ | رَبَّكَ | يَقْضِيْ | بَيْنَهُمْ | بِحُكْمِهٖ | وَ هُوَ | الْعَزِيْزُ | الْعَلِيْمُ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مومنوں کے لیے | بے شک | آپ کا رب | فیصلہ کردے گا | ان کے درمیان | اپنے حکم سے | اور وہ | زبردست/غالب | سب کچھ جاننے والا ہے |

اور رحمت ہے۔ تمہارا پروردگار (قیامت کے روز) ان میں اپنے حکم سے فیصلہ کر دے گا اور وہ غالب (اور) علم والا ہے۔

فَتَوَكَّلْ عَلَى اللّٰهِ ؕ اِنَّكَ عَلَى الْحَقِّ الْمُبِيْنِ ﴿٧٩﴾ اِنَّكَ لَا تُسْمِعُ الْمَوْتٰى وَ لَا

| فَتَوَكَّلْ | عَلَى اللّٰهِ | اِنَّكَ | عَلٰى | الْحَقِّ | الْمُبِيْنِ | اِنَّكَ | لَا تُسْمِعُ | الْمَوْتٰى | وَ لَا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| پس بھروسا کیجئے | اللہ پر | بے شک آپ | پر | حق | صاف صاف | بے شک آپ | نہیں سنا سکتے | مردوں کو | اور نہ |

تو اللہ پر بھروسا رکھو، تم تو حق صریح پر ہو۔ کچھ شک نہیں کہ تم مردوں کو (بات) نہیں سنا سکتے اور نہ

تُسْمِعُ الصُّمَّ الدُّعَآءَ اِذَا وَلَّوْا مُدْبِرِيْنَ ﴿۸۰﴾ وَ مَآ اَنْتَ بِهٰدِی الْعُمْیِ

| تُسْمِعُ | الصُّمَّ | الدُّعَآءَ | اِذَا | وَلَّوْا | مُدْبِرِيْنَ | وَ مَا | اَنْتَ | بِهٰدِی | الْعُمْیِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| آپ سنا سکتے ہیں | بہروں کو | آواز/ پکار | جب | وہ پھر جائیں | پیٹھ پھیر کر | اور نہ | آپ | راستہ دکھانے والے ہیں | اندھوں کو |

بہروں کو، جبکہ وہ پیٹھ پھیر کر پھر جائیں، آواز سنا سکتے ہو۔ اور نہ اندھوں کو گمراہی سے (نکال کر)

عَنْ ضَلٰلَتِهِمْ ؕ اِنْ تُسْمِعُ اِلَّا مَنْ يُّؤْمِنُ بِاٰيٰتِنَا فَهُمْ مُّسْلِمُوْنَ ﴿۸۱﴾

| عَنْ ضَلٰلَتِهِمْ | اِنْ | تُسْمِعُ | اِلَّا | مَنْ | يُؤْمِنُ | بِاٰيٰتِنَا | فَهُمْ | مُسْلِمُوْنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ان کی گمراہی سے | نہیں | آپ سنا سکتے | مگر | اس شخص کو جو | ایمان لاتا ہے | ہماری آیات پر | پھر وہ | فرمانبرداری کرنے والے ہیں |

رستہ دکھا سکتے ہو۔ تم تو انہی کو سنا سکتے ہو جو ہماری آیتوں پر ایمان لاتے ہیں اور وہ فرمانبردار ہو جاتے ہیں۔

وَ اِذَا وَقَعَ الْقَوْلُ عَلَيْهِمْ اَخْرَجْنَا لَهُمْ دَآبَّةً مِّنَ الْاَرْضِ تُكَلِّمُهُمْ ۙ

| وَ اِذَا | وَقَعَ | الْقَوْلُ ➊ | عَلَيْهِمْ | اَخْرَجْنَا | لَهُمْ | دَآبَّةً | مِنَ الْاَرْضِ | تُكَلِّمُهُمْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور جب | واقع ہوگی/ پورا ہوگا | بات/ وعدہ | ان پر | ہم نکالیں گے | ان کے لیے | ایک جانور | زمین سے | کلام کرے گا ان سے |

اور جب ان کے بارے میں (عذاب کا) وعدہ پورا ہو گا تو ہم ان کے لیے زمین میں سے ایک جانور نکالیں گے جو ان سے بیان کر دے گا۔

ع ۶ ۲
اَنَّ النَّاسَ كَانُوْا بِاٰيٰتِنَا لَا يُوْقِنُوْنَ ﴿۸۲﴾ وَ يَوْمَ نَحْشُرُ مِنْ كُلِّ اُمَّةٍ

| اَنَّ | النَّاسَ | كَانُوْا | بِاٰيٰتِنَا | لَا يُوْقِنُوْنَ | وَ يَوْمَ | نَحْشُرُ | مِنْ | كُلِّ | اُمَّةٍ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| یہ کہ | لوگ | تھے | ہماری آیات پر | نہیں یقین کرتے | اور اس دن | ہم جمع کریں گے | سے | ہر | امت |

اس لیے کہ لوگ ہماری آیتوں پر ایمان نہیں لاتے تھے۔ اور جس روز ہم ہر امت میں سے اس گروہ کو جمع

فَوْجًا مِّمَّنْ يُّكَذِّبُ بِاٰيٰتِنَا فَهُمْ يُوْزَعُوْنَ ﴿۸۳﴾ حَتّٰٓى اِذَا جَآءُوْ قَالَ

| فَوْجًا | مِمَّنْ | يُكَذِّبُ | بِاٰيٰتِنَا | فَهُمْ | يُوْزَعُوْنَ | حَتّٰى | اِذَا | جَآءُوْ | قَالَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| گروہ | ان میں سے جو | تکذیب کرتے تھے | ہماری آیات کی | پس ان کی | جماعت بندی کی جائے گی | یہاں تک کہ | جب | سب آجائیں گے | فرمائے گا |

کریں گے جو ہماری آیتوں کی تکذیب کرتے تھے تو انکی جماعت بندی کی جائے گی۔ یہاں تک کہ جب (سب) آ جائیں گے تو (اللہ) فرمائے گا

اَ كَذَّبْتُمْ بِاٰيٰتِیْ وَ لَمْ تُحِيْطُوْا بِهَا عِلْمًا اَمَّاذَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ﴿۸۴﴾

| اَ كَذَّبْتُمْ | بِاٰيٰتِیْ | وَ لَمْ تُحِيْطُوْا | بِهَا | عِلْمًا | اَمَّاذَا(اَمْ. مَاذَا) | كُنْتُمْ | تَعْمَلُوْنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| کیا جھٹلایا تم نے | میری آیات کو | اور نہیں احاطہ کیا تم نے | ان کا | علم سے | بھلا کیا | تھے تم | عمل کرتے |

کہ کیا تم نے میری آیتوں کو جھٹلا دیا تھا اور تم نے (اپنے) علم سے ان پر احاطہ تو کیا ہی نہ تھا، بھلا تم کیا کرتے تھے؟



➊ اِذَا وَقَعَ الْقَوْلُ: جب واقع ہوگی بات، (یا) جب پورا ہوگا وعدہ۔

وَ وَقَعَ الْقَوْلُ عَلَيْهِمْ بِمَا ظَلَمُوْا فَهُمْ لَا يَنْطِقُوْنَ ﴿۸۵﴾ اَلَمْ يَرَوْا اَنَّا

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ وَقَعَ | الْقَوْلُ | عَلَيْهِمْ | بِمَا | ظَلَمُوْا | فَهُمْ | لَا يَنْطِقُوْنَ | اَلَمْ يَرَوْا | اَنَّا |
| اور پورا ہوگا | وعدہ | ان پر | بسبب کہ | ظلم کیا انہوں نے | پس وہ | نہیں بول سکیں گے | کیا نہیں دیکھا انہوں نے | یہ کہ ہم |

اور ان کے ظلم کے سبب ان کے حق میں وعدہ (عذاب) پورا ہو کر رہے گا تو وہ بول بھی نہ سکیں گے۔ کیا انہوں نے نہیں دیکھا کہ ہم نے

جَعَلْنَا الَّيْلَ لِيَسْكُنُوْا فِيْهِ وَ النَّهَارَ مُبْصِرًا ؕ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ لِّقَوْمٍ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| جَعَلْنَا | الَّيْلَ | لِيَسْكُنُوْا | فِيْهِ | وَ النَّهَارَ | مُبْصِرًا | اِنَّ | فِيْ ذٰلِكَ | لَاٰيٰتٍ | لِقَوْمٍ |
| بنایا ہم نے | رات کو | تا کہ وہ آرام کریں | اس میں | اور دن | روشن | بے شک | اس میں | نشانیاں ہیں | ان لوگوں کے لیے |

رات کو (اس لیے) بنایا ہے کہ اس میں آرام کریں اور دن کو روشن (بنایا ہے کہ اس میں کام کریں)۔ بے شک اس میں مومن لوگوں کے لیے

يُّؤْمِنُوْنَ ﴿۸۶﴾ وَ يَوْمَ يُنْفَخُ فِي الصُّوْرِ فَفَزِعَ مَنْ فِي السَّمٰوٰتِ وَ مَنْ فِي

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| يُؤْمِنُوْنَ | وَ يَوْمَ | يُنْفَخُ | فِي الصُّوْرِ | فَفَزِعَ | مَنْ | فِي السَّمٰوٰتِ | وَ مَنْ | فِيْ |
| جو ایمان لاتے ہیں | اور جس دن | پھونکا جائے گا | صور میں | پس گھبرا جائیں گے | وہ جو | آسمانوں میں | اور جو | میں |

نشانیاں ہیں۔ اور جس روز صور پھونکا جائے گا تو جو لوگ آسمانوں اور جو زمین میں ہیں سب گھبرا اٹھیں

الْاَرْضِ اِلَّا مَنْ شَآءَ اللّٰهُ ؕ وَ كُلٌّ اَتَوْهُ دٰخِرِيْنَ ﴿۸۷﴾ وَ تَرَى الْجِبَالَ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الْاَرْضِ | اِلَّا | مَنْ | شَآءَ اللّٰهُ | وَ كُلٌّ | اَتَوْهُ | دٰخِرِيْنَ | وَ تَرَى | الْجِبَالَ |
| زمین | مگر | جس کو | چاہے اللہ | اور سب | حاضر ہو جائیں گے اسکے پاس | عاجز ہو کر | اور آپ دیکھتے ہیں | پہاڑ |

گے مگر وہ جسے اللہ چاہے، اور سب اس کے پاس عاجز ہو کر چلے آئیں گے۔ اور تم پہاڑوں کو دیکھتے ہو

تَحْسَبُهَا جَامِدَةً وَّ هِيَ تَمُرُّ مَرَّ السَّحَابِ ؕ صُنْعَ اللّٰهِ الَّذِيْٓ اَتْقَنَ كُلَّ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تَحْسَبُهَا | جَامِدَةً | وَ هِيَ | تَمُرُّ | مَرَّ | السَّحَابِ | صُنْعَ اللّٰهِ | الَّذِيْٓ | اَتْقَنَ | كُلَّ |
| آپ خیال کرتے ہیں ان کو | جامد/ جمے ہوئے | حالانکہ وہ | اڑتے پھریں گے | جیسے اڑنا | بادلوں کا | کاریگری اللہ کی | وہ جس نے | مضبوط بنایا | ہر |

تو خیال کرتے ہو کہ (اپنی جگہ پر) کھڑے ہیں مگر وہ (اس روز) اس طرح اڑتے پھریں گے جیسے بادل۔ یہ اللہ کی کاریگری ہے جس نے ہر چیز کو مضبوط

شَيْءٍ ؕ اِنَّهٗ خَبِيْرٌۢ بِمَا تَفْعَلُوْنَ ﴿۸۸﴾ مَنْ جَآءَ بِالْحَسَنَةِ فَلَهٗ خَيْرٌ مِّنْهَا ۚ وَ هُمْ

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| شَيْءٍ | اِنَّهٗ | خَبِيْرٌ | بِمَا | تَفْعَلُوْنَ | مَنْ | جَآءَ | بِالْحَسَنَةِ | فَلَهٗ | خَيْرٌ | مِنْهَا | وَ هُمْ |
| چیز کو | بے شک وہ | باخبر ہے | اس سے جو | تم کرتے ہو | جو شخص | آئے گا | نیکی کے ساتھ | پس اس کے لیے | بہتر | اس سے | اور وہ |

بنایا، بے شک وہ تمہارے سب افعال سے باخبر ہے۔ جو شخص نیکی لے کر آئے گا تو اس کے لیے اس سے بہتر (بدلہ تیار) ہے، اور ایسے

مِّنْ فَزَعٍ يَّوْمَئِذٍ اٰمِنُوْنَ ﴿۸۹﴾ وَ مَنْ جَآءَ بِالسَّيِّئَةِ فَكُبَّتْ وُجُوْهُهُمْ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مِنْ فَزَعٍ | يَوْمَئِذٍ | اٰمِنُوْنَ | وَ مَنْ | جَآءَ | بِالسَّيِّئَةِ | فَكُبَّتْ | وُجُوْهُهُمْ ➊ |
| گھبراہٹ سے | اس دن | بے خوف ہوں گے | اور جو شخص | آئے گا | برائی کے ساتھ | پس اوندھے ڈالے جائیں گے | چہرے/منہ ان کے |

لوگ اس روز گھبراہٹ سے بے خوف ہوں گے۔ اور جو برائی لے کر آئے گا تو ایسے لوگ اوندھے منہ دوزخ میں ڈال دیئے

فِي النَّارِ ۗ هَلْ تُجْزَوْنَ اِلَّا مَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ﴿۹۰﴾ اِنَّمَآ اُمِرْتُ اَنْ اَعْبُدَ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| فِي النَّارِ | هَلْ | تُجْزَوْنَ | اِلَّا | مَا | كُنْتُمْ | تَعْمَلُوْنَ | اِنَّمَا | اُمِرْتُ | اَنْ | اَعْبُدَ |
| آگ میں | نہیں | بدلہ دیا جائے گا تم کو | مگر | جو | تھے تم | عمل کرتے | اسکے سوا کچھ نہیں کہ | مجھے حکم دیا گیا ہے | کہ | میں عبادت کروں |

جائیں گے، تم کو تو انہی اعمال کا بدلہ ملے گا جو تم کرتے رہے ہو۔ (کہہ دو) مجھ کو یہی ارشاد ہوا ہے کہ اس شہر (مکہ) کے

رَبَّ هٰذِهِ الْبَلْدَةِ الَّذِيْ حَرَّمَهَا وَ لَهٗ كُلُّ شَيْءٍ ۫ وَّ اُمِرْتُ اَنْ اَكُوْنَ مِنَ

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| رَبَّ | هٰذِهِ | الْبَلْدَةِ | الَّذِيْ | حَرَّمَهَا | وَ لَهٗ | كُلُّ | شَيْءٍ | وَ اُمِرْتُ | اَنْ | اَكُوْنَ | مِنَ |
| رب کی | اس | شہر کے | وہ جس نے | محترم بنایا اس کو | اور اسی کی ہے | ہر | چیز | اور مجھے حکم دیا گیا ہے | کہ | میں ہوں | سے |

مالک کی عبادت کروں جس نے اس کو محترم (اور مقامِ ادب) بنایا ہے اور سب چیز اسی کی ہے۔ اور یہ بھی حکم ہوا ہے کہ اس کا

الْمُسْلِمِيْنَ ﴿۹۱﴾ وَ اَنْ اَتْلُوَا الْقُرْاٰنَ ۚ فَمَنِ اهْتَدٰى فَاِنَّمَا يَهْتَدِيْ لِنَفْسِهٖ ۚ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الْمُسْلِمِيْنَ | وَ اَنْ | اَتْلُوَا | الْقُرْاٰنَ | فَمَنْ | اِهْتَدٰى | فَاِنَّمَا | يَهْتَدِيْ | لِنَفْسِهٖ |
| فرمانبرداروں میں | اور یہ کہ | میں پڑھا کروں | قرآن | تو جو شخص | ہدایت پاتا ہے | پس صرف | ہدایت پاتا ہے | اپنے نفس کے لیے |

فرمانبردار رہوں۔ اور یہ بھی کہ قرآن پڑھا کروں، تو جو شخص راہِ راست اختیار کرتا ہے تو اپنے ہی فائدے کے لیے اختیار کرتا ہے،

وَ مَنْ ضَلَّ فَقُلْ اِنَّمَآ اَنَا مِنَ الْمُنْذِرِيْنَ ﴿۹۲﴾ وَ قُلِ الْحَمْدُ لِلّٰهِ سَيُرِيْكُمْ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ مَنْ | ضَلَّ | فَقُلْ | اِنَّمَا | اَنَا | مِنَ الْمُنْذِرِيْنَ | وَ قُلْ | الْحَمْدُ لِلّٰهِ | سَيُرِيْكُمْ |
| اور جو شخص | گمراہ ہوتا ہے | تو کہہ دیجئے | صرف | میں | خبردار کرنے والوں میں سے ہوں | اور کہہ دیجئے | شکر ہے اللہ کا | وہ عنقریب دکھائے گا تم کو |

اور جو گمراہ رہتا ہے تو کہہ دو کہ میں تو صرف نصیحت کرنے والا ہوں۔ اور کہو کہ اللہ کا شکر ہے، وہ تم کو عنقریب اپنی نشانیاں

ع ۷ ۱۱ ۳ اٰيٰتِهٖ فَتَعْرِفُوْنَهَا ۗ وَ مَا رَبُّكَ بِغَافِلٍ عَمَّا تَعْمَلُوْنَ ﴿۹۳﴾

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| اٰيٰتِهٖ | فَتَعْرِفُوْنَهَا | وَ مَا | رَبُّكَ | بِغَافِلٍ | عَمَّا | تَعْمَلُوْنَ |
| اپنی نشانیاں | تو تم پہچان لو گے ان کو | اور نہیں | آپ کا رب | بے خبر | اس سے جو | تم عمل کرتے ہو |

دکھائے گا تو تم ان کو پہچان لو گے، اور جو کام تم کرتے ہو تمہارا پروردگار ان سے بے خبر نہیں۔



➊ وُجُوْهُهُمْ: چہرے ان کے، منہ ان کے۔

سُوْرَةُ الْقَصَصِ مَكِّيَّةٌ — بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ — اٰيَاتُهَا ٨٨ — رُكُوْعَاتُهَا ٩

| الْقَصَص | بِ | اِسْمِ | اللّٰهِ | الرَّحْمٰنِ | الرَّحِيْمِ |
|---|---|---|---|---|---|
| قصہ/حالات | ساتھ/سے | نام | اللہ کے | بے حد مہربان | نہایت رحم کرنے والا |

شروع اللہ کا نام لے کر جو بڑا مہربان، نہایت رحم والا ہے۔

طٰسٓمّٓ ۝١ تِلْكَ اٰيٰتُ الْكِتٰبِ الْمُبِيْنِ ۝٢ نَتْلُوْا عَلَيْكَ مِنْ نَّبَاِ مُوْسٰى

| طٰسٓمّٓ | تِلْكَ | اٰيٰتُ | الْكِتٰبِ | الْمُبِيْنِ | نَتْلُوْا | عَلَيْكَ | مِنْ | نَبَاِ | مُوْسٰى |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| طا۔سیم۔میم | یہ | آیات ہیں | کتاب | روشن کی | ہم تلاوت کرتے ہیں | آپ پر | سے/کچھ | حالات | موسٰی |

طسم۔ یہ کتابِ روشن کی آیتیں ہیں۔ (اے محمدؐ!) ہم تمہیں موسٰیؑ اور فرعون کے کچھ حالات مومن لوگوں

وَ فِرْعَوْنَ بِالْحَقِّ لِقَوْمٍ يُّؤْمِنُوْنَ ۝٣ اِنَّ فِرْعَوْنَ عَلَا فِي الْاَرْضِ وَ جَعَلَ

| وَ فِرْعَوْنَ | بِالْحَقِّ | لِقَوْمٍ | يُّؤْمِنُوْنَ | اِنَّ | فِرْعَوْنَ | عَلَا | فِي الْاَرْضِ | وَ جَعَلَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اورفرعون کے | حق کے ساتھ | ان لوگوں کیلئے | جوایمان لاتے ہیں | بے شک | فرعون نے | سرکشی کی | زمین میں | اوراس نے بنایا |

(کے سنانے) کے لیے صحیح صحیح سناتے ہیں۔ کہ فرعون نے ملک میں سر اٹھا رکھا تھا اور وہاں کے باشندوں کو

اَهْلَهَا شِيَعًا يَّسْتَضْعِفُ طَآئِفَةً مِّنْهُمْ يُذَبِّحُ اَبْنَآءَهُمْ وَ يَسْتَحْيٖ

| اَهْلَهَا | شِيَعًا | يَسْتَضْعِفُ | طَآئِفَةً | مِنْهُمْ | يُذَبِّحُ | اَبْنَآءَهُمْ | وَ يَسْتَحْيٖ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اس کے باشندوں کو | گروہ گروہ | کمزور کررکھا تھا | ایک گروہ کو | ان میں سے | ذبح کرتا تھا | ان کے بیٹوں کو | اورزندہ رکھتا تھا |

گروہ گروہ بنا رکھا تھا، ان میں سے ایک گروہ کو (یہاں تک) کمزور کر دیا تھا کہ ان کے بیٹوں کو ذبح کر ڈالتا اور ان کی لڑکیوں کو

نِسَآءَهُمْ ؕ اِنَّهٗ كَانَ مِنَ الْمُفْسِدِيْنَ ۝٤ وَ نُرِيْدُ اَنْ نَّمُنَّ عَلَى الَّذِيْنَ

| نِسَآءَهُمْ | اِنَّهٗ | كَانَ | مِنَ الْمُفْسِدِيْنَ | وَ نُرِيْدُ | اَنْ | نَمُنَّ | عَلَى الَّذِيْنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ان کی لڑکیوں کو | بے شک وہ | تھا | فساد کرنے والوں میں سے | اورہم چاہتے تھے | کہ | ہم احسان کریں | ان لوگوں پر جو |

زندہ رہنے دیتا، بے شک وہ مفسدوں میں تھا۔ اور ہم چاہتے تھے کہ جو لوگ ملک میں کمزور کر دیئے گئے ہیں

اسْتُضْعِفُوْا فِي الْاَرْضِ وَ نَجْعَلَهُمْ اَئِمَّةً وَّ نَجْعَلَهُمُ الْوٰرِثِيْنَ ۝٥ وَ نُمَكِّنَ

| اُسْتُضْعِفُوْا | فِي الْاَرْضِ | وَ نَجْعَلَهُمْ | اَئِمَّةً | وَ نَجْعَلَهُمُ | الْوٰرِثِيْنَ | وَ نُمَكِّنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| کمزورکردیئے گئے تھے | زمین میں | اورہم بنائیں ان کو | پیشوا | اورہم بنائیں ان کو | وارث | اورہم طاقت دیں |

ان پر احسان کریں، ان کو پیشوا بنائیں اور انہیں (ملک کا) وارث کریں۔ اور ملک میں ان کو

لَهُمْ فِي الْاَرْضِ وَ نُرِيَ فِرْعَوْنَ وَ هَامٰنَ وَ جُنُوْدَهُمَا مِنْهُمْ مَّا كَانُوْا

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| لَهُمْ | فِي الْاَرْضِ | وَ نُرِيَ | فِرْعَوْنَ | وَ هَامٰنَ | وَ جُنُوْدَهُمَا | مِنْهُمْ | مَا | كَانُوْا |
| ان کو | زمین میں | اور ہم دکھادیں | فرعون | اور ہامان | اور ان دونوں کے لشکروں کو | ان سے | جو/جس چیز کا | تھے وہ |

قدرت دیں اور فرعون اور ہامان اور ان کے لشکروں کو ان سے وہ چیز دکھا دیں جس سے وہ

يَحْذَرُوْنَ ﴿٦﴾ وَ اَوْحَيْنَاۤ اِلٰۤى اُمِّ مُوْسٰۤى اَنْ اَرْضِعِيْهِ ۚ فَاِذَا خِفْتِ عَلَيْهِ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| يَحْذَرُوْنَ | وَ اَوْحَيْنَا | اِلٰى | اُمِّ مُوْسٰى | اَنْ | اَرْضِعِيْهِ | فَاِذَا | خِفْتِ | عَلَيْهِ |
| ڈر رکھتے | اور وحی کی ہم نے | طرف | ماں موسیٰ کی | کہ | دودھ پلاؤ اس کو | پس جب | خوف ہو تجھے | اس کے بارے میں |

ڈرتے تھے۔ اور ہم نے موسیٰ کی ماں کی طرف وحی بھیجی کہ اس کو دودھ پلاؤ، جب تم کو اس کے بارے میں کچھ خوف پیدا ہو

فَاَلْقِيْهِ فِي الْيَمِّ وَ لَا تَخَافِيْ وَ لَا تَحْزَنِيْ ۚ اِنَّا رَآدُّوْهُ اِلَيْكِ وَ جَاعِلُوْهُ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| فَاَلْقِيْهِ | فِي الْيَمِّ | وَ لَا تَخَافِيْ | وَ لَا تَحْزَنِيْ | اِنَّا | رَآدُّوْهُ | اِلَيْكِ | وَ جَاعِلُوْهُ |
| پس ڈال دینا اس کو | دریا میں | اور نہ خوف کرنا | اور نہ رنج کرنا | بیشک ہم | واپس پہنچانے والے ہیں اسے | تیری طرف | اور بنانے والے ہیں اس کو |

تو اسے دریا میں ڈال دینا اور نہ تو خوف کرنا اور نہ رنج کرنا، ہم اس کو تمہارے پاس واپس پہنچا دیں گے اور (پھر) اسے پیغمبر

مِنَ الْمُرْسَلِيْنَ ﴿٧﴾ فَالْتَقَطَهٗۤ اٰلُ فِرْعَوْنَ لِيَكُوْنَ لَهُمْ عَدُوًّا وَّ حَزَنًا ؕ اِنَّ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مِنَ الْمُرْسَلِيْنَ | فَالْتَقَطَهٗ | اٰلُ فِرْعَوْنَ | لِيَكُوْنَ | لَهُمْ | عَدُوًّا | وَ حَزَنًا | اِنَّ |
| پیغمبروں میں سے | پس اٹھالیا اس کو | گھر والوں نے فرعون کے | تاکہ وہ ہو | ان کے لیے | دشمن | اور (موجب) غم | بے شک |

بنا دیں گے۔ تو فرعون کے لوگوں نے اس کو اٹھا لیا، اس لیے کہ (نتیجہ یہ ہونا تھا کہ) وہ ان کا دشمن اور (ان کے لیے موجب) غم ہو، بے شک

فِرْعَوْنَ وَ هَامٰنَ وَ جُنُوْدَهُمَا كَانُوْا خٰطِـِٕيْنَ ﴿٨﴾ وَ قَالَتِ امْرَاَتُ فِرْعَوْنَ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| فِرْعَوْنَ | وَ هَامٰنَ | وَ جُنُوْدَهُمَا | كَانُوْا | خٰطِـِٕيْنَ | وَ قَالَتْ | اِمْرَاَتُ | فِرْعَوْنَ |
| فرعون | اور ہامان | اور ان دونوں کے لشکر | تھے | خطاکار | اور کہا | بیوی نے | فرعون کی |

فرعون اور ہامان اور ان کے لشکر چوک گئے۔ اور فرعون کی بیوی نے کہا کہ (یہ)

قُرَّتُ عَيْنٍ لِّيْ وَ لَكَ ؕ لَا تَقْتُلُوْهُ ۖ ۗ عَسٰۤى اَنْ يَّنْفَعَنَاۤ اَوْ نَتَّخِذَهٗ وَلَدًا وَّ هُمْ

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| قُرَّتُ | عَيْنٍ | لِيْ | وَ لَكَ | لَا تَقْتُلُوْهُ | عَسٰى | اَنْ | يَنْفَعَنَا | اَوْ | نَتَّخِذَهٗ | وَلَدًا | وَ هُمْ |
| ٹھنڈک | آنکھوں کی | میرے لیے | اور تیرے لیے | نہ تم قتل کرو اس کو | ممکن ہے | کہ | یہ ہمیں فائدہ پہنچائے | یا | ہم بنالیں اس کو | بیٹا | اور وہ |

میری اور تمہاری (دونوں کی) آنکھوں کی ٹھنڈک ہے، اس کو قتل نہ کرنا، شاید یہ ہمیں فائدہ پہنچائے یا ہم اسے بیٹا بنالیں اور وہ (انجام سے)

لَا يَشْعُرُوْنَ ۝٩ وَ اَصْبَحَ فُؤَادُ اُمِّ مُوْسٰى فٰرِغًا ؕ اِنْ كَادَتْ لَتُبْدِيْ بِهٖ لَوْلَاۤ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| لَا يَشْعُرُوْنَ | وَ اَصْبَحَ | فُؤَادُ | اُمِّ مُوْسٰى | فٰرِغًا | اِنْ | كَادَتْ | لَتُبْدِيْ | بِهٖ | لَوْلَاۤ |
| نہیں شعور رکھتے تھے | اور ہوگیا | دل | ماں کا موسیٰ کی | بے قرار | بے شک | قریب تھا | کہ البتہ وہ ظاہر کردیتی | اس کو | اگر نہ |

بے خبر تھے۔ اور موسیٰؑ کی ماں کا دل بے قرار ہو گیا، اگر ہم ان کے دل کو مضبوط نہ کر دیتے تو قریب تھا

اَنْ رَّبَطْنَا عَلٰى قَلْبِهَا لِتَكُوْنَ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ ۝١٠ وَ قَالَتْ لِاُخْتِهٖ قُصِّيْهِ ۫

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اَنْ | رَبَطْنَا | عَلٰى قَلْبِهَا | لِتَكُوْنَ ❶ | مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ | وَ قَالَتْ | لِاُخْتِهٖ | قُصِّيْهِ |
| یہ کہ | ہم مضبوط کردیتے | اس کے دل کو | تاکہ وہ ہو/رہے | مومنوں میں سے | اور کہا (ام موسیٰ نے) | اس کی بہن سے | چلی جا اس کے پیچھے پیچھے |

کہ وہ اس (قصے) کو ظاہر کر دیتیں، غرض یہ تھی کہ وہ مومنوں میں رہیں۔ اور اس کی بہن سے کہا کہ اس کے پیچھے پیچھے چلی جا،

فَبَصُرَتْ بِهٖ عَنْ جُنُبٍ وَّ هُمْ لَا يَشْعُرُوْنَ ۝١١ وَ حَرَّمْنَا عَلَيْهِ الْمَرَاضِعَ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| فَبَصُرَتْ | بِهٖ | عَنْ | جُنُبٍ | وَ هُمْ | لَا يَشْعُرُوْنَ | وَ حَرَّمْنَا | عَلَيْهِ | الْمَرَاضِعَ |
| پس وہ دیکھتی رہی | اس کو | سے | دور | اور وہ | نہیں شعور رکھتے تھے | اور حرام کیا ہم نے | اس پر/موسیٰ پر | دودھ پلانے والیوں کو |

تو وہ اسے دور سے دیکھتی رہی اور ان (لوگوں) کو کچھ خبر نہ تھی۔ اور ہم نے پہلے ہی سے اس پر (دائیوں کے) دودھ حرام کر دیئے

مِنْ قَبْلُ فَقَالَتْ هَلْ اَدُلُّكُمْ عَلٰۤى اَهْلِ بَيْتٍ يَّكْفُلُوْنَهٗ لَكُمْ وَ هُمْ لَهٗ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مِنْ قَبْلُ | فَقَالَتْ | هَلْ | اَدُلُّكُمْ | عَلٰى | اَهْلِ | بَيْتٍ | يَكْفُلُوْنَهٗ | لَكُمْ | وَ هُمْ | لَهٗ |
| پہلے ہی سے | پس کہا (موسیٰ کی بہن نے) | کیا | میں خبر دوں تم کو | پر | والے | گھر | وہ پالیں اس کو | تمہارے لیے | اور وہ | اس کیلئے |

تھے تو موسیٰؑ کی بہن نے کہا کہ میں تمہیں ایسے گھر والے بتاؤں کہ تمہارے لیے اس (بچے) کو پالیں اور اس کی

نٰصِحُوْنَ ۝١٢ فَرَدَدْنٰهُ اِلٰۤى اُمِّهٖ كَيْ تَقَرَّ عَيْنُهَا وَ لَا تَحْزَنَ وَ لِتَعْلَمَ اَنَّ وَعْدَ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| نٰصِحُوْنَ | فَرَدَدْنٰهُ | اِلٰۤى اُمِّهٖ | كَيْ | تَقَرَّ | عَيْنُهَا | وَ لَا تَحْزَنَ | وَ لِتَعْلَمَ | اَنَّ | وَعْدَ |
| خیر خواہ ہوں | پس واپس پہنچادیا ہم نے اسکو | اس کی ماں کی طرف | تاکہ | ٹھنڈی رہے | اس کی آنکھ | اور نہ وہ غم کھائے | اور تاکہ جان لے | یہ کہ | وعدہ |

خیر خواہی (سے پرورش) کریں۔ تو ہم نے (اس طریق سے) ان کو ان کی ماں کے پاس واپس پہنچادیا تاکہ ان کی آنکھیں ٹھنڈی ہوں اور وہ غم نہ کھائیں اور معلوم

اللّٰهِ حَقٌّ وَّ لٰكِنَّ اَكْثَرَهُمْ لَا يَعْلَمُوْنَ ۝١٣ ع وَ لَمَّا بَلَغَ اَشُدَّهٗ وَ اسْتَوٰۤى ع ۱ ۳ الربع

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اللّٰهِ | حَقٌّ | وَ لٰكِنَّ | اَكْثَرَهُمْ | لَا يَعْلَمُوْنَ | وَ لَمَّا | بَلَغَ | اَشُدَّهٗ | وَ اسْتَوٰى |
| اللہ کا | سچا ہے | اور لیکن | ان کے اکثر | نہیں جانتے | اور جب | وہ پہنچا | اپنی جوانی کو | اور مکمل ہوگیا |

کریں کہ اللہ کا وعدہ سچا ہے، لیکن یہ اکثر نہیں جانتے۔ اور جب موسیٰؑ جوانی کو پہنچے اور بھرپور (جوان) ہو گئے



❶ لِتَكُوْنَ: تاکہ وہ ہو یا تاکہ وہ رہے۔

اٰتَیۡنٰهُ حُكۡمًا وَّ عِلۡمًا ؕ وَ كَذٰلِكَ نَجۡزِی الۡمُحۡسِنِیۡنَ ﴿۱۴﴾ وَ دَخَلَ الۡمَدِیۡنَةَ

| اٰتَیۡنٰهُ | حُكۡمًا | وَ عِلۡمًا | وَ كَذٰلِكَ | نَجۡزِیۡ | الۡمُحۡسِنِیۡنَ | وَ دَخَلَ | الۡمَدِیۡنَةَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تو عنایت کی ہم نے اس کو | حکمت | اور علم | اور اسی طرح | ہم بدلہ دیتے ہیں | نیکی کرنے والوں کو | اور وہ داخل ہوا | شہر میں |

تو ہم نے ان کو حکمت اور علم عنایت کیا، اور ہم نیکوکاروں کو ایسا ہی بدلہ دیا کرتے ہیں۔ اور وہ ایسے وقت شہر میں داخل ہوئے

عَلٰی حِیۡنِ غَفۡلَةٍ مِّنۡ اَهۡلِهَا فَوَجَدَ فِیۡهَا رَجُلَیۡنِ یَقۡتَتِلٰنِ ٭ هٰذَا مِنۡ

| عَلٰی حِیۡنِ | غَفۡلَةٍ | مِنۡ اَهۡلِهَا | فَوَجَدَ | فِیۡهَا | رَجُلَیۡنِ | یَقۡتَتِلٰنِ | هٰذَا | مِنۡ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وقت پر | غفلت / بےخبری کے | اس کے باشندوں کے | پس پایا | اس میں | دو شخص | دونوں باہم لڑ رہے تھے | یہ / ایک تو | سے |

کہ وہاں کے باشندے بےخبر ہو رہے تھے تو دیکھا کہ وہاں دو شخص لڑ رہے ہیں، ایک تو

شِیۡعَتِهٖ وَ هٰذَا مِنۡ عَدُوِّهٖ ۚ فَاسۡتَغَاثَهُ الَّذِیۡ مِنۡ شِیۡعَتِهٖ عَلَی الَّذِیۡ

| شِیۡعَتِهٖ | وَ | هٰذَا | مِنۡ عَدُوِّهٖ | فَاسۡتَغَاثَهُ | الَّذِیۡ | مِنۡ شِیۡعَتِهٖ | عَلَی الَّذِیۡ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اس کے گروہ میں | اور | یہ / دوسرا | اس کے دشمنوں میں سے | پس اس سے مدد طلب کی | اس شخص نے جو | اس کے گروہ سے تھا | خلاف اس کے جو |

موسیٰؑ کی قوم کا ہے اور دوسرا ان کے دشمنوں میں سے۔ تو جو شخص ان کی قوم میں سے تھا اس نے دوسرے شخص کے مقابلے میں، جو موسیٰؑ کے دشمنوں میں سے تھا،

مِنۡ عَدُوِّهٖ ۙ فَوَكَزَهٗ مُوۡسٰی فَقَضٰی عَلَیۡهِ ٭ قَالَ هٰذَا مِنۡ عَمَلِ الشَّیۡطٰنِ ؕ

| مِنۡ عَدُوِّهٖ | فَوَكَزَهٗ | مُوۡسٰی | فَقَضٰی | عَلَیۡهِ | قَالَ | هٰذَا | مِنۡ | عَمَلِ | الشَّیۡطٰنِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اس کے دشمنوں میں سے تھا | تو مکا مارا اس کو | موسیٰ نے | پس کام تمام کر دیا | اس کا | کہا (موسیٰ نے) | یہ | سے | کام | شیطان کے |

مدد طلب کی تو انہوں نے اس کو مکا مارا اور اس کا کام تمام کر دیا۔ کہنے لگے کہ یہ کام تو (اغوائے) شیطان سے ہوا،

اِنَّهٗ عَدُوٌّ مُّضِلٌّ مُّبِیۡنٌ ﴿۱۵﴾ قَالَ رَبِّ اِنِّیۡ ظَلَمۡتُ نَفۡسِیۡ فَاغۡفِرۡ لِیۡ فَغَفَرَ لَهٗ ؕ

| اِنَّهٗ | عَدُوٌّ | مُضِلٌّ | مُبِیۡنٌ | قَالَ | رَبِّ | اِنِّیۡ | ظَلَمۡتُ | نَفۡسِیۡ | فَاغۡفِرۡ لِیۡ | فَغَفَرَ لَهٗ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بیشک وہ | دشمن | گمراہ کرنیوالا | صاف صاف | کہا | اے میرے رب | بیشک میں نے | ظلم کیا | اپنی جان پر | سو تو معاف کر دے مجھے | تو اس نے معاف کر دیا اس کو |

بے شک وہ (انسان کا) دشمن اور صریح بہکانے والا ہے۔ بولے کہ اے پروردگار! میں نے اپنے آپ پر ظلم کیا، تو مجھے بخش دے، تو اللہ نے ان کو بخش دیا،

اِنَّهٗ هُوَ الۡغَفُوۡرُ الرَّحِیۡمُ ﴿۱۶﴾ قَالَ رَبِّ بِمَاۤ اَنۡعَمۡتَ عَلَیَّ فَلَنۡ اَكُوۡنَ ظَهِیۡرًا

| اِنَّهٗ | هُوَ | الۡغَفُوۡرُ | الرَّحِیۡمُ | قَالَ | رَبِّ | بِمَا | اَنۡعَمۡتَ | عَلَیَّ | فَلَنۡ اَكُوۡنَ | ظَهِیۡرًا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بے شک وہ | وہی | معاف کرنیوالا | رحم کرنیوالا ہے | اس نے کہا | اے میرے رب | بسبب جو | تو نے انعام کیا | مجھ پر | پس ہرگز نہیں میں ہوں گا | مددگار |

بے شک وہ بخشنے والا مہربان ہے۔ کہنے لگے کہ اے پروردگار! تو نے جو مجھ پر مہربانی فرمائی ہے میں (آئندہ) کبھی گنہگاروں کا مددگار

لِلْمُجْرِمِيْنَ ﴿١٧﴾ فَاَصْبَحَ فِي الْمَدِيْنَةِ خَآئِفًا يَّتَرَقَّبُ فَاِذَا الَّذِي اسْتَنْصَرَهٗ

| لِلْمُجْرِمِيْنَ | فَاَصْبَحَ | فِي الْمَدِيْنَةِ | خَآئِفًا | يَّتَرَقَّبُ | فَاِذَا | الَّذِيْ | اِسْتَنْصَرَهٗ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مجرموں کا | پس صبح کے وقت گیا | شہر میں | ڈرتے ڈرتے | خطرہ بھانپتا ہوا | پس ناگہاں | وہ جس نے | مدد مانگی تھی اس سے |

نہ بنوں گا۔ الغرض صبح کے وقت شہر میں ڈرتے ڈرتے داخل ہوئے کہ دیکھیں (کیا ہوتا ہے) تو ناگہاں وہی شخص جس نے کل ان سے مدد مانگی تھی

بِالْاَمْسِ يَسْتَصْرِخُهٗ ؕ قَالَ لَهٗ مُوْسٰٓى اِنَّكَ لَغَوِيٌّ مُّبِيْنٌ ﴿١٨﴾ فَلَمَّآ اَنْ اَرَادَ

| بِالْاَمْسِ | يَسْتَصْرِخُهٗ | قَالَ | لَهٗ | مُوْسٰى | اِنَّكَ | لَغَوِيٌّ | مُبِيْنٌ | فَلَمَّا | اَنْ | اَرَادَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| کل کو | پکار رہا تھا اس کو | کہا | اس کو | موسیٰ نے | بے شک تو | گمراہ ہے | صریح | پس جب | یہ کہ | ارادہ کیا |

پھر ان کو پکار رہا تھا، (موسیٰؑ نے) اس سے کہا کہ تُو تو صریح گمراہی میں ہے۔ جب موسیٰؑ نے ارادہ کیا

اَنْ يَّبْطِشَ بِالَّذِيْ هُوَ عَدُوٌّ لَّهُمَا ۙ قَالَ يٰمُوْسٰٓى اَتُرِيْدُ اَنْ تَقْتُلَنِيْ كَمَا

| اَنْ | يَبْطِشَ | بِالَّذِيْ | هُوَ | عَدُوٌّ | لَهُمَا | قَالَ | يٰمُوْسٰى | اَتُرِيْدُ | اَنْ | تَقْتُلَنِيْ | كَمَا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| کہ | پکڑلے | اس کو جو | وہ | دشمن | ان دونوں کا | کہا | اے موسیٰ | کیا تو چاہتا ہے | کہ | تو مجھے مار ڈالے | جس طرح |

کہ اس شخص کو جو ان دونوں کا دشمن تھا پکڑ لیں تو وہ (یعنی موسیٰؑ کی قوم کا آدمی) بول اٹھا کہ موسیٰ! جس طرح تم نے کل ایک شخص کو مار ڈالا تھا (اسی طرح)

قَتَلْتَ نَفْسًاۢ بِالْاَمْسِ ۖ اِنْ تُرِيْدُ اِلَّآ اَنْ تَكُوْنَ جَبَّارًا فِي الْاَرْضِ وَمَا

| قَتَلْتَ | نَفْسًا | بِالْاَمْسِ | اِنْ | تُرِيْدُ | اِلَّا | اَنْ | تَكُوْنَ | جَبَّارًا | فِي الْاَرْضِ | وَمَا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تو نے مار ڈالا | ایک شخص کو | کل | نہیں | تو چاہتا ہے | مگر | یہ کہ | تو ہو | زبردست/خود اختیار | زمین میں | اور نہیں |

چاہتے ہو کہ مجھے بھی مار ڈالو۔ تم تو یہی چاہتے ہو کہ ملک میں ظلم و ستم کرتے پھرو اور یہ نہیں

تُرِيْدُ اَنْ تَكُوْنَ مِنَ الْمُصْلِحِيْنَ ﴿١٩﴾ وَجَآءَ رَجُلٌ مِّنْ اَقْصَا الْمَدِيْنَةِ يَسْعٰى ؗ

| تُرِيْدُ | اَنْ | تَكُوْنَ | مِنَ الْمُصْلِحِيْنَ | وَجَآءَ | رَجُلٌ | مِنْ اَقْصَا | الْمَدِيْنَةِ | يَسْعٰى |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تو چاہتا | کہ | تو ہو | اصلاح کرنے والوں میں سے | اور آیا | ایک شخص | دور کنارے سے | شہر کے | دوڑتا ہوا |

چاہتے کہ نیکوکاروں میں ہو۔ اور ایک شخص شہر کی پرلی طرف سے دوڑتا ہوا آیا (اور)

قَالَ يٰمُوْسٰٓى اِنَّ الْمَلَاَ يَاْتَمِرُوْنَ بِكَ لِيَقْتُلُوْكَ فَاخْرُجْ اِنِّيْ لَكَ مِنَ

| قَالَ | يٰمُوْسٰى | اِنَّ | الْمَلَاَ | يَاْتَمِرُوْنَ | بِكَ | لِيَقْتُلُوْكَ | فَاخْرُجْ | اِنِّيْ | لَكَ | مِنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اس نے کہا | اے موسیٰ | بے شک | سردار | باہم مشورہ کرتے ہیں | تیرے بارے میں | کہ مار ڈالیں تجھ کو | پس نکل جا | بیشک میں | تیرے لیے | سے |

بولا کہ موسیٰؑ! (شہر کے) رئیس تمہارے بارے میں صلاحیں کرتے ہیں کہ تم کو مار ڈالیں، سو تم یہاں سے نکل جاؤ، میں تمہارا

النّٰصِحِيْنَ ﴿٢٠﴾ فَخَرَجَ مِنْهَا خَآئِفًا يَّتَرَقَّبُ ز قَالَ رَبِّ نَجِّنِيْ مِنَ الْقَوْمِ

| النّٰصِحِيْنَ | فَخَرَجَ | مِنْهَا | خَآئِفًا | يَتَرَقَّبُ | قَالَ | رَبِّ | نَجِّنِيْ | مِنَ الْقَوْمِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| خیرخواہوں میں ہوں | پس نکلا | اس سے | ڈرتا ڈرتا | خطرہ بھانپتا ہوا | کہا | اے میرے رب | نجات دے مجھے | قوم سے |

خیر خواہ ہوں۔ موسیٰؑ وہاں سے ڈرتے ڈرتے نکل کھڑے ہوئے کہ دیکھیں (کیا ہوتا ہے اور) دعا کرنے لگے کہ اے پروردگار! مجھے ظالم لوگوں سے

٢ ع ٨ ٥

الظّٰلِمِيْنَ ﴿٢١﴾ وَ لَمَّا تَوَجَّهَ تِلْقَآءَ مَدْيَنَ قَالَ عَسٰى رَبِّيْٓ اَنْ يَّهْدِيَنِيْ سَوَآءَ

| الظّٰلِمِيْنَ | وَ لَمَّا | تَوَجَّهَ | تِلْقَآءَ | مَدْيَنَ | قَالَ | عَسٰى | رَبِّيْ | اَنْ | يَهْدِيَنِيْ ❶ | سَوَآءَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ظالموں کی | اور جب | رخ کیا اس نے | طرف | مدین کی | کہا | امید ہے | میرا رب | کہ | ہدایت دے/ دکھادے مجھے | سیدھا |

نجات دے۔ اور جب مدین کی طرف رخ کیا تو کہنے لگے، امید ہے کہ میرا پروردگار مجھے سیدھا رستہ

السَّبِيْلِ ﴿٢٢﴾ وَ لَمَّا وَرَدَ مَآءَ مَدْيَنَ وَجَدَ عَلَيْهِ اُمَّةً مِّنَ النَّاسِ يَسْقُوْنَ ﴿ن﴾

| السَّبِيْلِ | وَ لَمَّا | وَرَدَ | مَآءَ | مَدْيَنَ | وَجَدَ | عَلَيْهِ | اُمَّةً | مِنَ النَّاسِ | يَسْقُوْنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| راستہ | اور جب | پہنچا | پانی پر | مدین کے | پایا | اس پر | ایک جماعت کو | لوگوں کی | پانی پلا رہے ہیں |

بتائے۔ اور جب مدین کے پانی (کے مقام) پر پہنچے تو دیکھا کہ وہاں لوگ جمع ہو رہے ہیں (اور اپنے چوپایوں کو) پانی پلا رہے ہیں

وَ وَجَدَ مِنْ دُوْنِهِمُ امْرَاَتَيْنِ تَذُوْدٰنِ ۚ قَالَ مَا خَطْبُكُمَا ؕ قَالَتَا لَا نَسْقِيْ حَتّٰى

| وَ وَجَدَ | مِنْ دُوْنِهِمُ | اِمْرَاَتَيْنِ | تَذُوْدٰنِ | قَالَ | مَا خَطْبُكُمَا | قَالَتَا | لَا نَسْقِيْ | حَتّٰى |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور پائیں | ان کے سوا | دو عورتیں | (اپنی بکریوں کو) روکے کھڑی ہیں | کہا/ پوچھا | تمہارا کیا کام ہے | دونوں نے کہا | ہم پانی نہیں پلا سکتیں | یہاں تک کہ |

اور ان کے ایک طرف دو عورتیں (اپنی بکریوں کو) روکے کھڑی ہیں، موسیٰؑ نے (ان سے) کہا تمہارا کیا کام ہے؟ وہ بولیں کہ جب تک چرواہے (اپنے چوپایوں

يُصْدِرَ الرِّعَآءُ ﴿سکتة﴾ وَ اَبُوْنَا شَيْخٌ كَبِيْرٌ ﴿٢٣﴾ فَسَقٰى لَهُمَا ثُمَّ تَوَلّٰٓى اِلَى الظِّلِّ

| يُصْدِرَ | الرِّعَآءُ | وَ اَبُوْنَا | شَيْخٌ | كَبِيْرٌ | فَسَقٰى | لَهُمَا | ثُمَّ | تَوَلّٰى | اِلَى الظِّلِّ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| (اپنے جانور) نکال لے جائیں | چرواہے | اور ہمارا باپ | بوڑھا ہے | بہت/ بڑی عمر کا | پس پانی پلا دیا | ان دونوں کیلئے | پھر | وہ پھرا/ پلٹ کر چل دیا | سائے کی طرف |

کو) لے نہ جائیں ہم پانی نہیں پلا سکتے، اور ہمارے والد بڑی عمر کے بوڑھے ہیں۔ تو موسیٰؑ نے ان کے لیے (بکریوں کو) پانی پلا دیا پھر سائے کی طرف چلے گئے

فَقَالَ رَبِّ اِنِّيْ لِمَآ اَنْزَلْتَ اِلَيَّ مِنْ خَيْرٍ فَقِيْرٌ ﴿٢٤﴾ فَجَآءَتْهُ اِحْدٰىهُمَا تَمْشِيْ

| فَقَالَ | رَبِّ | اِنِّيْ | لِمَا | اَنْزَلْتَ | اِلَيَّ | مِنْ خَيْرٍ | فَقِيْرٌ | فَجَآءَتْهُ | اِحْدٰىهُمَا | تَمْشِيْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| پھر کہا | اے میرے رب | بیشک میں | اس کیلئے جو | تو نازل کرے | میری طرف | بھلائی میں سے | محتاج ہوں | پس آئی اسکے پاس | ایک ان دونوں میں سے | چلتی ہوئی |

اور کہنے لگے کہ پروردگار! میں اس کا محتاج ہوں کہ تو مجھ پر اپنی نعمت نازل فرمائے۔ (تھوڑی دیر کے بعد) ان میں سے ایک عورت جو شرماتی اور لجاتی چلی آتی



❶ يَهْدِيَنِيْ: ہدایت دے مجھے یا دکھادے مجھے۔

عَلَى اسْتِحْيَآءٍ ز قَالَتْ اِنَّ اَبِيْ يَدْعُوْكَ لِيَجْزِيَكَ اَجْرَ مَا سَقَيْتَ لَنَا ط

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| عَلَى اسْتِحْيَآءٍ | قَالَتْ | اِنَّ | اَبِيْ | يَدْعُوْكَ | لِيَجْزِيَكَ | اَجْرَ | مَا | سَقَيْتَ | لَنَا |
| شرماتی لجاتی | اس نے کہا | بیشک | میرے والد | تجھے بلاتے ہیں | تاکہ تجھ کو دیں | اجرت | اس کی جو | تو نے پانی پلایا | ہمارے لیے |

تھی موسیٰؑ کے پاس آئی (اور) کہنے لگی کہ تم کو میرے والد بلاتے ہیں کہ تم نے جو ہمارے لیے پانی پلایا تھا اس کی تم کو اجرت دیں۔

فَلَمَّا جَآءَهٗ وَ قَصَّ عَلَيْهِ الْقَصَصَ لا قَالَ لَا تَخَفْ قف نَجَوْتَ مِنَ الْقَوْمِ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| فَلَمَّا | جَآءَهٗ | وَ قَصَّ | عَلَيْهِ | الْقَصَصَ | قَالَ | لَا تَخَفْ | نَجَوْتَ | مِنَ الْقَوْمِ |
| پس جب | وہ آیا اسکے پاس | اور بیان کیا | اسکے سامنے | (اپنا) حال | (والد نے) کہا | تو نہ خوف کر | تو نے نجات پائی | قوم سے |

جب وہ ان کے پاس آئے اور ان سے (اپنا) ماجرا بیان کیا تو انہوں نے کہا کہ کچھ خوف نہ کرو، تم ظالم لوگوں سے

الظّٰلِمِيْنَ ۝٢٥ قَالَتْ اِحْدٰىهُمَا يٰۤاَبَتِ اسْتَاْجِرْهُ ز اِنَّ خَيْرَ مَنِ اسْتَاْجَرْتَ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الظّٰلِمِيْنَ | قَالَتْ | اِحْدٰىهُمَا | يٰۤاَبَتِ | اِسْتَاْجِرْهُ | اِنَّ | خَيْرَ | مَنْ | اِسْتَاْجَرْتَ |
| ظالموں کی | کہا | ان دونوں میں سے ایک نے | اے میرے ابا | نوکر رکھ لیجیے اس کو | بیشک | بہترین | وہ جس کو | آپ نوکر رکھیں |

بچ آئے ہو۔ ایک لڑکی بولی کہ ابا! ان کو نوکر رکھ لیجیے، کیونکہ بہتر نوکر جو آپ رکھیں وہ ہے

الْقَوِيُّ الْاَمِيْنُ ۝٢٦ قَالَ اِنِّيْۤ اُرِيْدُ اَنْ اُنْكِحَكَ اِحْدَى ابْنَتَيَّ هٰتَيْنِ عَلٰۤى اَنْ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الْقَوِيُّ | الْاَمِيْنُ | قَالَ | اِنِّيْ | اُرِيْدُ | اَنْ | اُنْكِحَكَ | اِحْدٰى | ابْنَتَيَّ | هٰتَيْنِ | عَلٰۤى اَنْ |
| توانا | امانت دار | کہا | بیشک میں | چاہتا ہوں | کہ | نکاح کردوں تجھ سے | ایک کا | اپنی دو بیٹیوں میں سے | ان دو | اس پر کہ |

(جو) توانا اور امانت دار (ہو)۔ انہوں نے (موسیٰؑ سے) کہا کہ میں چاہتا ہوں کہ اپنی ان دو بیٹیوں میں سے ایک کو تم سے بیاہ دوں اس (عہد) پر کہ

تَاْجُرَنِيْ ثَمٰنِيَ حِجَجٍ ج فَاِنْ اَتْمَمْتَ عَشْرًا فَمِنْ عِنْدِكَ ج وَمَاۤ اُرِيْدُ اَنْ اَشُقَّ

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تَاْجُرَنِيْ | ثَمٰنِيَ | حِجَجٍ | فَاِنْ | اَتْمَمْتَ | عَشْرًا | فَمِنْ | عِنْدِكَ | وَ مَا | اُرِيْدُ | اَنْ | اَشُقَّ |
| تو میری خدمت کرے | آٹھ | برس | پھر اگر | تو پورے کردے | دس | تو سے | تیری طرف | اور نہیں | میں چاہتا | کہ | تکلیف ڈالوں |

تم آٹھ برس میری خدمت کرو، اور اگر دس سال پورے کر دو تو وہ تمہاری طرف سے (احسان) ہے، اور میں تم پر تکلیف ڈالنا نہیں

عَلَيْكَ ط سَتَجِدُنِيْۤ اِنْ شَآءَ اللّٰهُ مِنَ الصّٰلِحِيْنَ ۝٢٧ قَالَ ذٰلِكَ بَيْنِيْ وَ بَيْنَكَ ط

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| عَلَيْكَ | سَتَجِدُنِيْ | اِنْ | شَآءَ | اللّٰهُ | مِنَ الصّٰلِحِيْنَ | قَالَ | ذٰلِكَ | بَيْنِيْ | وَ بَيْنَكَ |
| تجھ پر | عنقریب تو مجھے پائے گا | اگر | چاہا | اللہ نے | نیک لوگوں میں سے | کہا | یہ | میرے درمیان | اور تیرے درمیان |

چاہتا، تم مجھے انشاء اللہ نیک لوگوں میں پاؤ گے۔ موسیٰؑ نے کہا کہ مجھ میں اور آپ میں یہ (عہد پختہ ہوا)۔

ع ٣ ٧ ٦

اَیَّمَا الْاَجَلَیْنِ قَضَیْتُ فَلَا عُدْوَانَ عَلَیَّ ؕ وَ اللّٰهُ عَلٰی مَا نَقُوْلُ وَ کِیْلٌ ﴿٢٨﴾

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اَیَّمَا | الْاَجَلَیْنِ | قَضَیْتُ | فَلَا | عُدْوَانَ | عَلَیَّ | وَ اللّٰهُ | عَلٰی مَا | نَقُوْلُ | وَ کِیْلٌ |
| جونسی | دومدتوں میں | میں پوری کردوں | پس نہ | زیادتی ہو | مجھ پر | اور اللہ | اس پر جو | ہم کہتے ہیں | کارساز/گواہ ہے |

میں جونسی مدت (چاہوں) پوری کر دوں، پھر مجھ پر کوئی زیادتی نہ ہو۔ اور ہم جو معاہدہ کرتے ہیں اللہ اس کا گواہ ہے۔

فَلَمَّا قَضٰی مُوْسَی الْاَجَلَ وَ سَارَ بِاَهْلِهٖۤ اٰنَسَ مِنْ جَانِبِ الطُّوْرِ نَارًا ۚ قَالَ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| فَلَمَّا | قَضٰی | مُوْسٰی | الْاَجَلَ | وَ سَارَ | بِاَهْلِهٖ | اٰنَسَ | مِنْ جَانِبِ | الطُّوْرِ | نَارًا | قَالَ |
| پس جب | پوری کردی | موسٰی نے | مدت | اور چلا | اپنے گھروالوں کے ساتھ | دیکھی اس نے | جانب سے | طور کی | آگ | کہا |

جب موسیٰؑ نے مدت پوری کر دی اور اپنے گھر کے لوگوں کو لے کر چلے تو طور کی طرف سے آگ دکھائی دی۔ تو اپنے

لِاَهْلِهِ امْكُثُوْۤا اِنِّیْۤ اٰنَسْتُ نَارًا لَّعَلِّیْۤ اٰتِیْكُمْ مِّنْهَا بِخَبَرٍ اَوْ جَذْوَةٍ مِّنَ النَّارِ

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| لِاَهْلِهٖ | اُمْكُثُوْۤا | اِنِّیْ | اٰنَسْتُ | نَارًا | لَعَلِّیْ | اٰتِیْكُمْ | مِنْهَا | بِخَبَرٍ | اَوْ | جَذْوَةٍ | مِنَ النَّارِ |
| اپنے گھروالوں کو | تم ٹھہرو | بیشک مجھے | نظر آئی ہے | آگ | شاید میں | لاؤں تمہارے پاس | اس سے | کوئی خبر | یا | انگارہ | آگ کا |

گھر والوں سے کہنے لگے کہ (تم یہاں) ٹھہرو، مجھے آگ نظر آئی ہے، شاید میں وہاں سے (رستے کا) کچھ پتا لاؤں یا آگ کا انگارہ لے آؤں

لَعَلَّكُمْ تَصْطَلُوْنَ ﴿٢٩﴾ فَلَمَّاۤ اَتٰىهَا نُوْدِیَ مِنْ شَاطِئِ الْوَادِ الْاَیْمَنِ فِی

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| لَعَلَّكُمْ | تَصْطَلُوْنَ | فَلَمَّا | اَتٰىهَا | نُوْدِیَ | مِنْ | شَاطِئِ | الْوَادِ | الْاَیْمَنِ | فِیْ |
| تاکہ تم | تاپو | پس جب | آیا اس کے پاس | آواز دی گئی | سے | کنارے | میدان کے | دائیں | میں |

تاکہ تم تاپو۔ جب اس کے پاس پہنچے تو میدان کے دائیں کنارے سے ایک مبارک جگہ میں

الْبُقْعَةِ الْمُبٰرَكَةِ مِنَ الشَّجَرَةِ اَنْ یّٰمُوْسٰۤی اِنِّیْۤ اَنَا اللّٰهُ رَبُّ الْعٰلَمِیْنَ ﴿٣٠﴾ وَ اَنْ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الْبُقْعَةِ | الْمُبٰرَكَةِ | مِنَ الشَّجَرَةِ | اَنْ | یٰمُوْسٰی | اِنِّیْۤ اَنَا | اللّٰهُ | رَبُّ | الْعٰلَمِیْنَ | وَ اَنْ |
| ایک جگہ/خطہ | مبارک | ایک درخت میں سے | کہ | اے موسٰی | بیشک میں ہی | اللہ ہوں | رب | تمام جہانوں کا | اور یہ کہ |

ایک درخت میں سے آواز آئی کہ موسیٰؑ! میں تو اللہ رب العالمین ہوں۔ اور یہ کہ

اَلْقِ عَصَاكَ ؕ فَلَمَّا رَاٰهَا تَهْتَزُّ كَاَنَّهَا جَآنٌّ وَّلّٰی مُدْبِرًا وَّ لَمْ یُعَقِّبْ ؕ یٰمُوْسٰی

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اَلْقِ | عَصَاكَ | فَلَمَّا | رَاٰهَا | تَهْتَزُّ | كَاَنَّهَا | جَآنٌّ | وَلّٰی | مُدْبِرًا | وَ لَمْ یُعَقِّبْ | یٰمُوْسٰی |
| ڈال دو | اپنی لاٹھی | پس جب | اس نے دیکھا اسکو | وہ حرکت کررہی ہے | گویا کہ وہ | سانپ ہے | وہ پھرا/بھاگا | پیٹھ پھیر کر | اور نہ پیچھے مڑکر دیکھا | اے موسٰی |

اپنی لاٹھی ڈال دو، جب دیکھا کہ وہ حرکت کر رہی ہے گویا سانپ ہے تو پیٹھ پھیر کر چل دیئے اور پیچھے مڑ کر بھی نہ دیکھا۔ (ہم نے کہا) موسیٰؑ!

اَقْبِلْ وَ لَا تَخَفْ قف اِنَّكَ مِنَ الْاٰمِنِيْنَ ﴿۳۱﴾ اُسْلُكْ يَدَكَ فِيْ جَيْبِكَ تَخْرُجْ

| اَقْبِلْ | وَ لَا تَخَفْ | اِنَّكَ | مِنَ الْاٰمِنِيْنَ | اُسْلُكْ | يَدَكَ | فِيْ جَيْبِكَ | تَخْرُجْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| آگے آؤ | اور نہ ڈرو | بے شک تم | امن پانے والوں میں سے | ڈالو | اپنا ہاتھ | اپنے گریبان میں | نکل آئے گا |

آگے آؤ اور ڈرو مت، تم امن پانے والوں میں ہو۔ اپنا ہاتھ گریبان میں ڈالو تو بغیر کسی

بَيْضَآءَ مِنْ غَيْرِ سُوْٓءٍ ز وَّ اضْمُمْ اِلَيْكَ جَنَاحَكَ مِنَ الرَّهْبِ فَذٰنِكَ

| بَيْضَآءَ | مِنْ غَيْرِ | سُوْٓءٍ | وَ | اُضْمُمْ | اِلَيْكَ | جَنَاحَكَ | مِنْ | الرَّهْبِ | فَذٰنِكَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| سفید | سوائے/بغیر | عیب کے | اور | ملالو/سکیڑلو | اپنی طرف | اپنا بازو | سے | خوف/ڈر | پس یہ دو |

عیب کے سفید نکل آئے گا۔ اور خوف (دور کرنے کی غرض) سے اپنے بازو کو اپنی طرف سکیڑ لو۔ یہ دو

بُرْهَانٰنِ مِنْ رَّبِّكَ اِلٰى فِرْعَوْنَ وَ مَلَا۟ئِهٖ ط اِنَّهُمْ كَانُوْا قَوْمًا فٰسِقِيْنَ ﴿۳۲﴾ قَالَ

| بُرْهَانٰنِ | مِنْ | رَبِّكَ | اِلٰى | فِرْعَوْنَ | وَ مَلَا۟ئِهٖ | اِنَّهُمْ | كَانُوْا | قَوْمًا | فٰسِقِيْنَ | قَالَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| دو دلیلیں ہیں | سے | تمہارے رب | طرف | فرعون | اور اس کے درباریوں کی | بیشک وہ | تھے/ ہیں | قوم | نافرمان | کہا موسیٰ نے |

دلیلیں تمہارے پروردگار کی طرف سے ہیں (ان کے ساتھ) فرعون اور اس کے درباریوں کے پاس (جاؤ) کہ وہ نافرمان لوگ ہیں۔ (موسیٰؑ نے) کہا،

رَبِّ اِنِّيْ قَتَلْتُ مِنْهُمْ نَفْسًا فَاَخَافُ اَنْ يَّقْتُلُوْنِ ﴿۳۳﴾ وَ اَخِيْ هٰرُوْنُ هُوَ

| رَبِّ | اِنِّيْ | قَتَلْتُ | مِنْهُمْ | نَفْسًا | فَاَخَافُ | اَنْ | يَقْتُلُوْنِ | وَ اَخِيْ | هٰرُوْنُ | هُوَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اے میرے رب | بیشک میں نے | قتل کیا | ان میں سے | ایک شخص | پس میں ڈرتا ہوں | کہ | وہ مجھے قتل کردیں | اور میرا بھائی | ہارون | وہ |

اے میرے پروردگار! ان میں سے ایک شخص میرے ہاتھ سے قتل ہو چکا ہے، سو مجھے خوف ہے کہ وہ (کہیں) مجھ کو مار نہ ڈالیں۔ اور ہارون (جو) میرا بھائی

اَفْصَحُ مِنِّيْ لِسَانًا فَاَرْسِلْهُ مَعِيَ رِدْاً يُّصَدِّقُنِيْٓ ز اِنِّيْٓ اَخَافُ اَنْ يُّكَذِّبُوْنِ ﴿۳۴﴾

| اَفْصَحُ | مِنِّيْ | لِسَانًا | فَاَرْسِلْهُ | مَعِيَ | رِدْاً | يُصَدِّقُنِيْ | اِنِّيْ | اَخَافُ | اَنْ | يُكَذِّبُوْنِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| زیادہ فصیح ہے | مجھ سے | زبان میں | پس بھیج اس کو | میرے ساتھ | مددگار | وہ میری تصدیق کرے | بیشک میں | ڈرتا ہوں | کہ | وہ مجھے جھٹلا دیں |

(ہے) اس کی زبان مجھ سے زیادہ فصیح ہے، تو اس کو میرے ساتھ مددگار بنا کر بھیج کہ میری تصدیق کرے، مجھے خوف ہے کہ وہ لوگ میری تکذیب کریں گے۔

قَالَ سَنَشُدُّ عَضُدَكَ بِاَخِيْكَ وَ نَجْعَلُ لَكُمَا سُلْطٰنًا فَلَا يَصِلُوْنَ

| قَالَ | سَنَشُدُّ | عَضُدَكَ | بِاَخِيْكَ | وَ نَجْعَلُ | لَكُمَا | سُلْطٰنًا | فَلَا يَصِلُوْنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| فرمایا | عنقریب ہم مضبوط کریں گے | تیرا بازو | تیرے بھائی کے ساتھ | اور ہم بنادیں گے | تم دونوں کیلئے | غلبہ | پس نہیں وہ پہنچ سکیں گے |

(اللہ نے) فرمایا، ہم تمہارے بھائی سے تمہارے بازو کو مضبوط کریں گے اور تم دونوں کو غلبہ دیں گے تو ہماری نشانیوں کے سبب وہ تم

معانقة ١١

اِلَيْكُمَا ۚ بِاٰيٰتِنَآ ۚ اَنْتُمَا وَ مَنِ اتَّبَعَكُمَا الْغٰلِبُوْنَ ﴿٣٥﴾ فَلَمَّا جَآءَهُمْ مُّوْسٰى

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اِلَيْكُمَا | بِاٰيٰتِنَا | اَنْتُمَا | وَ مَنْ | اِتَّبَعَكُمَا | الْغٰلِبُوْنَ | فَلَمَّا | جَآءَهُمْ | مُوْسٰى |
| تم دونوں کی طرف | ہماری نشانیوں کے سبب | تم دونوں | اور جو | تم دونوں کی پیروی کریں | غالب رہیں گے | پس جب | آیا ان کے پاس | موسیٰ |

تک پہنچ نہ سکیں گے (اور) تم اور جنھوں نے تمہاری پیروی کی غالب رہو گے۔ اور جب موسیٰؑ ان کے پاس ہماری کھلی

بِاٰيٰتِنَا بَيِّنٰتٍ قَالُوْا مَا هٰذَآ اِلَّا سِحْرٌ مُّفْتَرًى وَّ مَا سَمِعْنَا بِهٰذَا فِيْٓ اٰبَآئِنَا

| | | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بِاٰيٰتِنَا | بَيِّنٰتٍ | قَالُوْا | مَا | هٰذَا | اِلَّا | سِحْرٌ | مُفْتَرًى | وَ مَا | سَمِعْنَا | بِهٰذَا | فِيْ | اٰبَآئِنَا |
| ہماری نشانیوں کے ساتھ | روشن | کہا انہوں نے | نہیں | یہ | مگر | جادو ہے | بناوٹی | اور نہیں | سنا ہم نے | اس کو | میں | اپنے باپ دادا |

نشانیاں لے کر آئے تو وہ کہنے لگے کہ یہ تو جادو ہے جو اس نے بنا کھڑا کیا ہے اور یہ (باتیں) ہم نے اپنے اگلے باپ دادا میں

الْاَوَّلِيْنَ ﴿٣٦﴾ وَ قَالَ مُوْسٰى رَبِّيْٓ اَعْلَمُ بِمَنْ جَآءَ بِالْهُدٰى مِنْ عِنْدِهٖ وَ مَنْ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الْاَوَّلِيْنَ | وَ قَالَ | مُوْسٰى | رَبِّيْ | اَعْلَمُ | بِمَنْ | جَآءَ | بِالْهُدٰى | مِنْ عِنْدِهٖ | وَ مَنْ |
| اگلے/ پہلے | اور کہا | موسیٰ نے | میرا رب | خوب جاننے والا ہے | اس شخص کو جو | آیا | ہدایت کے ساتھ | اس کے پاس سے | اور اس کو کہ |

تو (کبھی) سنی نہیں۔ اور موسیٰؑ نے کہا کہ میرا پروردگار اس شخص کو خوب جانتا ہے جو اس کی طرف سے حق لے کر آیا ہے اور جس

تَكُوْنُ لَهٗ عَاقِبَةُ الدَّارِ ؕ اِنَّهٗ لَا يُفْلِحُ الظّٰلِمُوْنَ ﴿٣٧﴾ وَ قَالَ فِرْعَوْنُ يٰٓاَيُّهَا

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تَكُوْنُ | لَهٗ | عَاقِبَةُ | الدَّارِ | اِنَّهٗ | لَا يُفْلِحُ | الظّٰلِمُوْنَ | وَ قَالَ | فِرْعَوْنُ | يٰٓاَيُّهَا |
| ہے | جس کیلئے | عاقبت کا | گھر | بے شک وہ | نہیں فلاح پائیں گے | ظالم | اور کہا | فرعون نے | اے |

کے لیے عاقبت کا گھر (یعنی بہشت) ہے، بے شک ظالم نجات نہیں پائیں گے۔ اور فرعون نے کہا کہ اے

الْمَلَاُ مَا عَلِمْتُ لَكُمْ مِّنْ اِلٰهٍ غَيْرِيْ ۚ فَاَوْقِدْ لِيْ يٰهَامٰنُ عَلَى الطِّيْنِ

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الْمَلَاُ | مَا | عَلِمْتُ | لَكُمْ | مِنْ | اِلٰهٍ | غَيْرِيْ | فَاَوْقِدْ | لِيْ | يٰهَامٰنُ | عَلَى | الطِّيْنِ |
| اہل دربار | نہیں | میں جانتا | تمہارے لیے | کوئی | معبود | اپنے سوا | پس آگ لگا | میرے لیے | اے ہامان | پر | مٹی |

اہل دربار! میں تمہارا اپنے سوا کسی کو خدا نہیں جانتا، تو ہامان! میرے لیے گارے کو آگ لگا (کر اینٹیں پکا) دو

فَاجْعَلْ لِّيْ صَرْحًا لَّعَلِّيْٓ اَطَّلِعُ اِلٰٓى اِلٰهِ مُوْسٰى ۙ وَ اِنِّيْ لَاَظُنُّهٗ مِنَ الْكٰذِبِيْنَ ﴿٣٨﴾

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| فَاجْعَلْ | لِيْ | صَرْحًا | لَعَلِّيْ | اَطَّلِعُ | اِلٰى | اِلٰهِ | مُوْسٰى | وَ اِنِّيْ | لَاَظُنُّهٗ | مِنَ | الْكٰذِبِيْنَ |
| پھر بنا | میرے لیے | محل | تاکہ میں | جھانکوں/ چڑھ جاؤں | طرف | خدا کی | موسیٰ کے | اور بیشک میں | سمجھتا ہوں اس کو | سے | جھوٹوں میں |

پھر ایک (اونچا) محل بنا دو تاکہ میں موسیٰؑ کے خدا کی طرف چڑھ جاؤں، اور میں اسے جھوٹا سمجھتا ہوں۔

وَ اسْتَكْبَرَ هُوَ وَ جُنُوْدُهٗ فِي الْاَرْضِ بِغَيْرِ الْحَقِّ وَ ظَنُّوْٓا اَنَّهُمْ اِلَيْنَا لَا

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ اسْتَكْبَرَ | هُوَ | وَ جُنُوْدُهٗ | فِي الْاَرْضِ | بِغَيْرِ الْحَقِّ | وَ ظَنُّوْٓا | اَنَّهُمْ | اِلَيْنَا | لَا |
| اور تکبر کیا | وہ/اس نے | اور اس کے لشکروں نے | زمین میں | ناحق | اور سمجھا انہوں نے | کہ وہ | ہماری طرف | نہیں |

اور وہ اور اس کا لشکر ملک میں ناحق مغرور ہو رہے تھے اور خیال کرتے تھے کہ وہ ہماری طرف لوٹ کر

يُرْجَعُوْنَ ﴿٣٩﴾ فَاَخَذْنٰهُ وَ جُنُوْدَهٗ فَنَبَذْنٰهُمْ فِي الْيَمِّ ۚ فَانْظُرْ كَيْفَ كَانَ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| يُرْجَعُوْنَ | فَاَخَذْنٰهُ | وَ جُنُوْدَهٗ | فَنَبَذْنٰهُمْ | فِي الْيَمِّ | فَانْظُرْ | كَيْفَ | كَانَ |
| لوٹائے جائیں گے | پس پکڑا ہم نے اس کو | اور اس کے لشکروں کو | پھر ڈال دیا ہم نے ان کو | پانی میں | سو دیکھ لیجیے | کیسا | تھا |

نہیں آئیں گے۔ تو ہم نے ان کو اور ان کے لشکروں کو پکڑ لیا اور دریا میں ڈال دیا، سو دیکھ لو ظالموں کا

عَاقِبَةُ الظّٰلِمِيْنَ ﴿٤٠﴾ وَ جَعَلْنٰهُمْ اَئِمَّةً يَّدْعُوْنَ اِلَى النَّارِ ۚ وَ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ لَا

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| عَاقِبَةُ | الظّٰلِمِيْنَ | وَ جَعَلْنٰهُمْ | اَئِمَّةً | يَّدْعُوْنَ | اِلَى النَّارِ | وَ يَوْمَ | الْقِيٰمَةِ | لَا |
| انجام | ظالمین کا | اور بنایا ہم نے ان کو | پیشوا | بلاتے تھے | آگ کی طرف | اور دن | قیامت کے | نہیں |

کیسا انجام ہوا۔ اور ہم نے ان کو پیشوا بنایا تھا، وہ (لوگوں کو) دوزخ کی طرف بلاتے تھے، اور قیامت کے دن ان کی مدد نہیں

يُنْصَرُوْنَ ﴿٤١﴾ وَ اَتْبَعْنٰهُمْ فِيْ هٰذِهِ الدُّنْيَا لَعْنَةً ۚ وَ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ هُمْ مِّنَ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| يُنْصَرُوْنَ | وَ اَتْبَعْنٰهُمْ | فِيْ | هٰذِهِ | الدُّنْيَا | لَعْنَةً | وَ يَوْمَ | الْقِيٰمَةِ | هُمْ | مِنَ |
| وہ مدد دیئے جائیں گے | اور ہم نے ان کے پیچھے لگادی | میں | اس | دنیا | لعنت | اور دن | قیامت کے | وہ | سے |

کی جائے گی۔ اور اس دنیا میں ہم نے ان کے پیچھے لعنت لگا دی اور وہ قیامت کے روز بھی

الْمَقْبُوْحِيْنَ ﴿٤٢﴾ وَ لَقَدْ اٰتَيْنَا مُوْسَى الْكِتٰبَ مِنْۢ بَعْدِ مَآ اَهْلَكْنَا الْقُرُوْنَ ع ٤ ١٤ ٧

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الْمَقْبُوْحِيْنَ | وَ لَقَدْ | اٰتَيْنَا | مُوْسَى | الْكِتٰبَ | مِنْۢ بَعْدِ | مَا | اَهْلَكْنَا | الْقُرُوْنَ |
| بدحالوں میں ہوں گے | اور بے شک | دی ہم نے | موسیٰ کو | کتاب | اسکے بعد | کہ | ہلاک کردیں ہم نے | قومیں/نسلیں |

بدحالوں میں ہوں گے۔ اور ہم نے پہلی امتوں کے ہلاک کرنے کے بعد موسیٰؑ کو کتاب دی

الْاُوْلٰى بَصَآئِرَ لِلنَّاسِ وَ هُدًى وَّ رَحْمَةً لَّعَلَّهُمْ يَتَذَكَّرُوْنَ ﴿٤٣﴾ وَ مَا كُنْتَ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الْاُوْلٰى | بَصَآئِرَ | لِلنَّاسِ | وَ هُدًى | وَ رَحْمَةً | لَعَلَّهُمْ | يَتَذَكَّرُوْنَ | وَ مَا | كُنْتَ |
| پہلی | بصیرت/روشن دلیلیں | لوگوں کے لیے | اور ہدایت | اور رحمت | تاکہ وہ | نصیحت حاصل کریں | اور نہیں | آپ تھے |

جو لوگوں کے لیے بصیرت اور ہدایت اور رحمت ہے، تاکہ وہ نصیحت پکڑیں۔ اور جب ہم نے

بِجَانِبِ الْغَرْبِيِّ اِذْ قَضَيْنَآ اِلٰى مُوْسَى الْاَمْرَ وَ مَا كُنْتَ مِنَ الشّٰهِدِيْنَ ﴿۴۴﴾

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بِجَانِبِ | الْغَرْبِيِّ | اِذْ | قَضَيْنَا | اِلٰى مُوْسٰى | الْاَمْرَ | وَ مَا | كُنْتَ | مِنَ الشّٰهِدِيْنَ |
| جانب/طرف | غربی | جب | فیصل کیا/بھیجا ہم نے | موسیٰ کی طرف | حکم | اور نہیں | آپ تھے | گواہوں میں |

موسیٰؑ کی طرف حکم بھیجا تو تم (طور کی) غرب کی طرف نہیں تھے اور نہ اس واقعے کے دیکھنے والوں میں تھے۔

وَ لٰكِنَّآ اَنْشَاْنَا قُرُوْنًا فَتَطَاوَلَ عَلَيْهِمُ الْعُمُرُ ۚ وَ مَا كُنْتَ ثَاوِيًا فِيْٓ اَهْلِ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ لٰكِنَّا | اَنْشَاْنَا | قُرُوْنًا | فَتَطَاوَلَ | عَلَيْهِمُ | الْعُمُرُ | وَ مَا كُنْتَ | ثَاوِيًا | فِيْٓ | اَهْلِ |
| اور لیکن ہم | پیدا کیں ہم نے | امتیں/قومیں | پھر طویل ہوئی/لمبی گزر گئی | ان پر | عمر/مدت | اور نہ آپ تھے | رہنے والے | میں | اہل |

لیکن ہم نے (موسیٰؑ کے بعد) کئی امتوں کو پیدا کیا پھر ان پر طویل مدت گزر گئی، اور نہ تم مدین والوں میں رہنے والے

مَدْيَنَ تَتْلُوْا عَلَيْهِمْ اٰيٰتِنَا ۙ وَ لٰكِنَّا كُنَّا مُرْسِلِيْنَ ﴿۴۵﴾ وَ مَا كُنْتَ بِجَانِبِ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مَدْيَنَ | تَتْلُوْا | عَلَيْهِمْ | اٰيٰتِنَا | وَلٰكِنَّا | كُنَّا | مُرْسِلِيْنَ | وَ مَا كُنْتَ | بِجَانِبِ |
| مدین | کہ پڑھتے | ان پر | ہماری آیات | اور لیکن ہم | تھے/ہیں | رسول بھیجنے والے | اور نہ آپ تھے | جانب/کنارے پر |

تھے کہ ان کو ہماری آیات پڑھ پڑھ کر سناتے تھے، ہاں، ہم ہی تو پیغمبر بھیجنے والے تھے۔ اور نہ تم اس وقت، جب کہ ہم نے (موسیٰؑ کو)

الطُّوْرِ اِذْ نَادَيْنَا وَ لٰكِنْ رَّحْمَةً مِّنْ رَّبِّكَ لِتُنْذِرَ قَوْمًا مَّآ اَتٰىهُمْ مِّنْ نَّذِيْرٍ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الطُّوْرِ | اِذْ | نَادَيْنَا | وَ لٰكِنْ | رَحْمَةً | مِنْ رَّبِّكَ | لِتُنْذِرَ | قَوْمًا | مَا | اَتٰىهُمْ | مِنْ نَّذِيْرٍ |
| طور کے | جب | آواز دی ہم نے | اور لیکن/بلکہ | رحمت | آپکے رب کی | تاکہ آپ خبردار کریں | لوگوں کو | نہیں | آیا جن کے پاس | کوئی خبردار کرنے والا |

آواز دی، طور کے کنارے تھے بلکہ (تمہارا بھیجا جانا) تمہارے پروردگار کی رحمت ہے تاکہ تم ان لوگوں کو جن کے پاس تم سے پہلے کوئی ہدایت کرنے والا

مِّنْ قَبْلِكَ لَعَلَّهُمْ يَتَذَكَّرُوْنَ ﴿۴۶﴾ وَ لَوْلَآ اَنْ تُصِيْبَهُمْ مُّصِيْبَةٌۢ بِمَا

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مِنْ قَبْلِكَ | لَعَلَّهُمْ | يَتَذَكَّرُوْنَ | وَ لَوْلَا | اَنْ | تُصِيْبَهُمْ | مُصِيْبَةٌ | بِمَا |
| آپ سے پہلے | تاکہ وہ | نصیحت پکڑیں | اور اگر نہ ہو | کہ | پہنچے ان کو | کوئی مصیبت | بسبب اس کے جو |

نہیں آیا، ہدایت کرو تاکہ وہ نصیحت پکڑیں۔ اور (اے پیغمبرؐ ہم نے تم کو اسلئے بھیجا ہے کہ) ایسا نہ ہو کہ اگر ان (اعمال) کے سبب جو ان کے ہاتھ آگے بھیج چکے ہیں

قَدَّمَتْ اَيْدِيْهِمْ فَيَقُوْلُوْا رَبَّنَا لَوْلَآ اَرْسَلْتَ اِلَيْنَا رَسُوْلًا فَنَتَّبِعَ اٰيٰتِكَ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| قَدَّمَتْ | اَيْدِيْهِمْ | فَيَقُوْلُوْا | رَبَّنَا | لَوْلَا | اَرْسَلْتَ | اِلَيْنَا | رَسُوْلًا | فَنَتَّبِعَ | اٰيٰتِكَ |
| آگے بھیجا | ان کے ہاتھوں نے | تو وہ کہنے لگیں | اے رب ہمارے | کیوں نہ | تو نے بھیجا | ہماری طرف | کوئی رسول | کہ ہم پیروی کرتے | تیری آیات کی |

ان پر کوئی مصیبت واقع ہو تو یہ کہنے لگیں کہ اے پروردگار! تو نے ہماری طرف کوئی پیغمبر کیوں نہ بھیجا کہ ہم تیری آیتوں کی پیروی کرتے

وَ نَكُوْنَ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿٤٧﴾ فَلَمَّا جَآءَهُمُ الْحَقُّ مِنْ عِنْدِنَا قَالُوْا لَوْلَآ اُوْتِيَ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ نَكُوْنَ | مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ | فَلَمَّا | جَآءَهُمُ | الْحَقُّ | مِنْ عِنْدِنَا | قَالُوْا | لَوْلَا | اُوْتِيَ |
| اور ہم ہوتے | مومنوں میں | پس جب | آیا ان کے پاس | حق | ہمارے پاس سے | کہنے لگے | کیوں نہیں | دیا گیا |

اور ایمان لانے والوں میں ہوتے۔ پھر جب ان کے پاس ہماری طرف سے حق آ پہنچا تو کہنے لگے کہ جیسی (نشانیاں) موسیٰؑ کو

مِثْلَ مَآ اُوْتِيَ مُوْسٰى ؕ اَوَلَمْ يَكْفُرُوْا بِمَآ اُوْتِيَ مُوْسٰى مِنْ قَبْلُ ۚ قَالُوْا سِحْرٰنِ

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مِثْلَ | مَا | اُوْتِيَ | مُوْسٰى | اَوَ | لَمْ يَكْفُرُوْا | بِمَا | اُوْتِيَ | مُوْسٰى | مِنْ قَبْلُ | قَالُوْا | سِحْرٰنِ |
| مانند | اسکے جو | دیا گیا | موسیٰ کو | کیا | نہیں کفر کیا انہوں نے | اسکے ساتھ جو | دیا گیا | موسیٰ کو | اس سے پہلے | کہا انہوں نے | دونوں جادو ہیں |

ملی تھیں ویسی ان کو کیوں نہیں ملیں۔ کیا جو (نشانیاں) پہلے موسیٰؑ کو دی گئی تھیں انہوں نے ان سے کفر نہیں کیا؟ کہنے لگے کہ دونوں جادوگر ہیں

تَظٰهَرَا ۫ وَ قَالُوْٓا اِنَّا بِكُلٍّ كٰفِرُوْنَ ﴿٤٨﴾ قُلْ فَاْتُوْا بِكِتٰبٍ مِّنْ عِنْدِ اللّٰهِ هُوَ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تَظٰهَرَا ❶ | وَ قَالُوْا | اِنَّا | بِكُلٍّ | كٰفِرُوْنَ | قُلْ | فَاْتُوْا | بِكِتٰبٍ | مِنْ عِنْدِ | اللّٰهِ | هُوَ |
| ایک دوسرے کے موافق/مددگار | اور کہا انہوں نے | بیشک ہم | سب سے | منکر ہیں | کہہ دیجئے | پس لے آؤ | کوئی اور کتاب | پاس سے | اللہ کے | وہ |

ایک دوسرے کے موافق، اور بولے کہ ہم سب سے منکر ہیں۔ کہہ دو کہ اگر سچے ہو تو تم اللہ کے پاس سے کوئی اور کتاب لے آؤ جو

اَهْدٰى مِنْهُمَآ اَتَّبِعْهُ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ﴿٤٩﴾ فَاِنْ لَّمْ يَسْتَجِيْبُوْا لَكَ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اَهْدٰى | مِنْهُمَا | اَتَّبِعْهُ | اِنْ | كُنْتُمْ | صٰدِقِيْنَ | فَاِنْ | لَمْ يَسْتَجِيْبُوْا | لَكَ |
| زیادہ ہدایت کرنے والی | ان دونوں سے | میں اس کی پیروی کروں گا | اگر | ہو تم | سچے | پس اگر | وہ نہ قبول کریں | آپ کیلئے |

ان دونوں (کتابوں) سے بڑھ کر ہدایت کرنے والی ہو تاکہ میں بھی اسی کی پیروی کروں۔ پھر اگر یہ تمہاری بات قبول نہ کریں

فَاعْلَمْ اَنَّمَا يَتَّبِعُوْنَ اَهْوَآءَهُمْ ؕ وَ مَنْ اَضَلُّ مِمَّنِ اتَّبَعَ هَوٰىهُ بِغَيْرِ هُدًى

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| فَاعْلَمْ | اَنَّمَا | يَتَّبِعُوْنَ | اَهْوَآءَهُمْ | وَ مَنْ | اَضَلُّ | مِمَّنِ | اِتَّبَعَ | هَوٰىهُ | بِغَيْرِ | هُدًى |
| تو جان لیجئے | بلاشبہ صرف | وہ پیروی کرتے ہیں | اپنی خواہشات کی | اور کون | زیادہ گمراہ ہے | اس سے جس نے | پیروی کی | اپنی خواہش کی | بغیر | ہدایت کے |

تو جان لو کہ یہ صرف اپنی خواہشوں کی پیروی کرتے ہیں، اور اس سے زیادہ کون گمراہ ہو گا جو اللہ کی ہدایت کو چھوڑ کر اپنی خواہش کے

مِّنَ اللّٰهِ ؕ اِنَّ اللّٰهَ لَا يَهْدِي الْقَوْمَ الظّٰلِمِيْنَ ﴿٥٠﴾ۧ وَ لَقَدْ وَصَّلْنَا لَهُمُ الْقَوْلَ ع ٥ ٨ ٨

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مِنَ اللّٰهِ | اِنَّ اللّٰهَ | لَا يَهْدِيْ | الْقَوْمَ | الظّٰلِمِيْنَ | وَ لَقَدْ | وَصَّلْنَا | لَهُمُ | الْقَوْلَ |
| اللہ کی طرف سے | بے شک اللہ | نہیں ہدایت دیتا | قوم کو | ظالموں کی | اور بے شک | پے در پے بھیجا ہم نے | ان کے لیے | قول/کلام |

پیچھے چلے، بے شک اللہ ظالم لوگوں کو ہدایت نہیں دیتا۔ اور ہم پے درپے ان لوگوں کے پاس (ہدایت کی) باتیں بھیجتے رہتے ہیں



❶ دونوں ایک دوسرے کے موافق یا دونوں ایک دوسرے کے مددگار۔

النصف

لَعَلَّهُمْ يَتَذَكَّرُوْنَ ۝٥١ اَلَّذِيْنَ اٰتَيْنٰهُمُ الْكِتٰبَ مِنْ قَبْلِهٖ هُمْ بِهٖ يُؤْمِنُوْنَ ۝٥٢

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| لَعَلَّهُمْ | يَتَذَكَّرُوْنَ | اَلَّذِيْنَ | اٰتَيْنٰهُمُ | الْكِتٰبَ | مِنْ قَبْلِهٖ | هُمْ | بِهٖ | يُؤْمِنُوْنَ |
| تاکہ وہ | نصیحت حاصل کریں | وہ لوگ کہ | دی ہم نے جن کو | کتاب | اس سے پہلے | وہ | اس پر | ایمان لاتے ہیں |

تاکہ نصیحت پکڑیں۔ جن لوگوں کو ہم نے اس سے پہلے کتاب دی تھی وہ اس پر ایمان لے آتے ہیں۔

وَ اِذَا يُتْلٰى عَلَيْهِمْ قَالُوْٓا اٰمَنَّا بِهٖٓ اِنَّهُ الْحَقُّ مِنْ رَّبِّنَآ اِنَّا كُنَّا مِنْ قَبْلِهٖ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ اِذَا | يُتْلٰى | عَلَيْهِمْ | قَالُوْٓا | اٰمَنَّا | بِهٖ | اِنَّهُ | الْحَقُّ | مِنْ رَّبِّنَا | اِنَّا كُنَّا | مِنْ قَبْلِهٖ |
| اور جب | پڑھا جاتا ہے | ان پر | کہتے ہیں | ہم ایمان لائے | اس پر | بے شک وہ | حق ہے | ہمارے رب کی طرف سے | بے شک ہم تھے | اس سے پہلے ہی |

اور جب (قرآن) ان کو پڑھ کر سنایا جاتا ہے تو کہتے ہیں کہ ہم اس پر ایمان لے آئے، بے شک وہ ہمارے پروردگار کی طرف سے برحق ہے (اور) ہم تو اس سے

مُسْلِمِيْنَ ۝٥٣ اُولٰٓئِكَ يُؤْتَوْنَ اَجْرَهُمْ مَّرَّتَيْنِ بِمَا صَبَرُوْا وَ يَدْرَءُوْنَ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مُسْلِمِيْنَ | اُولٰٓئِكَ | يُؤْتَوْنَ | اَجْرَهُمْ | مَّرَّتَيْنِ | بِمَا | صَبَرُوْا | وَ يَدْرَءُوْنَ |
| فرمانبرداری کرنے والے | یہی لوگ ہیں | دیئے جائیں گے | اپنا اجر | دگنا | اسلئے کہ | صبر کیا انہوں نے | اور وہ دور کرتے ہیں |

پہلے کے حکم بردار ہیں۔ ان لوگوں کو دگنا بدلہ دیا جائے گا، کیونکہ صبر کرتے رہے ہیں اور بھلائی کے ساتھ برائی کو

بِالْحَسَنَةِ السَّيِّئَةَ وَ مِمَّا رَزَقْنٰهُمْ يُنْفِقُوْنَ ۝٥٤ وَ اِذَا سَمِعُوا اللَّغْوَ اَعْرَضُوْا

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بِالْحَسَنَةِ | السَّيِّئَةَ | وَ مِمَّا | رَزَقْنٰهُمْ | يُنْفِقُوْنَ | وَ اِذَا | سَمِعُوْا | اللَّغْوَ | اَعْرَضُوْا |
| بھلائی کے ساتھ | برائی کو | اور اس میں سے جو | رزق دیا ہم نے ان کو | خرچ کرتے ہیں | اور جب | وہ سنتے ہیں | بیہودہ بات | منہ پھیر لیتے ہیں |

دور کرتے ہیں اور جو (مال) ہم نے ان کو دیا ہے اس میں سے خرچ کرتے ہیں۔ اور جب بیہودہ بات سنتے ہیں تو اس سے منہ پھیر لیتے

عَنْهُ وَ قَالُوْا لَنَآ اَعْمَالُنَا وَ لَكُمْ اَعْمَالُكُمْ ۫ سَلٰمٌ عَلَيْكُمْ ۫ لَا نَبْتَغِي

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| عَنْهُ | وَ قَالُوْا | لَنَا | اَعْمَالُنَا | وَ لَكُمْ | اَعْمَالُكُمْ | سَلٰمٌ | عَلَيْكُمْ | لَا نَبْتَغِيْ |
| اس سے | اور کہتے ہیں | ہمارے لیے | ہمارے اعمال | اور تمہارے لیے | تمہارے اعمال | سلام | تم پر | نہیں ہم چاہتے |

ہیں اور کہتے ہیں کہ ہم کو ہمارے اعمال اور تم کو تمہارے اعمال، تم کو سلام، ہم جاہلوں کے

الْجٰهِلِيْنَ ۝٥٥ اِنَّكَ لَا تَهْدِيْ مَنْ اَحْبَبْتَ وَ لٰكِنَّ اللّٰهَ يَهْدِيْ مَنْ يَّشَآءُ ۚ وَ هُوَ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الْجٰهِلِيْنَ | اِنَّكَ | لَا تَهْدِيْ | مَنْ | اَحْبَبْتَ | وَ لٰكِنَّ | اللّٰهَ | يَهْدِيْ | مَنْ | يَشَآءُ | وَ هُوَ |
| جاہلوں کو | بیشک آپ | نہیں ہدایت دے سکتے | جس کو | آپ پسند کرتے ہیں | اور لیکن/بلکہ | اللہ | ہدایت دیتا ہے | جس کو | چاہتا ہے | اور وہ |

خواستگار نہیں ہیں۔ (اے محمدؐ!) تم جس کو دوست رکھتے ہو اسے ہدایت نہیں کر سکتے بلکہ اللہ ہی جس کو چاہتا ہے ہدایت کرتا ہے، اور وہ

اَعْلَمُ بِالْمُهْتَدِيْنَ ﴿٥٦﴾ وَ قَالُوْٓا اِنْ نَّتَّبِعِ الْهُدٰى مَعَكَ نُتَخَطَّفْ مِنْ اَرْضِنَا ؕ

| اَعْلَمُ | بِالْمُهْتَدِيْنَ | وَ قَالُوْٓا | اِنْ | نَتَّبِعُ | الْهُدٰى | مَعَكَ | نُتَخَطَّفْ | مِنْ اَرْضِنَا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| خوب جانتا ہے | ہدایت پانے والوں کو | اور کہا انہوں نے | اگر | ہم پیروی کریں | ہدایت کی | آپ کے ساتھ | ہم اچک لیے جائیں | اپنے ملک سے |

ہدایت پانے والوں کو خوب جانتا ہے۔ اور کہتے ہیں کہ اگر ہم تمہارے ساتھ ہدایت کی پیروی کریں تو اپنے ملک سے اچک لیے جائیں۔

اَوَ لَمْ نُمَكِّنْ لَّهُمْ حَرَمًا اٰمِنًا يُّجْبٰٓى اِلَيْهِ ثَمَرٰتُ كُلِّ شَيْءٍ رِّزْقًا مِّنْ لَّدُنَّا

| اَوَ لَمْ نُمَكِّنْ | لَهُمْ | حَرَمًا | اٰمِنًا | يُجْبٰى | اِلَيْهِ | ثَمَرٰتُ | كُلِّ شَيْءٍ | رِزْقًا | مِنْ | لَدُنَّا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| کیا نہیں ہم نے جگہ دی | ان کو | حرم میں | پُرامن | پہنچائے جاتے ہیں | اس کی طرف | میوے | ہر چیز/ ہر قسم کے | رزق | سے | ہماری طرف |

کیا ہم نے ان کو حرم میں، جو امن کا مقام ہے، جگہ نہیں دی جہاں ہر قسم کے میوے پہنچائے جاتے ہیں؟ (اور یہ) رزق ہماری طرف سے ہے،

وَ لٰكِنَّ اَكْثَرَهُمْ لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿٥٧﴾ وَ كَمْ اَهْلَكْنَا مِنْ قَرْيَةٍۭ بَطِرَتْ مَعِيْشَتَهَا ۚ

|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تَرَكْنَا | مِنْهَا | اٰيَةً | بَيِّنَةً | لِقَوْمٍ | يَعْقِلُوْنَ | وَاِلٰى | مَدْيَنَ | اَخَاهُمْ | شُعَيْبًا |
| چھوڑی ہم نے | اس سے | نشانی | روشن | لوگوں کے لیے | جو عقل کرتے ہیں | اور طرف | مدین کی | ان کا بھائی | شعیب |

سمجھنے والے لوگوں کے لیے اس بستی سے ایک کھلی نشانی چھوڑ دی۔ اور مدین کی طرف ان کے بھائی شعیب کو (بھیجا)

فَقَالَ يٰقَوْمِ اعْبُدُوا اللّٰهَ وَ ارْجُوا الْيَوْمَ الْاٰخِرَ وَ لَا تَعْثَوْا فِی الْاَرْضِ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| فَقَالَ | يٰقَوْمِ | اُعْبُدُوا اللّٰهَ | وَ ارْجُوْا | الْيَوْمَ | الْاٰخِرَ | وَ لَا تَعْثَوْا | فِی الْاَرْضِ |
| پس کہا اس نے | اے میری قوم | عبادت کرو اللہ کی | اور امید رکھو | دن کی | آخرت کے | اور نہ تم پھرو | زمین میں |

تو انہوں نے کہا، اے قوم! اللہ کی عبادت کرو اور پچھلے دن (کے آنے) کی امید رکھو اور ملک میں فساد نہ

مُفْسِدِيْنَ ﴿٣٦﴾ فَكَذَّبُوْهُ فَاَخَذَتْهُمُ الرَّجْفَةُ فَاَصْبَحُوْا فِیْ دَارِهِمْ

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| مُفْسِدِيْنَ | فَكَذَّبُوْهُ | فَاَخَذَتْهُمُ | الرَّجْفَةُ | فَاَصْبَحُوْا | فِیْ دَارِهِمْ |
| فساد کرتے ہوئے | پس جھٹلایا انہوں نے اس کو | پھر پکڑ لیا ان کو | زلزلے نے | پس ہو گئے وہ | اپنے گھروں میں |

مچاؤ۔ مگر انہوں نے ان کو جھوٹا سمجھا سو ان کو زلزلے (کے عذاب) نے آ پکڑا اور وہ اپنے گھروں میں

جٰثِمِيْنَ ﴿٣٧﴾ وَ عَادًا وَّ ثَمُوْدَاۡ وَ قَدْ تَّبَيَّنَ لَكُمْ مِّنْ مَّسٰكِنِهِمْ ۫ وَ زَيَّنَ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| جٰثِمِيْنَ | وَ عَادًا | وَ ثَمُوْدَاْ | وَ قَدْ | تَبَيَّنَ | لَكُمْ | مِنْ مَّسٰكِنِهِمْ | وَ زَيَّنَ |
| اوندھے گرے ہوئے | اور عاد | اور ثمود | اور تحقیق | ظاہر ہو گیا | تمہارے لیے | ان کے گھروں سے | اور آراستہ کیے |

اوندھے پڑے رہ گئے۔ اور عاد اور ثمود کو بھی (ہم نے ہلاک کر دیا) چنانچہ ان کے (ویران) گھر تمہاری آنکھوں کے سامنے ہیں، اور شیطان نے

لَهُمُ الشَّيْطٰنُ اَعْمَالَهُمْ فَصَدَّهُمْ عَنِ السَّبِيْلِ وَ كَانُوْا

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| لَهُمْ | الشَّيْطٰنُ | اَعْمَالَهُمْ | فَصَدَّهُمْ | عَنِ السَّبِيْلِ | وَ كَانُوْا |
| ان کے لیے | شیطان نے | ان کے اعمال | پس روکا ان کو | راستے سے | حالانکہ تھے وہ |

ان کے اعمال ان کو آراستہ کر دکھائے اور ان کو (سیدھے) رستے سے روک دیا، حالانکہ وہ

مُسْتَبْصِرِيْنَ ﴿٣٨﴾ وَ قَارُوْنَ وَ فِرْعَوْنَ وَ هَامٰنَ قف وَ لَقَدْ جَآءَهُمْ مُّوْسٰى

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| مُسْتَبْصِرِيْنَ | وَ قَارُوْنَ | وَ فِرْعَوْنَ | وَ هَامٰنَ | وَ لَقَدْ | جَآءَهُمْ | مُوْسٰى |
| دیکھنے والے لوگ/بصیرت رکھنے والے | اور قارون | اور فرعون | اور ہامان | اور بے شک | آیا ان کے پاس | موسیٰ |

دیکھنے والے (لوگ) تھے۔ اور قارون اور فرعون اور ہامان کو بھی (ہلاک کر دیا)، اور ان کے پاس موسیٰؑ کھلی نشانیاں

بِالْبَيِّنٰتِ فَاسْتَكْبَرُوْا فِي الْاَرْضِ وَ مَا كَانُوْا سٰبِقِيْنَ ﴿٣٩﴾ صلے فَكُلًّا اَخَذْنَا

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بِالْبَيِّنٰتِ | فَاسْتَكْبَرُوْا | فِي الْاَرْضِ | وَ مَا | كَانُوْا | سٰبِقِيْنَ | فَكُلًّا | اَخَذْنَا |
| روشن نشانیوں کے ساتھ | پس تکبر کیا انہوں نے | زمین میں | اور نہیں | تھے وہ | سبقت لے جانے والے/قابو سے نکل جانے والے | پس ہر ایک کو | پکڑ لیا ہم نے |

لے کر آئے تو وہ ملک میں مغرور ہو گئے اور وہ (ہمارے) قابو سے نکل جانے والے نہ تھے۔ تو ہم نے سب کو ان کے گناہوں کے سبب

بِذَنْۢبِهٖ ۚ فَمِنْهُمْ مَّنْ اَرْسَلْنَا عَلَيْهِ حَاصِبًا ۚ وَ مِنْهُمْ مَّنْ اَخَذَتْهُ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بِذَنْۢبِهٖ | فَمِنْهُمْ | مَنْ | اَرْسَلْنَا | عَلَيْهِ | حَاصِبًا | وَ مِنْهُمْ | مَنْ | اَخَذَتْهُ |
| اس کے گناہ کے سبب | پس ان میں سے | جو/کوئی کہ | بھیجا ہم نے | اس پر | پتھر والا مینہ | اور ان میں سے | کوئی کہ | پکڑا اس کو |

پکڑ لیا، سو ان میں کچھ تو ایسے تھے جن پر ہم نے پتھروں کا مینہ برسایا، اور کچھ ایسے تھے جن کو چنگھاڑ نے

الصَّيْحَةُ ۚ وَ مِنْهُمْ مَّنْ خَسَفْنَا بِهِ الْاَرْضَ ۚ وَ مِنْهُمْ مَّنْ اَغْرَقْنَا ۚ وَ مَا

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الصَّيْحَةُ | وَ مِنْهُمْ | مَنْ | خَسَفْنَا | بِهِ | الْاَرْضَ | وَ مِنْهُمْ | مَنْ | اَغْرَقْنَا | وَ مَا |
| چیخ نے | اور ان میں سے | کوئی کہ | دھنسا دیا ہم نے | اس کو | زمین میں | اور ان میں سے | کسی کو | غرق کیا ہم نے | اور نہیں |

آ پکڑا، اور کچھ ایسے تھے جن کو ہم نے زمین میں دھنسا دیا، اور کچھ ایسے تھے جن کو ہم نے غرق کر دیا۔ اور

كَانَ اللّٰهُ لِيَظْلِمَهُمْ وَ لٰكِنْ كَانُوْۤا اَنْفُسَهُمْ يَظْلِمُوْنَ ﴿٤٠﴾ مَثَلُ الَّذِيْنَ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| كَانَ | اللّٰهُ | لِيَظْلِمَهُمْ | وَ لٰكِنْ | كَانُوْا | اَنْفُسَهُمْ | يَظْلِمُوْنَ | مَثَلُ | الَّذِيْنَ |
| تھا | اللہ | کہ ظلم کرتا ان پر | اور لیکن/بلکہ | وہ تھے | اپنی جانوں پر | ظلم کرتے | مثال | ان لوگوں کی جنھوں نے |

اللہ ایسا نہ تھا کہ ان پر ظلم کرتا لیکن وہی اپنے آپ پر ظلم کرتے تھے۔ جن لوگوں نے

اتَّخَذُوْا مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ اَوْلِيَآءَ كَمَثَلِ الْعَنْكَبُوْتِ ۚ اِتَّخَذَتْ بَيْتًا ۭ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اِتَّخَذُوْا | مِنْ دُوْنِ | اللّٰهِ | اَوْلِيَآءَ | كَمَثَلِ | الْعَنْكَبُوْتِ | اِتَّخَذَتْ | بَيْتًا |
| بنائے | سوائے | اللہ کے | دوست | جیسے مثال | مکڑی کی | بناتی ہے | ایک گھر |

اللہ کے سوا (اوروں کو) کارساز بنا رکھا ہے ان کی مثال مکڑی کی سی ہے کہ وہ بھی ایک (طرح کا) گھر بناتی ہے،

وَ اِنَّ اَوْهَنَ الْبُيُوْتِ لَبَيْتُ الْعَنْكَبُوْتِ ۘ لَوْ كَانُوْا يَعْلَمُوْنَ ۝۴۱ وقف لازم

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ اِنَّ | اَوْهَنَ | الْبُيُوْتِ | لَبَيْتُ | الْعَنْكَبُوْتِ | لَوْ | كَانُوْا | يَعْلَمُوْنَ |
| اور بے شک | کمزور تر | تمام گھروں میں | البتہ گھر ہے | مکڑی کا | کاش | ہوتے | وہ جانتے |

اور کچھ شک نہیں کہ تمام گھروں سے کمزور مکڑی کا گھر ہے، کاش یہ (اس بات کو) جانتے۔

اِنَّ اللّٰهَ يَعْلَمُ مَا يَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِهٖ مِنْ شَيْءٍ ۭ وَ هُوَ الْعَزِيْزُ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اِنَّ اللّٰهَ | يَعْلَمُ | مَا | يَدْعُوْنَ | مِنْ دُوْنِهٖ | مِنْ شَيْءٍ | وَ هُوَ | الْعَزِيْزُ |
| بے شک اللہ | جانتا ہے | اسکو جو | وہ پکارتے ہیں | سوائے اس کے | کچھ چیز | اور وہ | زبردست |

یہ جس چیز کو اللہ کے سوا پکارتے ہیں (خواہ) وہ کچھ ہی ہو اللہ اسے جانتا ہے، اور وہ غالب (اور)

الْحَكِيْمُ ۝۴۲ وَ تِلْكَ الْاَمْثَالُ نَضْرِبُهَا لِلنَّاسِ ۚ وَ مَا يَعْقِلُهَآ اِلَّا

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الْحَكِيْمُ | وَ تِلْكَ | الْاَمْثَالُ | نَضْرِبُهَا | لِلنَّاسِ | وَ مَا | يَعْقِلُهَا | اِلَّا |
| حکمت والا | اور یہ | مثالیں | ہم انہیں بیان کرتے ہیں | لوگوں کے لیے | اور نہیں | سمجھتے ان کو | مگر |

حکمت والا ہے۔ اور یہ مثالیں ہم لوگوں کے (سمجھانے کے) لیے بیان کرتے ہیں، اور اسے تو اہل دانش ہی

الْعٰلِمُوْنَ ۝۴۳ خَلَقَ اللّٰهُ السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضَ بِالْحَقِّ ۭ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الْعٰلِمُوْنَ | خَلَقَ | اللّٰهُ | السَّمٰوٰتِ | وَ الْاَرْضَ | بِالْحَقِّ | اِنَّ | فِيْ | ذٰلِكَ |
| علم رکھنے والے | پیدا کیا | اللہ نے | آسمانوں کو | اور زمین کو | حق کے ساتھ | بے شک | میں | اس |

سمجھتے ہیں۔ اللہ نے آسمانوں اور زمین کو حکمت کے ساتھ پیدا کیا ہے۔ کچھ شک نہیں

لَاٰيَةً لِّلْمُؤْمِنِيْنَ ۝۴۴ ع ۴ ۱۶

| | |
|---|---|
| لَاٰيَةً | لِّلْمُؤْمِنِيْنَ |
| نشانی ہے | مومنوں کے لیے |

کہ ایمان والوں کے لیے اس میں نشانی ہے۔

اُتْلُ مَآ اُوْحِیَ اِلَیْکَ مِنَ الْکِتٰبِ وَ اَقِمِ الصَّلٰوۃَ ؕ اِنَّ الصَّلٰوۃَ تَنْہٰی عَنِ

| اُتْلُ | مَا | اُوْحِیَ | اِلَیْکَ | مِنَ الْکِتٰبِ | وَ اَقِمِ | الصَّلٰوۃَ | اِنَّ | الصَّلٰوۃَ | تَنْہٰی | عَنْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تلاوت کیجئے | جو | وحی کی گئی ہے | آپ کی طرف | کتاب سے | اور قائم کیجئے | نماز | بیشک | نماز | روکتی ہے | سے |

(اے محمدؐ!) یہ کتاب جو تمہاری طرف وحی کی گئی ہے، اس کو پڑھا کرو اور نماز کے پابند رہو۔ کچھ شک نہیں کہ نماز بے حیائی

الْفَحْشَآءِ وَ الْمُنْکَرِ ؕ وَ لَذِکْرُ اللّٰہِ اَکْبَرُ ؕ وَ اللّٰہُ یَعْلَمُ مَا تَصْنَعُوْنَ ﴿۴۵﴾ وَ لَا

| الْفَحْشَآءِ | وَ الْمُنْکَرِ | وَ لَذِکْرُ | اللّٰہِ | اَکْبَرُ ① | وَ اللّٰہُ | یَعْلَمُ | مَا | تَصْنَعُوْنَ | وَ لَا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بے حیائی | اور بری بات | اور البتہ ذکر | اللہ کا | سب سے بڑا/ بڑھ کر ہے | اور اللہ | جانتا ہے | جو | تم کرتے ہو | اور نہ |

اور بری باتوں سے روکتی ہے۔ اور اللہ کا ذکر بڑا (اچھا کام) ہے۔ اور جو کچھ تم کرتے ہو اللہ اسے جانتا ہے۔ اور

تُجَادِلُوْۤا اَہْلَ الْکِتٰبِ اِلَّا بِالَّتِیْ ہِیَ اَحْسَنُ ۖ اِلَّا الَّذِیْنَ ظَلَمُوْا مِنْہُمْ وَ قُوْلُوْۤا

| تُجَادِلُوْۤا | اَہْلَ الْکِتٰبِ | اِلَّا | بِالَّتِیْ | ہِیَ | اَحْسَنُ | اِلَّا | الَّذِیْنَ | ظَلَمُوْا | مِنْہُمْ | وَ قُوْلُوْۤا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تم جھگڑا کرو | اہل کتاب سے | مگر | اس طرح سے کہ | وہ | نہایت اچھا ہو | سوائے | ان لوگوں کے جنہوں نے | ظلم کیا | ان میں سے | اور کہو |

اہل کتاب سے جھگڑا نہ کرو مگر ایسے طریق سے کہ نہایت اچھا ہو۔ ہاں، جو ان میں سے بے انصافی کریں (ان کے ساتھ اسی طرح مجادلہ کرو) اور کہہ دو کہ

اٰمَنَّا بِالَّذِیْۤ اُنْزِلَ اِلَیْنَا وَ اُنْزِلَ اِلَیْکُمْ وَ اِلٰـہُنَا وَ اِلٰـہُکُمْ وَاحِدٌ وَّ نَحْنُ لَہٗ

| اٰمَنَّا | بِالَّذِیْ | اُنْزِلَ | اِلَیْنَا | وَ اُنْزِلَ | اِلَیْکُمْ | وَ اِلٰـہُنَا | وَ اِلٰـہُکُمْ | وَاحِدٌ | وَ نَحْنُ | لَہٗ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ہم ایمان لائے | اس پر جو | نازل کی گئی | طرف ہماری | اور نازل کی گئی | تمہاری طرف | اور ہمارا معبود | اور تمہارا معبود | ایک ہے | اور ہم | اسی کے |

جو (کتاب) ہم پر اتری اور جو (کتابیں) تم پر اتریں، ہم سب پر ایمان رکھتے ہیں اور ہمارا اور تمہارا معبود ایک ہی ہے اور ہم اسی کے

مُسْلِمُوْنَ ﴿۴۶﴾ وَ کَذٰلِکَ اَنْزَلْنَاۤ اِلَیْکَ الْکِتٰبَ ؕ فَالَّذِیْنَ اٰتَیْنٰہُمُ الْکِتٰبَ

| مُسْلِمُوْنَ | وَ کَذٰلِکَ | اَنْزَلْنَا | اِلَیْکَ | الْکِتٰبَ | فَالَّذِیْنَ | اٰتَیْنٰہُمُ | الْکِتٰبَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| فرمانبردار ہیں | اور اسی طرح | نازل کی ہم نے | آپ کی طرف | کتاب | پس وہ لوگ کہ | دی ہم نے جن کو | کتاب |

فرمانبردار ہیں۔ اور اسی طرح ہم نے تمہاری طرف کتاب اتاری ہے۔ تو جن لوگوں کو ہم نے کتابیں دی تھیں وہ اس پر

یُؤْمِنُوْنَ بِہٖ ۚ وَ مِنْ ہٰۤؤُلَآءِ مَنْ یُّؤْمِنُ بِہٖ ؕ وَ مَا یَجْحَدُ بِاٰیٰتِنَاۤ اِلَّا الْکٰفِرُوْنَ ﴿۴۷﴾

| یُؤْمِنُوْنَ | بِہٖ | وَ مِنْ | ہٰۤؤُلَآءِ | مَنْ | یُؤْمِنُ | بِہٖ | وَ مَا | یَجْحَدُ | بِاٰیٰتِنَا | اِلَّا | الْکٰفِرُوْنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وہ ایمان لاتے ہیں | اس پر | اور سے | ان لوگوں میں بھی | وہ جو/ کچھ لوگ | ایمان لاتے ہیں | اس پر | اور نہیں | انکار کرتے | ہماری آیات سے | مگر | کافر |

ایمان لے آتے ہیں۔ اور بعض ان (مشرک) لوگوں میں سے بھی اس پر ایمان لے آتے ہیں۔ اور ہماری آیتوں سے وہی انکار کرتے ہیں جو کافر (ازلی) ہیں۔



① اَکْبَرُ: سب سے بڑا ہے یا سب سے بڑھ کر ہے۔

وَ مَا كُنْتَ تَتْلُوْا مِنْ قَبْلِهٖ مِنْ كِتٰبٍ وَّ لَا تَخُطُّهٗ بِیَمِیْنِكَ اِذًا لَّارْتَابَ

| وَ مَا | كُنْتَ | تَتْلُوْا | مِنْ قَبْلِهٖ | مِنْ | كِتٰبٍ | وَ لَا | تَخُطُّهٗ | بِیَمِیْنِكَ | اِذًا | لَّارْتَابَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اورنہیں | تھے آپ | پڑھتے | اس سے پہلے | سے/کوئی | کتاب | اور نہ | آپ لکھتے تھے اس کو | اپنے دائیں ہاتھ سے | تب تو | ضرور شک کرتے |

اور تم اس سے پہلے کوئی کتاب نہیں پڑھتے تھے اور نہ اسے اپنے ہاتھ سے لکھ ہی سکتے تھے، ایسا ہوتا تو اہل باطل ضرور

الْمُبْطِلُوْنَ ۴۸ بَلْ هُوَ اٰیٰتٌۢ بَیِّنٰتٌ فِیْ صُدُوْرِ الَّذِیْنَ اُوْتُوا الْعِلْمَ ؕ وَ مَا یَجْحَدُ

| الْمُبْطِلُوْنَ | بَلْ | هُوَ | اٰیٰتٌ | بَیِّنٰتٌ | فِیْ صُدُوْرِ | الَّذِیْنَ | اُوْتُوا | الْعِلْمَ | وَ مَا | یَجْحَدُ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اہل باطل | بلکہ | وہ | آیات ہیں | روشن | سینوں میں | ان لوگوں کے جنہیں | دیا گیا | علم | اور نہیں | انکار کرتے |

شک کرتے۔ بلکہ یہ روشن آیتیں ہیں، جن لوگوں کو علم دیا گیا ہے ان کے سینوں میں (محفوظ)۔ اور ہماری آیتوں سے وہی لوگ انکار کرتے

بِاٰیٰتِنَاۤ اِلَّا الظّٰلِمُوْنَ ۴۹ وَ قَالُوْا لَوْ لَاۤ اُنْزِلَ عَلَیْهِ اٰیٰتٌ مِّنْ رَّبِّهٖ ؕ قُلْ اِنَّمَا الْاٰیٰتُ

| بِاٰیٰتِنَا | اِلَّا | الظّٰلِمُوْنَ | وَ قَالُوْا | لَوْ لَا | اُنْزِلَ | عَلَیْهِ | اٰیٰتٌ | مِنْ رَّبِّهٖ | قُلْ | اِنَّمَا | الْاٰیٰتُ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ہماری آیتوں سے | مگر | ظالم لوگ | اور کہا انہوں نے | کیوں نہیں | نازل کی گئیں | اس پر | نشانیاں | اسکے رب کی طرف سے | کہہ دیجئے | سوائے اسکے نہیں کہ | نشانیاں |

ہیں جو بے انصاف ہیں۔ اور (کافر) کہتے ہیں کہ اس پر اس کے پروردگار کی طرف سے نشانیاں کیوں نازل نہیں ہوئیں؟ کہہ دو کہ نشانیاں

عِنْدَ اللّٰهِ ؕ وَ اِنَّمَاۤ اَنَا نَذِیْرٌ مُّبِیْنٌ ۵۰ اَوَ لَمْ یَكْفِهِمْ اَنَّاۤ اَنْزَلْنَا عَلَیْكَ الْكِتٰبَ

| عِنْدَ | اللّٰهِ | وَ اِنَّمَا | اَنَا | نَذِیْرٌ | مُبِیْنٌ | اَوَ | لَمْ یَكْفِهِمْ | اَنَّا | اَنْزَلْنَا | عَلَیْكَ | الْكِتٰبَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| پاس | اللہ کے | اور یہ کہ صرف | میں | خبردار کرنیوالا | صاف صاف | کیا | نہیں کافی ہوا ان کو | یہ کہ ہم نے | نازل کی | آپ پر | کتاب |

تو اللہ ہی کے پاس ہیں اور میں تو کھلم کھلا ہدایت کرنے والا ہوں۔ کیا ان لوگوں کے لیے یہ کافی نہیں کہ ہم نے تم پر کتاب نازل کی

یُتْلٰی عَلَیْهِمْ ؕ اِنَّ فِیْ ذٰلِكَ لَرَحْمَةً وَّ ذِكْرٰی لِقَوْمٍ یُّؤْمِنُوْنَ ۵۱ ع قُلْ كَفٰی بِاللّٰهِ ع ۵/۷ ۱

| یُتْلٰی | عَلَیْهِمْ | اِنَّ | فِیْ ذٰلِكَ | لَرَحْمَةً | وَ ذِكْرٰی | لِقَوْمٍ | یُؤْمِنُوْنَ | قُلْ | كَفٰی | بِاللّٰهِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| پڑھی جاتی ہے | ان پر | بیشک | اس میں | رحمت ہے | اورنصیحت ہے | ان لوگوں کیلئے | جو ایمان لاتے ہیں | کہہ دیجئے | کافی ہے | اللہ |

جو ان کو پڑھ کر سنائی جاتی ہے؟ کچھ شک نہیں کہ مومن لوگوں کے لیے اس میں رحمت اور نصیحت ہے۔ کہہ دو کہ میرے اور تمہارے درمیان

بَیْنِیْ وَ بَیْنَكُمْ شَهِیْدًا ۚ یَعْلَمُ مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضِ ؕ وَ الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا

| بَیْنِیْ | وَ بَیْنَكُمْ | شَهِیْدًا | یَعْلَمُ | مَا | فِیْ | السَّمٰوٰتِ | وَ الْاَرْضِ | وَ الَّذِیْنَ | اٰمَنُوْا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| میرے درمیان | اورتمہارے درمیان | گواہ | وہ جانتا ہے | جو | میں | آسمانوں | اور زمین | اور جو لوگ | ایمان لائے |

اللہ ہی گواہ کافی ہے۔ جو چیز آسمانوں میں اور زمین میں ہے وہ سب کو جانتا ہے۔ اور جن لوگوں نے باطل کو

بِالْبَاطِلِ وَ كَفَرُوْا بِاللّٰهِ ۙ اُولٰٓئِكَ هُمُ الْخٰسِرُوْنَ ﴿٥٢﴾ وَ يَسْتَعْجِلُوْنَكَ بِالْعَذَابِ ؕ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بِالْبَاطِلِ | وَ كَفَرُوْا | بِاللّٰهِ | اُولٰٓئِكَ | هُمُ | الْخٰسِرُوْنَ | وَ يَسْتَعْجِلُوْنَكَ | بِالْعَذَابِ |
| باطل پر | اور کفر کیا انہوں نے | اللہ سے | یہی لوگ ہیں | وہ | خسارہ اٹھانے والے | اور وہ آپ سے جلدی طلب کرتے ہیں | عذاب کو |

مانا اور اللہ سے انکار کیا وہی نقصان اٹھانے والے ہیں۔ اور یہ لوگ تم سے عذاب کے لیے جلدی کر رہے ہیں۔

وَلَوْلَآ اَجَلٌ مُّسَمًّى لَّجَآءَهُمُ الْعَذَابُ ؕ وَلَيَاْتِيَنَّهُمْ بَغْتَةً وَّهُمْ لَا يَشْعُرُوْنَ ﴿٥٣﴾

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ لَوْلَا | اَجَلٌ | مُسَمًّى | لَجَآءَهُمُ | الْعَذَابُ | وَ لَيَاْتِيَنَّهُمْ | بَغْتَةً | وَ هُمْ | لَا يَشْعُرُوْنَ |
| اور اگر نہ ہوتا | ایک وقت | مقرر | تو ضرور آجاتا ان پر | عذاب | اور وہ ضرور آئے گا ان پر | اچانک | اور وہ | نہیں شعور رکھتے ہوں گے |

اگر ایک وقت مقرر نہ (ہو چکا) ہوتا تو ان پر عذاب آ بھی گیا ہوتا اور وہ (کسی وقت میں) ان پر ضرور ناگہاں آ کر رہے گا اور ان کو معلوم بھی نہ ہوگا۔

يَسْتَعْجِلُوْنَكَ بِالْعَذَابِ ؕ وَاِنَّ جَهَنَّمَ لَمُحِيْطَةٌ ۢ بِالْكٰفِرِيْنَ ﴿٥٤﴾ ۙ يَوْمَ يَغْشٰهُمُ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| يَسْتَعْجِلُوْنَكَ | بِالْعَذَابِ | وَاِنَّ | جَهَنَّمَ | لَمُحِيْطَةٌ | بِالْكٰفِرِيْنَ | يَوْمَ | يَغْشٰهُمُ |
| وہ آپ سے جلدی کرتے ہیں | عذاب کے لیے | اور بے شک | جہنم | گھیر لینے والی ہے | کافروں کو | اس دن | چھا جائے گا ان پر |

یہ تم سے عذاب کے لیے جلدی کر رہے ہیں اور دوزخ تو کافروں کو گھیر لینے والی ہے۔ جس دن عذاب ان کو ان کے اوپر سے

الْعَذَابُ مِنْ فَوْقِهِمْ وَ مِنْ تَحْتِ اَرْجُلِهِمْ وَ يَقُوْلُ ذُوْقُوْا مَا كُنْتُمْ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الْعَذَابُ | مِنْ فَوْقِهِمْ | وَ مِنْ تَحْتِ | اَرْجُلِهِمْ | وَ يَقُوْلُ | ذُوْقُوْا | مَا | كُنْتُمْ |
| عذاب | ان کے اوپر سے | اور نیچے سے | ان کے قدموں کے | اور فرمائے گا | چکھو | جو | تھے تم |

اور نیچے سے ڈھانک لے گا اور (اللہ) فرمائے گا کہ جو کام تم کیا کرتے تھے (اب) ان کا مزہ

تَعْمَلُوْنَ ﴿٥٥﴾ يٰعِبَادِيَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِنَّ اَرْضِيْ وَاسِعَةٌ فَاِيَّايَ فَاعْبُدُوْنِ ﴿٥٦﴾

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تَعْمَلُوْنَ | يٰعِبَادِيَ | الَّذِيْنَ | اٰمَنُوْٓا | اِنَّ | اَرْضِيْ | وَاسِعَةٌ | فَاِيَّايَ | فَاعْبُدُوْنِ |
| عمل کرتے | اے میرے بندو | وہ جو | ایمان لائے ہو | بے شک | میری زمین | فراخ ہے | پس میری ہی | تم عبادت کرو (میری) |

چکھو۔ اے میرے بندو! جو ایمان لائے ہو، میری زمین فراخ ہے، تو میری ہی عبادت کرو۔

كُلُّ نَفْسٍ ذَآئِقَةُ الْمَوْتِ ۟ ثُمَّ اِلَيْنَا تُرْجَعُوْنَ ﴿٥٧﴾ وَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَ عَمِلُوا

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| كُلُّ | نَفْسٍ | ذَآئِقَةُ | الْمَوْتِ | ثُمَّ | اِلَيْنَا | تُرْجَعُوْنَ | وَ الَّذِيْنَ | اٰمَنُوْا | وَ عَمِلُوا |
| ہر | نفس | مزہ چکھنے والا ہے | موت کا | پھر | ہماری طرف | تم لوٹائے جاؤ گے | اور جو لوگ | ایمان لائے | اور عمل کیے انہوں نے |

ہر متنفس موت کا مزہ چکھنے والا ہے۔ پھر تم ہماری ہی طرف لوٹ کر آؤ گے۔ اور جو لوگ ایمان لائے اور نیک

الصّٰلِحٰتِ لَنُبَوِّئَنَّهُمْ مِّنَ الْجَنَّةِ غُرَفًا تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا ؕ

| الصّٰلِحٰتِ | لَنُبَوِّئَنَّهُمْ | مِنَ الْجَنَّةِ | غُرَفًا | تَجْرِيْ | مِنْ تَحْتِهَا | الْاَنْهٰرُ | خٰلِدِيْنَ | فِيْهَا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| صالح | ہم ضرور جگہ دیں گے ان کو | جنت میں | بالاخانوں/ اونچے اونچے محلوں میں | بہتی ہیں | ان کے نیچے | نہریں | ہمیشہ رہیں گے | اس میں |

عمل کرتے رہے ان کو ہم بہشت کے اونچے اونچے محلوں میں جگہ دیں گے جن کے نیچے نہریں بہہ رہی ہیں، ہمیشہ ان میں رہیں گے۔

نِعْمَ اَجْرُ الْعٰمِلِيْنَ ۖۗ ﴿۵۸﴾ الَّذِيْنَ صَبَرُوْا وَ عَلٰى رَبِّهِمْ يَتَوَكَّلُوْنَ ﴿۵۹﴾ وَ كَاَيِّنْ مِّنْ

| نِعْمَ | اَجْرُ | الْعٰمِلِيْنَ | الَّذِيْنَ | صَبَرُوْا | وَ عَلٰى | رَبِّهِمْ | يَتَوَكَّلُوْنَ | وَ كَاَيِّنْ | مِنْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| خوب ہے | بدلہ | عمل کرنے والوں کا | جن لوگوں نے | صبر کیا | اور پر | پروردگار اپنے | توکل کرتے ہیں | اور کتنے ہی | سے |

(نیک) عمل کرنے والوں کا (یہ) خوب بدلہ ہے۔ جو صبر کرتے اور اپنے پروردگار پر بھروسا رکھتے ہیں۔ اور بہت سے

دَآبَّةٍ لَّا تَحْمِلُ رِزْقَهَا ۖۗ اَللّٰهُ يَرْزُقُهَا وَ اِيَّاكُمْ ۖ وَ هُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ﴿۶۰﴾ وَ لَئِنْ

| دَآبَّةٍ | لَا تَحْمِلُ | رِزْقَهَا | اَللّٰهُ | يَرْزُقُهَا | وَ اِيَّاكُمْ | وَ هُوَ | السَّمِيْعُ | الْعَلِيْمُ | وَ لَئِنْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| جانور | نہیں اٹھاتے ہیں | اپنا رزق | اللہ | رزق دیتا ہے ان کو | اور تم کو بھی | اور وہی | خوب سننے والا | خوب جاننے والا ہے | اور البتہ اگر |

جانور ہیں جو اپنا رزق اٹھائے نہیں پھرتے، اللہ ہی ان کو رزق دیتا ہے اور تم کو بھی۔ اور وہ سننے والا (اور) جاننے والا ہے۔ اور اگر

سَاَلْتَهُمْ مَّنْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضَ وَ سَخَّرَ الشَّمْسَ وَ الْقَمَرَ لَيَقُوْلُنَّ اللّٰهُ ۚ

| سَاَلْتَهُمْ | مَنْ | خَلَقَ | السَّمٰوٰتِ | وَ الْاَرْضَ | وَ سَخَّرَ | الشَّمْسَ | وَ الْقَمَرَ | لَيَقُوْلُنَّ | اللّٰهُ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| آپ سوال کریں ان سے | کس نے | پیدا کیا | آسمانوں کو | اور زمین کو | اور کام میں لگایا | سورج | اور چاند کو | تو بلاشبہ ضرور کہیں گے | اللہ نے |

ان سے پوچھو کہ آسمانوں اور زمین کو کس نے پیدا کیا اور سورج اور چاند کو کس نے (تمہارے) زیر فرمان کیا تو کہہ دیں گے، اللہ نے۔

فَاَنّٰى يُؤْفَكُوْنَ ﴿۶۱﴾ اَللّٰهُ يَبْسُطُ الرِّزْقَ لِمَنْ يَّشَآءُ مِنْ عِبَادِهٖ وَ يَقْدِرُ لَهٗ ؕ اِنَّ

| فَاَنّٰى | يُؤْفَكُوْنَ | اَللّٰهُ | يَبْسُطُ | الرِّزْقَ | لِمَنْ | يَشَآءُ | مِنْ عِبَادِهٖ | وَ يَقْدِرُ | لَهٗ | اِنَّ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| پھر کہاں | الٹے جارہے ہیں | اللہ | فراخ کردیتا ہے | رزق | جس کے لیے | چاہتا ہے | اپنے بندوں میں سے | اور تنگ کردیتا ہے | اس کے لیے | بیشک |

تو پھر کہاں الٹے جارہے ہیں۔ اللہ ہی اپنے بندوں میں سے جس کے لیے چاہتا ہے روزی فراخ کردیتا ہے اور جس کے لیے چاہتا ہے تنگ کردیتا ہے۔ بے شک

اللّٰهَ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمٌ ﴿۶۲﴾ وَ لَئِنْ سَاَلْتَهُمْ مَّنْ نَّزَّلَ مِنَ السَّمَآءِ مَآءً فَاَحْيَا بِهِ

| اللّٰهَ | بِكُلِّ شَيْءٍ | عَلِيْمٌ | وَ لَئِنْ | سَاَلْتَهُمْ | مَنْ | نَزَّلَ | مِنَ السَّمَآءِ | مَآءً | فَاَحْيَا | بِهِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اللہ | ہر چیز سے | خوب واقف ہے | اور اگر | آپ سوال کریں ان سے | کس نے | نازل کیا | آسمان سے | پانی | پھر زندہ کیا | اسکے ساتھ |

اللہ ہر چیز سے واقف ہے۔ اور اگر تم ان سے پوچھو کہ آسمان سے پانی کس نے برسایا پھر اس سے زمین کو اس کے مرنے

الْاَرْضَ مِنْۢ بَعْدِ مَوْتِهَا لَيَقُوْلُنَّ اللّٰهُ ؕ قُلِ الْحَمْدُ لِلّٰهِ ؕ بَلْ اَكْثَرُهُمْ لَا

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الْاَرْضَ | مِنْۢ بَعْدِ | مَوْتِهَا | لَيَقُوْلُنَّ | اللّٰهُ | قُلْ | الْحَمْدُ لِلّٰهِ | بَلْ | اَكْثَرُهُمْ | لَا |
| زمین کو | بعد | اس کی موت کے | تو البتہ وہ ضرور کہیں گے | اللہ نے | کہہ دیجئے | تمام تعریف اللہ کیلئے | بلکہ | اکثر ان کے | نہیں |

کے بعد (کس نے) زندہ کیا تو کہہ دیں گے کہ اللہ نے۔ کہہ دو کہ اللہ کا شکر ہے، لیکن ان میں سے اکثر نہیں

ع ۶ ۱۲ ۲

يَعْقِلُوْنَ ﴿۶۳﴾ وَمَا هٰذِهِ الْحَيٰوةُ الدُّنْيَآ اِلَّا لَهْوٌ وَّلَعِبٌ ؕ وَاِنَّ الدَّارَ الْاٰخِرَةَ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| يَعْقِلُوْنَ | وَمَا | هٰذِهِ | الْحَيٰوةُ | الدُّنْيَا | اِلَّا | لَهْوٌ | وَّلَعِبٌ | وَاِنَّ | الدَّارَ | الْاٰخِرَةَ |
| سمجھتے | اور نہیں | یہ | زندگی | دنیا کی | مگر | کھیل | اور تماشا | اور بے شک | گھر | آخرت کا |

سمجھتے۔ اور یہ دنیا کی زندگی تو صرف کھیل اور تماشا ہے۔ اور (ہمیشہ کی) زندگی (کا مقام) تو آخرت کا

وقف لازم

لَهِیَ الْحَيَوَانُ ۘ لَوْ كَانُوْا يَعْلَمُوْنَ ﴿۶۴﴾ فَاِذَا رَكِبُوْا فِی الْفُلْكِ دَعَوُا اللّٰهَ مُخْلِصِيْنَ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| لَهِیَ | الْحَيَوَانُ | لَوْ | كَانُوْا | يَعْلَمُوْنَ | فَاِذَا | رَكِبُوْا | فِی الْفُلْكِ | دَعَوُا اللّٰهَ | مُخْلِصِيْنَ |
| البتہ وہی | زندگی ہے | کاش | ہوتے | وہ جانتے | پس جب | وہ سوار ہوتے ہیں | کشتی میں | پکارتے ہیں اللہ کو | خالص کرکے |

گھر ہے۔ کاش! یہ (لوگ) سمجھتے۔ پھر جب یہ کشتی میں سوار ہوتے ہیں تو اللہ کو پکارتے (اور) خالص اسی کی عبادت

لَهُ الدِّيْنَ ۚ فَلَمَّا نَجّٰىهُمْ اِلَى الْبَرِّ اِذَا هُمْ يُشْرِكُوْنَ ﴿۶۵﴾ لِيَكْفُرُوْا بِمَآ اٰتَيْنٰهُمْ ۚۙ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| لَهُ | الدِّيْنَ | فَلَمَّا | نَجّٰىهُمْ | اِلَى الْبَرِّ | اِذَا | هُمْ | يُشْرِكُوْنَ | لِيَكْفُرُوْا | بِمَا | اٰتَيْنٰهُمْ |
| اس کیلئے | اطاعت/عبادت | پھر جب | وہ نجات دیتا ہے ان کو | خشکی کی طرف | تب | وہ | شرک کرنے لگتے ہیں | تاکہ وہ ناشکری کریں | اسکی جو | دیا ہم نے ان کو |

کرتے ہیں۔لیکن جب وہ ان کو نجات دے کر خشکی پر پہنچا دیتا ہے تو جھٹ شرک کرنے لگ جاتے ہیں۔تاکہ جو ہم نے ان کو بخشا ہے اس کی ناشکری کریں

وَلِيَتَمَتَّعُوْا ۛ فَسَوْفَ يَعْلَمُوْنَ ﴿۶۶﴾ اَوَلَمْ يَرَوْا اَنَّا جَعَلْنَا حَرَمًا اٰمِنًا وَّيُتَخَطَّفُ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَلِيَتَمَتَّعُوْا | فَسَوْفَ | يَعْلَمُوْنَ | اَوَلَمْ يَرَوْا | اَنَّا | جَعَلْنَا | حَرَمًا | اٰمِنًا | وَيُتَخَطَّفُ |
| اور تاکہ فائدہ اٹھائیں | پس عنقریب | وہ جان لیں گے | کیا نہیں دیکھا انہوں نے | کہ ہم نے | بنایا ہے | حرم کو | امن والا مقام | اور اچک لیے جاتے ہیں |

اور فائدہ اٹھائیں، (سو خیر) عنقریب ان کو معلوم ہو جائے گا۔ کیا انہوں نے نہیں دیکھا کہ ہم نے حرم کو مقام امن بنایا ہے اور لوگ ان کے

النَّاسُ مِنْ حَوْلِهِمْ ؕ اَفَبِالْبَاطِلِ يُؤْمِنُوْنَ وَبِنِعْمَةِ اللّٰهِ يَكْفُرُوْنَ ﴿۶۷﴾ وَمَنْ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| النَّاسُ | مِنْ حَوْلِهِمْ | اَفَبِالْبَاطِلِ | يُؤْمِنُوْنَ | وَبِنِعْمَةِ | اللّٰهِ | يَكْفُرُوْنَ | وَمَنْ |
| لوگ | ان کے اردگرد سے | کیا پس باطل پر | وہ ایمان لاتے ہیں | اور نعمت سے | اللہ کی | کفر کرتے ہیں | اور کون |

گرد و نواح سے اچک لیے جاتے ہیں؟ کیا یہ لوگ باطل پر اعتقاد رکھتے ہیں اور اللہ کی نعمتوں کی ناشکری کرتے ہیں؟ اور اس سے

اَظْلَمُ مِمَّنِ افْتَرٰى عَلَى اللّٰهِ كَذِبًا اَوْ كَذَّبَ بِالْحَقِّ لَمَّا جَآءَهٗ ؕ اَلَيْسَ فِيْ

| اَظْلَمُ | مِمَّنْ | اِفْتَرٰى | عَلَى اللّٰهِ | كَذِبًا | اَوْ | كَذَّبَ | بِالْحَقِّ | لَمَّا | جَآءَهٗ | اَلَيْسَ | فِيْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| زیادہ ظالم ہے | اس سے جو | باندھے | اللہ پر | جھوٹ | یا | جھٹلائے | حق کو | جب | آئے اس کے پاس | کیا نہیں ہے | میں |

ظالم کون ہے جو اللہ پر جھوٹ بہتان باندھے یا جب حق بات اس کے پاس آئے تو اس کی تکذیب کرے، کیا

جَهَنَّمَ مَثْوًى لِّلْكٰفِرِيْنَ ﴿٦٨﴾ وَ الَّذِيْنَ جَاهَدُوْا فِيْنَا لَنَهْدِيَنَّهُمْ سُبُلَنَا ؕ

| جَهَنَّمَ | مَثْوًى | لِلْكٰفِرِيْنَ | وَ الَّذِيْنَ | جَاهَدُوْا | فِيْنَا | لَنَهْدِيَنَّهُمْ | سُبُلَنَا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| جہنم | ٹھکانا | کافروں کے لیے | اور جن لوگوں نے | کوشش کی | ہمارے راستے میں | ہم ضرور دکھادیں گے ان کو | اپنے راستے |

کافروں کا ٹھکانا جہنم میں نہیں ہے؟ اور جن لوگوں نے ہمارے لیے کوشش کی ہم ان کو ضرور اپنے رستے دکھا دیں گے۔

وَ اِنَّ اللّٰهَ لَمَعَ الْمُحْسِنِيْنَ ﴿٦٩﴾ ع ٧ ٣

| وَاِنَّ اللّٰهَ | لَمَعَ | الْمُحْسِنِيْنَ |
|---|---|---|
| اور بے شک اللہ | ساتھ ہے | نیکوکاروں کے |

اور اللہ تو نیکوکاروں کے ساتھ ہے۔

## سُوْرَةُ الرُّوْمِ مَكِّيَّةٌ — بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ — اٰيَاتُهَا ٦٠ — رُكُوْعَاتُهَا ٦

| الرُّوْم | بِ | اِسْمِ | اللّٰهِ | الرَّحْمٰنِ | الرَّحِيْمِ |
|---|---|---|---|---|---|
| رومی/قومِ روم | ساتھ/سے | نام | اللہ کے | بے حد مہربان | نہایت رحم کرنے والا |

شروع اللہ کا نام لے کر جو بڑا مہربان، نہایت رحم والا ہے۔

الٓمّٓ ﴿١﴾ غُلِبَتِ الرُّوْمُ ﴿٢﴾ فِيْٓ اَدْنَى الْاَرْضِ وَ هُمْ مِّنْ بَعْدِ غَلَبِهِمْ سَيَغْلِبُوْنَ ﴿٣﴾

| الٓمّٓ | غُلِبَتْ | الرُّوْمُ | فِيْ | اَدْنَى | الْاَرْضِ | وَ هُمْ | مِنْ بَعْدِ | غَلَبِهِمْ | سَيَغْلِبُوْنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الف۔لام۔میم | مغلوب ہوگئے | روم والے | میں | نزدیک | ملک | اور وہ | بعد | اپنے مغلوب ہونے کے | عنقریب غالب آجائیں گے |

الم۔ (اہل) روم مغلوب ہو گئے، نزدیک کے ملک میں، اور وہ مغلوب ہونے کے بعد عنقریب غالب آ جائیں گے۔

فِيْ بِضْعِ سِنِيْنَ ۬ؕ لِلّٰهِ الْاَمْرُ مِنْ قَبْلُ وَ مِنْ بَعْدُ ؕ وَ يَوْمَئِذٍ يَّفْرَحُ الْمُؤْمِنُوْنَ ﴿٤﴾

| فِيْ | بِضْعِ | سِنِيْنَ | لِلّٰهِ | الْاَمْرُ | مِنْ قَبْلُ | وَ مِنْ بَعْدُ | وَ يَوْمَئِذٍ | يَفْرَحُ | الْمُؤْمِنُوْنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| میں | چند | سال | اللہ ہی کا | حکم ہے | پہلے بھی | اور پیچھے بھی | اور اس دن | خوش ہوں گے | مومن |

چند ہی سال میں، پہلے بھی اور پیچھے بھی اللہ ہی کا حکم ہے۔ اور اس روز مومن خوش ہو جائیں گے۔

بِنَصْرِ اللّٰهِ ؕ يَنْصُرُ مَنْ يَّشَآءُ ؕ وَهُوَ الْعَزِيْزُ الرَّحِيْمُ ۝۵ وَعْدَ اللّٰهِ ؕ لَا يُخْلِفُ اللّٰهُ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بِنَصْرِ | اللّٰهِ | يَنْصُرُ | مَنْ | يَّشَآءُ | وَهُوَ | الْعَزِيْزُ | الرَّحِيْمُ | وَعْدَ اللّٰهِ | لَا يُخْلِفُ | اللّٰهُ |
| مدد سے | اللہ کی | وہ مدد دیتا ہے | جسے | چاہتا ہے | اور وہ | غالب | بڑا مہربان ہے | وعدہ اللہ کا | نہیں خلاف کرتا | اللہ |

(یعنی) اللہ کی مدد سے۔ وہ جسے چاہتا ہے مدد دیتا ہے اور وہ غالب (اور) مہربان ہے۔ (یہ) اللہ کا وعدہ (ہے)۔ اللہ اپنے وعدے کے

وَعْدَهٗ وَلٰكِنَّ اَكْثَرَ النَّاسِ لَا يَعْلَمُوْنَ ۝۶ يَعْلَمُوْنَ ظَاهِرًا مِّنَ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ۚ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَعْدَهٗ | وَلٰكِنَّ | اَكْثَرَ | النَّاسِ | لَا يَعْلَمُوْنَ | يَعْلَمُوْنَ | ظَاهِرًا | مِنَ الْحَيٰوةِ | الدُّنْيَا |
| اپنے وعدے کے | اور لیکن | اکثر | لوگ | نہیں جانتے | وہ جانتے ہیں | ظاہری | زندگی کو | دنیا کی |

خلاف نہیں کرتا لیکن اکثر لوگ نہیں جانتے۔ یہ تو دنیا کی ظاہری زندگی کو جانتے ہیں

وَهُمْ عَنِ الْاٰخِرَةِ هُمْ غٰفِلُوْنَ ۝۷ اَوَلَمْ يَتَفَكَّرُوْا فِيْۤ اَنْفُسِهِمْ ۫ مَا خَلَقَ اللّٰهُ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَهُمْ | عَنِ | الْاٰخِرَةِ | هُمْ | غٰفِلُوْنَ | اَوَلَمْ يَتَفَكَّرُوْا | فِيْۤ اَنْفُسِهِمْ | مَا | خَلَقَ | اللّٰهُ |
| اور وہ | سے | آخرت | وہ | غافل ہیں | کیا نہیں غور و فکر کیا انہوں نے | اپنے دلوں میں | نہیں | پیدا کیا | اللہ نے |

اور آخرت (کی طرف) سے غافل ہیں۔ کیا انہوں نے اپنے دل میں غور نہیں کیا کہ اللہ نے آسمانوں

السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ وَمَا بَيْنَهُمَاۤ اِلَّا بِالْحَقِّ وَاَجَلٍ مُّسَمًّى ؕ وَاِنَّ كَثِيْرًا مِّنَ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| السَّمٰوٰتِ | وَالْاَرْضَ | وَمَا | بَيْنَهُمَا | اِلَّا | بِالْحَقِّ | وَاَجَلٍ | مُّسَمًّى | وَاِنَّ | كَثِيْرًا | مِنَ |
| آسمانوں | اور زمین کو | اور جو | ان دونوں کے درمیان ہے | مگر | حق کے ساتھ | اور ایک وقت | مقررہ کیلئے | اور بیشک | بہتیرے | سے |

اور زمین کو اور جو کچھ ان دونوں کے درمیان ہے ان کو حکمت سے اور ایک وقت مقرر تک کے لیے پیدا کیا ہے؟ اور بہت سے

النَّاسِ بِلِقَآئِ رَبِّهِمْ لَكٰفِرُوْنَ ۝۸ اَوَلَمْ يَسِيْرُوْا فِي الْاَرْضِ فَيَنْظُرُوْا

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| النَّاسِ | بِلِقَآئِ | رَبِّهِمْ | لَكٰفِرُوْنَ | اَوَلَمْ يَسِيْرُوْا | فِي الْاَرْضِ | فَيَنْظُرُوْا |
| لوگوں میں | ملاقات سے | اپنے رب کی | انکار کرنے والے ہیں | کیا نہیں انہوں نے سیر کی | ملک میں | پس وہ دیکھتے |

لوگ اپنے پروردگار سے ملنے کے قائل ہی نہیں۔ کیا ان لوگوں نے ملک میں سیر نہیں کی؟ (سیر کرتے) تو دیکھ لیتے

كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ ؕ كَانُوْۤا اَشَدَّ مِنْهُمْ قُوَّةً وَّاَثَارُوا

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| كَيْفَ | كَانَ | عَاقِبَةُ | الَّذِيْنَ | مِنْ قَبْلِهِمْ | كَانُوْۤا | اَشَدَّ | مِنْهُمْ | قُوَّةً | وَّاَثَارُوا |
| کیونکر/کیسا | ہوا | انجام | ان لوگوں کا جو | ان سے پہلے تھے | وہ تھے | زیادہ سخت | ان سے | قوت میں | اور جوتا انہوں نے |

کہ جو لوگ ان سے پہلے تھے ان کا انجام کیسا ہوا۔ وہ ان سے زور و قوت میں کہیں زیادہ تھے اور انہوں نے زمین کو

الْاَرْضَ وَ عَمَرُوْهَآ اَكْثَرَ مِمَّا عَمَرُوْهَا وَ جَآءَتْهُمْ رُسُلُهُمْ بِالْبَيِّنٰتِ ؕ فَمَا كَانَ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الْاَرْضَ | وَ عَمَرُوْهَا | اَكْثَرَ | مِمَّا | عَمَرُوْهَا | وَ جَآءَتْهُمْ | رُسُلُهُمْ | بِالْبَيِّنٰتِ | فَمَا | كَانَ |
| زمین کو | اور آباد کیا اس کو | زیادہ | اس سے جو | آباد کیا انہوں نے اسے | اور آئے ان کے پاس | رسول ان کے | روشن نشانیوں کے ساتھ | پس نہ | تھا |

جوتا اور اس کو اس سے زیادہ آباد کیا تھا جو انہوں نے آباد کیا، اور ان کے پاس ان کے پیغمبر نشانیاں لے کر آتے رہے۔ تو اللہ

اللّٰهُ لِيَظْلِمَهُمْ وَ لٰكِنْ كَانُوْٓا اَنْفُسَهُمْ يَظْلِمُوْنَ ؕ ﴿٩﴾ ثُمَّ كَانَ عَاقِبَةَ الَّذِيْنَ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اللّٰهُ | لِيَظْلِمَهُمْ | وَ لٰكِنْ | كَانُوْٓا | اَنْفُسَهُمْ | يَظْلِمُوْنَ | ثُمَّ | كَانَ | عَاقِبَةَ | الَّذِيْنَ |
| اللہ | کہ ظلم کرتا ان پر | اور لیکن/بلکہ | وہ تھے | اپنے آپ پر | ظلم کرتے | پھر | تھا | انجام | ان لوگوں کا جنہوں نے |

ایسا نہ تھا کہ ان پر ظلم کرتا بلکہ وہی اپنے آپ پر ظلم کرتے تھے۔ پھر جن لوگوں نے برائی کی

اَسَآءُوا السُّوْٓاٰى اَنْ كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِ اللّٰهِ وَ كَانُوْا بِهَا يَسْتَهْزِءُوْنَ ﴿١٠﴾ ع اَللّٰهُ يَبْدَؤُا ع ١ ٤

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اَسَآءُوْا | السُّوْٓاٰى | اَنْ | كَذَّبُوْا | بِاٰيٰتِ اللّٰهِ | وَ كَانُوْا | بِهَا | يَسْتَهْزِءُوْنَ | اَللّٰهُ | يَبْدَؤُا |
| برائی کی | بہت برا | کہ | جھٹلایا انہوں نے | آیات کو اللہ کی | اور وہ تھے | ان کے ساتھ | مذاق کرتے | اللہ ہی | پہلی بار کرتا ہے |

ان کا انجام بھی برا ہوا، اس لیے کہ اللہ کی آیتوں کو جھٹلاتے اور ان کی ہنسی اڑاتے رہے تھے۔ اللہ ہی خلقت کو پہلی بار

الْخَلْقَ ثُمَّ يُعِيْدُهٗ ثُمَّ اِلَيْهِ تُرْجَعُوْنَ ﴿١١﴾ وَ يَوْمَ تَقُوْمُ السَّاعَةُ يُبْلِسُ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الْخَلْقَ | ثُمَّ | يُعِيْدُهٗ | ثُمَّ | اِلَيْهِ | تُرْجَعُوْنَ | وَ يَوْمَ | تَقُوْمُ | السَّاعَةُ | يُبْلِسُ |
| پیدائش | پھر | دوبارہ کرے گا اسے | پھر | اسی کی طرف | تم لوٹائے جاؤ گے | اور جس دن | قائم ہو گی | قیامت | ناامید ہو جائیں گے |

پیدا کرتا ہے وہی اس کو پھر پیدا کرے گا پھر تم اسی کی طرف لوٹ جاؤ گے۔ اور جس دن قیامت برپا ہو گی گنہگار

الْمُجْرِمُوْنَ ﴿١٢﴾ وَ لَمْ يَكُنْ لَّهُمْ مِّنْ شُرَكَآىِٕهِمْ شُفَعٰٓؤُا وَ كَانُوْا بِشُرَكَآىِٕهِمْ

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| الْمُجْرِمُوْنَ | وَ لَمْ يَكُنْ | لَهُمْ | مِنْ شُرَكَآىِٕهِمْ | شُفَعٰٓؤُا | وَ كَانُوْا | بِشُرَكَآىِٕهِمْ |
| مجرمین | اور نہیں ہوں گے | ان کے لیے | ان کے شریکوں میں سے | سفارشی | اور وہ ہوں گے | اپنے شریکوں سے |

ناامید ہو جائیں گے۔ اور ان کے (بنائے ہوئے) شریکوں میں سے کوئی ان کا سفارشی نہ ہو گا۔ اور وہ اپنے شریکوں سے

كٰفِرِيْنَ ﴿١٣﴾ وَ يَوْمَ تَقُوْمُ السَّاعَةُ يَوْمَىِٕذٍ يَّتَفَرَّقُوْنَ ﴿١٤﴾ فَاَمَّا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| كٰفِرِيْنَ | وَ يَوْمَ | تَقُوْمُ | السَّاعَةُ | يَوْمَىِٕذٍ | يَتَفَرَّقُوْنَ | فَاَمَّا | الَّذِيْنَ | اٰمَنُوْا |
| انکار کرنے والے | اور جس دن | برپا ہو گی | قیامت | اس دن | وہ الگ الگ ہو جائیں گے | پس وہ کہ | جو | ایمان لائے |

نامعتقد ہو جائیں گے۔ اور جس دن قیامت برپا ہو گی اس روز وہ الگ الگ فرقے ہو جائیں گے۔ تو جو لوگ ایمان لائے

وَ عَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ فَهُمْ فِيْ رَوْضَةٍ يُّحْبَرُوْنَ ﴿١٥﴾ وَ اَمَّا الَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَ كَذَّبُوْا

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ عَمِلُوْا | الصّٰلِحٰتِ | فَهُمْ | فِيْ رَوْضَةٍ | يُحْبَرُوْنَ | وَ اَمَّا | الَّذِيْنَ | كَفَرُوْا | وَ كَذَّبُوْا |
| اور عمل کیے انہوں نے | نیک | پس وہ | باغ میں | خوشحال ہوں گے | اور وہ کہ | جنہوں نے | کفر کیا | اور جھٹلایا |

اور عمل نیک کرتے رہے وہ (بہشت کے) باغ میں خوشحال ہوں گے۔ اور جنہوں نے کفر کیا اور ہماری آیتوں

بِاٰيٰتِنَا وَ لِقَآئِ الْاٰخِرَةِ فَاُولٰٓئِكَ فِي الْعَذَابِ مُحْضَرُوْنَ ﴿١٦﴾ فَسُبْحٰنَ اللّٰهِ حِيْنَ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بِاٰيٰتِنَا | وَ لِقَآئِ | الْاٰخِرَةِ | فَاُولٰٓئِكَ | فِي الْعَذَابِ | مُحْضَرُوْنَ | فَسُبْحٰنَ | اللّٰهِ | حِيْنَ |
| ہماری آیات کو | اور ملاقات کو | آخرت کی | پس وہی لوگ | عذاب میں | حاضر کیے جائیں گے/ ڈالے جائیں گے | پس تسبیح (بیان کرو) | اللہ کی | جس وقت |

اور آخرت کے آنے کو جھٹلایا وہ عذاب میں ڈالے جائیں گے۔ تو جس وقت تم کو شام ہو

تُمْسُوْنَ وَ حِيْنَ تُصْبِحُوْنَ ﴿١٧﴾ وَ لَهُ الْحَمْدُ فِي السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضِ وَ عَشِيًّا

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تُمْسُوْنَ | وَ حِيْنَ | تُصْبِحُوْنَ | وَ لَهُ | الْحَمْدُ | فِيْ | السَّمٰوٰتِ | وَ الْاَرْضِ | وَ عَشِيًّا |
| تم شام کرتے ہو | اور جس وقت | تم صبح کرتے ہو | اور اسی کی | تعریف ہے | میں | آسمانوں | اور زمین | اور تیسرے پہر |

اور جس وقت صبح ہو اللہ کی تسبیح کرو (یعنی نماز پڑھو)۔ اور آسمانوں اور زمین میں اسی کی تعریف ہے۔ اور تیسرے پہر بھی

وَّ حِيْنَ تُظْهِرُوْنَ ﴿١٨﴾ يُخْرِجُ الْحَيَّ مِنَ الْمَيِّتِ وَ يُخْرِجُ الْمَيِّتَ مِنَ الْحَيِّ وَ يُحْيِ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ حِيْنَ | تُظْهِرُوْنَ | يُخْرِجُ | الْحَيَّ | مِنَ الْمَيِّتِ | وَ يُخْرِجُ | الْمَيِّتَ | مِنَ الْحَيِّ | وَ يُحْيِ |
| اور جس وقت | تم دوپہر کرو | وہ نکالتا ہے | زندہ | مردہ سے | اور نکالتا ہے | مردہ | زندہ سے | اور زندہ کرتا ہے |

اور جب دوپہر ہو (اس وقت بھی نماز پڑھا کرو)۔ وہی زندے کو مردے سے نکالتا اور (وہی) مردے کو زندے سے نکالتا ہے، اور (وہی) زمین کو اس کے

الْاَرْضَ بَعْدَ مَوْتِهَا ؕ وَ كَذٰلِكَ تُخْرَجُوْنَ ﴿١٩﴾ ع وَ مِنْ اٰيٰتِهٖٓ اَنْ خَلَقَكُمْ مِّنْ تُرَابٍ ٢ ع ٥

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الْاَرْضَ | بَعْدَ | مَوْتِهَا | وَ كَذٰلِكَ | تُخْرَجُوْنَ | وَ مِنْ | اٰيٰتِهٖ | اَنْ | خَلَقَكُمْ | مِنْ تُرَابٍ |
| زمین کو | بعد | اس کی موت کے | اور اسی طرح | تم نکالے جاؤ گے | اور سے | اس کی نشانیوں میں | کہ | اس نے پیدا کیا تم کو | مٹی سے |

مرنے کے بعد زندہ کرتا ہے اور اسی طرح تم (دوبارہ زمین میں سے) نکالے جاؤ گے۔ اور اسی کے نشانات (اور تصرفات) میں سے ہے کہ اس نے تمہیں مٹی سے

ثُمَّ اِذَآ اَنْتُمْ بَشَرٌ تَنْتَشِرُوْنَ ﴿٢٠﴾ وَ مِنْ اٰيٰتِهٖٓ اَنْ خَلَقَ لَكُمْ مِّنْ اَنْفُسِكُمْ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ثُمَّ | اِذَا | اَنْتُمْ | بَشَرٌ | تَنْتَشِرُوْنَ | وَ مِنْ اٰيٰتِهٖ | اَنْ | خَلَقَ | لَكُمْ | مِنْ اَنْفُسِكُمْ |
| پھر | اب | تم | بشر ہو کر | پھیل رہے ہو | اور اس کی نشانیوں میں سے | یہ کہ | پیدا کیں اس نے | تمہارے لیے | تمہاری جنس سے |

52

پیدا کیا پھر اب تم انسان ہو کر جا بجا پھیل رہے ہو۔ اور اسی کی نشانات (اور تصرفات) میں سے ہے کہ اس نے تمہارے لیے تمہاری ہی جنس کی عورتیں

اَزْوَاجًا لِّتَسْكُنُوْٓا اِلَيْهَا وَ جَعَلَ بَيْنَكُمْ مَّوَدَّةً وَّ رَحْمَةً ؕ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اَزْوَاجًا | لِتَسْكُنُوْٓا | اِلَيْهَا | وَ جَعَلَ | بَيْنَكُمْ | مَوَدَّةً | وَ رَحْمَةً | اِنَّ | فِيْ ذٰلِكَ | لَاٰيٰتٍ |
| بیویاں | تاکہ تم سکون حاصل کرو | ان کی طرف | اور پیدا کی اس نے | تمہارے درمیان | محبت | اور رحمت | بے شک | اس میں | نشانیاں ہیں |

پیدا کیں تاکہ ان کی طرف (مائل ہوکر) آرام حاصل کرو اور تم میں محبت اور مہربانی پیدا کردی، جو لوگ غور کرتے ہیں ان کیلئے ان (باتوں) میں

لِّقَوْمٍ يَّتَفَكَّرُوْنَ ﴿۲۱﴾ وَ مِنْ اٰيٰتِهٖ خَلْقُ السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضِ وَ اخْتِلَافُ

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| لِقَوْمٍ | يَتَفَكَّرُوْنَ | وَ مِنْ اٰيٰتِهٖ | خَلْقُ | السَّمٰوٰتِ | وَ الْاَرْضِ | وَ اخْتِلَافُ |
| ان لوگوں کیلئے | جو غور وفکر کرتے ہیں | اور اس کی نشانیوں میں سے ہے | پیدا کرنا | آسمانوں | اور زمین کا | اور اختلاف |

(بہت سی) نشانیاں ہیں۔ اور اسی کے نشانات (اور تصرفات) میں سے ہے آسمانوں اور زمین کا پیدا کرنا اور تمہاری زبانوں

اَلْسِنَتِكُمْ وَ اَلْوَانِكُمْ ؕ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ لِّلْعٰلِمِيْنَ ﴿۲۲﴾ وَ مِنْ اٰيٰتِهٖ مَنَامُكُمْ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اَلْسِنَتِكُمْ | وَ اَلْوَانِكُمْ | اِنَّ | فِيْ ذٰلِكَ | لَاٰيٰتٍ | لِلْعٰلِمِيْنَ | وَ مِنْ اٰيٰتِهٖ | مَنَامُكُمْ |
| تمہاری زبانوں کا | اور تمہارے رنگوں کا | بے شک | اس میں | نشانیاں ہیں | دانش مندوں کیلیے | اور اس کی نشانیوں میں سے | تمہاری نیند/تمہارا سونا |

اور رنگوں کا جدا جدا ہونا۔ اہل دانش کے لیے ان (باتوں) میں (بہت سی) نشانیاں ہیں۔ اور اسی کے نشانات (اور تصرفات) میں سے ہے تمہارا رات

بِالَّيْلِ وَ النَّهَارِ وَ ابْتِغَآؤُكُمْ مِّنْ فَضْلِهٖ ؕ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ لِّقَوْمٍ يَّسْمَعُوْنَ ﴿۲۳﴾

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بِالَّيْلِ | وَ النَّهَارِ | وَ ابْتِغَآؤُكُمْ | مِنْ فَضْلِهٖ | اِنَّ | فِيْ ذٰلِكَ | لَاٰيٰتٍ | لِقَوْمٍ | يَسْمَعُوْنَ |
| رات کو | اور دن کو | اور تمہارا تلاش کرنا | اس کے فضل کا | بے شک | اس میں | نشانیاں ہیں | ان لوگوں کیلئے | جو سنتے ہیں |

اور دن میں سونا اور اس کے فضل کا تلاش کرنا۔ جو لوگ سنتے ہیں ان کے لیے ان (باتوں) میں (بہت سی) نشانیاں ہیں۔

وَ مِنْ اٰيٰتِهٖ يُرِيْكُمُ الْبَرْقَ خَوْفًا وَّ طَمَعًا وَّ يُنَزِّلُ مِنَ السَّمَآءِ مَآءً فَيُحْيٖ بِهِ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ مِنْ اٰيٰتِهٖ | يُرِيْكُمُ | الْبَرْقَ | خَوْفًا | وَ طَمَعًا | وَ يُنَزِّلُ | مِنَ السَّمَآءِ | مَآءً | فَيُحْيٖ | بِهٖ |
| اور اپنی نشانیوں میں سے | وہ دکھاتا ہے تم کو | بجلی | خوف | اور امید دلانے کو | اور نازل کرتا ہے | آسمان سے | پانی | پھر زندہ کرتا ہے | اسکے ساتھ |

اور اسی کے نشانات (اور تصرفات) میں سے ہے کہ تم کو خوف اور امید دلانے کے لیے بجلی دکھاتا ہے اور آسمان سے مینہ برساتا ہے پھر زمین کو اس کے مرجانے

الْاَرْضَ بَعْدَ مَوْتِهَا ؕ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ لِّقَوْمٍ يَّعْقِلُوْنَ ﴿۲۴﴾ وَ مِنْ اٰيٰتِهٖٓ اَنْ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الْاَرْضَ | بَعْدَ | مَوْتِهَا | اِنَّ | فِيْ ذٰلِكَ | لَاٰيٰتٍ | لِقَوْمٍ | يَعْقِلُوْنَ | وَ مِنْ | اٰيٰتِهٖ | اَنْ |
| زمین کو | بعد | اس کی موت کے | بیشک | اس میں | نشانیاں ہیں | ان لوگوں کیلئے | جو عقل رکھتے ہیں | اور سے | اس کی نشانیوں میں | کہ |

52

کے بعد زندہ (وشاداب) کردیتا ہے۔ عقل والوں کے لیے ان (باتوں) میں (بہت سی) نشانیاں ہیں۔ اور اسی کے نشانات (وتصرفات) میں سے ہے کہ

تَقُوْمَ السَّمَآءُ وَالْاَرْضُ بِاَمْرِہٖ ؕ ثُمَّ اِذَا دَعَاكُمْ دَعْوَةً ۖ ۗ مِّنَ الْاَرْضِ ۖ اِذَآ اَنْتُمْ

| تَقُوْمَ | السَّمَآءُ | وَالْاَرْضُ | بِاَمْرِہٖ | ثُمَّ | اِذَا | دَعَاكُمْ | دَعْوَةً | مِنَ الْاَرْضِ | اِذَا | اَنْتُمْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| قائم ہیں | آسمان | اور زمین | اس کے حکم سے | پھر | جب | وہ بلائے گا تم کو | پکار کر | زمین میں سے | اس وقت/ ناگہاں | تم |

آسمان اور زمین اس کے حکم سے قائم ہیں۔ پھر جب وہ تم کو زمین میں سے (نکلنے کے لیے) آواز دے گا تو تم جھٹ

تَخْرُجُوْنَ ﴿۲۵﴾ وَلَهٗ مَنْ فِی السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ كُلٌّ لَّهٗ قٰنِتُوْنَ ﴿۲۶﴾ وَهُوَ الَّذِیْ

| تَخْرُجُوْنَ | وَلَهٗ | مَنْ | فِیْ | السَّمٰوٰتِ | وَالْاَرْضِ | كُلٌّ | لَهٗ | قٰنِتُوْنَ | وَهُوَ الَّذِیْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| نکل پڑو گے | اور اسی کے ہیں | جو | میں | آسمانوں | اور زمین | سب | اسی کے | فرمانبردار ہیں | اور وہی ہے جو |

نکل پڑو گے۔ اور آسمانوں اور زمین میں جو (بھی فرشتے اور انسان وغیرہ) ہیں اسی کے (مملوک) ہیں (اور) تمام اس کے فرمانبردار ہیں۔ اور وہی تو ہے جو

یَبْدَؤُا الْخَلْقَ ثُمَّ یُعِیْدُهٗ وَهُوَ اَهْوَنُ عَلَیْهِ ؕ وَلَهُ الْمَثَلُ الْاَعْلٰى فِی السَّمٰوٰتِ

| یَبْدَؤُا | الْخَلْقَ | ثُمَّ | یُعِیْدُهٗ | وَهُوَ | اَهْوَنُ | عَلَیْهِ | وَلَهُ | الْمَثَلُ | الْاَعْلٰى | فِیْ | السَّمٰوٰتِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| پہلی بار پیدا کرتا ہے | خلقت | پھر | دوبارہ پیدا کرے گا اسے | اور وہ | بہت آسان ہے | اس پر/ اسکو | اور اس کی | مثال/شان | اعلیٰ ہے | میں | آسمانوں |

خلقت کو پہلی دفعہ پیدا کرتا ہے پھر اسے دوبارہ پیدا کرے گا اور یہ اس کو بہت آسان ہے۔ اور آسمانوں اور زمین میں اس کی شان نہایت

ع ۳ ۸ ۲

وَالْاَرْضِ ۚ وَهُوَ الْعَزِیْزُ الْحَكِیْمُ ﴿۲۷﴾ ع ضَرَبَ لَكُمْ مَّثَلًا مِّنْ اَنْفُسِكُمْ ؕ هَلْ

| وَالْاَرْضِ | وَهُوَ | الْعَزِیْزُ | الْحَكِیْمُ | ضَرَبَ | لَكُمْ | مَثَلًا | مِنْ اَنْفُسِكُمْ | هَلْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور زمین | اور وہ | غالب | بڑی حکمت والا ہے | بیان کی اس نے | تمہارے لیے | ایک مثال | تمہاری جانوں سے | کیا |

بلند ہے اور وہ غالب حکمت والا ہے۔ وہ تمہارے لیے تمہارے ہی حال کی ایک مثال بیان فرماتا ہے کہ بھلا

لَّكُمْ مِّنْ مَّا مَلَكَتْ اَیْمَانُكُمْ مِّنْ شُرَكَآءَ فِیْ مَا رَزَقْنٰكُمْ فَاَنْتُمْ فِیْهِ سَوَآءٌ

| لَكُمْ | مِنْ مَّا | مَلَكَتْ اَیْمَانُكُمْ | مِنْ شُرَكَآءَ | فِیْ مَا | رَزَقْنٰكُمْ | فَاَنْتُمْ | فِیْهِ | سَوَآءٌ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تمہارے لیے | اس میں سے جو | مالک ہوئے تمہارے دائیں ہاتھ/ تمہارے غلام ہیں | شریک ہیں | اس میں جو | رزق دیا ہم نے تم کو | پس تم | اس میں | برابر ہو |

جن (لونڈی غلاموں) کے تم مالک ہو وہ اس (مال) میں جو ہم نے تم کو عطا فرمایا ہے تمہارے شریک ہیں؟ اور (کیا) تم اس میں (انکو اپنے) برابر (مالک

تَخَافُوْنَهُمْ كَخِیْفَتِكُمْ اَنْفُسَكُمْ ؕ كَذٰلِكَ نُفَصِّلُ الْاٰیٰتِ لِقَوْمٍ یَّعْقِلُوْنَ ﴿۲۸﴾

| تَخَافُوْنَهُمْ | كَخِیْفَتِكُمْ | اَنْفُسَكُمْ | كَذٰلِكَ | نُفَصِّلُ | الْاٰیٰتِ | لِقَوْمٍ | یَعْقِلُوْنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تم ڈرتے ہو ان سے | جیسے ڈرتے ہو تم | اپنے نفسوں/ اپنوں سے | اسی طرح | ہم مفصل بیان کرتے ہیں | نشانیاں | ان لوگوں کیلئے | جو عقل رکھتے ہیں |

سمجھتے) ہو؟ (اور کیا) تم ان سے اس طرح ڈرتے ہو جس طرح اپنوں سے ڈرتے ہو؟ اسی طرح ہم عقل والوں کے لیے اپنی آیتیں کھول کھول کر بیان کرتے ہیں۔

بَلِ اتَّبَعَ الَّذِيْنَ ظَلَمُوْٓا اَهْوَآءَهُمْ بِغَيْرِ عِلْمٍ ۚ فَمَنْ يَّهْدِيْ مَنْ اَضَلَّ اللّٰهُ ؕ وَ مَا

| بَلْ | اِتَّبَعَ | الَّذِيْنَ | ظَلَمُوْٓا | اَهْوَآءَهُمْ | بِغَيْرِ | عِلْمٍ | فَمَنْ | يَهْدِيْ | مَنْ | اَضَلَّ | اللّٰهُ | وَ مَا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بلکہ | پیروی کی | وہ جنہوں نے | ظلم کیا | اپنی خواہشوں کی | بغیر | علم کے | پس کون | ہدایت دے گا | جس کو | گمراہ کرے | اللہ | اور نہیں |

مگر جو ظالم ہیں بے سمجھے اپنی خواہشوں کے پیچھے چلے جاتے ہیں، تو جس کو اللہ گمراہ کرے اسے کون ہدایت دے سکتا ہے؟ اور ان کا

لَهُمْ مِّنْ نّٰصِرِيْنَ ﴿٢٩﴾ فَاَقِمْ وَجْهَكَ لِلدِّيْنِ حَنِيْفًا ؕ فِطْرَتَ اللّٰهِ الَّتِيْ فَطَرَ

| لَهُمْ | مِنْ نّٰصِرِيْنَ | فَاَقِمْ | وَجْهَكَ | لِلدِّيْنِ | حَنِيْفًا | فِطْرَتَ اللّٰهِ | الَّتِيْ | فَطَرَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ان کے لیے | کوئی مددگار | پس قائم کریں/تو سیدھا رکھیں | اپنا رخ | دین کے لیے | یک سو ہو کر | فطرت اللہ کی | وہ کہ | اس نے پیدا کیا |

کوئی مددگار نہیں۔ تو تم ایک طرف کے ہو کر (اللہ کے) دین (کے رستے) پر سیدھا منہ کیے چلے جاؤ (اور) اللہ کی فطرت کو جس پر اس نے لوگوں کو پیدا

النَّاسَ عَلَيْهَا ؕ لَا تَبْدِيْلَ لِخَلْقِ اللّٰهِ ؕ ذٰلِكَ الدِّيْنُ الْقَيِّمُ ۙ وَلٰكِنَّ اَكْثَرَ النَّاسِ

| النَّاسَ | عَلَيْهَا | لَا تَبْدِيْلَ | لِخَلْقِ ❶ | اللّٰهِ | ذٰلِكَ | الدِّيْنُ | الْقَيِّمُ | وَ لٰكِنَّ | اَكْثَرَ | النَّاسِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| لوگوں کو | جس پر | نہیں کوئی تبدیلی | پیدائش/ بنائی ہوئی فطرت میں | اللہ کی | وہ/ یہی | دین ہے | سیدھا | اور لیکن | اکثر | لوگ |

کیا ہے (اختیار کیے رہو)۔ اللہ کی بنائی ہوئی (فطرت) میں تغیر و تبدل نہیں ہو سکتا۔ یہی سیدھا دین ہے لیکن اکثر لوگ

لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿٣٠﴾ ۙ مُنِيْبِيْنَ اِلَيْهِ وَ اتَّقُوْهُ وَ اَقِيْمُوا الصَّلٰوةَ وَ لَا تَكُوْنُوْا مِنَ

| لَا يَعْلَمُوْنَ | مُنِيْبِيْنَ | اِلَيْهِ | وَ اتَّقُوْهُ | وَ اَقِيْمُوْا | الصَّلٰوةَ | وَ لَا تَكُوْنُوْا | مِنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| نہیں جانتے ہیں | رجوع کرنے والے | اس کی طرف | اور ڈرو اس سے | اور قائم کرو | نماز | اور نہ تم ہو | سے |

نہیں جانتے۔ (مومنو!) اسی (اللہ) کی طرف رجوع کیے رہو اور اس سے ڈرتے رہو اور نماز پڑھتے رہو اور مشرکین میں

الْمُشْرِكِيْنَ ﴿٣١﴾ ۙ مِنَ الَّذِيْنَ فَرَّقُوْا دِيْنَهُمْ وَ كَانُوْا شِيَعًا ؕ كُلُّ حِزْبٍۢ بِمَا

| الْمُشْرِكِيْنَ | مِنَ الَّذِيْنَ | فَرَّقُوْا | دِيْنَهُمْ | وَ كَانُوْا | شِيَعًا | كُلُّ | حِزْبٍ | بِمَا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مشرکین میں | ان لوگوں میں سے جنہوں نے | ٹکڑے ٹکڑے کیا | اپنے دین کو | اور ہو گئے | فرقہ فرقہ | سب | فرقے | اس سے جو |

نہ ہونا۔ (اور نہ) ان لوگوں میں (ہونا) جنہوں نے اپنے دین کو ٹکڑے ٹکڑے کر دیا اور (خود) فرقے فرقے ہو گئے۔ سب فرقے اسی سے خوش ہیں جو

لَدَيْهِمْ فَرِحُوْنَ ﴿٣٢﴾ وَاِذَا مَسَّ النَّاسَ ضُرٌّ دَعَوْا رَبَّهُمْ مُّنِيْبِيْنَ اِلَيْهِ ثُمَّ اِذَآ

| لَدَيْهِمْ | فَرِحُوْنَ | وَ اِذَا | مَسَّ | النَّاسَ | ضُرٌّ | دَعَوْا | رَبَّهُمْ | مُنِيْبِيْنَ | اِلَيْهِ | ثُمَّ | اِذَا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ان کے پاس ہے | خوش ہیں | اور جب | پہنچتی ہے | لوگوں کو | تکلیف | پکارتے ہیں | اپنے رب کو | رجوع کرتے ہوئے | اس کی طرف | پھر | جب |

ان کے پاس ہے۔ اور جب لوگوں کو تکلیف پہنچتی ہے تو اپنے پروردگار کو پکارتے اور اسی کی طرف رجوع ہوتے ہیں پھر جب



❶ لِخَلْقِ: پیدائش میں یعنی بنائی ہوئی فطرت میں۔

أَذَاقَهُمْ مِّنْهُ رَحْمَةً إِذَا فَرِيقٌ مِّنْهُمْ بِرَبِّهِمْ يُشْرِكُونَ ﴿٣٣﴾ لِيَكْفُرُوا بِمَآ

| أَذَاقَهُمْ | مِنْهُ | رَحْمَةً | إِذَا | فَرِيقٌ | مِنْهُمْ | بِرَبِّهِمْ | يُشْرِكُونَ | لِيَكْفُرُوا | بِمَا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وہ چکھاتا ہے انکو | اپنی طرف سے | رحمت | ناگہاں | ایک فرقہ (کے لوگ) | ان میں سے | اپنے رب سے | شرک کرنے لگتے ہیں | تاکہ ناشکری کریں | اس کی جو |

وہ ان کو اپنی رحمت کا مزہ چکھاتا ہے تو ایک فرقہ ان میں سے اپنے پروردگار سے شرک کرنے لگتا ہے۔ تاکہ جو ہم نے ان کو بخشا ہے

اٰتَيْنٰهُمْ ؕ فَتَمَتَّعُوا ۥ فَسَوْفَ تَعْلَمُونَ ﴿٣٤﴾ أَمْ أَنْزَلْنَا عَلَيْهِمْ سُلْطٰنًا فَهُوَ

| اٰتَيْنٰهُمْ | فَتَمَتَّعُوا | فَسَوْفَ | تَعْلَمُونَ | أَمْ | أَنْزَلْنَا | عَلَيْهِمْ | سُلْطٰنًا | فَهُوَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| دیا ہم نے ان کو | پس فائدہ اٹھاؤ | پھر عنقریب | تم جان لوگے | کیا | نازل کی ہے ہم نے | ان پر | کوئی دلیل | پس وہ |

اس کی ناشکری کریں۔ سو (خیر) فائدے اٹھالو، عنقریب تم کو (اس کا انجام) معلوم ہو جائے گا۔ کیا ہم نے ان پر کوئی ایسی دلیل نازل کی ہے کہ

يَتَكَلَّمُ بِمَا كَانُوا بِهٖ يُشْرِكُونَ ﴿٣٥﴾ وَإِذَآ أَذَقْنَا النَّاسَ رَحْمَةً فَرِحُوا بِهَا ؕ وَإِنْ

| يَتَكَلَّمُ | بِمَا | كَانُوا | بِهٖ | يُشْرِكُونَ | وَإِذَا | أَذَقْنَا | النَّاسَ | رَحْمَةً | فَرِحُوا | بِهَا | وَإِنْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بتاتی ہے | اس چیز کو کہ | وہ ہیں | ساتھ اسکے | شریک ٹھہراتے | اور جب | ہم چکھاتے ہیں | لوگوں کو | رحمت | وہ خوش ہوتے ہیں | اسکے ساتھ | اور اگر |

ان کو اللہ کے ساتھ شرک کرنا بتاتی ہے؟ اور جب ہم لوگوں کو اپنی رحمت کا مزہ چکھاتے ہیں تو اس سے خوش ہو جاتے ہیں۔ اور اگر

تُصِبْهُمْ سَيِّئَةٌ ۢ بِمَا قَدَّمَتْ أَيْدِيهِمْ إِذَا هُمْ يَقْنَطُونَ ﴿٣٦﴾ أَوَلَمْ يَرَوْا أَنَّ اللّٰهَ

| تُصِبْهُمْ | سَيِّئَةٌ | بِمَا | قَدَّمَتْ | أَيْدِيهِمْ | إِذَا | هُمْ | يَقْنَطُونَ | أَوَلَمْ يَرَوْا | أَنَّ اللّٰهَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| پہنچے ان کو | برائی | اسکے سبب جو | آگے بھیجا | ان کے ہاتھوں نے | اس وقت/ ناگہاں | وہ | ناامید ہو جاتے ہیں | کیا نہیں دیکھا انہوں نے | یہ کہ اللہ |

ان کے عملوں کے سبب جو ان کے ہاتھوں نے آگے بھیجے ہیں، کوئی گزند پہنچے تو ناامید ہو کر رہ جاتے ہیں۔ کیا انہوں نے نہیں دیکھا کہ اللہ ہی جس

يَبْسُطُ الرِّزْقَ لِمَنْ يَّشَآءُ وَيَقْدِرُ ؕ إِنَّ فِي ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ لِّقَوْمٍ يُّؤْمِنُونَ ﴿٣٧﴾ فَاٰتِ

| يَبْسُطُ | الرِّزْقَ | لِمَنْ | يَشَآءُ | وَيَقْدِرُ | إِنَّ | فِي ذٰلِكَ | لَاٰيٰتٍ | لِقَوْمٍ | يُؤْمِنُونَ | فَاٰتِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| فراخ کرتا ہے | رزق | جس کیلئے | چاہتا ہے | اور تنگ کرتا ہے | بیشک | اس میں | نشانیاں ہیں | ان لوگوں کیلئے | جو ایمان لاتے ہیں | پس دیجئے |

کیلئے چاہتا ہے رزق فراخ کرتا ہے اور (جس کیلئے چاہتا ہے) تنگ کرتا ہے؟ بے شک اس میں ایمان لانے والوں کے لیے نشانیاں ہیں۔ تو اہل قرابت

ذَا الْقُرْبٰى حَقَّهٗ وَالْمِسْكِينَ وَابْنَ السَّبِيلِ ؕ ذٰلِكَ خَيْرٌ لِّلَّذِينَ يُرِيدُونَ وَجْهَ

| ذَا الْقُرْبٰى | حَقَّهٗ | وَالْمِسْكِينَ | وَابْنَ السَّبِيلِ | ذٰلِكَ | خَيْرٌ | لِلَّذِينَ | يُرِيدُونَ | وَجْهَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| قرابت دار کو | اس کا حق | اور مسکین | اور مسافر کو بھی | یہ | بہتر ہے | ان لوگوں کے لیے جو | چاہتے ہیں | ذات/رضا |

اور محتاجوں اور مسافروں کو ان کا حق دیتے رہو۔ جو لوگ اللہ کی رضا کے طالب ہیں یہ ان کے حق میں

اللّٰهِ ؕ وَ اُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ ﴿۳۸﴾ وَ مَآ اٰتَيْتُمْ مِّنْ رِّبًا لِّيَرْبُوَا۟ فِيْٓ اَمْوَالِ النَّاسِ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اللّٰهِ | وَ اُولٰٓئِكَ | هُمُ | الْمُفْلِحُوْنَ | وَ مَا | اٰتَيْتُمْ | مِنْ رِّبًا | لِيَرْبُوَا | فِيْٓ اَمْوَالِ | النَّاسِ |
| اللہ کی | اور یہی لوگ | وہ/ہی | فلاح پانے والے ہیں | اور جو | تم دیتے ہو | سود سے | تاکہ افزائش ہو | اموال میں | لوگوں کے |

بہتر ہے اور یہی لوگ نجات حاصل کرنے والے ہیں۔ اور جو تم سود دیتے ہو کہ لوگوں کے مال میں افزائش ہو

فَلَا يَرْبُوْا عِنْدَ اللّٰهِ ۚ وَ مَآ اٰتَيْتُمْ مِّنْ زَكٰوةٍ تُرِيْدُوْنَ وَجْهَ اللّٰهِ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| فَلَا يَرْبُوْا | عِنْدَ اللّٰهِ | وَ مَا | اٰتَيْتُمْ | مِنْ زَكٰوةٍ | تُرِيْدُوْنَ | وَجْهَ اللّٰهِ | فَاُولٰٓئِكَ | هُمُ |
| پس نہیں افزائش ہوتی | اللہ کے نزدیک | اور جو | تم دیتے ہو | زکوٰۃ سے | تم چاہتے ہو | رضا اللہ کی | پس یہی لوگ | وہ/ہی |

تو اللہ کے نزدیک اس میں افزائش نہیں ہوتی۔ اور جو تم زکوٰۃ دیتے ہو اور اس سے اللہ کی رضامندی طلب کرتے ہو تو (وہ موجب برکت ہے اور) ایسے ہی

الْمُضْعِفُوْنَ ﴿۳۹﴾ اَللّٰهُ الَّذِيْ خَلَقَكُمْ ثُمَّ رَزَقَكُمْ ثُمَّ يُمِيْتُكُمْ ثُمَّ يُحْيِيْكُمْ ؕ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الْمُضْعِفُوْنَ | اَللّٰهُ | الَّذِيْ | خَلَقَكُمْ | ثُمَّ | رَزَقَكُمْ | ثُمَّ | يُمِيْتُكُمْ | ثُمَّ | يُحْيِيْكُمْ |
| اضافہ کرنے والے ہیں | اللہ | وہ جس نے | پیدا کیا تمہیں | پھر | رزق دیا تمہیں | پھر | مارے گا تمہیں | پھر | زندہ کرے گا تمہیں |

لوگ (اپنے مال کو) دو چندسہ چند کرنے والے ہیں۔ اللہ ہی تو ہے جس نے تم کو پیدا کیا پھر تم کو رزق دیا پھر تمہیں مارے گا پھر زندہ کرے گا۔

هَلْ مِنْ شُرَكَآئِكُمْ مَّنْ يَّفْعَلُ مِنْ ذٰلِكُمْ مِّنْ شَيْءٍ ؕ سُبْحٰنَهٗ وَ تَعٰلٰى عَمَّا

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| هَلْ | مِنْ شُرَكَآئِكُمْ | مَنْ | يَفْعَلُ | مِنْ ذٰلِكُمْ | مِنْ شَيْءٍ | سُبْحٰنَهٗ | وَ تَعٰلٰى | عَمَّا |
| کیا | تمہارے شریکوں میں سے ہے | کوئی جو | کرے | اس میں سے | کچھ بھی | وہ پاک ہے | اور بہت بلند ہے | اس سے جو |

بھلا تمہارے (بنائے ہوئے) شریکوں میں بھی کوئی ایسا ہے جو ان کاموں میں سے کچھ کر سکے؟ وہ پاک ہے اور (اس کی شان) ان کے

يُشْرِكُوْنَ ﴿۴۰﴾ ظَهَرَ الْفَسَادُ فِي الْبَرِّ وَ الْبَحْرِ بِمَا كَسَبَتْ اَيْدِي النَّاسِ ع ۴ ۱۳ ۷

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| يُشْرِكُوْنَ | ظَهَرَ | الْفَسَادُ | فِيْ | الْبَرِّ | وَ | الْبَحْرِ | بِمَا | كَسَبَتْ | اَيْدِي | النَّاسِ |
| وہ شریک کرتے ہیں | پھیل گیا | فساد | میں | خشکی | اور | سمندر/تری | اس کے سبب جو | کمایا | ہاتھوں نے | لوگوں کے |

شریکوں سے بلند ہے۔ خشکی اور تری میں لوگوں کے اعمال کے سبب فساد پھیل گیا ہے

لِيُذِيْقَهُمْ بَعْضَ الَّذِيْ عَمِلُوْا لَعَلَّهُمْ يَرْجِعُوْنَ ﴿۴۱﴾ قُلْ سِيْرُوْا فِي الْاَرْضِ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| لِيُذِيْقَهُمْ | بَعْضَ | الَّذِيْ | عَمِلُوْا | لَعَلَّهُمْ | يَرْجِعُوْنَ | قُلْ | سِيْرُوْا | فِي الْاَرْضِ |
| تاکہ وہ مزہ چکھائے ان کو | بعض کا | وہ جو | عمل کیے انہوں نے | تاکہ وہ | واپس لوٹیں | کہہ دیجئے | چلو پھرو | زمین میں |

تاکہ اللہ ان کو ان کے بعض اعمال کا مزہ چکھائے، عجب نہیں کہ وہ باز آ جائیں۔ کہہ دو کہ ملک میں چلو پھرو

فَانْظُرُوْا كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلُ ؕ كَانَ اَكْثَرُهُمْ مُّشْرِكِيْنَ ﴿۴۲﴾

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| فَانْظُرُوْا | كَيْفَ | كَانَ | عَاقِبَةُ | الَّذِيْنَ | مِنْ قَبْلُ | كَانَ | اَكْثَرُهُمْ | مُشْرِكِيْنَ |
| پھر دیکھو | کیسا | ہوا | انجام | ان لوگوں کا جو | اس سے پہلے تھے | تھے | اکثر ان کے | شرک کرنے والے |

اور دیکھو کہ جو لوگ (تم سے) پہلے ہوئے ہیں ان کا کیسا انجام ہوا ہے۔ ان میں زیادہ تر مشرک ہی تھے۔

فَاَقِمْ وَجْهَكَ لِلدِّيْنِ الْقَيِّمِ مِنْ قَبْلِ اَنْ يَّاْتِيَ يَوْمٌ لَّا مَرَدَّ لَهٗ مِنَ اللّٰهِ يَوْمَىِٕذٍ

| | | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| فَاَقِمْ | وَجْهَكَ | لِلدِّيْنِ | الْقَيِّمِ | مِنْ قَبْلِ | اَنْ | يَّاْتِيَ | يَوْمٌ | لَا | مَرَدَّ | لَهٗ | مِنَ اللّٰهِ | يَوْمَىِٕذٍ |
| پس آپ سیدھا رکھیں | اپنا رخ | دین کیلئے | سیدھے | اس سے پہلے | کہ | آجائے | دن | نہیں | ٹلنا/پھرنا | اس کو | اللہ کی طرف سے | اس دن |

تو اس روز سے پہلے جو اللہ کی طرف سے آ کر رہے گا اور رک نہیں سکے گا دین (کے رستے) پر منہ سیدھا کیے چلے چلو، اس روز (سب)

يَّصَّدَّعُوْنَ ﴿۴۳﴾ مَنْ كَفَرَ فَعَلَيْهِ كُفْرُهٗ ۚ وَمَنْ عَمِلَ صَالِحًا فَلِاَنْفُسِهِمْ يَمْهَدُوْنَ ﴿۴۴﴾

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| يَصَّدَّعُوْنَ | مَنْ | كَفَرَ | فَعَلَيْهِ | كُفْرُهٗ | وَمَنْ | عَمِلَ | صَالِحًا | فَلِاَنْفُسِهِمْ | يَمْهَدُوْنَ |
| وہ منتشر ہوجائیں گے | جس نے | کفر کیا | پس اس پر | اس کا کفر | اور جس نے | عمل کیے | نیک | پس اپنی جانوں کیلئے | وہ راہ ہموار کرتے ہیں |

لوگ منتشر ہوجائیں گے۔ جس شخص نے کفر کیا تو اس کے کفر کا ضرر اسی کو ہے، اور جس نے نیک عمل کیے تو ایسے لوگ اپنے ہی لیے آرام گاہ درست کرتے ہیں۔

لِيَجْزِيَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ مِنْ فَضْلِهٖ ؕ اِنَّهٗ لَا يُحِبُّ الْكٰفِرِيْنَ ﴿۴۵﴾

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| لِيَجْزِيَ | الَّذِيْنَ | اٰمَنُوْا | وَعَمِلُوْا | الصّٰلِحٰتِ | مِنْ فَضْلِهٖ | اِنَّهٗ | لَا يُحِبُّ | الْكٰفِرِيْنَ |
| تاکہ وہ بدلہ دے | ان لوگوں کو جو | ایمان لائے | اور عمل کیے انہوں نے | نیک | اپنے فضل سے | بیشک وہ | نہیں پسند کرتا | کافروں کو |

جو لوگ ایمان لائے اور نیک عمل کرتے رہے ان کو اللہ اپنے فضل سے بدلہ دے گا۔ بے شک وہ کافروں کو دوست نہیں رکھتا۔

وَمِنْ اٰيٰتِهٖۤ اَنْ يُّرْسِلَ الرِّيَاحَ مُبَشِّرٰتٍ وَّلِيُذِيْقَكُمْ مِّنْ رَّحْمَتِهٖ وَلِتَجْرِيَ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَمِنْ اٰيٰتِهٖ | اَنْ | يُرْسِلَ | الرِّيَاحَ | مُبَشِّرٰتٍ | وَلِيُذِيْقَكُمْ | مِنْ رَّحْمَتِهٖ | وَلِتَجْرِيَ |
| اور اس کی نشانیوں میں سے ہے | کہ | وہ بھیجتا ہے | ہوائیں | خوشخبری دینے والیاں | اور تاکہ چکھائے تم کو | اپنی رحمت سے | اور تاکہ چلے |

اور اسی کی نشانیوں میں سے ہے کہ ہواؤں کو بھیجتا ہے کہ خوشخبری دیتی ہیں تاکہ تم کو اپنی رحمت کے مزے چکھائے اور تاکہ اس کے حکم سے

الْفُلْكُ بِاَمْرِهٖ وَلِتَبْتَغُوْا مِنْ فَضْلِهٖ وَلَعَلَّكُمْ تَشْكُرُوْنَ ﴿۴۶﴾ وَلَقَدْ اَرْسَلْنَا

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الْفُلْكُ | بِاَمْرِهٖ | وَلِتَبْتَغُوْا | مِنْ فَضْلِهٖ | وَلَعَلَّكُمْ | تَشْكُرُوْنَ | وَلَقَدْ | اَرْسَلْنَا |
| کشتی | اس کے حکم سے | اور تاکہ تم تلاش کرو | اس کے فضل سے | اور تاکہ تم | شکر کرو | اور بے شک | بھیجا ہم نے |

کشتیاں چلیں اور تاکہ تم اس کے فضل سے (روزی) طلب کرو، عجب نہیں کہ تم شکر کرو۔ اور ہم نے تم سے پہلے بھی

مِنْ قَبْلِكَ رُسُلًا اِلٰى قَوْمِهِمْ فَجَآءُوْهُمْ بِالْبَيِّنٰتِ فَانْتَقَمْنَا مِنَ الَّذِيْنَ

| مِنْ قَبْلِكَ | رُسُلًا | اِلٰى | قَوْمِهِمْ | فَجَآءُوْهُمْ | بِالْبَيِّنٰتِ | فَانْتَقَمْنَا | مِنَ الَّذِيْنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| آپ سے پہلے | کئی رسولوں کو | طرف | ان کی قوم | پس وہ آئے ان کے پاس | روشن نشانیوں کے ساتھ | پھر انتقام لیا ہم نے | ان لوگوں سے جنہوں نے |

پیغمبر ان کی قوم کی طرف بھیجے تو وہ ان کے پاس نشانیاں لے کر آئے، سو جو لوگ نافرمانی کرتے تھے ہم نے ان سے بدلہ لے

اَجْرَمُوْا ؕ وَ كَانَ حَقًّا عَلَيْنَا نَصْرُ الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿۴۷﴾ اَللّٰهُ الَّذِيْ يُرْسِلُ الرِّيٰحَ فَتُثِيْرُ

| اَجْرَمُوْا | وَ كَانَ | حَقًّا | عَلَيْنَا | نَصْرُ | الْمُؤْمِنِيْنَ | اَللّٰهُ | الَّذِيْ | يُرْسِلُ | الرِّيٰحَ | فَتُثِيْرُ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| جرم کیا | اور تھا | لازم | ہم پر | مدد کرنا | مومنوں کی | اللہ | وہ ہے جو | چلاتا ہے | ہوائیں | تو وہ اٹھاتی ہیں |

کر چھوڑا۔ اور مومنوں کی مدد ہم پر لازم تھی۔ اللہ ہی تو ہے جو ہواؤں کو چلاتا ہے تو وہ بادل کو

سَحَابًا فَيَبْسُطُهٗ فِي السَّمَآءِ كَيْفَ يَشَآءُ وَ يَجْعَلُهٗ كِسَفًا فَتَرَى الْوَدْقَ يَخْرُجُ مِنْ

| سَحَابًا | فَيَبْسُطُهٗ | فِي السَّمَآءِ | كَيْفَ | يَشَآءُ | وَ يَجْعَلُهٗ | كِسَفًا | فَتَرَى | الْوَدْقَ | يَخْرُجُ | مِنْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بادل | پھر پھیلا دیتا ہے اس کو | آسمان میں | جس طرح | وہ چاہتا ہے | اور بناتا ہے اس کو | تہ بہ تہ | پھر آپ دیکھتے ہیں | مینہ | نکلتا ہے | سے |

ابھارتی ہیں پھر اللہ اس کو جس طرح چاہتا ہے آسمان میں پھیلا دیتا ہے اور تہ بہ تہ کر دیتا ہے، پھر تم دیکھتے ہو کہ اس کے بیچ میں سے مینہ

خِلٰلِهٖ ۚ فَاِذَآ اَصَابَ بِهٖ مَنْ يَّشَآءُ مِنْ عِبَادِهٖۤ اِذَا هُمْ يَسْتَبْشِرُوْنَ ﴿۴۸﴾ وَ اِنْ كَانُوْا

| خِلٰلِهٖ | فَاِذَآ | اَصَابَ | بِهٖ | مَنْ | يَّشَآءُ | مِنْ عِبَادِهٖ | اِذَا | هُمْ | يَسْتَبْشِرُوْنَ | وَ اِنْ | كَانُوْا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اس کے بیچ میں | پھر جب | وہ پہنچاتا ہے | اس کو | جن پر | چاہتا ہے | اپنے بندوں میں سے | اس وقت | وہ | خوش ہو جاتے ہیں | اور بیشک | وہ تھے |

نکلنے لگتا ہے۔ پھر جب وہ اپنے بندوں میں سے جن پر چاہتا ہے اسے برسا دیتا ہے تو وہ خوش ہو جاتے ہیں۔ اور پیشتر

مِنْ قَبْلِ اَنْ يُّنَزَّلَ عَلَيْهِمْ مِّنْ قَبْلِهٖ لَمُبْلِسِيْنَ ﴿۴۹﴾ فَانْظُرْ اِلٰۤى اٰثٰرِ رَحْمَتِ اللّٰهِ

| مِنْ قَبْلِ | اَنْ | يُّنَزَّلَ | عَلَيْهِمْ | مِنْ قَبْلِهٖ | لَمُبْلِسِيْنَ | فَانْظُرْ | اِلٰى | اٰثٰرِ | رَحْمَتِ اللّٰهِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اس سے پہلے | کہ | نازل کیا جائے | ان پر | اس سے پہلے | البتہ ناامید ہونے والے | پس دیکھ | طرف | نشانیوں کی | اللہ کی رحمت کی |

تو وہ مینہ کے اترنے سے پہلے ناامید ہو رہے تھے۔ تو (اے دیکھنے والے) اللہ کی رحمت کی نشانیوں کی طرف دیکھ کہ

كَيْفَ يُحْيِ الْاَرْضَ بَعْدَ مَوْتِهَا ؕ اِنَّ ذٰلِكَ لَمُحْيِ الْمَوْتٰى ۚ وَ هُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ﴿۵۰﴾

| كَيْفَ | يُحْيِ | الْاَرْضَ | بَعْدَ | مَوْتِهَا | اِنَّ | ذٰلِكَ | لَمُحْيِ | الْمَوْتٰى | وَ هُوَ | عَلٰى | كُلِّ | شَيْءٍ | قَدِيْرٌ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| کس طرح | وہ زندہ کرتا ہے | زمین کو | بعد | اس کی موت کے | بیشک | وہ | زندہ کرنے والا ہے | مردوں کو | اور وہ | پر | ہر | چیز | قادر ہے |

وہ کس طرح زمین کو اس کے مرنے کے بعد زندہ کرتا ہے۔ بے شک وہ مردوں کو زندہ کرنے والا ہے اور وہ ہر چیز پر قادر ہے۔

وَلَئِنْ اَرْسَلْنَا رِيْحًا فَرَاَوْهُ مُصْفَرًّا لَّظَلُّوْا مِنْۢ بَعْدِهٖ يَكْفُرُوْنَ ﴿۵۱﴾ فَاِنَّكَ لَا تُسْمِعُ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ لَئِنْ | اَرْسَلْنَا | رِيْحًا | فَرَاَوْهُ | مُصْفَرًّا | لَّظَلُّوْا | مِنْۢ بَعْدِهٖ | يَكْفُرُوْنَ | فَاِنَّكَ | لَا تُسْمِعُ |
| اور اگر | بھیجیں ہم | ہوا | پس وہ دیکھیں اس کو | زرد | ضرور ہو جائیں | اس کے بعد | ناشکری کرنے والے | تو بیشک آپ | نہیں سنا سکتے |

اور اگر ہم ایسی ہوا بھیجیں کہ وہ (اس کے سبب) کھیتی کو دیکھیں (کہ) زرد (ہوگئی ہے) تو اس کے بعد وہ ناشکری کرنے لگ جائیں۔ تو تم مردوں کو (بات) نہیں

الْمَوْتٰى وَلَا تُسْمِعُ الصُّمَّ الدُّعَآءَ اِذَا وَلَّوْا مُدْبِرِيْنَ ﴿۵۲﴾ وَمَآ اَنْتَ بِهٰدِ الْعُمْيِ

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الْمَوْتٰى | وَ لَا | تُسْمِعُ | الصُّمَّ | الدُّعَآءَ | اِذَا | وَلَّوْا | مُدْبِرِيْنَ | وَ مَا | اَنْتَ | بِهٰدِ | الْعُمْيِ |
| مردوں کو | اور نہ | آپ سنا سکتے ہیں | بہروں کو | پکار | جب | وہ پھر جائیں | پیٹھ پھیر کر | اور نہیں | آپ | ہدایت دینے والے | اندھوں کو |

سنا سکتے اور نہ بہروں کو، جب وہ پیٹھ پھیر کر پھر جائیں، آواز سنا سکتے ہو۔ اور نہ اندھوں کو ان کی گمراہی سے (نکال کر)

ع ۳ | ۸ | ۵۵

عَنْ ضَلٰلَتِهِمْ ؕ اِنْ تُسْمِعُ اِلَّا مَنْ يُّؤْمِنُ بِاٰيٰتِنَا فَهُمْ مُّسْلِمُوْنَ ﴿۵۳﴾ اَللّٰهُ الَّذِيْ

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| عَنْ | ضَلٰلَتِهِمْ | اِنْ | تُسْمِعُ | اِلَّا | مَنْ | يُّؤْمِنُ | بِاٰيٰتِنَا | فَهُمْ | مُّسْلِمُوْنَ | اَللّٰهُ | الَّذِيْ |
| سے | ان کی گمراہی | نہیں | آپ سنا سکتے | مگر | ان کو جو | ایمان لاتے ہیں | ہماری آیات پر | پس وہ | فرمانبردار ہیں | اللہ | وہ جس نے |

راہِ راست پر لا سکتے ہو۔ تم تو ان ہی لوگوں کو سنا سکتے ہو جو ہماری آیتوں پر ایمان لاتے ہیں سو وہی فرمانبردار ہیں۔ اللہ ہی تو ہے جس نے

خَلَقَكُمْ مِّنْ ضُعْفٍ ثُمَّ جَعَلَ مِنْۢ بَعْدِ ضُعْفٍ قُوَّةً ثُمَّ جَعَلَ مِنْۢ بَعْدِ قُوَّةٍ

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| خَلَقَكُمْ | مِّنْ | ضُعْفٍ | ثُمَّ | جَعَلَ | مِنْۢ بَعْدِ | ضُعْفٍ | قُوَّةً | ثُمَّ | جَعَلَ | مِنْۢ بَعْدِ | قُوَّةٍ |
| پیدا کیا تمہیں | سے | کمزوری | پھر | بنائی/دی | بعد | کمزوری کے | قوت | پھر | بنائی/دی اس نے | بعد | قوت کے |

تم کو (ابتدا میں) کمزور حالت میں پیدا کیا، پھر کمزوری کے بعد طاقت عنایت کی، پھر طاقت کے بعد

ضُعْفًا وَّشَيْبَةً ؕ يَخْلُقُ مَا يَشَآءُ ۚ وَهُوَ الْعَلِيْمُ الْقَدِيْرُ ﴿۵۴﴾ وَيَوْمَ تَقُوْمُ السَّاعَةُ

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ضُعْفًا | وَّ | شَيْبَةً | يَخْلُقُ | مَا | يَشَآءُ | وَ هُوَ | الْعَلِيْمُ | الْقَدِيْرُ | وَ يَوْمَ | تَقُوْمُ | السَّاعَةُ |
| کمزوری | اور | سفید ریش/بڑھاپا | وہ پیدا کرتا ہے | جو | چاہتا ہے | اور وہ | جاننے والا | قدرت والا ہے | اور جس دن | قائم ہوگی | قیامت |

کمزوری اور بڑھاپا دیا۔ وہ جو چاہتا ہے پیدا کرتا ہے، اور وہ صاحب دانش (اور) صاحب قدرت ہے۔ اور جس روز قیامت برپا ہوگی

يُقْسِمُ الْمُجْرِمُوْنَ ۙ مَا لَبِثُوْا غَيْرَ سَاعَةٍ ؕ كَذٰلِكَ كَانُوْا يُؤْفَكُوْنَ ﴿۵۵﴾ وَقَالَ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| يُقْسِمُ | الْمُجْرِمُوْنَ | مَا | لَبِثُوْا | غَيْرَ | سَاعَةٍ | كَذٰلِكَ | كَانُوْا | يُؤْفَكُوْنَ | وَ قَالَ |
| قسمیں کھائیں گے | گنہگار | نہیں | رہے وہ | سوائے | ایک گھڑی کے | اسی طرح | تھے وہ | الٹے جاتے | اور کہیں گے |

گنہگار قسمیں اٹھائیں گے کہ وہ (دنیا میں) ایک گھڑی سے زیادہ نہیں رہے تھے۔ اسی طرح وہ (رستے سے) الٹے جاتے تھے۔ اور جن لوگوں کو

قرأ حفص بضم الضاد وفتحها في الثلاثة لكن الضم مختار

الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْعِلْمَ وَالْاِيْمَانَ لَقَدْ لَبِثْتُمْ فِيْ كِتٰبِ اللّٰهِ اِلٰى يَوْمِ الْبَعْثِ فَهٰذَا

| الَّذِيْنَ | اُوْتُوْا | الْعِلْمَ | وَالْاِيْمَانَ | لَقَدْ | لَبِثْتُمْ | فِيْ كِتٰبِ | اللّٰهِ | اِلٰى | يَوْمِ | الْبَعْثِ | فَهٰذَا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وہ لوگ جنہیں | دیا گیا | علم | اور ایمان | بے شک | رہے ہو تم | کتاب میں | اللہ کی | تک | دن | دوبارہ اٹھنے کے | پس یہ |

علم اور ایمان دیا گیا تھا وہ کہیں گے کہ اللہ کی کتاب کے مطابق تم قیامت تک رہے ہو اور یہ

يَوْمُ الْبَعْثِ وَلٰكِنَّكُمْ كُنْتُمْ لَا تَعْلَمُوْنَ ۝٥٦ فَيَوْمَئِذٍ لَّا يَنْفَعُ الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا

| يَوْمُ | الْبَعْثِ | وَلٰكِنَّكُمْ | كُنْتُمْ | لَا تَعْلَمُوْنَ | فَيَوْمَئِذٍ | لَا يَنْفَعُ | الَّذِيْنَ | ظَلَمُوْا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| دن | دوبارہ اٹھنے کا ہے | اور لیکن تم | تھے | نہیں جانتے | پس اس دن | نہیں نفع دے گا | ان لوگوں کو جنہوں نے | ظلم کیا |

قیامت ہی کا دن ہے لیکن تم کو اس کا یقین ہی نہ تھا۔ تو اس روز ظالم لوگوں کو ان کا عذر کچھ فائدہ

مَعْذِرَتُهُمْ وَلَا هُمْ يُسْتَعْتَبُوْنَ ۝٥٧ وَلَقَدْ ضَرَبْنَا لِلنَّاسِ فِيْ هٰذَا الْقُرْاٰنِ مِنْ

| مَعْذِرَتُهُمْ | وَلَا | هُمْ | يُسْتَعْتَبُوْنَ | وَلَقَدْ | ضَرَبْنَا | لِلنَّاسِ | فِيْ | هٰذَا | الْقُرْاٰنِ | مِنْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| عذر ان کا | اور نہ | ان کی | توبہ قبول کی جائے گی | اور بے شک | بیان کی ہم نے | لوگوں کے لیے | میں | اس | قرآن | سے |

نہ دے گا اور نہ ان سے توبہ قبول کی جائے گی۔ اور ہم نے لوگوں کے (سمجھانے کے) لیے اس قرآن میں ہر طرح کی مثال

كُلِّ مَثَلٍ ۭ وَلَئِنْ جِئْتَهُمْ بِاٰيَةٍ لَّيَقُوْلَنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا اِنْ اَنْتُمْ اِلَّا مُبْطِلُوْنَ ۝٥٨

| كُلِّ | مَثَلٍ | وَلَئِنْ | جِئْتَهُمْ | بِاٰيَةٍ | لَيَقُوْلَنَّ | الَّذِيْنَ | كَفَرُوْا | اِنْ | اَنْتُمْ | اِلَّا | مُبْطِلُوْنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ہر (قسم کی) | مثال | اور اگر | آپ لائیں انکے پاس | کوئی نشانی | البتہ ضرور کہیں گے | وہ لوگ جنہوں نے | کفر کیا | نہیں | تم | مگر | جھوٹ بنانیوالے |

بیان کر دی ہے۔ اور اگر تم ان کے سامنے کوئی نشانی پیش کرو تو یہ کافر کہہ دیں گے کہ تم تو جھوٹے ہو۔

كَذٰلِكَ يَطْبَعُ اللّٰهُ عَلٰى قُلُوْبِ الَّذِيْنَ لَا يَعْلَمُوْنَ ۝٥٩ فَاصْبِرْ اِنَّ وَعْدَ اللّٰهِ

| كَذٰلِكَ | يَطْبَعُ اللّٰهُ | عَلٰى قُلُوْبِ | الَّذِيْنَ | لَا يَعْلَمُوْنَ | فَاصْبِرْ | اِنَّ | وَعْدَ اللّٰهِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اسی طرح | مہر لگادیتا ہے اللہ | دلوں پر | ان لوگوں کے جو | نہیں جانتے ہیں | پس صبر کیجئے | بے شک | اللہ کا وعدہ |

اسی طرح اللہ ان لوگوں کے دلوں پر جو سمجھ نہیں رکھتے مہر لگا دیتا ہے۔ پس تم صبر کرو، بے شک اللہ کا وعدہ

حَقٌّ وَّلَا يَسْتَخِفَّنَّكَ الَّذِيْنَ لَا يُوْقِنُوْنَ ۝٦٠ ع ٦ ٧ ٩

| حَقٌّ | وَلَا يَسْتَخِفَّنَّكَ ❶ | الَّذِيْنَ | لَا يُوْقِنُوْنَ |
|---|---|---|---|
| سچا ہے | اور ہرگز نہ بے برداشت کردیں / ہلکا پائیں آپ کو | وہ لوگ جو | نہیں یقین رکھتے ہیں |

سچا ہے اور (دیکھو) جو لوگ یقین نہیں رکھتے وہ تمہیں اوچھا نہ بنا دیں۔



❶ وَلَا يَسْتَخِفَّنَّكَ: (یعنی اے نبیؐ!) اور ہرگز نہ بے برداشت کردیں آپ کو' اور ہرگز نہ ہلکا پائیں آپ کو، یعنی کافروں کی حرکات اور ایذا رسانیوں سے تمہارے پایۂ استقلال میں ہرگز لغزش نہ آئے۔

# سُوْرَۃُ لُقْمٰنَ مَكِّيَّةٌ

آیاتها ٣٤ | رکوعاتها ٤

## بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| لُقْمٰن | بِ | اِسْمِ | اللّٰهِ | الرَّحْمٰنِ | الرَّحِيْمِ |
| لقمان | ساتھ/سے | نام | اللہ کے | بے حد مہربان | نہایت رحم کرنے والا |

شروع اللہ کا نام لے کر جو بڑا مہربان، نہایت رحم والا ہے۔

الٓمّٓ ① تِلْكَ اٰيٰتُ الْكِتٰبِ الْحَكِيْمِ ② هُدًى وَّ رَحْمَةً لِّلْمُحْسِنِيْنَ ③ الَّذِيْنَ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الٓمّٓ | تِلْكَ | اٰيٰتُ | الْكِتٰبِ | الْحَكِيْمِ | هُدًى | وَ رَحْمَةً | لِّلْمُحْسِنِيْنَ | الَّذِيْنَ |
| الف۔لام۔میم | یہ | آیات ہیں | کتاب کی | حکمت والی | ہدایت | اور رحمت | نیکوکارلوگوں کے لیے | جولوگ |

الم۔ یہ حکمت کی (بھری ہوئی) کتاب کی آیتیں ہیں۔ نیکوکاروں کے لیے ہدایت اور رحمت۔ جو

يُقِيْمُوْنَ الصَّلٰوةَ وَ يُؤْتُوْنَ الزَّكٰوةَ وَ هُمْ بِالْاٰخِرَةِ هُمْ يُوْقِنُوْنَ ④ اُولٰٓئِكَ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| يُقِيْمُوْنَ | الصَّلٰوةَ | وَ يُؤْتُوْنَ | الزَّكٰوةَ | وَ هُمْ | بِالْاٰخِرَةِ | هُمْ | يُوْقِنُوْنَ | اُولٰٓئِكَ |
| قائم کرتے ہیں | نماز | اور دیتے ہیں | زکوٰۃ | اور وہ | آخرت پر | وہ | یقین رکھتے ہیں | یہی لوگ ہیں |

نماز کی پابندی کرتے اور زکوٰۃ دیتے اور آخرت کا یقین رکھتے ہیں۔ یہی

عَلٰى هُدًى مِّنْ رَّبِّهِمْ وَ اُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ ⑤ وَ مِنَ النَّاسِ مَنْ يَّشْتَرِيْ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| عَلٰى | هُدًى | مِنْ رَّبِّهِمْ | وَ اُولٰٓئِكَ | هُمْ | الْمُفْلِحُوْنَ | وَ مِنَ النَّاسِ | مَنْ | يَشْتَرِيْ |
| پر | ہدایت | اپنے رب کی طرف سے | اور یہی لوگ ہیں | وہ | کامیاب ہونے والے | اور لوگوں میں سے | جوکوئی | خریدتا ہے |

اپنے پروردگار کی طرف سے ہدایت پر ہیں اور یہی نجات پانے والے ہیں۔ اور لوگوں میں کوئی ایسا ہے جو بیہودہ حکایتیں

لَهْوَ الْحَدِيْثِ لِيُضِلَّ عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ بِغَيْرِ عِلْمٍ ۖۗ وَّ يَتَّخِذَهَا هُزُوًا ؕ اُولٰٓئِكَ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| لَهْوَ | الْحَدِيْثِ | لِيُضِلَّ | عَنْ سَبِيْلِ | اللّٰهِ | بِغَيْرِ | عِلْمٍ | وَ يَتَّخِذَهَا | هُزُوًا | اُولٰٓئِكَ |
| بیہودہ | بات | تاکہ گمراہ کرے | راہ سے | اللہ کی | بغیر | علم کے | اور کرے اس سے | مذاق | یہی لوگ ہیں |

خریدتا ہے تاکہ (لوگوں کو) بے سمجھے اللہ کے رستے سے گمراہ کرے اور اس سے استہزاء کرے۔ یہی لوگ

لَهُمْ عَذَابٌ مُّهِيْنٌ ⑥ وَ اِذَا تُتْلٰى عَلَيْهِ اٰيٰتُنَا وَلّٰى مُسْتَكْبِرًا كَاَنْ لَّمْ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| لَهُمْ | عَذَابٌ | مُّهِيْنٌ | وَ اِذَا | تُتْلٰى | عَلَيْهِ | اٰيٰتُنَا | وَلّٰى | مُسْتَكْبِرًا | كَاَنْ | لَمْ |
| ان کے لیے | عذاب ہے | ذلیل کرنے والا | اور جب | پڑھی جاتی ہیں | اس پر | ہماری آیات | منہ پھیر لیتا ہے | تکبر کے ساتھ | گویا کہ | نہیں |

ہیں جن کو ذلیل کرنے والا عذاب ہو گا۔ اور جب اس کو ہماری آیتیں سنائی جاتی ہیں تو اکڑ کر منہ پھیر لیتا ہے گویا ان کو

يَسْمَعْهَا كَاَنَّ فِيْٓ اُذُنَيْهِ وَقْرًا ۚ فَبَشِّرْهُ بِعَذَابٍ اَلِيْمٍ ۝۷ اِنَّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| يَسْمَعْهَا | كَاَنَّ | فِيْٓ اُذُنَيْهِ | وَقْرًا | فَبَشِّرْهُ | بِعَذَابٍ | اَلِيْمٍ | اِنَّ | الَّذِيْنَ | اٰمَنُوْا |
| سنا ان کو | گویا کہ | اس کے کانوں میں | گرانی ہے | پس بشارت دیں اسکو | عذاب کی | دردناک | بے شک | جو لوگ | ایمان لائے |

سنا ہی نہیں جیسے اس کے کانوں میں ثقل ہے، تو اس کو درد دینے والے عذاب کی خوشخبری سنا دو۔ جو لوگ ایمان لائے

وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ لَهُمْ جَنّٰتُ النَّعِيْمِ ۝۸ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا ۭ وَعْدَ اللّٰهِ حَقًّا ۭ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَعَمِلُوْا | الصّٰلِحٰتِ | لَهُمْ | جَنّٰتُ | النَّعِيْمِ | خٰلِدِيْنَ | فِيْهَا | وَعْدَ اللّٰهِ | حَقًّا |
| اور عمل کیے انہوں نے | نیک | ان کے لیے | باغات ہیں | نعمت کے | ہمیشہ رہیں گے | ان میں | اللہ کا وعدہ | سچا ہے |

اور نیک کام کرتے رہے ان کے لیے نعمت کے باغ ہیں، ہمیشہ ان میں رہیں گے۔ اللہ کا وعدہ سچا ہے

وَهُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ۝۹ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ بِغَيْرِ عَمَدٍ تَرَوْنَهَا وَاَلْقٰى فِي الْاَرْضِ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَهُوَ | الْعَزِيْزُ | الْحَكِيْمُ | خَلَقَ | السَّمٰوٰتِ | بِغَيْرِ | عَمَدٍ | تَرَوْنَهَا | وَاَلْقٰى | فِي الْاَرْضِ |
| اور وہی | غالب | بڑی حکمت والا | پیدا کیا اس نے | آسمانوں کو | بغیر | ستونوں کے | تم دیکھتے ہو اس کو | اور رکھ دیئے اس نے | زمین میں |

اور وہ غالب حکمت والا ہے۔ اسی نے آسمانوں کو ستونوں کے بغیر پیدا کیا جیسا کہ تم دیکھتے ہو اور زمین پر

رَوَاسِيَ اَنْ تَمِيْدَ بِكُمْ وَبَثَّ فِيْهَا مِنْ كُلِّ دَآبَّةٍ ۭ وَاَنْزَلْنَا مِنَ السَّمَآءِ مَآءً

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| رَوَاسِيَ | اَنْ | تَمِيْدَ | بِكُمْ | وَبَثَّ | فِيْهَا | مِنْ كُلِّ | دَآبَّةٍ | وَاَنْزَلْنَا | مِنَ السَّمَآءِ | مَآءً |
| پہاڑ | کہ | (نہ) ہلے/ ڈگمگائے | تمہارے ساتھ/تم کو لے کر | اور پھیلا دیئے | اس میں | ہر طرح کے | جانور | اور نازل کیا ہم نے | آسمان سے | پانی |

پہاڑ (بنا کر) رکھ دیئے تا کہ تم کو ہلا ہلا نہ دے اور اس میں ہر طرح کے جانور پھیلا دیئے۔ اور ہم ہی نے آسمان سے پانی نازل کیا

فَاَنْۢبَتْنَا فِيْهَا مِنْ كُلِّ زَوْجٍ كَرِيْمٍ ۝۱۰ هٰذَا خَلْقُ اللّٰهِ فَاَرُوْنِيْ مَاذَا خَلَقَ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| فَاَنْۢبَتْنَا | فِيْهَا | مِنْ كُلِّ | زَوْجٍ | كَرِيْمٍ | هٰذَا | خَلْقُ اللّٰهِ | فَاَرُوْنِيْ | مَاذَا | خَلَقَ |
| پھر اگائے ہم نے | اس میں | ہر قسم کے | جوڑے | نفیس | یہ | پیدائش اللہ کی | پس دکھاؤ مجھے | کیا چیز | پیدا کی |

پھر (اس سے) اس میں ہر قسم کی نفیس چیزیں اگائیں۔ یہ تو اللہ کی پیدائش ہے، تو مجھے دکھاؤ کہ اللہ کے سوا جو لوگ ہیں

ع ۱۱ ۱۰ الَّذِيْنَ مِنْ دُوْنِهٖ ۭ بَلِ الظّٰلِمُوْنَ فِيْ ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ ۝۱۱ۧ وَلَقَدْ اٰتَيْنَا لُقْمٰنَ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الَّذِيْنَ | مِنْ دُوْنِهٖ | بَلِ | الظّٰلِمُوْنَ | فِيْ | ضَلٰلٍ | مُّبِيْنٍ | وَلَقَدْ | اٰتَيْنَا | لُقْمٰنَ |
| ان لوگوں نے جو | اس کے سوا ہیں | بلکہ | یہ ظالم | میں | گمراہی | صریح | اور بے شک | دی ہم نے | لقمان کو |

انہوں نے کیا پیدا کیا ہے؟ حقیقت یہ ہے کہ یہ ظالم صریح گمراہی میں ہیں۔ اور ہم نے لقمان کو دانائی

الْحِكْمَةَ اَنِ اشْكُرْ لِلّٰهِ ؕ وَ مَنْ يَّشْكُرْ فَاِنَّمَا يَشْكُرُ لِنَفْسِهٖ ۚ وَ مَنْ كَفَرَ فَاِنَّ

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الْحِكْمَةَ | اَنْ | اُشْكُرْ | لِلّٰهِ | وَ مَنْ | يَشْكُرْ | فَاِنَّمَا | يَشْكُرُ | لِنَفْسِهٖ | وَ مَنْ | كَفَرَ | فَاِنَّ |
| دانائی | کہ | شکر کر | اللہ کا | اور جو | شکر کرتا ہے | تو صرف | شکر کرتا ہے | اپنے نفس کیلئے | اور جو | ناشکری کرتا ہے | تو بیشک |

بخشی کہ اللہ کا شکر کرو۔ اور جو شخص شکر کرتا ہے تو اپنے ہی فائدے کے لیے شکر کرتا ہے، اور جو ناشکری کرتا ہے تو

وقف النبی صلی اللہ علیہ وسلم

اللّٰهَ غَنِيٌّ حَمِيْدٌ ﴿۱۲﴾ وَ اِذْ قَالَ لُقْمٰنُ لِابْنِهٖ وَ هُوَ يَعِظُهٗ يٰبُنَيَّ لَا تُشْرِكْ بِاللّٰهِ ؕ

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اللّٰهَ | غَنِيٌّ | حَمِيْدٌ | وَ اِذْ | قَالَ | لُقْمٰنُ | لِابْنِهٖ | وَ هُوَ | يَعِظُهٗ | يٰبُنَيَّ | لَا تُشْرِكْ | بِاللّٰهِ |
| اللہ | بے پرواہ | قابل حمد ہے | اور جب | کہا | لقمان نے | اپنے بیٹے کو | اور وہ | نصیحت کر رہا تھا اسکو | اے میرے بیٹے | تم شرک نہ کرنا | اللہ کے ساتھ |

اللہ بھی بے پرواہ (اور) سزاوار حمد (وثنا) ہے۔ اور (اس وقت کو یاد کرو) جب لقمان نے اپنے بیٹے کو نصیحت کرتے ہوئے کہا کہ بیٹا! اللہ کے ساتھ شرک نہ کرنا،

اِنَّ الشِّرْكَ لَظُلْمٌ عَظِيْمٌ ﴿۱۳﴾ وَ وَصَّيْنَا الْاِنْسَانَ بِوَالِدَيْهِ ۚ حَمَلَتْهُ اُمُّهٗ وَهْنًا

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اِنَّ | الشِّرْكَ | لَظُلْمٌ | عَظِيْمٌ | وَ وَصَّيْنَا | الْاِنْسَانَ | بِوَالِدَيْهِ | حَمَلَتْهُ | اُمُّهٗ | وَهْنًا |
| بیشک | شرک | ظلم ہے | بڑا | اور تاکید کی ہم نے | انسان کو | اسکے والدین کے بارے میں | پیٹ میں رکھا اس کو | اسکی ماں نے | کمزوری/تکلیف |

شرک تو بڑا (بھاری) ظلم ہے۔ اور ہم نے انسان کو جسے اس کی ماں تکلیف پر تکلیف سہ کر پیٹ میں اٹھائے رکھتی ہے (پھر اسکو دودھ پلاتی ہے) اور (آخر کار) دو برس

النصف

عَلٰى وَهْنٍ وَّ فِصٰلُهٗ فِيْ عَامَيْنِ اَنِ اشْكُرْ لِيْ وَ لِوَالِدَيْكَ ؕ اِلَيَّ الْمَصِيْرُ ﴿۱۴﴾

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| عَلٰى | وَهْنٍ | وَ فِصٰلُهٗ | فِيْ عَامَيْنِ | اَنْ | اُشْكُرْ لِيْ | وَ لِوَالِدَيْكَ | اِلَيَّ | الْمَصِيْرُ |
| پر | کمزوری/تکلیف | اور دودھ چھڑانا اس کا | دو برس میں | یہ کہ | شکر کر میرا | اور اپنے والدین کا | میری ہی طرف | لوٹ کر آنا ہے |

میں اس کا دودھ چھڑانا ہوتا ہے، اسکے ماں باپ کے بارے میں تاکید کی ہے کہ میرا بھی شکر کرتا رہ اور اپنے ماں باپ کا بھی (کہ تم کو) میری ہی طرف لوٹ کر آنا ہے۔

وَ اِنْ جَاهَدٰكَ عَلٰۤى اَنْ تُشْرِكَ بِيْ مَا لَيْسَ لَكَ بِهٖ عِلْمٌ ۙ فَلَا تُطِعْهُمَا

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ اِنْ | جَاهَدٰكَ | عَلٰى | اَنْ | تُشْرِكَ | بِيْ | مَا | لَيْسَ | لَكَ | بِهٖ | عِلْمٌ | فَلَا تُطِعْهُمَا |
| اور اگر | وہ دونوں تجھ پر زور ڈالیں | پر | اس کہ | تو شریک ٹھہرائے | میرے ساتھ | اس چیز کو جو | نہیں | تجھے | اس کا | علم | پس نہ تو کہنا مان ان دونوں کا |

اور اگر وہ تیرے درپے ہوں کہ تو میرے ساتھ کسی ایسی چیز کو شریک کرے جس کا تجھے کچھ بھی علم نہیں تو ان کا کہنا نہ ماننا۔ ہاں، دنیا (کے کاموں) میں ان کا

وَ صَاحِبْهُمَا فِي الدُّنْيَا مَعْرُوْفًا ۫ وَّ اتَّبِعْ سَبِيْلَ مَنْ اَنَابَ اِلَيَّ ۚ ثُمَّ اِلَيَّ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ صَاحِبْهُمَا | فِي الدُّنْيَا | مَعْرُوْفًا | وَ اتَّبِعْ | سَبِيْلَ | مَنْ اَنَابَ | اِلَيَّ | ثُمَّ | اِلَيَّ |
| اور ساتھ دے ان دونوں کا | دنیا میں | اچھے طریقے سے | اور پیروی کر | راستے کی | اس شخص کے جو رجوع لائے | میری طرف | پھر | میری طرف |

اچھی طرح ساتھ دینا۔ اور جو شخص میری طرف رجوع لائے اس کے رستے پر چلنا پھر تم کو میری طرف

مَرْجِعُكُمْ فَأُنَبِّئُكُمْ بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ﴿١٥﴾ يٰبُنَيَّ إِنَّهَآ إِنْ تَكُ مِثْقَالَ حَبَّةٍ

| مَرْجِعُكُمْ | فَأُنَبِّئُكُمْ | بِمَا | كُنْتُمْ | تَعْمَلُوْنَ | يٰبُنَيَّ | إِنَّهَا | إِنْ | تَكُ | مِثْقَالَ | حَبَّةٍ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تمہارا لوٹنا ہے | پھر میں آگاہ کروں گا تم کو | ساتھ اسکے جو | تھے تم | عمل کرتے | اے میرے بیٹے | بے شک وہ | اگر | ہو | برابر | دانے کے |

لوٹ کر آنا ہے تو جو کام تم کرتے رہے میں سب سے تم کو آگاہ کردوں گا۔ (لقمان نے یہ بھی کہا کہ) بیٹا! اگر کوئی عمل (بالفرض) رائی کے دانے کے برابر بھی

مِّنْ خَرْدَلٍ فَتَكُنْ فِيْ صَخْرَةٍ أَوْ فِي السَّمٰوٰتِ أَوْ فِي الْأَرْضِ يَأْتِ بِهَا اللّٰهُ ۭ إِنَّ

| مِنْ خَرْدَلٍ | فَتَكُنْ | فِيْ صَخْرَةٍ | أَوْ | فِي السَّمٰوٰتِ | أَوْ | فِي الْأَرْضِ | يَأْتِ | بِهَا | اللّٰهُ | إِنَّ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| رائی کے | پھر ہو | پتھر میں | یا | آسمانوں میں | یا | زمین میں | لے آئے گا | اسے | اللہ | بے شک |

(چھوٹا) ہو اور ہو بھی کسی پتھر کے اندر یا آسمانوں میں (مخفی ہو) یا زمین میں، اللہ اس کو (قیامت کے دن) لاموجود کرے گا۔ کچھ شک نہیں

اللّٰهَ لَطِيْفٌ خَبِيْرٌ ﴿١٦﴾ يٰبُنَيَّ أَقِمِ الصَّلٰوةَ وَأْمُرْ بِالْمَعْرُوْفِ وَانْهَ عَنِ الْمُنْكَرِ

| اللّٰهَ | لَطِيْفٌ | خَبِيْرٌ | يٰبُنَيَّ | أَقِمِ | الصَّلٰوةَ | وَأْمُرْ | بِالْمَعْرُوْفِ | وَانْهَ | عَنِ | الْمُنْكَرِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اللہ | باریک بین | خبردار ہے | اے میرے بیٹے | قائم کر | نماز | اور حکم کر | اچھے کاموں کا | اور منع کر | سے | بری بات |

کہ اللہ باریک بین (اور) خبردار ہے۔ بیٹا! نماز کی پابندی رکھنا اور (لوگوں کو) اچھے کاموں کے کرنے کا امر اور بری باتوں سے منع کرتے رہنا

وَاصْبِرْ عَلٰى مَآ أَصَابَكَ ۭ إِنَّ ذٰلِكَ مِنْ عَزْمِ الْأُمُوْرِ ﴿١٧﴾ وَلَا تُصَعِّرْ خَدَّكَ

| وَاصْبِرْ | عَلٰى | مَا | أَصَابَكَ | إِنَّ | ذٰلِكَ | مِنْ عَزْمِ | الْأُمُوْرِ | وَلَا تُصَعِّرْ | خَدَّكَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور صبر کر | پر | جو | پہنچے تجھے | بے شک | یہ | ہمت کے | کاموں میں ہے | اور نہ تو پھلا | اپنا گال |

اور جو مصیبت تم پر واقع ہو اس پر صبر کرنا، بے شک یہ بڑی ہمت کے کام ہیں۔ اور (ازراہِ غرور) لوگوں سے گال نہ

لِلنَّاسِ وَلَا تَمْشِ فِي الْأَرْضِ مَرَحًا ۭ إِنَّ اللّٰهَ لَا يُحِبُّ كُلَّ مُخْتَالٍ فَخُوْرٍ ﴿١٨﴾

| لِلنَّاسِ | وَلَا تَمْشِ | فِي الْأَرْضِ | مَرَحًا | إِنَّ اللّٰهَ | لَا يُحِبُّ | كُلَّ | مُخْتَالٍ | فَخُوْرٍ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| لوگوں سے | اور نہ چل | زمین میں | اکڑ کر | بے شک اللہ | نہیں پسند کرتا | ہر | اترانے والے | خود پسند کو |

پھلانا [1] اور زمین میں اکڑ کر نہ چلنا کہ اللہ کسی اترانے والے خود پسند کو پسند نہیں کرتا۔

وَاقْصِدْ فِيْ مَشْيِكَ وَاغْضُضْ مِنْ صَوْتِكَ ۭ إِنَّ أَنْكَرَ الْأَصْوَاتِ لَصَوْتُ

| وَاقْصِدْ | فِيْ مَشْيِكَ | وَاغْضُضْ | مِنْ صَوْتِكَ | إِنَّ | أَنْكَرَ | الْأَصْوَاتِ | لَصَوْتُ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور اعتدال اختیار کر | اپنی چال میں | اور نیچی رکھ | اپنی آواز | بے شک | سب سے بری | آوازوں میں | آواز ہے |

اور اپنی چال میں اعتدال کیے رہنا اور (بولتے وقت) آواز نیچی رکھنا کیونکہ (اونچی آواز گدھوں کی سی ہے اور کچھ شک نہیں کہ) سب سے بری آواز



[1] یعنی لوگوں سے ازراہِ تکبر بے رخی سے پیش نہ آنا اور ان سے منہ پھیر کر بات نہ کرنا۔

ع ۲ ۸ ۱۱

الْحَمِیْرِ ﴿۱۹﴾ اَلَمْ تَرَوْا اَنَّ اللّٰهَ سَخَّرَ لَكُمْ مَّا فِی السَّمٰوٰتِ وَمَا فِی الْاَرْضِ وَاَسْبَغَ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الْحَمِیْرِ | اَلَمْ تَرَوْا | اَنَّ اللّٰهَ | سَخَّرَ | لَكُمْ | مَا | فِی السَّمٰوٰتِ | وَمَا | فِی الْاَرْضِ | وَاَسْبَغَ |
| گدھوں کی | کیا نہیں دیکھا تم نے | یہ کہ اللہ نے | قابو میں کر دیا | تمہارے | جو کچھ | آسمانوں میں ہے | اور جو کچھ | زمین میں ہے | اور پوری کر دیں |

گدھوں کی ہے۔ کیا تم نے نہیں دیکھا کہ جو کچھ آسمانوں میں اور جو کچھ زمین میں ہے سب کو اللہ نے تمہارے قابو میں کر دیا ہے اور تم پر

عَلَیْكُمْ نِعَمَهٗ ظَاهِرَةً وَّبَاطِنَةً ؕ وَمِنَ النَّاسِ مَنْ یُّجَادِلُ فِی اللّٰهِ بِغَیْرِ عِلْمٍ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| عَلَیْكُمْ | نِعَمَهٗ | ظَاهِرَةً | وَبَاطِنَةً | وَمِنَ النَّاسِ | مَنْ | یُجَادِلُ | فِی اللّٰهِ | بِغَیْرِ | عِلْمٍ |
| تم پر | اپنی نعمتیں | ظاہری | اور باطنی | اور بعض لوگ | جو | جھگڑتے ہیں | اللہ کے بارے میں | بغیر | علم |

اپنی ظاہری اور باطنی نعمتیں پوری کر دی ہیں؟ اور بعض لوگ ایسے ہیں کہ اللہ کے بارے میں جھگڑتے ہیں، نہ علم رکھتے ہیں

وَّلَا هُدًی وَّلَا كِتٰبٍ مُّنِیْرٍ ﴿۲۰﴾ وَاِذَا قِیْلَ لَهُمُ اتَّبِعُوْا مَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ قَالُوْا بَلْ

| | | | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | لَا | هُدًی | وَلَا | كِتٰبٍ | مُنِیْرٍ | وَاِذَا | قِیْلَ | لَهُمْ | اِتَّبِعُوْا | مَا | اَنْزَلَ اللّٰهُ | قَالُوْا | بَلْ |
| اور | نہ/بغیر | ہدایت | اور بغیر | کتاب | روشن کے | اور جب | کہا جاتا ہے | ان کو | پیروی کرو | اسکی جو | نازل کیا اللہ نے | کہتے ہیں | بلکہ |

اور نہ ہدایت اور نہ کتاب روشن۔ اور جب ان سے کہا جاتا ہے کہ جو (کتاب) اللہ نے نازل فرمائی ہے اس کی پیروی کرو تو کہتے ہیں کہ

نَتَّبِعُ مَا وَجَدْنَا عَلَیْهِ اٰبَآءَنَا ؕ اَوَلَوْ كَانَ الشَّیْطٰنُ یَدْعُوْهُمْ اِلٰی عَذَابِ

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| نَتَّبِعُ | مَا | وَجَدْنَا | عَلَیْهِ | اٰبَآءَنَا | اَوَ | لَوْ | كَانَ | الشَّیْطٰنُ | یَدْعُوْهُمْ | اِلٰی | عَذَابِ |
| ہم پیروی کریں گے | اسکی کہ | پایا ہم نے | جس پر | اپنے باپ دادا کو | کیا | اگر | ہو | شیطان | بلاتا ان کو | طرف | عذاب کی |

ہم تو اسی کی پیروی کریں گے جس پر اپنے باپ دادا کو پایا۔ بھلا اگرچہ شیطان ان کو دوزخ کے عذاب کی طرف

السَّعِیْرِ ﴿۲۱﴾ وَمَنْ یُّسْلِمْ وَجْهَهٗۤ اِلَی اللّٰهِ وَهُوَ مُحْسِنٌ فَقَدِ اسْتَمْسَكَ بِالْعُرْوَةِ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| السَّعِیْرِ | وَمَنْ | یُسْلِمْ | وَجْهَهٗ | اِلَی اللّٰهِ | وَهُوَ | مُحْسِنٌ | فَقَدْ | اِسْتَمْسَكَ | بِالْعُرْوَةِ |
| دوزخ کے | اور جو | فرمانبردار کرے/جھکا دے | اپنا چہرہ | اللہ کی طرف | اور وہ | نیکوکار ہو | تو بے شک | تھام لیا اس نے | حلقے کو |

بلاتا ہو (تب بھی)؟ اور جو شخص اپنے تئیں اللہ کا فرمانبردار کر دے اور نیکوکار بھی ہو تو اس نے مضبوط دست آویز ہاتھ میں

الْوُثْقٰی ؕ وَاِلَی اللّٰهِ عَاقِبَةُ الْاُمُوْرِ ﴿۲۲﴾ وَمَنْ كَفَرَ فَلَا یَحْزُنْكَ كُفْرُهٗ ؕ اِلَیْنَا

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الْوُثْقٰی | وَاِلَی اللّٰهِ | عَاقِبَةُ | الْاُمُوْرِ | وَمَنْ | كَفَرَ | فَلَا یَحْزُنْكَ | كُفْرُهٗ | اِلَیْنَا |
| مضبوط | اور اللہ کی طرف | انجام | سب کاموں کا | اور جو | کفر کرے | پس نہ غمناک کرے آپ کو | اس کا کفر | ہماری طرف |

لے لی۔ اور (سب) کاموں کا انجام اللہ ہی کی طرف ہے۔ اور جو کفر کرے تو اس کا کفر تمہیں غمناک نہ کر دے۔ ان کو ہماری

مَرْجِعُهُمْ فَنُنَبِّئُهُمْ بِمَا عَمِلُوْا ؕ اِنَّ اللّٰهَ عَلِيْمٌۢ بِذَاتِ الصُّدُوْرِ ۲۳ نُمَتِّعُهُمْ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مَرْجِعُهُمْ | فَنُنَبِّئُهُمْ | بِمَا | عَمِلُوْا | اِنَّ اللّٰهَ | عَلِيْمٌۢ | بِذَاتِ الصُّدُوْرِ | نُمَتِّعُهُمْ |
| ان کا لوٹنا ہے | پھر ہم خبر دیں گے ان کو | اس کی جو | عمل کیا انہوں نے | بے شک اللہ | جاننے والا | بھید دلوں کے | ہم فائدہ دیں گے ان کو |

طرف لوٹ کر آنا ہے، پھر جو کام وہ کیا کرتے تھے ہم ان کو جتا دیں گے۔ بیشک اللہ دلوں کی باتوں سے واقف ہے۔ ہم ان کو تھوڑا سا فائدہ پہنچائیں

قَلِيْلًا ثُمَّ نَضْطَرُّهُمْ اِلٰى عَذَابٍ غَلِيْظٍ ۲۴ وَلَئِنْ سَاَلْتَهُمْ مَّنْ خَلَقَ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| قَلِيْلًا | ثُمَّ | نَضْطَرُّهُمْ | اِلٰى | عَذَابٍ | غَلِيْظٍ | وَلَئِنْ | سَاَلْتَهُمْ | مَنْ | خَلَقَ |
| تھوڑا | پھر | ہم مجبور کریں گے ان کو | طرف | عذاب کی | شدید/سخت | اور اگر | آپ پوچھیں ان سے | کس نے | پیدا کیا |

گے پھر عذابِ شدید کی طرف مجبور کر کے لے جائیں گے۔ اور اگر تم ان سے پوچھو کہ آسمانوں اور زمین کو کس نے

السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ لَيَقُوْلُنَّ اللّٰهُ ؕ قُلِ الْحَمْدُ لِلّٰهِ ؕ بَلْ اَكْثَرُهُمْ لَا يَعْلَمُوْنَ ۲۵

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| السَّمٰوٰتِ | وَالْاَرْضَ | لَيَقُوْلُنَّ | اللّٰهُ | قُلْ | الْحَمْدُ | لِلّٰهِ | بَلْ | اَكْثَرُهُمْ | لَا يَعْلَمُوْنَ |
| آسمانوں | اور زمین کو | تو یقیناً وہ ضرور کہیں گے | اللہ نے | کہہ دیجئے | تمام تعریفیں | اللہ کیلئے ہیں | بلکہ | اکثر ان کے | نہیں جانتے |

پیدا کیا تو بول اٹھیں گے کہ اللہ نے۔ کہہ دو کہ اللہ کا شکر ہے، لیکن ان میں اکثر سمجھ نہیں رکھتے۔

لِلّٰهِ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ اِنَّ اللّٰهَ هُوَ الْغَنِيُّ الْحَمِيْدُ ۲۶ وَلَوْ اَنَّ مَا فِي

| | | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| لِلّٰهِ | مَا | فِيْ | السَّمٰوٰتِ | وَالْاَرْضِ | اِنَّ اللّٰهَ | هُوَ | الْغَنِيُّ | الْحَمِيْدُ | وَلَوْ | اَنَّ | مَا | فِيْ |
| اللہ کا ہے | جو | میں | آسمانوں | اور زمین | بے شک اللہ | وہی | بے پرواہ | قابل تعریف | اور اگر | یہ کہ | جو | میں |

جو کچھ آسمانوں اور زمین میں ہے (سب) اللہ ہی کا ہے۔ بے شک اللہ بے پرواہ (اور) سزاوارِ حمد (وثنا) ہے۔ اور اگر یوں ہو کہ زمین

الْاَرْضِ مِنْ شَجَرَةٍ اَقْلَامٌ وَّالْبَحْرُ يَمُدُّهٗ مِنْۢ بَعْدِهٖ سَبْعَةُ اَبْحُرٍ مَّا نَفِدَتْ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الْاَرْضِ | مِنْ | شَجَرَةٍ | اَقْلَامٌ | وَالْبَحْرُ | يَمُدُّهٗ | مِنْۢ بَعْدِهٖ | سَبْعَةُ | اَبْحُرٍ | مَا | نَفِدَتْ |
| زمین | سے | درخت | قلمیں ہوں | اور سمندر | اس کی سیاہی ہو جائے | اس کے بعد | سات | سمندر | نہ | ختم ہوں |

میں جتنے درخت ہیں (سب کے سب) قلم ہوں اور سمندر (کا تمام پانی) سیاہی ہو (اور) اس کے بعد سات سمندر (سیاہی ہو جائیں) تو اللہ کی باتیں (یعنی اسکی

كَلِمٰتُ اللّٰهِ ؕ اِنَّ اللّٰهَ عَزِيْزٌ حَكِيْمٌ ۲۷ مَا خَلْقُكُمْ وَلَا بَعْثُكُمْ اِلَّا كَنَفْسٍ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| كَلِمٰتُ | اللّٰهِ | اِنَّ اللّٰهَ | عَزِيْزٌ | حَكِيْمٌ | مَا | خَلْقُكُمْ | وَلَا | بَعْثُكُمْ | اِلَّا | كَنَفْسٍ |
| باتیں | اللہ کی | بے شک اللہ | غالب | بڑی حکمت والا ہے | نہیں | پیدا کرنا تمہارا | اور نہیں | اٹھانا تمہارا | مگر | مانند نفس |

صفتیں) ختم نہ ہوں۔ بے شک اللہ غالب حکمت والا ہے۔ (اللہ کو) تمہارا پیدا کرنا اور جلا اٹھانا ایک شخص (کے پیدا کرنے اور جلا اٹھانے) کی

وَّاحِدَةٍ ؕ اِنَّ اللّٰهَ سَمِیْعٌۢ بَصِیْرٌ ﴿۲۸﴾ اَلَمْ تَرَ اَنَّ اللّٰهَ یُوْلِجُ الَّیْلَ فِی النَّهَارِ وَ یُوْلِجُ

| وَاحِدَةٍ | اِنَّ اللّٰهَ | سَمِیْعٌ | بَصِیْرٌ | اَلَمْ تَرَ | اَنَّ اللّٰهَ | یُوْلِجُ | الَّیْلَ | فِی النَّهَارِ | وَ یُوْلِجُ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ایک کی | بے شک اللہ | سننے والا | دیکھنے والا ہے | کیا نہیں دیکھا آپ نے | یہ کہ اللہ | داخل کرتا ہے | رات | دن میں | اور داخل کرتا ہے |

طرح ہے۔ بے شک اللہ سننے والا دیکھنے والا ہے۔ کیا تم نے نہیں دیکھا کہ اللہ ہی رات کو دن میں داخل کرتا ہے اور دن کو

النَّهَارَ فِی الَّیْلِ وَ سَخَّرَ الشَّمْسَ وَ الْقَمَرَ ۫ كُلٌّ یَّجْرِیْۤ اِلٰۤی اَجَلٍ مُّسَمًّی وَّ اَنَّ اللّٰهَ

| النَّهَارَ | فِی الَّیْلِ | وَ سَخَّرَ | الشَّمْسَ | وَ الْقَمَرَ | كُلٌّ | یَّجْرِیْ | اِلٰی | اَجَلٍ | مُسَمًّی | وَ اَنَّ اللّٰهَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| دن | رات میں | اور اس نے مسخر کیا | سورج | اور چاند | ہر ایک | چل رہا ہے | طرف/تک | وقت | مقررہ | اور بے شک اللہ |

رات میں، اور اسی نے سورج اور چاند کو (تمہارے) زیرفرمان کر رکھا ہے، ہر ایک وقت مقررہ تک چل رہا ہے اور یہ کہ اللہ

بِمَا تَعْمَلُوْنَ خَبِیْرٌ ﴿۲۹﴾ ذٰلِكَ بِاَنَّ اللّٰهَ هُوَ الْحَقُّ وَ اَنَّ مَا یَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِهِ

| بِمَا | تَعْمَلُوْنَ | خَبِیْرٌ | ذٰلِكَ | بِاَنَّ | اللّٰهَ | هُوَ | الْحَقُّ | وَ اَنَّ | مَا | یَدْعُوْنَ | مِنْ دُوْنِهِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اس سے جو | تم کرتے ہو | باخبر ہے | یہ | اس لیے کہ | اللہ | وہی | سچا ہے | اور یہ کہ | جو | وہ پکارتے ہیں | اس کے سوا |

تمہارے سب اعمال سے باخبر ہے۔ یہ اس لیے کہ اللہ کی ذات برحق ہے اور جن کو یہ لوگ اللہ کے سوا پکارتے ہیں وہ

۳ ع ۱۱ ۱۲ الْبَاطِلُ ۙ وَ اَنَّ اللّٰهَ هُوَ الْعَلِیُّ الْكَبِیْرُ ﴿۳۰﴾ اَلَمْ تَرَ اَنَّ الْفُلْكَ تَجْرِیْ فِی الْبَحْرِ

| الْبَاطِلُ | وَ اَنَّ اللّٰهَ | هُوَ | الْعَلِیُّ | الْكَبِیْرُ | اَلَمْ تَرَ | اَنَّ | الْفُلْكَ | تَجْرِیْ | فِی الْبَحْرِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| باطل ہے | اور بے شک اللہ | وہ/ہی | بلند مرتبہ | بڑائی والا ہے | کیا نہیں آپ نے دیکھا | کہ | کشتی | چلتی ہے | سمندر میں |

لغو ہیں اور یہ کہ اللہ ہی عالی رتبہ (اور) گرامی قدر ہے۔ کیا تم نے نہیں دیکھا کہ اللہ ہی کی مہربانی سے کشتیاں دریا میں

بِنِعْمَتِ اللّٰهِ لِیُرِیَكُمْ مِّنْ اٰیٰتِهٖ ؕ اِنَّ فِیْ ذٰلِكَ لَاٰیٰتٍ لِّكُلِّ صَبَّارٍ شَكُوْرٍ ﴿۳۱﴾

| بِنِعْمَتِ | اللّٰهِ | لِیُرِیَكُمْ | مِنْ | اٰیٰتِهٖ | اِنَّ | فِیْ ذٰلِكَ | لَاٰیٰتٍ | لِكُلِّ | صَبَّارٍ | شَكُوْرٍ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| نعمت کے ساتھ | اللہ کی | تاکہ وہ دکھائے تم کو | سے | اپنی نشانیاں | بے شک | اس میں | نشانیاں ہیں | لیے ہر | صبر کرنے والے | شکر کرنے والے کے |

چلتی ہیں تاکہ وہ تم کو اپنی کچھ نشانیاں دکھائے، بے شک اس میں ہر صبر کرنے والے (اور) شکر کرنے والے کے لیے نشانیاں ہیں۔

وَ اِذَا غَشِیَهُمْ مَّوْجٌ كَالظُّلَلِ دَعَوُا اللّٰهَ مُخْلِصِیْنَ لَهُ الدِّیْنَ ۚ۬ فَلَمَّا نَجّٰىهُمْ اِلَی

| وَ اِذَا | غَشِیَهُمْ | مَوْجٌ | كَالظُّلَلِ | دَعَوُا اللّٰهَ | مُخْلِصِیْنَ | لَهُ | الدِّیْنَ | فَلَمَّا | نَجّٰىهُمْ | اِلَی |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور جب | چھا جاتی ہے ان پر | موج | سائبان کی طرح | وہ پکارتے ہیں اللہ کو | خالص کر کے | اس کیلئے | دین/عبادت | پس جب | وہ نجات دیتا ہے ان کو | طرف |

اور جب ان پر (دریا کی) لہریں سائبانوں کی طرح چھا جاتی ہیں تو اللہ کو پکارنے (اور) خالص اس کی عبادت کرنے لگتے ہیں۔ پھر جب وہ ان کو نجات دے کر

الْبَرِّ فَمِنْهُمْ مُّقْتَصِدٌ ؕ وَ مَا يَجْحَدُ بِاٰيٰتِنَاۤ اِلَّا كُلُّ خَتَّارٍ كَفُوْرٍ ﴿۳۲﴾ يٰۤاَيُّهَا النَّاسُ

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الْبَرِّ | فَمِنْهُمْ | مُّقْتَصِدٌ | وَ مَا | يَجْحَدُ | بِاٰيٰتِنَا | اِلَّا | كُلُّ | خَتَّارٍ | كَفُوْرٍ | يٰۤاَيُّهَا | النَّاسُ |
| خشکی کی | تو ان میں بعض ہی | انصاف پر قائم رہتے ہیں | اور نہیں | انکار کرتا | ہماری آیات سے | مگر | ہر | عہد شکن | ناشکرا | اے | لوگو |

خشکی پر پہنچا دیتا ہے تو بعض ہی انصاف پر قائم رہتے ہیں۔ اور ہماری نشانیوں سے وہی انکار کرتے ہیں جو عہد شکن (اور) ناشکرے ہیں۔ لوگو!

اتَّقُوْا رَبَّكُمْ وَاخْشَوْا يَوْمًا لَّا يَجْزِيْ وَالِدٌ عَنْ وَّلَدِهٖ ۫ وَ لَا مَوْلُوْدٌ هُوَ جَازٍ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اِتَّقُوْا | رَبَّكُمْ | وَاخْشَوْا | يَوْمًا | لَا يَجْزِيْ | وَالِدٌ | عَنْ وَّلَدِهٖ | وَ لَا | مَوْلُوْدٌ | هُوَ | جَازٍ |
| ڈرو | اپنے رب سے | اور ڈرو | اس دن سے | نہیں کام آئے گا | والد | اپنے بیٹے کے | اور نہ | بیٹا | وہ | کام آنے والا (ہوگا) |

اپنے پروردگار سے ڈرو اور اس دن کا خوف کرو کہ نہ تو باپ اپنے بیٹے کے کچھ کام آئے اور نہ بیٹا باپ کے

عَنْ وَّالِدِهٖ شَيْـًٔا ؕ اِنَّ وَعْدَ اللّٰهِ حَقٌّ فَلَا تَغُرَّنَّكُمُ الْحَيٰوةُ الدُّنْيَا ٙ وَلَا يَغُرَّنَّكُمْ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| عَنْ وَّالِدِهٖ | شَيْـًٔا | اِنَّ | وَعْدَ اللّٰهِ | حَقٌّ | فَلَا تَغُرَّنَّكُمُ | الْحَيٰوةُ | الدُّنْيَا | وَ لَا يَغُرَّنَّكُمْ |
| اپنے باپ کے | کچھ | بے شک | وعدہ اللہ کا | سچا ہے | پس نہ ہرگز دھوکے میں ڈالے تم کو | زندگی | دنیا کی | اور نہ ہرگز دھوکا دے تم کو |

کچھ کام آ سکے۔ بے شک اللہ کا وعدہ سچا ہے، پس دنیا کی زندگی تم کو دھوکے میں نہ ڈال دے اور نہ فریب دینے والا (شیطان) تمہیں

بِاللّٰهِ الْغَرُوْرُ ﴿۳۳﴾ اِنَّ اللّٰهَ عِنْدَهٗ عِلْمُ السَّاعَةِ ۚ وَ يُنَزِّلُ الْغَيْثَ ۚ وَ يَعْلَمُ مَا

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بِاللّٰهِ | الْغَرُوْرُ | اِنَّ اللّٰهَ | عِنْدَهٗ | عِلْمُ | السَّاعَةِ | وَ يُنَزِّلُ | الْغَيْثَ | وَ يَعْلَمُ | مَا |
| اللہ کے بارے میں | فریب دینے والا | بے شک اللہ | اس کے پاس | علم ہے | قیامت کا | اور وہ نازل کرتا ہے | بارش | اور جانتا ہے | جو |

اللہ کے بارے میں کسی طرح کا فریب دے۔ اللہ ہی کو قیامت کا علم ہے اور وہی مینہ برساتا ہے اور وہی (حاملہ کے) پیٹ کی چیزوں

فِي الْاَرْحَامِ ؕ وَ مَا تَدْرِيْ نَفْسٌ مَّاذَا تَكْسِبُ غَدًا ؕ وَ مَا تَدْرِيْ نَفْسٌۢ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| فِي الْاَرْحَامِ | وَ مَا | تَدْرِيْ | نَفْسٌ | مَاذَا | تَكْسِبُ | غَدًا | وَ مَا | تَدْرِيْ | نَفْسٌ |
| رحموں میں ہے | اور نہیں | جانتا | کوئی شخص | کیا | کام کرے گا | کل | اور نہیں | جانتا | کوئی شخص |

کو جانتا ہے۔ اور کوئی شخص نہیں جانتا کہ وہ کل کیا کام کرے گا۔ اور کوئی متنفس نہیں جانتا کہ

بِاَيِّ اَرْضٍ تَمُوْتُ ؕ اِنَّ اللّٰهَ عَلِيْمٌ خَبِيْرٌ ﴿۳۴﴾ ع ۴ ۴ ۱۳

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| بِاَيِّ اَرْضٍ | تَمُوْتُ | اِنَّ اللّٰهَ | عَلِيْمٌ | خَبِيْرٌ |
| کس زمین میں | مرے گا | بے شک اللہ | سب کچھ جاننے والا | خبردار ہے |

کس سرزمین میں اسے موت آئے گی۔ بے شک اللہ ہی جاننے والا (اور) خبردار ہے۔

## سُوْرَةُ السَّجْدَةِ مَكِّیَّةٌ — اٰیَاتُهَا ۳۰ — رُكُوْعَاتُهَا ۳

# بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

| السَّجْدَة | بِ | اِسْمِ | اللّٰهِ | الرَّحْمٰنِ | الرَّحِیْمِ |
|---|---|---|---|---|---|
| سجدہ | ساتھ/سے | نام | اللہ کے | بے حد مہربان | نہایت رحم کرنے والا |

شروع اللہ کا نام لے کر جو بڑا مہربان، نہایت رحم والا ہے۔

**الٓمّٓ ۝١ تَنْزِیْلُ الْكِتٰبِ لَا رَیْبَ فِیْهِ مِنْ رَّبِّ الْعٰلَمِیْنَ ۝٢ اَمْ یَقُوْلُوْنَ**

| الٓمّٓ | تَنْزِیْلُ | الْكِتٰبِ | لَا رَیْبَ | فِیْهِ | مِنْ | رَّبِّ | الْعٰلَمِیْنَ | اَمْ | یَقُوْلُوْنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الف۔لام۔میم | اتارا جانا | اس کتاب کا | نہیں کچھ شک | اس میں | طرف سے | رب | تمام جہانوں کے | کیا | وہ کہتے ہیں |

الم۔ اس میں کچھ شک نہیں کہ اس کتاب کا نازل کیا جانا تمام جہان کے پروردگار کی طرف سے ہے۔ کیا یہ لوگ یہ کہتے ہیں کہ

**افْتَرٰىهُ ۚ بَلْ هُوَ الْحَقُّ مِنْ رَّبِّكَ لِتُنْذِرَ قَوْمًا مَّآ اَتٰىهُمْ مِّنْ نَّذِیْرٍ مِّنْ قَبْلِكَ**

| اِفْتَرٰىهُ | بَلْ | هُوَ | الْحَقُّ | مِنْ رَّبِّكَ | لِتُنْذِرَ | قَوْمًا | مَا | اَتٰىهُمْ | مِنْ نَّذِیْرٍ | مِنْ قَبْلِكَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اس نے گھڑلیا ہے اس کو | بلکہ | وہ | برحق ہے | آپکے رب کی طرف سے | تاکہ آپ خبردار کریں | ان لوگوں کو | نہیں | آیا انکے پاس | کوئی خبردار کرنیوالا | آپ سے پہلے |

پیغمبر نے اس کو از خود بنا لیا ہے؟ (نہیں) بلکہ وہ تمہارے پروردگار کی طرف سے برحق ہے تاکہ تم ان لوگوں کو ہدایت کرو جن کے پاس تم سے پہلے کوئی

**لَعَلَّهُمْ یَهْتَدُوْنَ ۝٣ اَللّٰهُ الَّذِیْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضَ وَ مَا بَیْنَهُمَا فِیْ سِتَّةِ**

| لَعَلَّهُمْ | یَهْتَدُوْنَ | اَللّٰهُ | الَّذِیْ | خَلَقَ | السَّمٰوٰتِ | وَ الْاَرْضَ | وَ مَا | بَیْنَهُمَا | فِیْ | سِتَّةِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تاکہ وہ | ہدایت پائیں | اللہ | وہ جس نے | پیدا کیا | آسمانوں | اور زمین کو | اور جو | ان دونوں کے درمیان ہے | میں | چھ |

ہدایت کرنے والا نہیں آیا تاکہ یہ رستے پر چلیں۔ اللہ ہی تو ہے جس نے آسمانوں اور زمین کو اور جو چیزیں ان دونوں میں ہیں سب کو چھ دن میں

**اَیَّامٍ ثُمَّ اسْتَوٰى عَلَى الْعَرْشِ ؕ مَا لَكُمْ مِّنْ دُوْنِهٖ مِنْ وَّلِیٍّ وَّ لَا شَفِیْعٍ ؕ اَفَلَا**

| اَیَّامٍ | ثُمَّ | اِسْتَوٰى | عَلَى الْعَرْشِ | مَا | لَكُمْ | مِنْ دُوْنِهٖ | مِنْ وَّلِیٍّ | وَ لَا شَفِیْعٍ | اَفَلَا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| دن | پھر | قائم ہوا | عرش پر | نہیں | تمہارے لیے | اس کے سوا | کوئی دوست | اور نہ شفاعت کرنے والا | تو کیا نہیں |

پیدا کیا پھر عرش پر قائم ہوا۔ اس کے سوا تمہارا نہ کوئی دوست ہے اور نہ سفارش کرنے والا۔ کیا تم

**تَتَذَكَّرُوْنَ ۝٤ یُدَبِّرُ الْاَمْرَ مِنَ السَّمَآءِ اِلَى الْاَرْضِ ثُمَّ یَعْرُجُ اِلَیْهِ فِیْ یَوْمٍ**

| تَتَذَكَّرُوْنَ | یُدَبِّرُ | الْاَمْرَ | مِنَ السَّمَآءِ | اِلَى | الْاَرْضِ | ثُمَّ | یَعْرُجُ | اِلَیْهِ | فِیْ یَوْمٍ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تم نصیحت پکڑتے | وہ تدبیر کرتا ہے | کام کی | آسمان سے | طرف/تک | زمین | پھر | وہ چڑھے گا/رجوع کرے گا | اس کی طرف | ایک دن میں |

نصیحت نہیں پکڑتے؟ وہی آسمان سے زمین تک (کے) ہر مقام کا انتظام کرتا ہے، پھر وہ ایک روز جس کی مقدار

كَانَ مِقْدَارُهٗۤ اَلْفَ سَنَةٍ مِّمَّا تَعُدُّوْنَ ۝٥ ذٰلِكَ عٰلِمُ الْغَيْبِ وَ الشَّهَادَةِ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| كَانَ | مِقْدَارُهٗ | اَلْفَ | سَنَةٍ | مِّمَّا | تَعُدُّوْنَ | ذٰلِكَ | عٰلِمُ | الْغَيْبِ | وَ الشَّهَادَةِ |
| ہے | اس کی مقدار | ہزار | برس | اس سے جو | تم شمار کرتے ہو | وہ | جاننے والا | پوشیدہ | اور ظاہر |

تمہارے شمار کے مطابق ہزار برس ہو گی اس کی طرف صعود (اور رجوع) کرے گا۔ یہی تو پوشیدہ اور ظاہر کا جاننے والا

الْعَزِيْزُ الرَّحِيْمُ ۝٦ الَّذِيْۤ اَحْسَنَ كُلَّ شَيْءٍ خَلَقَهٗ وَ بَدَاَ خَلْقَ الْاِنْسَانِ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الْعَزِيْزُ | الرَّحِيْمُ | الَّذِيْۤ | اَحْسَنَ | كُلَّ | شَيْءٍ | خَلَقَهٗ | وَ بَدَاَ | خَلْقَ | الْاِنْسَانِ |
| غالب | رحم کرنے والا | وہ جس نے | بہت خوب بنائی | ہر | چیز | پیدا کیا اس کو | اور ابتدا کی | پیدائش | انسان کی |

(اور) غالب (اور) رحم والا (اللہ) ہے۔ جس نے ہر چیز کو بہت اچھی طرح بنایا (یعنی) اس کو پیدا کیا اور انسان کی پیدائش کو

مِنْ طِيْنٍ ۝٧ ثُمَّ جَعَلَ نَسْلَهٗ مِنْ سُلٰلَةٍ مِّنْ مَّآءٍ مَّهِيْنٍ ۝٨ ثُمَّ سَوّٰىهُ وَ نَفَخَ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مِنْ طِيْنٍ | ثُمَّ | جَعَلَ | نَسْلَهٗ | مِنْ سُلٰلَةٍ | مِنْ مَّآءٍ | مَّهِيْنٍ | ثُمَّ | سَوّٰىهُ | وَ نَفَخَ |
| مٹی سے | پھر | بنائی | اس کی نسل | خلاصے سے | پانی سے | حقیر | پھر | درست کیا اس کو | اور پھونکا |

مٹی سے شروع کیا۔ پھر اس کی نسل خلاصے سے (یعنی) حقیر پانی سے پیدا کی۔ پھر اس کو درست کیا، پھر اس میں

فِيْهِ مِنْ رُّوْحِهٖ وَ جَعَلَ لَكُمُ السَّمْعَ وَ الْاَبْصَارَ وَ الْاَفْـِٕدَةَ ؕ قَلِيْلًا مَّا

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| فِيْهِ | مِنْ | رُوْحِهٖ | وَ جَعَلَ | لَكُمُ | السَّمْعَ | وَ الْاَبْصَارَ | وَ الْاَفْـِٕدَةَ | قَلِيْلًا مَّا |
| اس میں | سے | اپنی روح | اور بنائے | تمہارے لیے | کان | اور آنکھیں | اور دل | بہت کم |

اپنی (طرف سے) روح پھونکی اور تمہارے کان اور آنکھیں اور دل بنائے، (مگر) تم بہت کم

تَشْكُرُوْنَ ۝٩ وَ قَالُوْۤا ءَاِذَا ضَلَلْنَا فِي الْاَرْضِ ءَاِنَّا لَفِيْ خَلْقٍ جَدِيْدٍ ؕ۬ بَلْ هُمْ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تَشْكُرُوْنَ | وَ قَالُوْۤا | ءَاِذَا | ضَلَلْنَا | فِي الْاَرْضِ | ءَاِنَّا | لَفِيْ | خَلْقٍ | جَدِيْدٍ | بَلْ | هُمْ |
| تم شکر کرتے ہو | اور کہا انہوں نے | کیا جب | ہم ملیامیٹ ہو جائیں گے | زمین میں | تو کیا ہم | واقعی میں | پیدائش | نئی | بلکہ | وہ |

شکر کرتے ہو۔ اور کہنے لگے کہ جب ہم زمین میں ملیامیٹ ہو جائیں گے تو کیا ازسرنو پیدا ہوں گے؟ حقیقت یہ ہے کہ یہ لوگ

بِلِقَآءِ رَبِّهِمْ كٰفِرُوْنَ ۝١٠ قُلْ يَتَوَفّٰىكُمْ مَّلَكُ الْمَوْتِ الَّذِيْ وُكِّلَ بِكُمْ ثُمَّ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بِلِقَآءِ | رَبِّهِمْ | كٰفِرُوْنَ | قُلْ | يَتَوَفّٰىكُمْ | مَلَكُ | الْمَوْتِ | الَّذِيْ | وُكِّلَ | بِكُمْ | ثُمَّ |
| ملاقات سے | اپنے رب کی | انکار کرتے ہیں | کہہ دیجئے | فوت کرتا ہے تم کو | فرشتہ | موت کا | وہ جو | مقرر کیا گیا ہے | تم پر | پھر |

اپنے پروردگار کے سامنے جانے ہی کے قائل نہیں۔ کہہ دو کہ موت کا فرشتہ جو تم پر مقرر کیا گیا ہے تمہاری روحیں قبض کر لیتا ہے پھر

ع ۱۱ / ۱۴

إِلٰى رَبِّكُمْ تُرْجَعُوْنَ ۝١١ وَلَوْ تَرٰٓى اِذِ الْمُجْرِمُوْنَ نَاكِسُوْا رُءُوْسِهِمْ عِنْدَ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| إِلٰى | رَبِّكُمْ | تُرْجَعُوْنَ | وَلَوْ | تَرٰٓى | اِذْ | الْمُجْرِمُوْنَ | نَاكِسُوْا | رُءُوْسِهِمْ | عِنْدَ |
| طرف | اپنے رب کی | تم لوٹائے جاؤ گے | اور اگر | آپ دیکھیں | جب | مجرمین | جھکائے ہوں گے | اپنے سر | سامنے |

تم اپنے پروردگار کی طرف لوٹائے جاؤ گے۔ اور (تم تعجب کرو) جب دیکھو کہ گنہگار اپنے پروردگار کے سامنے سر جھکائے ہوں گے (اور کہیں گے کہ)

رَبِّهِمْ ۭ رَبَّنَآ اَبْصَرْنَا وَسَمِعْنَا فَارْجِعْنَا نَعْمَلْ صَالِحًا اِنَّا مُوْقِنُوْنَ ۝١٢ وَلَوْ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| رَبِّهِمْ | رَبَّنَآ | اَبْصَرْنَا | وَسَمِعْنَا | فَارْجِعْنَا | نَعْمَلْ | صَالِحًا | اِنَّا | مُوْقِنُوْنَ | وَلَوْ |
| اپنے رب کے | اے رب ہمارے | دیکھ لیا ہم نے | اور سن لیا ہم نے | پس ہمیں لوٹا دے | ہم عمل کریں گے | نیک | بیشک ہم | یقین کرنے والے ہیں | اور اگر |

اے ہمارے پروردگار! ہم نے دیکھ لیا اور سن لیا، تو ہم کو (دنیا میں) واپس بھیج دے کہ نیک عمل کریں، بیشک ہم یقین کرنے والے ہیں۔ اور

شِئْنَا لَاٰتَيْنَا كُلَّ نَفْسٍ هُدٰىهَا وَلٰكِنْ حَقَّ الْقَوْلُ مِنِّيْ لَاَمْلَئَنَّ جَهَنَّمَ مِنَ

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| شِئْنَا | لَاٰتَيْنَا | كُلَّ | نَفْسٍ | هُدٰىهَا | وَلٰكِنْ | حَقَّ | الْقَوْلُ | مِنِّيْ | لَاَمْلَئَنَّ | جَهَنَّمَ | مِنَ |
| ہم چاہتے | ہم ضرور دیتے | ہر | شخص کو | ہدایت اسکی | اور لیکن | ثابت ہو چکی ہے | بات | میری طرف سے | میں ضرور بھر دوں گا | جہنم | سے |

ہم چاہتے تو ہر شخص کو ہدایت دے دیتے، مگر میری طرف سے یہ بات قرار پا چکی ہے کہ میں دوزخ کو جنوں

الْجِنَّةِ وَالنَّاسِ اَجْمَعِيْنَ ۝١٣ فَذُوْقُوْا بِمَا نَسِيْتُمْ لِقَآءَ يَوْمِكُمْ هٰذَا ۚ اِنَّا

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الْجِنَّةِ | وَالنَّاسِ | اَجْمَعِيْنَ | فَذُوْقُوْا | بِمَا | نَسِيْتُمْ | لِقَآءَ | يَوْمِكُمْ | هٰذَا | اِنَّا |
| جنوں | اور انسانوں | سب سے | پس چکھو | اس لیے کہ | تم بھول گئے تھے | ملاقات | اپنے دن کی | اس | بیشک ہم نے |

اور انسانوں سب سے بھر دوں گا۔ سو (اب آگ کے) مزے چکھو اس لیے کہ تم نے اس دن کے آنے کو بھلا رکھا تھا۔ (آج) ہم بھی

نَسِيْنٰكُمْ وَذُوْقُوْا عَذَابَ الْخُلْدِ بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ۝١٤ اِنَّمَا يُؤْمِنُ بِاٰيٰتِنَا

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| نَسِيْنٰكُمْ | وَذُوْقُوْا | عَذَابَ | الْخُلْدِ | بِمَا | كُنْتُمْ | تَعْمَلُوْنَ | اِنَّمَا | يُؤْمِنُ | بِاٰيٰتِنَا |
| بھی بھلا دیا تم کو | اور چکھو | عذاب | ہمیشہ کا | بسبب اسکے جو | تھے تم | عمل کرتے | سوائے اسکے نہیں کہ | ایمان لاتے ہیں | ہماری آیات پر |

تمہیں بھلا دیں گے اور جو کام تم کرتے تھے ان کی سزا میں ہمیشہ کے عذاب کے مزے چکھتے رہو۔ ہماری آیتوں پر تو وہی لوگ ایمان لاتے

السجدة ۹

الَّذِيْنَ اِذَا ذُكِّرُوْا بِهَا خَرُّوْا سُجَّدًا وَّسَبَّحُوْا بِحَمْدِ رَبِّهِمْ وَهُمْ لَا يَسْتَكْبِرُوْنَ ۝١٥ السجدة

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الَّذِيْنَ | اِذَا | ذُكِّرُوْا | بِهَا | خَرُّوْا | سُجَّدًا | وَسَبَّحُوْا | بِحَمْدِ | رَبِّهِمْ | وَهُمْ | لَا يَسْتَكْبِرُوْنَ |
| وہ لوگ کہ | جب | انکو نصیحت کی جاتی ہے | ان سے | گر پڑتے ہیں | سجدہ میں | اور تسبیح کرتے ہیں | تعریف کے ساتھ | اپنے رب کی | اور وہ | نہیں تکبر کرتے |

ہیں کہ جب ان کو ان سے نصیحت کی جاتی ہے تو سجدے میں گر پڑتے ہیں اور اپنے پروردگار کی تعریف کے ساتھ تسبیح کرتے ہیں اور غرور نہیں کرتے۔

تَتَجَافٰى جُنُوْبُهُمْ عَنِ الْمَضَاجِعِ يَدْعُوْنَ رَبَّهُمْ خَوْفًا وَّ طَمَعًا ۡ وَّ مِمَّا

| تَتَجَافٰى | جُنُوْبُهُمْ | عَنْ | الْمَضَاجِعِ | يَدْعُوْنَ | رَبَّهُمْ | خَوْفًا | وَ طَمَعًا | وَ مِمَّا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الگ رہتے ہیں | ان کے پہلو | سے | بستروں | وہ پکارتے ہیں | اپنے رب کو | خوف | اور امید سے | اور اس میں سے جو |

ان کے پہلو بچھونوں سے الگ رہتے ہیں (اور) وہ اپنے پروردگار کو خوف اور امید سے پکارتے اور جو (مال) ہم نے

رَزَقْنٰهُمْ يُنْفِقُوْنَ ۝١٦ فَلَا تَعْلَمُ نَفْسٌ مَّآ اُخْفِيَ لَهُمْ مِّنْ قُرَّةِ اَعْيُنٍ ۚ جَزَآءًۢ

| رَزَقْنٰهُمْ | يُنْفِقُوْنَ | فَلَا | تَعْلَمُ | نَفْسٌ | مَا | اُخْفِيَ | لَهُمْ | مِنْ | قُرَّةِ | اَعْيُنٍ | جَزَآءً |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| رزق دیا ہم نے انکو | خرچ کرتے ہیں | پس نہیں | جانتا | کوئی نفس | اسکو جو | چھپا کر رکھا گیا ہے | ان کیلئے | سے | ٹھنڈک | آنکھوں کی | بدلہ |

ان کو دیا ہے اس میں سے خرچ کرتے ہیں۔ کوئی متنفس نہیں جانتا کہ ان کے لیے کیسی آنکھوں کی ٹھنڈک چھپا کر رکھی گئی ہے۔ یہ ان اعمال کا

بِمَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ۝١٧ اَفَمَنْ كَانَ مُؤْمِنًا كَمَنْ كَانَ فَاسِقًا ؕ لَا يَسْتَوٗنَ ۝١٨ اَمَّا وقف غفران

| بِمَا | كَانُوْا | يَعْمَلُوْنَ | اَفَمَنْ | كَانَ | مُؤْمِنًا | كَمَنْ | كَانَ | فَاسِقًا | لَا يَسْتَوٗنَ | اَمَّا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ان کا جو | تھے | وہ عمل کرتے | تو کیا جو شخص | ہو | مومن | مانند اس کی ہے جو | ہو | نافرمان | وہ نہیں برابر ہیں | سو |

صلہ ہے جو وہ کرتے تھے۔ بھلا جو شخص مومن ہو وہ اس شخص کی طرح ہو سکتا ہے جو نافرمان ہو؟ دونوں برابر نہیں ہو سکتے۔ جو

الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَ عَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ فَلَهُمْ جَنّٰتُ الْمَاْوٰى ۡ نُزُلًۢا بِمَا كَانُوْا

| الَّذِيْنَ | اٰمَنُوْا | وَ عَمِلُوْا | الصّٰلِحٰتِ | فَلَهُمْ | جَنّٰتُ | الْمَاْوٰى | نُزُلًا | بِمَا | كَانُوْا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| جو لوگ | ایمان لائے | اور عمل کیے | نیک | پس ان کے لیے | باغات ہیں | ٹھکانا/رہنے کے | مہمانی | اسکے بدلے جو | تھے |

لوگ ایمان لائے اور نیک عمل کرتے رہے ان کے رہنے کے لیے باغ ہیں۔ یہ مہمانی ان کاموں کی جزا ہے جو وہ

يَعْمَلُوْنَ ۝١٩ وَ اَمَّا الَّذِيْنَ فَسَقُوْا فَمَاْوٰىهُمُ النَّارُ ؕ كُلَّمَآ اَرَادُوْٓا اَنْ يَّخْرُجُوْا

| يَعْمَلُوْنَ | وَ اَمَّا | الَّذِيْنَ | فَسَقُوْا | فَمَاْوٰىهُمُ | النَّارُ | كُلَّمَا | اَرَادُوْا | اَنْ | يَخْرُجُوْا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وہ عمل کرتے | اور وہ کہ | جنہوں نے | نافرمانی کی | توان کے رہنے کی جگہ | آگ ہے | جب بھی | وہ ارادہ کریں گے | کہ | نکل جائیں |

کرتے تھے۔ اور جنہوں نے نافرمانی کی ان کے رہنے کے لیے دوزخ ہے۔ جب چاہیں گے کہ اس میں سے نکل جائیں

مِنْهَآ اُعِيْدُوْا فِيْهَا وَ قِيْلَ لَهُمْ ذُوْقُوْا عَذَابَ النَّارِ الَّذِيْ كُنْتُمْ بِهٖ

| مِنْهَا | اُعِيْدُوْا | فِيْهَا | وَ قِيْلَ | لَهُمْ | ذُوْقُوْا | عَذَابَ | النَّارِ | الَّذِيْ | كُنْتُمْ | بِهٖ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اس میں سے | لوٹا دیئے جائیں گے | اس میں | اور کہا جائے گا | ان کو | چکھو | عذاب | آگ کا | وہ کہ | تھے تم | جس کو |

تو اس میں لوٹا دیئے جائیں گے اور ان سے کہا جائے گا کہ جس دوزخ کے عذاب کو تم جھوٹ سمجھتے تھے اس کے

تُكَذِّبُوْنَ ﴿۲۰﴾ وَ لَنُذِيْقَنَّهُمْ مِّنَ الْعَذَابِ الْاَدْنٰى دُوْنَ الْعَذَابِ الْاَكْبَرِ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تُكَذِّبُوْنَ | وَ لَنُذِيْقَنَّهُمْ | مِنَ | الْعَذَابِ | الْاَدْنٰى | دُوْنَ | الْعَذَابِ | الْاَكْبَرِ |
| جھٹلاتے | اور ہم ضرور چکھائیں گے ان کو | سے | عذاب | نزدیک/دنیا | سوائے/علاوہ | عذاب کے | بڑے |

مزے چکھو۔ اور ہم ان کو (قیامت کے) بڑے عذاب کے سوا عذابِ دنیا کا بھی مزہ چکھائیں گے،

لَعَلَّهُمْ يَرْجِعُوْنَ ﴿۲۱﴾ وَ مَنْ اَظْلَمُ مِمَّنْ ذُكِّرَ بِاٰيٰتِ رَبِّهٖ ثُمَّ اَعْرَضَ عَنْهَا ؕ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| لَعَلَّهُمْ | يَرْجِعُوْنَ | وَ مَنْ | اَظْلَمُ | مِمَّنْ | ذُكِّرَ | بِاٰيٰتِ | رَبِّهٖ | ثُمَّ | اَعْرَضَ | عَنْهَا |
| تاکہ وہ/شاید وہ | لوٹ آئیں | اور کون | زیادہ ظالم ہے | اس سے جس کو | نصیحت کی جائے | آیات سے | اسکے رب کی | پھر | وہ منہ پھیرلے | ان سے |

شاید (ہماری طرف) لوٹ آئیں۔ اور اس شخص سے بڑھ کر ظالم کون جس کو اس کے پروردگار کی آیتوں سے نصیحت کی جائے تو وہ ان سے منہ پھیر لے۔

ع ۲ ۱۱ ۱۵

اِنَّا مِنَ الْمُجْرِمِيْنَ مُنْتَقِمُوْنَ ﴿۲۲﴾ ع وَ لَقَدْ اٰتَيْنَا مُوْسَى الْكِتٰبَ فَلَا تَكُنْ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اِنَّا | مِنَ الْمُجْرِمِيْنَ | مُنْتَقِمُوْنَ | وَ لَقَدْ | اٰتَيْنَا | مُوْسٰى | الْكِتٰبَ | فَلَا تَكُنْ |
| بیشک ہم | مجرموں سے | انتقام لینے والے ہیں | اور بے شک | دی ہم نے | موسیٰ کو | کتاب | پس نہ آپ ہوں |

ہم گنہگاروں سے ضرور بدلہ لینے والے ہیں۔ اور ہم نے موسیٰؑ کو کتاب دی، تو تم اس کے ملنے سے

فِيْ مِرْيَةٍ مِّنْ لِّقَآئِهٖ وَ جَعَلْنٰهُ هُدًى لِّبَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ ﴿۲۳﴾ ج وَ جَعَلْنَا

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| فِيْ مِرْيَةٍ | مِنْ لِّقَآئِهٖ | وَ جَعَلْنٰهُ | هُدًى | لِبَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ | وَ جَعَلْنَا |
| شک میں | اس کے ملنے سے | اور بنایا ہم نے اس کو | ہدایت | بنی اسرائیل کیلئے | اور بنائے ہم نے |

شک میں نہ ہونا، اور ہم نے اس (کتاب) کو (یا موسیٰؑ کو) بنی اسرائیل کے لیے ذریعۂ ہدایت بنایا۔ اور ان میں سے ہم نے

مِنْهُمْ اَئِمَّةً يَّهْدُوْنَ بِاَمْرِنَا لَمَّا صَبَرُوْا ؕ قف وَ كَانُوْا بِاٰيٰتِنَا يُوْقِنُوْنَ ﴿۲۴﴾

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مِنْهُمْ | اَئِمَّةً | يَهْدُوْنَ | بِاَمْرِنَا | لَمَّا | صَبَرُوْا | وَ كَانُوْا | بِاٰيٰتِنَا | يُوْقِنُوْنَ |
| ان میں سے | پیشوا | وہ ہدایت کرتے تھے | ہمارے حکم سے | جب | صبر کیا انہوں نے | اور وہ تھے | ہماری آیتوں پر | یقین رکھتے |

پیشوا بنائے تھے جو ہمارے حکم سے ہدایت کیا کرتے تھے، جب وہ صبر کرتے تھے۔ اور وہ ہماری آیتوں پر یقین رکھتے تھے۔

اِنَّ رَبَّكَ هُوَ يَفْصِلُ بَيْنَهُمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ فِيْمَا كَانُوْا فِيْهِ يَخْتَلِفُوْنَ ﴿۲۵﴾

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اِنَّ | رَبَّكَ | هُوَ | يَفْصِلُ | بَيْنَهُمْ | يَوْمَ الْقِيٰمَةِ | فِيْمَا | كَانُوْا | فِيْهِ | يَخْتَلِفُوْنَ |
| بے شک | آپ کا رب | وہی | فیصلہ کرے گا | ان کے درمیان | قیامت کے دن | ان چیزوں میں کہ | وہ تھے | جن میں | اختلاف کرتے |

بلاشبہ تمہارا پروردگار ان میں جن باتوں میں وہ اختلاف کرتے تھے قیامت کے روز فیصلہ کر دے گا۔

اَوَ لَمْ يَهْدِ لَهُمْ كَمْ اَهْلَكْنَا مِنْ قَبْلِهِمْ مِّنَ الْقُرُوْنِ يَمْشُوْنَ فِيْ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اَوَ لَمْ يَهْدِ | لَهُمْ | كَمْ | اَهْلَكْنَا | مِنْ قَبْلِهِمْ | مِنَ الْقُرُوْنِ | يَمْشُوْنَ | فِيْ |
| کیا نہیں ہدایت ہوئی | ان کیلئے | کتنی | ہلاک کیں ہم نے | ان سے پہلے | امتیں | وہ چلتے پھرتے ہیں | میں |

کیا ان کو اس (امر) سے ہدایت نہ ہوئی کہ ہم نے ان سے پہلے بہت سی امتوں کو جن کے مقامات سکونت میں یہ چلتے پھرتے ہیں،

مَسٰكِنِهِمْ ۭ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ ۭ اَفَلَا يَسْمَعُوْنَ ﴿۲۶﴾ اَوَلَمْ يَرَوْا اَنَّا نَسُوْقُ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مَسٰكِنِهِمْ | اِنَّ | فِيْ ذٰلِكَ | لَاٰيٰتٍ | اَفَلَا | يَسْمَعُوْنَ | اَوَلَمْ يَرَوْا | اَنَّا | نَسُوْقُ |
| ان کے مقاماتِ سکونت | بے شک | اس میں | نشانیاں ہیں | تو کیا نہیں | وہ سنتے ہیں | کیا نہیں دیکھا انہوں نے | بیشک ہم | رواں کرتے ہیں |

ہلاک کر دیا؟ بے شک اس میں نشانیاں ہیں۔ تو یہ سنتے کیوں نہیں؟ کیا انہوں نے نہیں دیکھا کہ ہم بنجر زمین کی طرف

الْمَآءَ اِلَى الْاَرْضِ الْجُرُزِ فَنُخْرِجُ بِهٖ زَرْعًا تَاْكُلُ مِنْهُ اَنْعَامُهُمْ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الْمَآءَ | اِلَى الْاَرْضِ | الْجُرُزِ | فَنُخْرِجُ | بِهٖ | زَرْعًا | تَاْكُلُ | مِنْهُ | اَنْعَامُهُمْ |
| پانی | زمین کی طرف | بنجر | پھر ہم نکالتے ہیں | اسکے ساتھ | کھیتی | کھاتے ہیں | اس میں سے | ان کے چوپائے |

پانی رواں کرتے ہیں پھر اس سے کھیتی پیدا کرتے ہیں جس میں سے ان کے چوپائے بھی کھاتے ہیں

الثلثة

وَ اَنْفُسُهُمْ ۭ اَفَلَا يُبْصِرُوْنَ ﴿۲۷﴾ وَيَقُوْلُوْنَ مَتٰى هٰذَا الْفَتْحُ اِنْ كُنْتُمْ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ اَنْفُسُهُمْ | اَفَلَا | يُبْصِرُوْنَ | وَيَقُوْلُوْنَ | مَتٰى | هٰذَا | الْفَتْحُ | اِنْ | كُنْتُمْ |
| اور وہ خود | تو کیا نہیں | وہ دیکھتے | اور کہتے ہیں | کب (ہوگا) | یہ | فیصلہ | اگر | ہو تم |

اور وہ بھی (کھاتے ہیں)؟ تو یہ دیکھتے کیوں نہیں؟ اور کہتے ہیں کہ اگر تم سچے ہو تو یہ فیصلہ کب

صٰدِقِيْنَ ﴿۲۸﴾ قُلْ يَوْمَ الْفَتْحِ لَا يَنْفَعُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا اِيْمَانُهُمْ وَلَا

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| صٰدِقِيْنَ | قُلْ | يَوْمَ | الْفَتْحِ | لَا يَنْفَعُ | الَّذِيْنَ | كَفَرُوْا | اِيْمَانُهُمْ | وَلَا |
| سچے | کہہ دیجئے | دن | فیصلے کے | نہیں نفع دے گا | ان لوگوں کو جو | کافر ہیں | ایمان لانا ان کا | اور نہ |

ہو گا؟ کہہ دو کہ فیصلے کے دن کافروں کو ان کا ایمان لانا کچھ بھی فائدہ نہ دے گا اور نہ

هُمْ يُنْظَرُوْنَ ﴿۲۹﴾ فَاَعْرِضْ عَنْهُمْ وَانْتَظِرْ اِنَّهُمْ مُّنْتَظِرُوْنَ ﴿۳۰﴾ ع

ع ۳ ۸ ۱۶

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| هُمْ | يُنْظَرُوْنَ | فَاَعْرِضْ | عَنْهُمْ | وَانْتَظِرْ | اِنَّهُمْ | مُنْتَظِرُوْنَ |
| ان کو | مہلت دی جائے گی | پس منہ پھیر لیں | ان سے | اور انتظار کریں | بے شک وہ بھی | انتظار کر رہے ہیں |

ان کو مہلت دی جائے گی۔ تو ان سے منہ پھیر لو اور انتظار کرو، یہ بھی انتظار کر رہے ہیں۔

سُوْرَةُ الْاَحْزَابِ مَدَنِيَّةٌ

اٰيَاتُهَا ۷۳ رُكُوْعَاتُهَا ۹

# بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| الْاَحْزَاب | بِ | اِسْمِ | اللّٰهِ | الرَّحْمٰنِ | الرَّحِيْمِ |
| گروہ/لشکر | ساتھ/سے | نام | اللہ کے | بے حد مہربان | نہایت رحم کرنے والا |

شروع اللہ کا نام لے کر جو بڑا مہربان، نہایت رحم والا ہے۔

يٰٓاَيُّهَا النَّبِيُّ اتَّقِ اللّٰهَ وَ لَا تُطِعِ الْكٰفِرِيْنَ وَ الْمُنٰفِقِيْنَ ؕ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ عَلِيْمًا

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| يٰٓاَيُّهَا | النَّبِيُّ | اتَّقِ | اللّٰهَ | وَ لَا تُطِعِ | الْكٰفِرِيْنَ | وَ الْمُنٰفِقِيْنَ | اِنَّ اللّٰهَ | كَانَ | عَلِيْمًا |
| اے | نبیؐ | ڈرتے رہیں | اللہ سے | اور نہ کہنا مانیں | کافروں کا | اور منافقوں کا | بے شک اللہ | ہے | سب کچھ جاننے والا |

اے پیغمبرؐ! اللہ سے ڈرتے رہنا اور کافروں اور منافقوں کا کہا نہ ماننا۔ بے شک اللہ جاننے والا (اور)

حَكِيْمًا ۙ﴿۱﴾ وَّ اتَّبِعْ مَا يُوْحٰۤى اِلَيْكَ مِنْ رَّبِّكَ ؕ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ بِمَا تَعْمَلُوْنَ خَبِيْرًا ۙ﴿۲﴾

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| حَكِيْمًا | وَ اتَّبِعْ | مَا | يُوْحٰى | اِلَيْكَ | مِنْ رَّبِّكَ | اِنَّ اللّٰهَ | كَانَ | بِمَا | تَعْمَلُوْنَ | خَبِيْرًا |
| بڑی حکمت والا | اور پیروی کیجئے | جو | وحی کی جاتی ہے | آپکی طرف | آپکے رب کی طرف سے | بیشک اللہ | ہے | اس سے جو | تم عمل کرتے ہو | خبردار |

حکمت والا ہے۔ اور جو (کتاب) تم کو تمہارے پروردگار کی طرف سے وحی کی جاتی ہے، اسی کی پیروی کیے جانا۔ بیشک اللہ تمہارے سب عملوں سے خبردار ہے۔

وَّ تَوَكَّلْ عَلَى اللّٰهِ ؕ وَ كَفٰى بِاللّٰهِ وَكِيْلًا ﴿۳﴾ مَا جَعَلَ اللّٰهُ لِرَجُلٍ مِّنْ قَلْبَيْنِ فِيْ جَوْفِهٖ ۚ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ تَوَكَّلْ | عَلَى اللّٰهِ | وَ كَفٰى | بِاللّٰهِ | وَكِيْلًا | مَا | جَعَلَ | اللّٰهُ | لِرَجُلٍ | مِنْ قَلْبَيْنِ | فِيْ جَوْفِهٖ |
| اور بھروسا رکھیں | اللہ پر | اور کافی ہے | اللہ | کارساز | نہیں | بنائے | اللہ نے | کسی آدمی کے | دو دل | اس کے سینے میں |

اور اللہ پر بھروسا رکھنا اور اللہ ہی کارساز کافی ہے۔ اللہ نے کسی آدمی کے پہلو میں دو دل نہیں بنائے

وَ مَا جَعَلَ اَزْوَاجَكُمُ الّٰٓـِٔيْ تُظٰهِرُوْنَ مِنْهُنَّ اُمَّهٰتِكُمْ ۚ وَ مَا جَعَلَ اَدْعِيَآءَكُمْ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ مَا | جَعَلَ | اَزْوَاجَكُمُ | الّٰٓـِٔيْ | تُظٰهِرُوْنَ | مِنْهُنَّ | اُمَّهٰتِكُمْ | وَ مَا | جَعَلَ | اَدْعِيَآءَكُمْ |
| اور نہیں | بنایا | تمہاری بیویوں کو | وہ جن کو | تم ماں کہہ بیٹھتے ہو | ان میں سے | تمہاری مائیں | اور نہیں | بنایا | تمہارے لے پالکوں کو |

اور نہ تمہاری عورتوں کو جن کو تم ماں کہہ بیٹھتے ہو تمہاری ماں بنایا اور نہ تمہارے لے پالکوں کو

اَبْنَآءَكُمْ ؕ ذٰلِكُمْ قَوْلُكُمْ بِاَفْوَاهِكُمْ ؕ وَ اللّٰهُ يَقُوْلُ الْحَقَّ وَ هُوَ يَهْدِي السَّبِيْلَ ﴿۴﴾

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اَبْنَآءَكُمْ | ذٰلِكُمْ | قَوْلُكُمْ | بِاَفْوَاهِكُمْ | وَ اللّٰهُ | يَقُوْلُ | الْحَقَّ | وَ هُوَ | يَهْدِي | السَّبِيْلَ |
| تمہارے بیٹے | یہ | بات تمہاری | تمہارے مونہوں کی | اور اللہ | فرماتا ہے | سچ | اور وہی | ہدایت دیتا ہے | (سیدھے) راستے کی |

تمہارے بیٹے بنایا۔ یہ سب تمہارے منہ کی باتیں ہیں۔ اور اللہ تو سچی بات فرماتا ہے اور وہی سیدھا رستہ دکھاتا ہے۔

اُدْعُوْهُمْ لِاٰبَآئِهِمْ هُوَ اَقْسَطُ عِنْدَ اللّٰهِ ۚ فَاِنْ لَّمْ تَعْلَمُوْٓا اٰبَآءَهُمْ فَاِخْوَانُكُمْ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اُدْعُوْهُمْ | لِاٰبَآئِهِمْ | هُوَ | اَقْسَطُ | عِنْدَ اللّٰهِ | فَاِنْ | لَمْ تَعْلَمُوْٓا | اٰبَآءَهُمْ | فَاِخْوَانُكُمْ |
| پکارو ان کو | انکے باپوں کے (نام کے) ساتھ | وہ/یہی | درست ہے | نزدیک اللہ کے | پس اگر | نہ تم جانو | انکے باپوں کو | پس وہ تمہارے بھائی ہیں |

(مومنو!) لے پالکوں کو ان کے (اصلی) باپوں کے نام سے پکارا کرو کہ اللہ کے نزدیک یہی بات درست ہے، اگر تم کو ان کے باپوں کے نام معلوم نہ ہوں تو

فِی الدِّیْنِ وَ مَوَالِیْكُمْ ؕ وَ لَیْسَ عَلَیْكُمْ جُنَاحٌ فِیْمَآ اَخْطَاْتُمْ بِهٖ ۙ وَ لٰكِنْ مَّا

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| فِی الدِّیْنِ | وَ مَوَالِیْكُمْ | وَ لَیْسَ | عَلَیْكُمْ | جُنَاحٌ | فِیْمَا | اَخْطَاْتُمْ | بِهٖ | وَ لٰكِنْ | مَا |
| دین میں | اور تمہارے دوست ہیں | اور نہیں | تم پر | کوئی گناہ | اس چیز میں کہ | غلطی سے کر گزرو تم | اس کو | اور لیکن | جو |

دین میں وہ تمہارے بھائی اور دوست ہیں۔ اور جو بات تم سے غلطی سے ہو گئی ہو اس میں تم پر کچھ گناہ نہیں، لیکن جو

تَعَمَّدَتْ قُلُوْبُكُمْ ؕ وَ كَانَ اللّٰهُ غَفُوْرًا رَّحِیْمًا ۝۵ اَلنَّبِیُّ اَوْلٰی بِالْمُؤْمِنِیْنَ مِنْ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تَعَمَّدَتْ | قُلُوْبُكُمْ | وَ كَانَ | اللّٰهُ | غَفُوْرًا | رَحِیْمًا | اَلنَّبِیُّ | اَوْلٰی ❶ | بِالْمُؤْمِنِیْنَ | مِنْ |
| ارادے سے کریں | دل تمہارے | اور ہے | اللہ | بڑا بخشنے والا | نہایت مہربان | نبیؐ | زیادہ حقدار/شفقت کرنے والا ہے | مومنوں پر | سے |

قصد دلی سے کرو (اس پر مواخذہ ہے)، اور اللہ بخشنے والا مہربان ہے۔ پیغمبرؐ مومنوں پر ان کی جانوں سے بھی زیادہ حق

اَنْفُسِهِمْ وَ اَزْوَاجُهٗٓ اُمَّهٰتُهُمْ ؕ وَ اُولُوا الْاَرْحَامِ بَعْضُهُمْ اَوْلٰی بِبَعْضٍ فِیْ كِتٰبِ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اَنْفُسِهِمْ | وَ اَزْوَاجُهٗ | اُمَّهٰتُهُمْ | وَ اُولُوا الْاَرْحَامِ | بَعْضُهُمْ | اَوْلٰی | بِبَعْضٍ | فِیْ كِتٰبِ |
| ان کی جانوں | اور اس کی بیویاں | ان کی مائیں ہیں | اور رشتے دار | بعض ان کے | زیادہ حقدار/نزدیک تر ہیں | بعض سے | کتاب میں |

رکھتے ہیں اور پیغمبرؐ کی بیویاں ان کی مائیں ہیں۔ اور رشتہ دار آپس میں کتاب اللہ کی رو سے مسلمانوں اور مہاجروں سے

اللّٰهِ مِنَ الْمُؤْمِنِیْنَ وَ الْمُهٰجِرِیْنَ اِلَّآ اَنْ تَفْعَلُوْٓا اِلٰٓی اَوْلِیٰٓئِكُمْ مَّعْرُوْفًا ؕ كَانَ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اللّٰهِ | مِنَ | الْمُؤْمِنِیْنَ | وَ الْمُهٰجِرِیْنَ | اِلَّا | اَنْ | تَفْعَلُوْٓا | اِلٰی | اَوْلِیٰٓئِكُمْ | مَعْرُوْفًا | كَانَ |
| اللہ کی | سے | مسلمانوں | اور مہاجروں | مگر | یہ کہ | تم کرو | طرف | اپنے دوستوں کی | نیک سلوک/احسان | ہے |

ایک دوسرے (کے ترکے) کے زیادہ حق دار ہیں، مگر یہ کہ تم اپنے دوستوں سے احسان کرنا چاہو۔ یہ

ذٰلِكَ فِی الْكِتٰبِ مَسْطُوْرًا ۝۶ وَ اِذْ اَخَذْنَا مِنَ النَّبِیّٖنَ مِیْثَاقَهُمْ وَ مِنْكَ وَ مِنْ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ذٰلِكَ | فِی الْكِتٰبِ | مَسْطُوْرًا | وَ اِذْ | اَخَذْنَا | مِنَ النَّبِیّٖنَ | مِیْثَاقَهُمْ | وَ مِنْكَ | وَ مِنْ |
| یہ | کتاب میں | لکھا ہوا | اور جب | لیا ہم نے | نبیوں سے | ان کا عہد | اور آپ سے | اور سے |

حکم کتاب (یعنی قرآن) میں لکھ دیا گیا ہے۔ اور جب ہم نے پیغمبروں سے عہد لیا اور تم سے اور نوح



❶ اَوْلٰی: زیادہ حقدار ہے، زیادہ شفقت کرنے والا ہے۔ دوسرے ترجمے کے لحاظ سے مفہوم یہ ہوگا: نبیؐ مومنوں پر خود ان سے بھی زیادہ مہربان اور شفقت فرمانے والے ہیں۔

نُّوْحٍ وَّاِبْرٰهِيْمَ وَمُوْسٰى وَعِيْسَى ابْنِ مَرْيَمَ ۠ وَاَخَذْنَا مِنْهُمْ مِّيْثَاقًا غَلِيْظًا ۙ ⑦

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| نُوْحٍ | وَاِبْرٰهِيْمَ | وَمُوْسٰى | وَعِيْسَى ابْنِ مَرْيَمَ | وَاَخَذْنَا | مِنْهُمْ | مِيْثَاقًا | غَلِيْظًا |
| نوح | اور ابراهیم | اور موسیٰ | اور عیسیٰ ابن مریم | اور لیا ہم نے | ان سے | عہد | پکا |

سے اور ابراہیم سے اور موسیٰؑ اور مریم کے بیٹے عیسیٰ سے اور عہد بھی ان سے پکا لیا۔

لِّيَسْئَلَ الصّٰدِقِيْنَ عَنْ صِدْقِهِمْ ۚ وَاَعَدَّ لِلْكٰفِرِيْنَ عَذَابًا اَلِيْمًا ⑧ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ ع ١ / ٨ / ١٧

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| لِيَسْئَلَ | الصّٰدِقِيْنَ | عَنْ صِدْقِهِمْ | وَاَعَدَّ | لِلْكٰفِرِيْنَ | عَذَابًا | اَلِيْمًا | يٰٓاَيُّهَا | الَّذِيْنَ |
| تاکہ سوال کرے | سچوں سے | ان کے سچ کے بارے میں | اور تیار کیا اس نے | کافروں کے لیے | عذاب | دردناک | اے | وہ لوگو جو |

تاکہ سچ کہنے والوں سے ان کی سچائی کے بارے میں دریافت کرے، اور اس نے کافروں کے لیے دکھ دینے والا عذاب تیار کر رکھا ہے۔ مومنو!

اٰمَنُوا اذْكُرُوْا نِعْمَةَ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ اِذْ جَآءَتْكُمْ جُنُوْدٌ فَاَرْسَلْنَا عَلَيْهِمْ رِيْحًا

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اٰمَنُوْا | اذْكُرُوْا | نِعْمَةَ اللّٰهِ | عَلَيْكُمْ | اِذْ | جَآءَتْكُمْ | جُنُوْدٌ | فَاَرْسَلْنَا | عَلَيْهِمْ | رِيْحًا |
| ایمان لائے ہو | یاد کرو | نعمت اللہ کی | اپنے اوپر | جب | آئیں تم پر | فوجیں | تو بھیجی ہم نے | ان پر | ہوا |

اللہ کی اس مہربانی کو یاد کرو جو (اس نے) تم پر (اس وقت) کی جب فوجیں تم پر (حملہ کرنے کو) آئیں تو ہم نے ان پر ہوا بھیجی

وَّجُنُوْدًا لَّمْ تَرَوْهَا ۭ وَكَانَ اللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ بَصِيْرًا ۚ ⑨ اِذْ جَآءُوْكُمْ مِّنْ فَوْقِكُمْ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَجُنُوْدًا | لَمْ تَرَوْهَا | وَكَانَ | اللّٰهُ | بِمَا | تَعْمَلُوْنَ | بَصِيْرًا | اِذْ | جَآءُوْكُمْ | مِنْ فَوْقِكُمْ |
| اور لشکر | نہیں تم نے دیکھا ان کو | اور تھا | اللہ | اس کو جو | تم کرتے تھے | دیکھنے والا | جب | وہ آئے تم پر | تمہارے اوپر سے |

اور ایسے لشکر (نازل کیے) جن کو تم دیکھ نہیں سکتے تھے۔ اور جو کام تم کرتے ہو اللہ ان کو دیکھ رہا ہے۔ جب وہ تمہارے اوپر اور نیچے کی

وَمِنْ اَسْفَلَ مِنْكُمْ وَاِذْ زَاغَتِ الْاَبْصَارُ وَبَلَغَتِ الْقُلُوْبُ الْحَنَاجِرَ وَتَظُنُّوْنَ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَمِنْ اَسْفَلَ | مِنْكُمْ | وَاِذْ | زَاغَتْ | الْاَبْصَارُ | وَبَلَغَتْ | الْقُلُوْبُ | الْحَنَاجِرَ | وَتَظُنُّوْنَ |
| اور نیچے سے | تمہارے | اور جب | کھلی کی کھلی رہ گئیں/ پتھرا گئیں | آنکھیں | اور پہنچ گئے | دل | گلوں تک | اور تم گمان کرتے تھے |

طرف سے تم پر (چڑھ) آئے، اور جب آنکھیں پھر گئیں اور دل (مارے دہشت کے) گلوں تک پہنچ گئے اور تم اللہ کی نسبت

بِاللّٰهِ الظُّنُوْنَا ⑩ هُنَالِكَ ابْتُلِيَ الْمُؤْمِنُوْنَ وَزُلْزِلُوْا زِلْزَالًا شَدِيْدًا ⑪ وَاِذْ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بِاللّٰهِ | الظُّنُوْنَا | هُنَالِكَ | ابْتُلِيَ | الْمُؤْمِنُوْنَ | وَزُلْزِلُوْا | زِلْزَالًا | شَدِيْدًا | وَاِذْ |
| اللہ کی نسبت | گمان طرح طرح کے | وہاں | آزمائے گئے | مومنین | اور ہلائے گئے | ہلایا جانا | شدید/سخت | اور جب |

طرح طرح کے گمان کرنے لگے۔ وہاں مومن آزمائے گئے اور سخت طور پر ہلائے گئے۔ اور جب

يَقُوْلُ الْمُنٰفِقُوْنَ وَ الَّذِيْنَ فِيْ قُلُوْبِهِمْ مَّرَضٌ مَّا وَعَدَنَا اللّٰهُ وَ رَسُوْلُهٗۤ اِلَّا

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| يَقُوْلُ | الْمُنٰفِقُوْنَ | وَ الَّذِيْنَ | فِيْ قُلُوْبِهِمْ | مَرَضٌ | مَا | وَعَدَنَا | اللّٰهُ | وَ رَسُوْلُهٗ | اِلَّا |
| کہنے لگے | منافق | اور وہ لوگ کہ | جن کے دلوں میں | مرض ہے | نہیں | وعدہ کیا ہم سے | اللہ نے | اور اس کے رسول نے | مگر |

منافق اور وہ لوگ جن کے دلوں میں بیماری ہے کہنے لگے کہ اللہ اور اس کے رسول نے تو ہم سے محض دھوکے کا

غُرُوْرًا ﴿۱۲﴾ وَ اِذْ قَالَتْ طَّآىِٕفَةٌ مِّنْهُمْ يٰۤاَهْلَ يَثْرِبَ لَا مُقَامَ لَكُمْ فَارْجِعُوْا ۚ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| غُرُوْرًا | وَ اِذْ | قَالَتْ | طَآىِٕفَةٌ | مِنْهُمْ | يٰۤاَهْلَ | يَثْرِبَ | لَا مُقَامَ | لَكُمْ | فَارْجِعُوْا |
| دھوکے کا | اور جب | کہتی تھی | ایک جماعت | ان میں سے | اے اہل | مدینہ | نہیں کوئی جگہ | تمہارے لیے | سو لوٹ چلو |

وعدہ کیا تھا۔ اور جب ان میں سے ایک جماعت کہتی تھی کہ اے اہل مدینہ (یہاں) تمہارے لیے (ٹھہرنے کا) مقام نہیں تو لوٹ چلو،

منع

وَ يَسْتَاْذِنُ فَرِيْقٌ مِّنْهُمُ النَّبِيَّ يَقُوْلُوْنَ اِنَّ بُيُوْتَنَا عَوْرَةٌ ۛؕ وَ مَا هِيَ بِعَوْرَةٍ ۚۛ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ يَسْتَاْذِنُ | فَرِيْقٌ | مِنْهُمُ | النَّبِيَّ | يَقُوْلُوْنَ | اِنَّ | بُيُوْتَنَا | عَوْرَةٌ | وَ مَا | هِيَ | بِعَوْرَةٍ |
| اور اجازت مانگتا تھا | ایک گروہ | ان میں سے | نبی سے | کہتے تھے | بیشک | ہمارے گھر | کھلے/غیر محفوظ ہیں | حالانکہ نہیں | وہ | غیر محفوظ |

اور ایک گروہ ان میں سے پیغمبرؐ سے اجازت مانگنے اور کہنے لگا کہ ہمارے گھر کھلے پڑے ہیں، حالانکہ وہ کھلے نہیں تھے۔

اِنْ يُّرِيْدُوْنَ اِلَّا فِرَارًا ﴿۱۳﴾ وَ لَوْ دُخِلَتْ عَلَيْهِمْ مِّنْ اَقْطَارِهَا ثُمَّ سُىِٕلُوا الْفِتْنَةَ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اِنْ | يُرِيْدُوْنَ | اِلَّا | فِرَارًا | وَ لَوْ | دُخِلَتْ | عَلَيْهِمْ | مِنْ اَقْطَارِهَا | ثُمَّ | سُىِٕلُوْا | الْفِتْنَةَ |
| نہیں | وہ چاہتے تھے | مگر | بھاگنا | اور اگر | داخل ہو جائیں | ان پر | اس کے اطراف سے | پھر | کہا جائے ان سے | فتنے/فساد کیلئے |

وہ تو صرف بھاگنا چاہتے تھے۔ اور اگر فوجیں اطرافِ مدینہ سے ان پر آ داخل ہوں پھر ان سے خانہ جنگی کے لیے کہا جائے

لَاٰتَوْهَا وَ مَا تَلَبَّثُوْا بِهَاۤ اِلَّا يَسِيْرًا ﴿۱۴﴾ وَ لَقَدْ كَانُوْا عَاهَدُوا اللّٰهَ مِنْ قَبْلُ لَا

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| لَاٰتَوْهَا | وَ مَا | تَلَبَّثُوْا | بِهَا | اِلَّا | يَسِيْرًا | وَ لَقَدْ | كَانُوْا | عَاهَدُوا | اللّٰهَ | مِنْ قَبْلُ | لَا |
| تو کرنے لگیں اس کو | اور نہ | توقف کریں/دیر لگائیں | اس میں | مگر | تھوڑی سی | اور بے شک | تھے | وہ عہد کر چکے | اللہ سے | اس سے پہلے | نہیں |

تو (فوراً) کرنے لگیں اور اس کے لیے بہت کم توقف کریں۔ حالانکہ پہلے اللہ سے اقرار کر چکے تھے کہ پیٹھ

يُوَلُّوْنَ الْاَدْبَارَ ؕ وَ كَانَ عَهْدُ اللّٰهِ مَسْـُٔوْلًا ﴿۱۵﴾ قُلْ لَّنْ يَّنْفَعَكُمُ الْفِرَارُ اِنْ فَرَرْتُمْ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| يُوَلُّوْنَ | الْاَدْبَارَ | وَ كَانَ | عَهْدُ اللّٰهِ | مَسْـُٔوْلًا | قُلْ | لَنْ يَّنْفَعَكُمْ | الْفِرَارُ | اِنْ | فَرَرْتُمْ |
| وہ پھیریں گے | پیٹھیں | اور ہے | اللہ کا عہد | پوچھا جانے والا | کہہ دیجئے | ہرگز نہیں نفع دے گا تم کو | بھاگنا | اگر | تم بھاگو |

نہیں پھیریں گے۔ اور اللہ سے (جو) اقرار (کیا جاتا ہے اس) کی ضرور پرسش ہوگی۔ کہہ دو کہ اگر تم مرنے یا مارے جانے سے بھاگتے ہو

مِّنَ الْمَوْتِ اَوِ الْقَتْلِ وَ اِذًا لَّا تُمَتَّعُوْنَ اِلَّا قَلِيْلًا ﴿۱۶﴾ قُلْ مَنْ ذَا الَّذِيْ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مِنَ الْمَوْتِ | اَوْ | الْقَتْلِ | وَ اِذًا | لَا تُمَتَّعُوْنَ | اِلَّا | قَلِيْلًا | قُلْ | مَنْ | ذَا | الَّذِيْ |
| موت سے | یا | قتل سے | اور اس وقت | نہیں تم فائدہ دیے جاؤ گے | مگر | کم | کہہ دیجئے | کون ہے | وہ | جو |

تو بھاگنا تم کو فائدہ نہیں دے گا اور اس وقت تم بہت ہی کم فائدہ اٹھاؤ گے۔ کہہ دو کہ اگر اللہ

يَعْصِمُكُمْ مِّنَ اللّٰهِ اِنْ اَرَادَ بِكُمْ سُوْٓءًا اَوْ اَرَادَ بِكُمْ رَحْمَةً ؕ وَ لَا يَجِدُوْنَ لَهُمْ

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| يَعْصِمُكُمْ | مِنَ اللّٰهِ | اِنْ | اَرَادَ | بِكُمْ | سُوْٓءًا | اَوْ | اَرَادَ | بِكُمْ | رَحْمَةً | وَ لَا يَجِدُوْنَ | لَهُمْ |
| بچاسکتا ہے تم کو | اللہ سے | اگر | وہ ارادہ کرے | تمہارے ساتھ | برائی کا | یا | ارادہ کرے | تمہارے ساتھ | رحمت کا | اور نہیں وہ پائیں گے | اپنے لیے |

تمہارے ساتھ برائی کا ارادہ کرے تو کون تم کو اس سے بچا سکتا ہے یا اگر تم پر مہربانی کرنی چاہے (تو کون اس کو ہٹا سکتا ہے)؟ اور یہ لوگ اللہ کے سوا

مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ وَلِيًّا وَّ لَا نَصِيْرًا ﴿۱۷﴾ قَدْ يَعْلَمُ اللّٰهُ الْمُعَوِّقِيْنَ مِنْكُمْ وَ الْقَآئِلِيْنَ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مِنْ دُوْنِ | اللّٰهِ | وَلِيًّا | وَ لَا نَصِيْرًا | قَدْ | يَعْلَمُ | اللّٰهُ | الْمُعَوِّقِيْنَ | مِنْكُمْ | وَ الْقَآئِلِيْنَ |
| سوائے | اللہ کے | دوست | اور نہ مددگار | بے شک | جانتا ہے | اللہ | جو روکنے والے ہیں | تم میں سے | اور کہنے والے ہیں |

کسی کو نہ اپنا دوست پائیں گے اور نہ مددگار۔ اللہ تم میں سے ان لوگوں کو بھی جانتا ہے جو (لوگوں کو) منع کرتے ہیں اور اپنے بھائیوں سے

لِاِخْوَانِهِمْ هَلُمَّ اِلَيْنَا ۚ وَ لَا يَاْتُوْنَ الْبَاْسَ اِلَّا قَلِيْلًا ﴿۱۸﴾ اَشِحَّةً عَلَيْكُمْ ۚۖ فَاِذَا

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| لِاِخْوَانِهِمْ | هَلُمَّ | اِلَيْنَا | وَ لَا يَاْتُوْنَ | الْبَاْسَ | اِلَّا | قَلِيْلًا | اَشِحَّةً | عَلَيْكُمْ | فَاِذَا |
| اپنے بھائیوں کو | آؤ | ہمارے پاس | اور نہیں وہ آتے | لڑائی میں | مگر | کم | بخل کرنے والے | تمہارے بارے میں | پس جب |

کہتے ہیں کہ ہمارے پاس چلے آؤ۔ اور لڑائی میں نہیں آتے مگر کم۔ (یہ اس لیے کہ) تمہارے بارے میں بخل کرتے ہیں۔ پھر جب

جَآءَ الْخَوْفُ رَاَيْتَهُمْ يَنْظُرُوْنَ اِلَيْكَ تَدُوْرُ اَعْيُنُهُمْ كَالَّذِيْ يُغْشٰى عَلَيْهِ مِنَ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| جَآءَ | الْخَوْفُ | رَاَيْتَهُمْ | يَنْظُرُوْنَ | اِلَيْكَ | تَدُوْرُ | اَعْيُنُهُمْ | كَالَّذِيْ | يُغْشٰى | عَلَيْهِ | مِنَ |
| آئے | خوف | آپ دیکھیں ان کو | دیکھتے ہیں | آپ کی طرف | پھر رہی ہیں | ان کی آنکھیں | مانند اس شخص کی کہ | غشی آرہی ہو | اس پر | سے |

ڈر (کا وقت) آئے تو تم ان کو دیکھو کہ تمہاری طرف دیکھ رہے ہیں (اور) ان کی آنکھیں (اسی طرح) پھر رہی ہیں جیسے کسی کو موت سے

الْمَوْتِ ۚ فَاِذَا ذَهَبَ الْخَوْفُ سَلَقُوْكُمْ بِاَلْسِنَةٍ حِدَادٍ اَشِحَّةً عَلَى الْخَيْرِ ؕ اُولٰٓئِكَ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الْمَوْتِ | فَاِذَا | ذَهَبَ | الْخَوْفُ | سَلَقُوْكُمْ ❶ | بِاَلْسِنَةٍ | حِدَادٍ | اَشِحَّةً | عَلَى الْخَيْرِ | اُولٰٓئِكَ |
| موت | پھر جب | جاتا رہے | خوف | چلائیں/بڑھ بڑھ کر بولیں تم سے | زبانوں کے ساتھ | تیز | بخیل/حریص | مال پر | یہ لوگ |

غشی آرہی ہو۔ پھر جب خوف جاتا رہے تو تیز زبانوں کے ساتھ تمہارے بارے میں زبان درازی کریں اور مال میں بخل کریں۔ یہ لوگ (حقیقت میں)



❶ سَلَقُوْكُمْ: چلائیں تم پر، بڑھ بڑھ کر بولیں تم سے۔

لَمْ يُؤْمِنُوْا فَاَحْبَطَ اللّٰهُ اَعْمَالَهُمْ ؕ وَ كَانَ ذٰلِكَ عَلَى اللّٰهِ يَسِيْرًا ﴿۱۹﴾ يَحْسَبُوْنَ

| لَمْ يُؤْمِنُوْا | فَاَحْبَطَ | اللّٰهُ | اَعْمَالَهُمْ | وَ كَانَ | ذٰلِكَ | عَلَى اللّٰهِ | يَسِيْرًا | يَحْسَبُوْنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| نہیں ایمان لائے | تو برباد کردیئے | اللہ نے | ان کے اعمال | اور ہے | یہ | اللہ پر | آسان | وہ خیال کرتے ہیں |

ایمان لائے ہی نہ تھے تو اللہ نے ان کے اعمال برباد کر دیئے اور یہ اللہ کو آسان تھا۔ (خوف کے سبب) خیال کرتے ہیں کہ

الْاَحْزَابَ لَمْ يَذْهَبُوْا ۚ وَاِنْ يَّاْتِ الْاَحْزَابُ يَوَدُّوْا لَوْ اَنَّهُمْ بَادُوْنَ فِي الْاَعْرَابِ

| الْاَحْزَابَ | لَمْ يَذْهَبُوْا | وَاِنْ | يَّاْتِ | الْاَحْزَابُ | يَوَدُّوْا | لَوْ | اَنَّهُمْ | بَادُوْنَ | فِي الْاَعْرَابِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| (حملہ آور) فوجیں | (ابھی) نہیں گئیں | اور اگر | آجائیں | لشکر | وہ تمنا کریں | کاش | کہ وہ | صحرا میں جا بیٹھیں | گنواروں میں |

فوجیں نہیں گئیں۔ اور اگر لشکر آ جائیں تو تمنا کریں کہ (کاش) گنواروں میں جا رہیں

ع ۲ ۱۲ ۱۸ يَسْاَلُوْنَ عَنْ اَنْۢبَآئِكُمْ ؕ وَلَوْ كَانُوْا فِيْكُمْ مَّا قٰتَلُوْٓا اِلَّا قَلِيْلًا ﴿۲۰﴾ لَقَدْ كَانَ لَكُمْ

| يَسْاَلُوْنَ | عَنْ اَنْۢبَآئِكُمْ | وَلَوْ | كَانُوْا | فِيْكُمْ | مَا | قٰتَلُوْا | اِلَّا | قَلِيْلًا | لَقَدْ | كَانَ | لَكُمْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| (پھر) پوچھتے رہیں | تمہاری خبریں | اور اگر | ہوں | تم میں | نہ | لڑائی کریں | مگر | کم | بے شک | ہے | تمہارے لیے |

(اور) تمہاری خبر پوچھا کریں۔ اور اگر تمہارے درمیان ہوں تو لڑائی نہ کریں مگر کم۔ تم کو اللہ کے پیغمبرؐ

فِيْ رَسُوْلِ اللّٰهِ اُسْوَةٌ حَسَنَةٌ لِّمَنْ كَانَ يَرْجُوا اللّٰهَ وَ الْيَوْمَ الْاٰخِرَ وَ ذَكَرَ اللّٰهَ

| فِيْ رَسُوْلِ | اللّٰهِ | اُسْوَةٌ | حَسَنَةٌ | لِمَنْ | كَانَ | يَرْجُوا | اللّٰهَ | وَ الْيَوْمَ | الْاٰخِرَ | وَ ذَكَرَ | اللّٰهَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| رسول میں | اللہ کے | نمونہ/ پیروی | بہترین | اس کیلئے جو | ہو | امید رکھتا | اللہ کی | اور دن | آخرت کی | اور ذکر کرتا ہو | اللہ کا |

کی پیروی (کرنی) بہتر ہے، (یعنی) اس شخص کو جسے اللہ (سے ملنے) اور روزِ قیامت (کے آنے) کی امید ہو اور وہ اللہ کا ذکر کثرت سے

كَثِيْرًا ﴿۲۱﴾ وَلَمَّا رَاَ الْمُؤْمِنُوْنَ الْاَحْزَابَ ۙ قَالُوْا هٰذَا مَا وَعَدَنَا اللّٰهُ وَ رَسُوْلُهٗ

| كَثِيْرًا | وَلَمَّا | رَاٰ | الْمُؤْمِنُوْنَ | الْاَحْزَابَ | قَالُوْا | هٰذَا | مَا | وَعَدَنَا | اللّٰهُ | وَ رَسُوْلُهٗ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بہت | اور جب | دیکھے | مومنوں نے | لشکر | کہا انہوں نے | یہ | وہ جو | وعدہ کیا ہم سے | اللہ نے | اور اس کے رسول نے |

کرتا ہو۔ اور جب مومنوں نے (کافروں کے) لشکر کو دیکھا تو کہنے لگے، یہ وہی ہے جس کا اللہ اور اس کے پیغمبرؐ نے ہم سے وعدہ کیا تھا

وَ صَدَقَ اللّٰهُ وَ رَسُوْلُهٗ ۫ وَ مَا زَادَهُمْ اِلَّآ اِيْمَانًا وَّ تَسْلِيْمًا ﴿۲۲﴾ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ

| وَ صَدَقَ | اللّٰهُ | وَ رَسُوْلُهٗ | وَ مَا | زَادَهُمْ | اِلَّا | اِيْمَانًا | وَ تَسْلِيْمًا | مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور سچ کہا | اللہ نے | اور اس کے رسول نے | اور نہیں | اس نے زیادہ کیا ان کو | مگر | ایمان | اور اطاعت میں | مومنوں میں سے |

اور اللہ اور اس کے پیغمبر نے سچ کہا تھا، اور اس سے ان کا ایمان اور اطاعت اور زیادہ ہو گئی۔ مومنوں میں

رِجَالٌ صَدَقُوْا مَا عَاهَدُوا اللّٰهَ عَلَيْهِ ۚ فَمِنْهُمْ مَّنْ قَضٰى نَحْبَهٗ وَ مِنْهُمْ مَّنْ

| رِجَالٌ | صَدَقُوْا | مَا | عَاهَدُوْا | اللّٰهَ | عَلَيْهِ | فَمِنْهُمْ | مَّنْ | قَضٰى | نَحْبَهٗ | وَ مِنْهُمْ | مَّنْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| آدمی ہیں | سچ کر دکھایا انہوں نے | اسکو کہ | عہد کیا انہوں نے | اللہ سے | جس پر | توان میں سے | جو/کوئی | پوری کر چکا | اپنی نذر | اوران میں | کوئی |

کتنے ہی ایسے شخص ہیں کہ جو اقرار انہوں نے اللہ سے کیا تھا اس کو سچ کر دکھایا، توان میں بعض ایسے ہیں جو اپنی نذر سے فارغ ہو گئے اور بعض ایسے ہیں

يَّنْتَظِرُ ۖ وَ مَا بَدَّلُوْا تَبْدِيْلًا ﴿٢٣﴾ لِّيَجْزِيَ اللّٰهُ الصّٰدِقِيْنَ بِصِدْقِهِمْ وَ يُعَذِّبَ

| يَّنْتَظِرُ | وَ مَا | بَدَّلُوْا | تَبْدِيْلًا | لِيَجْزِيَ | اللّٰهُ | الصّٰدِقِيْنَ | بِصِدْقِهِمْ | وَ يُعَذِّبَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| منتظر ہے | اور نہیں | تبدیل کیا انہوں نے | ذرا بھی تبدیل | تاکہ بدلہ دے | اللہ | سچوں کو | ان کے سچ کا | اور عذاب دے |

کہ انتظار کر رہے ہیں۔ اور انہوں نے (اپنے قول کو) ذرا بھی نہیں بدلا۔ تاکہ سچوں کو ان کی سچائی کا بدلہ دے اور منافقوں کو چاہے

الْمُنٰفِقِيْنَ اِنْ شَآءَ اَوْ يَتُوْبَ عَلَيْهِمْ ۭ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ غَفُوْرًا رَّحِيْمًا ﴿٢٤﴾ وَ رَدَّ اللّٰهُ

| الْمُنٰفِقِيْنَ | اِنْ | شَآءَ | اَوْ | يَتُوْبَ | عَلَيْهِمْ | اِنَّ | اللّٰهَ | كَانَ | غَفُوْرًا | رَحِيْمًا | وَ رَدَّ | اللّٰهُ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| منافقوں کو | اگر | چاہے | یا | مہربانی کرے | ان پر | بے شک | اللہ | ہے | بڑا بخشنے والا | نہایت مہربان | اور پھیر دیا | اللہ نے |

تو عذاب دے یا (چاہے تو) ان پر مہربانی کرے۔ بے شک اللہ بخشنے والا مہربان ہے۔ اور جو کافر تھے

الَّذِيْنَ كَفَرُوْا بِغَيْظِهِمْ لَمْ يَنَالُوْا خَيْرًا ۭ وَ كَفَى اللّٰهُ الْمُؤْمِنِيْنَ الْقِتَالَ ۭ وَ كَانَ

| الَّذِيْنَ | كَفَرُوْا | بِغَيْظِهِمْ | لَمْ يَنَالُوْا | خَيْرًا | وَ كَفَى اللّٰهُ | الْمُؤْمِنِيْنَ | الْقِتَالَ | وَ كَانَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ان لوگوں کو جو | کافر تھے | اپنے غصے کے ساتھ | نہیں حاصل کی انہوں نے | بھلائی | اور کافی ہوا اللہ | مومنوں کو | جنگ (کے بارے) میں | اور ہے |

ان کو اللہ نے پھیر دیا۔ وہ اپنے غصے میں (بھرے ہوئے تھے) کچھ بھلائی حاصل نہ کر سکے۔ اور اللہ مومنوں کو لڑائی کے بارے میں کافی ہوا۔ اور

اللّٰهُ قَوِيًّا عَزِيْزًا ﴿٢٥﴾ وَ اَنْزَلَ الَّذِيْنَ ظَاهَرُوْهُمْ مِّنْ اَهْلِ الْكِتٰبِ مِنْ

| اللّٰهُ | قَوِيًّا | عَزِيْزًا | وَ اَنْزَلَ | الَّذِيْنَ | ظَاهَرُوْهُمْ | مِنْ اَهْلِ الْكِتٰبِ | مِنْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اللہ | طاقتور | غالب | اور اتار دیا | ان لوگوں کو جنہوں نے | مدد کی ان کی | اہل کتاب میں سے | سے |

اللہ طاقتور (اور) زبردست ہے۔ اور اہل کتاب میں سے جنہوں نے ان کی مدد کی تھی ان کو ان کے

صَيَاصِيْهِمْ وَ قَذَفَ فِيْ قُلُوْبِهِمُ الرُّعْبَ فَرِيْقًا تَقْتُلُوْنَ وَ تَاْسِرُوْنَ فَرِيْقًا ﴿٢٦﴾

| صَيَاصِيْهِمْ | وَ قَذَفَ | فِيْ قُلُوْبِهِمُ | الرُّعْبَ | فَرِيْقًا | تَقْتُلُوْنَ | وَ تَاْسِرُوْنَ | فَرِيْقًا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ان کے قلعوں | اور ڈال دیا | ان کے دلوں میں | رعب | ایک گروہ کو | تم قتل کرتے تھے | اور قید کرتے تھے | ایک گروہ کو |

قلعوں سے اتار دیا اور ان کے دلوں میں دہشت ڈال دی، تو کتنوں کو تم قتل کر دیتے تھے اور کتنوں کو قید کر لیتے تھے۔

وَ اَوْرَثَكُمْ اَرْضَهُمْ وَ دِيَارَهُمْ وَ اَمْوَالَهُمْ وَ اَرْضًا لَّمْ تَطَـُٔوْهَا ؕ وَ كَانَ اللّٰهُ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ اَوْرَثَكُمْ | اَرْضَهُمْ | وَ دِيَارَهُمْ | وَ اَمْوَالَهُمْ | وَ اَرْضًا | لَّمْ تَطَـُٔوْهَا | وَ كَانَ | اللّٰهُ |
| اوروارث بنادیا تم کو | ان کی زمین کا | اوران کے گھروں کا | اوران کے مالوں کا | اورزمین کا | نہیں قدم رکھا تم نے اس پر | اورہے | اللہ |

اور ان کی زمین اور ان کے گھروں اور ان کے مال کا اور اس زمین کا جس میں تم نے پاؤں بھی نہیں رکھا تھا تم کو وارث بنا دیا۔ اور اللہ

ع ۳ ۱۹

عَلٰى كُلِّ شَیْءٍ قَدِيْرًا ﴿۲۷﴾ يٰۤاَيُّهَا النَّبِیُّ قُلْ لِّاَزْوَاجِكَ اِنْ كُنْتُنَّ تُرِدْنَ الْحَيٰوةَ

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| عَلٰى | كُلِّ | شَیْءٍ | قَدِيْرًا | يٰۤاَيُّهَا | النَّبِیُّ | قُلْ | لِّاَزْوَاجِكَ | اِنْ | كُنْتُنَّ | تُرِدْنَ | الْحَيٰوةَ |
| پر | ہر | چیز | قادر | اے | نبیؐ | کہہ دیجئے | اپنی بیویوں کو | اگر | ہوتم | چاہتی | زندگی |

ہر چیز پر قدرت رکھتا ہے۔ اے پیغمبرؐ! اپنی بیویوں سے کہہ دو کہ اگر تم دنیا کی زندگی اور اس کی

الدُّنْيَا وَ زِيْنَتَهَا فَتَعَالَيْنَ اُمَتِّعْكُنَّ وَ اُسَرِّحْكُنَّ سَرَاحًا جَمِيْلًا ﴿۲۸﴾ وَ اِنْ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الدُّنْيَا | وَ زِيْنَتَهَا | فَتَعَالَيْنَ | اُمَتِّعْكُنَّ | وَ اُسَرِّحْكُنَّ | سَرَاحًا | جَمِيْلًا | وَ اِنْ |
| دنیا کی | اوراس کی زینت | تو آؤ | میں تمہیں مال دوں | اوررخصت کردوں تم کو | رخصت | اچھی طرح | اوراگر |

زینت و آرائش کی خواستگار ہو تو آؤ میں تمہیں کچھ مال دوں اور اچھی طرح سے رخصت کر دوں۔ اور اگر

كُنْتُنَّ تُرِدْنَ اللّٰهَ وَ رَسُوْلَهٗ وَ الدَّارَ الْاٰخِرَةَ فَاِنَّ اللّٰهَ اَعَدَّ لِلْمُحْسِنٰتِ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| كُنْتُنَّ | تُرِدْنَ | اللّٰهَ | وَ رَسُوْلَهٗ | وَ الدَّارَ | الْاٰخِرَةَ | فَاِنَّ اللّٰهَ | اَعَدَّ | لِلْمُحْسِنٰتِ |
| ہوتم | چاہتی/طلبگار | اللہ کی | اوراس کے رسول کی | اورگھر کی | آخرت کے | توبے شک اللہ نے | تیارکیا | نیک عورتوں کے لیے |

تم اللہ اور اس کے پیغمبر اور عاقبت کے گھر (یعنی بہشت) کی طلبگار ہو تو تم میں جو نیکو کاری کرنے والی ہیں ان کے لیے اللہ نے

مِنْكُنَّ اَجْرًا عَظِيْمًا ﴿۲۹﴾ يٰنِسَآءَ النَّبِیِّ مَنْ يَّاْتِ مِنْكُنَّ بِفَاحِشَةٍ مُّبَيِّنَةٍ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مِنْكُنَّ | اَجْرًا | عَظِيْمًا | يٰنِسَآءَ | النَّبِیِّ | مَنْ | يَّاْتِ | مِنْكُنَّ | بِفَاحِشَةٍ | مُّبَيِّنَةٍ |
| تم میں سے | اجر | بہت بڑا | اے بیویو | نبی کی | جو | کرے گی | تم میں سے | ناشائستہ حرکت | کھلی |

اجر عظیم تیار کر رکھا ہے۔ اے پیغمبر کی بیویو! تم میں سے جو کوئی صریح ناشائستہ حرکت کرے گی

يُّضٰعَفْ لَهَا الْعَذَابُ ضِعْفَيْنِ ؕ وَ كَانَ ذٰلِكَ عَلَى اللّٰهِ يَسِيْرًا ﴿۳۰﴾

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| يُّضٰعَفْ | لَهَا | الْعَذَابُ | ضِعْفَيْنِ | وَ كَانَ | ذٰلِكَ | عَلَى اللّٰهِ | يَسِيْرًا |
| زیادہ کی جائے گی | اس کے لیے | سزا | دوچند | اورہے | یہ | اللہ پر | آسان |

اس کو دونی سزا دی جائے گی، اور یہ (بات) اللہ کو آسان ہے۔

وَمَنۡ يَّقۡنُتۡ مِنۡكُنَّ لِلّٰهِ وَ رَسُوۡلِهٖ وَ تَعۡمَلۡ صَالِحًا نُّؤۡتِهَاۤ اَجۡرَهَا مَرَّتَيۡنِ ۙ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَمَنۡ | يَّقۡنُتۡ | مِنۡكُنَّ | لِلّٰهِ | وَ رَسُوۡلِهٖ | وَ تَعۡمَلۡ | صَالِحًا | نُّؤۡتِهَاۤ | اَجۡرَهَا | مَرَّتَيۡنِ |
| اور جو کوئی | فرمانبرداری کرے گی | تم میں سے | اللہ کی | اور اس کے رسول کی | اور عمل کرے گی | نیک | ہم دیں گے اس کو | اس کا اجر | دوگنا |

اور جو تم میں سے اللہ اور اس کے رسول کی فرمانبردار رہے گی اور نیک عمل کرے گی اس کو ہم دوگنا ثواب دیں گے

وَ اَعۡتَدۡنَا لَهَا رِزۡقًا كَرِيۡمًا ﴿٣١﴾ يٰنِسَآءَ النَّبِىِّ لَسۡتُنَّ كَاَحَدٍ مِّنَ النِّسَآءِ اِنِ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ اَعۡتَدۡنَا | لَهَا | رِزۡقًا | كَرِيۡمًا | يٰنِسَآءَ | النَّبِىِّ | لَسۡتُنَّ | كَاَحَدٍ | مِنَ النِّسَآءِ | اِنِ |
| اور تیار کیا ہم نے | اس کے لیے | رزق | باعزت | اے بیویو | نبی کی | نہیں ہو تم | مانند کسی ایک کی | عورتوں میں سے | اگر |

اور اس کے لیے ہم نے عزت کی روزی تیار کر رکھی ہے۔ اے پیغمبر کی بیویو! تم اور عورتوں کی طرح نہیں ہو۔ اگر تم

اتَّقَيۡتُنَّ فَلَا تَخۡضَعۡنَ بِالۡقَوۡلِ فَيَطۡمَعَ الَّذِىۡ فِىۡ قَلۡبِهٖ مَرَضٌ وَّ قُلۡنَ قَوۡلًا

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اِتَّقَيۡتُنَّ | فَلَا تَخۡضَعۡنَ | بِالۡقَوۡلِ | فَيَطۡمَعَ | الَّذِىۡ | فِىۡ قَلۡبِهٖ | مَرَضٌ | وَ قُلۡنَ | قَوۡلًا |
| تم پرہیزگاری اختیار کرو | تو نہ تم نرمی اختیار کرو | گفتگو میں | کہ امید کرے | وہ شخص کہ | جس کے دل میں | مرض ہے | اور بات کرو | بات |

پرہیزگار رہنا چاہتی ہو تو (کسی اجنبی شخص سے) نرم نرم باتیں نہ کیا کرو تاکہ وہ شخص جس کے دل میں کسی طرح کا مرض ہے کوئی امید (نہ) پیدا کرلے۔ اور (ان میں)

مَّعۡرُوۡفًا ۚ ﴿٣٢﴾ وَ قَرۡنَ فِىۡ بُيُوۡتِكُنَّ وَ لَا تَبَرَّجۡنَ تَبَرُّجَ الۡجَاهِلِيَّةِ الۡاُوۡلٰى وَ اَقِمۡنَ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مَعۡرُوۡفًا | وَ قَرۡنَ | فِىۡ بُيُوۡتِكُنَّ | وَ لَا تَبَرَّجۡنَ | تَبَرُّجَ | الۡجَاهِلِيَّةِ | الۡاُوۡلٰى | وَ اَقِمۡنَ |
| معقول | اور ٹھہری رہو | اپنے گھروں میں | اور نہ اظہار کرو | اظہار تجمل/بناؤ سنگھار کا | جاہلیت کے | اگلی/پہلی | اور قائم کرو |

دستور کے مطابق بات کیا کرو۔ اور اپنے گھروں میں ٹھہری رہو اور جس طرح پہلے جاہلیت (کے دنوں) میں اظہار تجمل کرتی تھیں اس طرح زینت نہ دکھاؤ،

الصَّلٰوةَ وَ اٰتِيۡنَ الزَّكٰوةَ وَ اَطِعۡنَ اللّٰهَ وَ رَسُوۡلَهٗ ؕ اِنَّمَا يُرِيۡدُ اللّٰهُ لِيُذۡهِبَ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الصَّلٰوةَ | وَ اٰتِيۡنَ | الزَّكٰوةَ | وَ اَطِعۡنَ | اللّٰهَ | وَ رَسُوۡلَهٗ | اِنَّمَا | يُرِيۡدُ اللّٰهُ | لِيُذۡهِبَ |
| نماز | اور دو | زکوٰۃ | اور اطاعت کرو | اللہ | اور اس کے رسول کی | صرف | چاہتا ہے اللہ | کہ دور کر دے |

اور نماز پڑھتی رہو اور زکوٰۃ دیتی رہو اور اللہ اور اس کے رسول کی فرمانبرداری کرتی رہو۔ اے (پیغمبرؐ کے) اہل بیت! اللہ چاہتا ہے کہ تم سے ناپاکی

عَنۡكُمُ الرِّجۡسَ اَهۡلَ الۡبَيۡتِ وَ يُطَهِّرَكُمۡ تَطۡهِيۡرًا ۚ ﴿٣٣﴾ وَ اذۡكُرۡنَ مَا يُتۡلٰى فِىۡ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| عَنۡكُمُ | الرِّجۡسَ | اَهۡلَ الۡبَيۡتِ | وَ يُطَهِّرَكُمۡ | تَطۡهِيۡرًا | وَ اذۡكُرۡنَ | مَا | يُتۡلٰى | فِىۡ |
| تم سے | ناپاکی | اے اہل بیت | اور پاک کر دے تم کو | بالکل پاک | اور یاد رکھو | جو | تلاوت کی جاتی ہے | میں |

(کا میل کچیل) دور کر دے اور تمہیں بالکل پاک صاف کر دے۔ اور تمہارے گھروں میں جو اللہ کی آیتیں پڑھی جاتی

ع ٤ ١

بُیُوْتِکُنَّ مِنْ اٰیٰتِ اللّٰهِ وَ الْحِکْمَةِ ؕ اِنَّ اللّٰهَ کَانَ لَطِیْفًا خَبِیْرًا ﴿٣٤﴾ اِنَّ

| بُیُوْتِکُنَّ | مِنْ | اٰیٰتِ | اللّٰهِ | وَ الْحِکْمَةِ | اِنَّ اللّٰهَ | کَانَ | لَطِیْفًا | خَبِیْرًا | اِنَّ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تمہارے گھروں | سے | آیات | اللہ کی | اور حکمت | بیشک اللہ | ہے | باریک بین | باخبر | بیشک |

ہیں اور حکمت (کی باتیں سنائی جاتی ہیں) ان کو یاد رکھو۔ بیشک اللہ باریک بین اور باخبر ہے۔ (جو لوگ اللہ کے آگے سر اطاعت خم کرنے والے ہیں یعنی)

الْمُسْلِمِیْنَ وَ الْمُسْلِمٰتِ وَ الْمُؤْمِنِیْنَ وَ الْمُؤْمِنٰتِ وَ الْقٰنِتِیْنَ وَ الْقٰنِتٰتِ

| الْمُسْلِمِیْنَ | وَ الْمُسْلِمٰتِ | وَ الْمُؤْمِنِیْنَ | وَ الْمُؤْمِنٰتِ | وَ الْقٰنِتِیْنَ | وَ الْقٰنِتٰتِ |
|---|---|---|---|---|---|
| مسلمان مرد | اور مسلمان عورتیں | اور مومن مرد | اور مومن عورتیں | اور فرمانبردار مرد | اور فرمانبردار عورتیں |

مسلمان مرد اور مسلمان عورتیں اور مومن مرد اور مومن عورتیں اور فرمانبردار مرد اور فرمانبردار عورتیں

وَ الصّٰدِقِیْنَ وَ الصّٰدِقٰتِ وَ الصّٰبِرِیْنَ وَ الصّٰبِرٰتِ وَ الْخٰشِعِیْنَ وَ الْخٰشِعٰتِ

| وَ الصّٰدِقِیْنَ | وَ الصّٰدِقٰتِ | وَ الصّٰبِرِیْنَ | وَ الصّٰبِرٰتِ | وَ الْخٰشِعِیْنَ | وَ الْخٰشِعٰتِ |
|---|---|---|---|---|---|
| اور سچ بولنے والے مرد | اور سچ بولنے والی عورتیں | اور صبر کرنے والے مرد | اور صبر کرنے والی عورتیں | اور عاجزی کرنے والے مرد | اور عاجزی کرنے والی عورتیں |

اور راست باز مرد اور راست باز عورتیں اور صبر کرنے والے مرد اور صبر کرنے والی عورتیں اور فروتنی کرنے والے مرد اور فروتنی کرنے والی عورتیں

وَ الْمُتَصَدِّقِیْنَ وَ الْمُتَصَدِّقٰتِ وَ الصَّآئِمِیْنَ وَ الصّٰٓئِمٰتِ وَ الْحٰفِظِیْنَ

| وَ الْمُتَصَدِّقِیْنَ | وَ الْمُتَصَدِّقٰتِ | وَ الصَّآئِمِیْنَ | وَ الصّٰٓئِمٰتِ | وَ الْحٰفِظِیْنَ |
|---|---|---|---|---|
| اور خیرات کرنے والے مرد | اور خیرات کرنے والی عورتیں | اور روزہ رکھنے والے مرد | اور روزہ رکھنے والی عورتیں | اور حفاظت کرنے والے مرد |

اور خیرات کرنے والے مرد اور خیرات کرنے والی عورتیں اور روزے رکھنے والے مرد اور روزے رکھنے والی عورتیں اور اپنی شرم گاہوں کی

فُرُوْجَهُمْ وَ الْحٰفِظٰتِ وَ الذّٰکِرِیْنَ اللّٰهَ کَثِیْرًا وَّ الذّٰکِرٰتِ ۙ اَعَدَّ اللّٰهُ لَهُمْ

| فُرُوْجَهُمْ | وَ الْحٰفِظٰتِ | وَ الذّٰکِرِیْنَ | اللّٰهَ | کَثِیْرًا | وَ الذّٰکِرٰتِ | اَعَدَّ | اللّٰهُ | لَهُمْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اپنی شرم گاہوں کی | اور حفاظت کرنے والی عورتیں | اور ذکر کرنے والے مرد | اللہ کا | بہت | اور ذکر کرنے والی عورتیں | تیار کیا | اللہ نے | ان کیلئے |

حفاظت کرنے والے مرد اور حفاظت کرنے والی عورتیں اور اللہ کو کثرت سے یاد کرنے والے مرد اور کثرت سے یاد کرنے والی عورتیں، کچھ شک نہیں کہ ان کے

مَّغْفِرَةً وَّ اَجْرًا عَظِیْمًا ﴿٣٥﴾ وَ مَا کَانَ لِمُؤْمِنٍ وَّ لَا مُؤْمِنَةٍ اِذَا قَضَی اللّٰهُ وَ رَسُوْلُهٗۤ

| مَغْفِرَةً | وَ اَجْرًا | عَظِیْمًا | وَ مَا | کَانَ | لِمُؤْمِنٍ | وَ لَا | مُؤْمِنَةٍ | اِذَا | قَضَی اللّٰهُ | وَ رَسُوْلُهٗ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بخشش | اور اجر | عظیم | اور نہیں | ہے | مومن کے لیے | اور نہ | مومنہ کے لیے | جب | مقرر کر دیں اللہ | اور اس کا رسول |

لیے اللہ نے بخشش اور اجر عظیم تیار کر رکھا ہے۔ اور کسی مومن مرد اور مومن عورت کو حق نہیں ہے کہ جب اللہ اور اس کا رسول کوئی امر مقرر کر

اَمْرًا اَنْ يَّكُوْنَ لَهُمُ الْخِيَرَةُ مِنْ اَمْرِهِمْ ؕ وَ مَنْ يَّعْصِ اللّٰهَ وَ رَسُوْلَهٗ فَقَدْ ضَلَّ

| اَمْرًا | اَنْ | يَّكُوْنَ | لَهُمُ | الْخِيَرَةُ | مِنْ اَمْرِهِمْ | وَ مَنْ | يَّعْصِ | اللّٰهَ | وَ رَسُوْلَهٗ | فَقَدْ | ضَلَّ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| کوئی امر | کہ | ہو | ان کے لیے | کچھ اختیار | ان کے کام میں | اور جو کوئی | نافرمانی کرے | اللہ | اور اس کے رسول کی | تو بے شک | وہ گمراہ ہوا |

دیں تو وہ اس کام میں اپنا بھی کچھ اختیار سمجھیں، اور جو کوئی اللہ اور اس کے رسول کی نافرمانی کرے وہ صریح

ضَلٰلًا مُّبِيْنًا ﴿۳۶﴾ وَ اِذْ تَقُوْلُ لِلَّذِيْۤ اَنْعَمَ اللّٰهُ عَلَيْهِ وَ اَنْعَمْتَ عَلَيْهِ اَمْسِكْ

| ضَلٰلًا | مُّبِيْنًا | وَ اِذْ | تَقُوْلُ | لِلَّذِيْۤ | اَنْعَمَ اللّٰهُ | عَلَيْهِ | وَ اَنْعَمْتَ | عَلَيْهِ | اَمْسِكْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| گمراہ | صریح | اور جب | آپ کہتے تھے | اس شخص کو کہ | انعام کیا اللہ نے | جس پر | اور انعام کیا آپ نے | جس پر | تو روک رکھ/ رہنے دے |

گمراہ ہو گیا۔ اور جب تم اس شخص سے جس پر اللہ نے احسان کیا اور تم نے بھی احسان کیا (یہ) کہتے تھے کہ اپنی بیوی کو اپنے پاس

عَلَيْكَ زَوْجَكَ وَ اتَّقِ اللّٰهَ وَ تُخْفِيْ فِيْ نَفْسِكَ مَا اللّٰهُ مُبْدِيْهِ وَ تَخْشَى النَّاسَ ۚ

| عَلَيْكَ | زَوْجَكَ | وَ اتَّقِ اللّٰهَ | وَ تُخْفِيْ | فِيْ نَفْسِكَ | مَا | اللّٰهُ | مُبْدِيْهِ | وَ تَخْشَى | النَّاسَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اپنے پاس | اپنی بیوی | اور ڈر اللہ سے | اور آپ پوشیدہ رکھتے تھے | اپنے دل میں | وہ کہ | اللہ | ظاہر کرنے والا تھا جسے | اور آپ ڈرتے تھے | لوگوں سے |

رہنے دے اور اللہ سے ڈر، اور تم اپنے دل میں وہ بات پوشیدہ کرتے تھے جس کو اللہ ظاہر کرنے والا تھا اور تم لوگوں سے ڈرتے تھے

وَ اللّٰهُ اَحَقُّ اَنْ تَخْشٰىهُ ؕ فَلَمَّا قَضٰى زَيْدٌ مِّنْهَا وَطَرًا زَوَّجْنٰكَهَا لِكَيْ لَا يَكُوْنَ

| وَ اللّٰهُ | اَحَقُّ | اَنْ | تَخْشٰىهُ | فَلَمَّا | قَضٰى | زَيْدٌ | مِّنْهَا | وَطَرًا | زَوَّجْنٰكَهَا | لِكَيْ | لَا يَكُوْنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| حالانکہ اللہ | زیادہ حقدار ہے | کہ | آپ ڈریں اس سے | پس جب | پوری کرلی | زید نے | اس سے | حاجت | ہم نے نکاح کر دیا آپکا اس سے | تا کہ | نہ ہو |

حالانکہ اللہ ہی اس کا زیادہ مستحق ہے کہ اس سے ڈرو۔ پھر جب زید نے اس سے (کوئی) حاجت (متعلق) نہ رکھی (یعنی اس کو طلاق دے دی) تو ہم نے تم سے اس کا

عَلَى الْمُؤْمِنِيْنَ حَرَجٌ فِيْۤ اَزْوَاجِ اَدْعِيَآئِهِمْ اِذَا قَضَوْا مِنْهُنَّ وَطَرًا ؕ وَ كَانَ

| عَلَى الْمُؤْمِنِيْنَ | حَرَجٌ | فِيْۤ اَزْوَاجِ | اَدْعِيَآئِهِمْ | اِذَا | قَضَوْا | مِنْهُنَّ | وَطَرًا | وَ كَانَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مومنوں پر | تنگی | بیویوں میں | ان کے منہ بولے بیٹوں کی | جب | وہ پوری کر لیں | ان سے | حاجت | اور ہے |

نکاح کر دیا تا کہ مومنوں کیلئے ان کے منہ بولے بیٹوں کی بیویوں (کے ساتھ نکاح کرنے کے بارے) میں جب وہ ان سے (اپنی) حاجت (متعلق) نہ رکھیں

اَمْرُ اللّٰهِ مَفْعُوْلًا ﴿۳۷﴾ مَا كَانَ عَلَى النَّبِيِّ مِنْ حَرَجٍ فِيْمَا فَرَضَ اللّٰهُ لَهٗ ؕ سُنَّةَ اللّٰهِ

| اَمْرُ اللّٰهِ | مَفْعُوْلًا | مَا | كَانَ | عَلَى النَّبِيِّ | مِنْ | حَرَجٍ | فِيْمَا | فَرَضَ اللّٰهُ | لَهٗ | سُنَّةَ اللّٰهِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| حکم اللہ کا | ہو کر رہنے والا | نہیں | ہے | نبی پر | سے/ کچھ | تنگی | اس میں جو | مقرر کیا اللہ نے | اس کیلئے | سنت اللہ کی |

(یعنی طلاق دے دیں) کچھ تنگی نہ رہے، اور اللہ کا حکم واقع ہو کر رہنے والا ہے۔ پیغمبر پر اس کام میں کچھ تنگی نہیں کہ جو اللہ نے ان کیلئے مقرر کر دیا۔ اور جو لوگ

فِي الَّذِيْنَ خَلَوْا مِنْ قَبْلُ ۭ وَكَانَ اَمْرُ اللّٰهِ قَدَرًا مَّقْدُوْرَا ۙ ۝٣٨ الَّذِيْنَ يُبَلِّغُوْنَ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| فِيْ | الَّذِيْنَ | خَلَوْا | مِنْ قَبْلُ | وَكَانَ | اَمْرُ اللّٰهِ | قَدَرًا | مَّقْدُوْرَا | الَّذِيْنَ | يُبَلِّغُوْنَ |
| میں | ان لوگوں جو | گزر چکے | اس سے پہلے | اور ہے | حکم اللہ کا | اندازے سے | مقرر کیا گیا | (یہ سنت ان کیلئے) جو | پہنچاتے ہیں |

پہلے گزر چکے ہیں ان میں اللہ کا یہی دستور رہا ہے اور اللہ کا حکم ٹھہر چکا ہے۔ اور جو اللہ کے پیغام (جوں کے توں)

رِسٰلٰتِ اللّٰهِ وَيَخْشَوْنَهٗ وَلَا يَخْشَوْنَ اَحَدًا اِلَّا اللّٰهَ ۭ وَكَفٰى بِاللّٰهِ حَسِيْبًا ۝٣٩ مَا

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| رِسٰلٰتِ | اللّٰهِ | وَيَخْشَوْنَهٗ | وَلَا يَخْشَوْنَ | اَحَدًا | اِلَّا | اللّٰهَ | وَكَفٰى | بِاللّٰهِ | حَسِيْبًا | مَا |
| پیغام | اللہ کے | اور اسی سے ڈرتے ہیں | اور نہیں ڈرتے | کسی سے | مگر | اللہ سے | اور کافی ہے | اللہ | حساب لینے والا | نہیں |

پہنچاتے اور اس سے ڈرتے ہیں اور اللہ کے سوا کسی سے نہیں ڈرتے۔ اور اللہ ہی حساب کرنے کو کافی ہے۔ محمد

كَانَ مُحَمَّدٌ اَبَآ اَحَدٍ مِّنْ رِّجَالِكُمْ وَلٰكِنْ رَّسُوْلَ اللّٰهِ وَخَاتَمَ النَّبِيّٖنَ ۭ وَكَانَ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| كَانَ | مُحَمَّدٌ | اَبَآ | اَحَدٍ | مِنْ رِّجَالِكُمْ | وَلٰكِنْ | رَسُوْلَ اللّٰهِ | وَخَاتَمَ | النَّبِيّٖنَ | وَكَانَ |
| ہیں | محمد | باپ | کسی کے | تمہارے مردوں میں سے | اور لیکن/بلکہ | اللہ کے رسول ہیں | اور مہر | نبیوں کی | اور ہے |

تمہارے مردوں میں سے کسی کے والد نہیں ہیں بلکہ اللہ کے پیغمبر اور نبیوں (کی نبوت) کی مہر (یعنی اس کو ختم کر دینے والے) ہیں۔ اور

اللّٰهُ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمًا ۝٤٠ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اذْكُرُوا اللّٰهَ ذِكْرًا كَثِيْرًا ۝٤١ ع ٥/٦/٢

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اللّٰهُ | بِكُلِّ | شَيْءٍ | عَلِيْمًا | يٰٓاَيُّهَا | الَّذِيْنَ | اٰمَنُوْا | اذْكُرُوا | اللّٰهَ | ذِكْرًا | كَثِيْرًا |
| اللہ | ہر | چیز کو | جاننے والا | اے | وہ لوگو جو | ایمان لائے ہو | ذکر کرو | اللہ کا | ذکر | بہت |

اللہ ہر چیز سے واقف ہے۔ اے اہل ایمان! اللہ کا بہت ذکر کیا کرو۔

وَّسَبِّحُوْهُ بُكْرَةً وَّاَصِيْلًا ۝٤٢ هُوَ الَّذِيْ يُصَلِّيْ عَلَيْكُمْ وَمَلٰۗىِٕكَتُهٗ لِيُخْرِجَكُمْ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَسَبِّحُوْهُ | بُكْرَةً | وَاَصِيْلًا | هُوَ | الَّذِيْ | يُصَلِّيْ | عَلَيْكُمْ | وَمَلٰۗىِٕكَتُهٗ | لِيُخْرِجَكُمْ |
| اور پاکی بیان کرو اس کی | صبح | اور شام | وہی ہے | جو | رحمت بھیجتا ہے | تم پر | اور اس کے فرشتے | تاکہ نکالے تم کو |

اور صبح و شام اس کی پاکی بیان کرتے رہو۔ وہی تو ہے جو تم پر رحمت بھیجتا ہے اور اس کے فرشتے بھی تاکہ تم کو اندھیروں سے

مِّنَ الظُّلُمٰتِ اِلَى النُّوْرِ ۭ وَكَانَ بِالْمُؤْمِنِيْنَ رَحِيْمًا ۝٤٣ تَحِيَّتُهُمْ يَوْمَ يَلْقَوْنَهٗ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مِنَ الظُّلُمٰتِ | اِلَى النُّوْرِ | وَكَانَ | بِالْمُؤْمِنِيْنَ | رَحِيْمًا | تَحِيَّتُهُمْ | يَوْمَ | يَلْقَوْنَهٗ |
| اندھیروں سے | نور کی طرف | اور وہ ہے | مومنوں پر | مہربان | ان کا تحفہ/ان کی دعا | جس دن | وہ ملیں گے اس کو |

نکال کر روشنی کی طرف لے جائے۔ اور اللہ مومنوں پر مہربان ہے۔ جس روز وہ اس سے ملیں گے ان کا تحفہ (اللہ کی طرف سے)

سَلٰمٌ ۚ وَ اَعَدَّ لَهُمْ اَجْرًا كَرِيْمًا ﴿۴۴﴾ يٰۤاَيُّهَا النَّبِيُّ اِنَّاۤ اَرْسَلْنٰكَ شَاهِدًا

| سَلٰمٌ | وَ اَعَدَّ | لَهُمْ | اَجْرًا | كَرِيْمًا | يٰۤاَيُّهَا | النَّبِيُّ | اِنَّاۤ | اَرْسَلْنٰكَ | شَاهِدًا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| سلام ہے | اور تیار کیا اس نے | ان کے لیے | اجر | عمدہ | اے | نبیؐ | بیشک ہم نے | بھیجا آپ کو | گواہی دینے والا |

سلام ہو گا، اور اس نے ان کے لیے بڑا ثواب تیار کر رکھا ہے۔ اے نبی! ہم نے تم کو گواہی دینے والا اور خوشخبری

وَّ مُبَشِّرًا وَّ نَذِيْرًا ﴿۴۵﴾ وَّ دَاعِيًا اِلَى اللّٰهِ بِاِذْنِهٖ وَ سِرَاجًا مُّنِيْرًا ﴿۴۶﴾ وَ بَشِّرِ

| وَ مُبَشِّرًا | وَ نَذِيْرًا | وَ دَاعِيًا | اِلَى اللّٰهِ | بِاِذْنِهٖ | وَ سِرَاجًا | مُنِيْرًا | وَ بَشِّرِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور خوشخبری دینے والا | اور ڈرانے والا | اور دعوت دینے والا | اللہ کی طرف | اس کے حکم سے | اور چراغ | روشن | اور خوشخبری دے دیجئے |

سنانے والا اور ڈرانے والا بنا کر بھیجا ہے۔ اور اللہ کے اذن سے اللہ کی طرف بلانے والا اور چراغ روشن۔ اور مومنوں کو

الْمُؤْمِنِيْنَ بِاَنَّ لَهُمْ مِّنَ اللّٰهِ فَضْلًا كَبِيْرًا ﴿۴۷﴾ وَ لَا تُطِعِ الْكٰفِرِيْنَ

| الْمُؤْمِنِيْنَ | بِاَنَّ | لَهُمْ | مِنَ اللّٰهِ | فَضْلًا | كَبِيْرًا | وَ لَا تُطِعْ | الْكٰفِرِيْنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مومنوں کو | کہ بیشک | ان کیلئے ہے | اللہ کی طرف سے | فضل | بڑا | اور نہ کہنا مانیے | کافروں کا |

خوشخبری سنا دو کہ ان کے لیے اللہ کی طرف سے بڑا فضل ہے۔ اور کافروں اور منافقوں کا

وَ الْمُنٰفِقِيْنَ وَ دَعْ اَذٰىهُمْ وَ تَوَكَّلْ عَلَى اللّٰهِ ؕ وَ كَفٰى بِاللّٰهِ وَكِيْلًا ﴿۴۸﴾ يٰۤاَيُّهَا

| وَ الْمُنٰفِقِيْنَ | وَ | دَعْ | اَذٰىهُمْ | وَ تَوَكَّلْ | عَلَى اللّٰهِ | وَ كَفٰى | بِاللّٰهِ | وَكِيْلًا | يٰۤاَيُّهَا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور منافقوں کا | اور | نہ پرواہ کیجئے/نظر انداز کر دیجئے | ان کا ایذا دینا | اور بھروسا کیجئے | اللہ پر | اور کافی ہے | اللہ | کارساز | اے |

کہا نہ ماننا اور نہ ان کے تکلیف دینے پر نظر کرنا اور اللہ پر بھروسا رکھنا۔ اور اللہ ہی کارساز کافی ہے۔ مومنو!

الَّذِيْنَ اٰمَنُوْۤا اِذَا نَكَحْتُمُ الْمُؤْمِنٰتِ ثُمَّ طَلَّقْتُمُوْهُنَّ مِنْ قَبْلِ اَنْ

| الَّذِيْنَ | اٰمَنُوْا | اِذَا | نَكَحْتُمُ | الْمُؤْمِنٰتِ | ثُمَّ | طَلَّقْتُمُوْهُنَّ | مِنْ قَبْلِ | اَنْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وہ لوگو جو | ایمان لائے ہو | جب | نکاح کرو تم | مومن عورتوں سے | پھر | طلاق دے دو تم ان کو | اس سے پہلے | کہ |

جب تم مومن عورتوں سے نکاح کر کے ان کو ہاتھ لگانے (یعنی ان کے پاس جانے) سے پہلے طلاق

تَمَسُّوْهُنَّ فَمَا لَكُمْ عَلَيْهِنَّ مِنْ عِدَّةٍ تَعْتَدُّوْنَهَا ۚ فَمَتِّعُوْهُنَّ وَ سَرِّحُوْهُنَّ

| تَمَسُّوْهُنَّ | فَمَا | لَكُمْ | عَلَيْهِنَّ | مِنْ | عِدَّةٍ | تَعْتَدُّوْنَهَا | فَمَتِّعُوْهُنَّ | وَ سَرِّحُوْهُنَّ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تم ان کو ہاتھ لگاؤ | پس نہیں | تمہارے لیے | ان پر | کوئی | عدت | تم گنتی پوری کراؤ اس کی | پس فائدہ دو ان کو | اور رخصت کر دو ان کو |

دے دو تو تم کو کچھ اختیار نہیں کہ ان سے عدت پوری کراؤ۔ ان کو کچھ فائدہ (یعنی خرچ) دے کر اچھی طرح

سَرَاحًا جَمِيْلًا ﴿٤٩﴾ يٰۤاَيُّهَا النَّبِيُّ اِنَّاۤ اَحْلَلْنَا لَكَ اَزْوَاجَكَ الّٰتِيْۤ اٰتَيْتَ اُجُوْرَهُنَّ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| سَرَاحًا | جَمِيْلًا | يٰۤاَيُّهَا | النَّبِيُّ | اِنَّاۤ | اَحْلَلْنَا | لَكَ | اَزْوَاجَكَ | الّٰتِيْۤ | اٰتَيْتَ | اُجُوْرَهُنَّ |
| رخصت | اچھی طرح | اے | نبیؑ | بیشک ہم نے | حلال کیں | آپ کیلئے | بیویاں آپ کی | وہ جن کو | آپ نے دے دیئے | مہران کے |

سے رخصت کر دو۔ اے پیغمبر! ہم نے تمہارے لیے تمہاری بیویاں جن کو تم نے ان کے مہر دے دیئے ہیں حلال کر دی ہیں

وَ مَا مَلَكَتْ يَمِيْنُكَ مِمَّاۤ اَفَآءَ اللّٰهُ عَلَيْكَ وَ بَنٰتِ عَمِّكَ وَ بَنٰتِ عَمّٰتِكَ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ مَا | مَلَكَتْ يَمِيْنُكَ | مِمَّاۤ | اَفَآءَ | اللّٰهُ | عَلَيْكَ | وَ بَنٰتِ | عَمِّكَ | وَ بَنٰتِ | عَمّٰتِكَ |
| اور جن کا | مالک ہوا تیرا دایاں ہاتھ یعنی آپکی لونڈیاں | ان میں سے جو | دلوائی ہیں | اللہ نے | آپ کو | اور بیٹیاں | آپکے چچا کی | اور بیٹیاں | آپکی پھوپھیوں کی |

اور تمہاری لونڈیاں جو اللہ نے تم کو (کفار سے بطور مال غنیمت) دلوائی ہیں اور تمہارے چچا کی بیٹیاں اور تمہاری پھوپھیوں کی بیٹیاں

وَ بَنٰتِ خَالِكَ وَ بَنٰتِ خٰلٰتِكَ الّٰتِيْ هَاجَرْنَ مَعَكَ ز وَ امْرَاَةً مُّؤْمِنَةً اِنْ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ بَنٰتِ | خَالِكَ | وَ بَنٰتِ | خٰلٰتِكَ | الّٰتِيْ | هَاجَرْنَ | مَعَكَ | وَ امْرَاَةً | مُّؤْمِنَةً | اِنْ |
| اور بیٹیاں | آپ کے ماموؤں کی | اور بیٹیاں | آپ کی خالاؤں کی | وہ جنہوں نے | ہجرت کی | آپکے ساتھ | اور کوئی عورت | مومنہ | اگر |

اور تمہارے ماموؤں کی بیٹیاں اور تمہاری خالاؤں کی بیٹیاں جو تمہارے ساتھ وطن چھوڑ کر آئی ہیں (سب حلال ہیں)، اور کوئی مومن عورت اگر

وَّهَبَتْ نَفْسَهَا لِلنَّبِيِّ اِنْ اَرَادَ النَّبِيُّ اَنْ يَّسْتَنْكِحَهَا ق خَالِصَةً لَّكَ مِنْ دُوْنِ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَهَبَتْ | نَفْسَهَا | لِلنَّبِيِّ | اِنْ | اَرَادَ | النَّبِيُّ | اَنْ | يَسْتَنْكِحَهَا | خَالِصَةً | لَكَ | مِنْ دُوْنِ |
| بخش دے | اپنے آپ کو | نبی کے لیے | اگر | چاہے | نبی | کہ | نکاح کرے اس سے | خاص ہے | آپ کیلئے | سوائے/علاوہ |

اپنے تئیں پیغمبر کو بخش دے (یعنی مہر لینے کے بغیر نکاح میں آنا چاہے) بشرطیکہ پیغمبر بھی اس سے نکاح کرنا چاہیں (وہ بھی حلال ہے، لیکن یہ اجازت، اے محمدؐ!)

الْمُؤْمِنِيْنَ ط قَدْ عَلِمْنَا مَا فَرَضْنَا عَلَيْهِمْ فِيْۤ اَزْوَاجِهِمْ وَ مَا مَلَكَتْ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الْمُؤْمِنِيْنَ | قَدْ | عَلِمْنَا | مَا | فَرَضْنَا | عَلَيْهِمْ | فِيْۤ اَزْوَاجِهِمْ | وَ مَا | مَلَكَتْ |
| مومنوں کے | بے شک | ہمیں علم ہے | جو | مقرر کیا ہم نے | ان پر | ان کی بیویوں کے بارے میں | اور جو | مالک ہوئے |

خاص تم ہی کو ہے، سب مسلمانوں کو نہیں۔ ہم نے ان کی بیویوں اور لونڈیوں کے بارے میں جو (مہر واجب الادا) مقرر کر دیا ہے ہم کو

اَيْمَانُهُمْ لِكَيْلَا يَكُوْنَ عَلَيْكَ حَرَجٌ ط وَ كَانَ اللّٰهُ غَفُوْرًا رَّحِيْمًا ﴿٥٠﴾ تُرْجِيْ مَنْ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اَيْمَانُهُمْ | لِكَيْلَا | يَكُوْنَ | عَلَيْكَ | حَرَجٌ | وَ كَانَ | اللّٰهُ | غَفُوْرًا | رَحِيْمًا | تُرْجِيْ | مَنْ |
| ان کے دائیں ہاتھ | تاکہ نہ | ہو | آپ پر | تنگی | اور ہے | اللہ | بڑا بخشنے والا | نہایت مہربان | آپ علیحدہ رکھیں | جس کو |

معلوم ہے، (یہ) اس لیے (کیا گیا ہے) کہ تم پر کسی طرح کی تنگی نہ رہے۔ اور اللہ بخشنے والا مہربان ہے۔ (اور تم کو یہ بھی اختیار ہے کہ) جس بیوی کو چاہو

تَشَآءُ مِنْهُنَّ وَ تُـْٔوِیْۤ اِلَیْكَ مَنْ تَشَآءُ ؕ وَ مَنِ ابْتَغَیْتَ مِمَّنْ عَزَلْتَ فَلَا جُنَاحَ

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تَشَآءُ | مِنْهُنَّ | وَ | تُـْٔوِیْ | اِلَیْكَ | مَنْ | تَشَآءُ | وَ مَنْ | اِبْتَغَیْتَ | مِمَّنْ | عَزَلْتَ | فَلَا جُنَاحَ |
| چاہیں | ان میں سے | اور | جگہ دیں/رکھیں | اپنے پاس | جس کو | آپ چاہیں | اور جسے | آپ طلب کریں | ان میں سے جن کو | آپ نے علیحدہ کر دیا | تو کچھ گناہ نہیں |

علیحدہ رکھو اور جسے چاہو پاس رکھو۔ اور جس کو تم نے علیحدہ کر دیا ہو اگر اس کو پھر اپنے پاس طلب کر لو تو تم پر کچھ گناہ

عَلَیْكَ ؕ ذٰلِكَ اَدْنٰۤى اَنْ تَقَرَّ اَعْیُنُهُنَّ وَ لَا یَحْزَنَّ وَ یَرْضَیْنَ بِمَاۤ اٰتَیْتَهُنَّ كُلُّهُنَّ ؕ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| عَلَیْكَ | ذٰلِكَ | اَدْنٰى | اَنْ | تَقَرَّ | اَعْیُنُهُنَّ | وَ لَا یَحْزَنَّ | وَ یَرْضَیْنَ | بِمَا | اٰتَیْتَهُنَّ | كُلُّهُنَّ |
| آپ پر | یہ | قریب تر ہے | کہ | ٹھنڈی رہیں | ان کی آنکھیں | اور وہ نہ غمناک ہوں | اور خوش رہیں | ساتھ اسکے جو | آپ دیں ان کو | سب کی سب |

نہیں۔ یہ (اجازت) اس لیے ہے کہ ان کی آنکھیں ٹھنڈی رہیں اور وہ غم ناک نہ ہوں اور جو کچھ تم ان کو دو اسے لے کر سب خوش رہیں۔

وَ اللّٰهُ یَعْلَمُ مَا فِیْ قُلُوْبِكُمْ ؕ وَ كَانَ اللّٰهُ عَلِیْمًا حَلِیْمًا ﴿۵۱﴾ لَا یَحِلُّ لَكَ النِّسَآءُ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ اللّٰهُ | یَعْلَمُ | مَا | فِیْ قُلُوْبِكُمْ | وَ كَانَ | اللّٰهُ | عَلِیْمًا | حَلِیْمًا | لَا یَحِلُّ | لَكَ | النِّسَآءُ |
| اور اللہ | جانتا ہے | جو کچھ | تمہارے دلوں میں ہے | اور ہے | اللہ | جاننے والا | بردبار | نہیں جائز | آپ کیلئے | عورتیں |

اور جو کچھ تمہارے دلوں میں ہے اللہ اسے جانتا ہے۔ اور اللہ جاننے والا (اور) بردبار ہے۔ (اے پیغمبرؐ!) ان کے سوا اور عورتیں تم کو جائز

مِنْۢ بَعْدُ وَ لَاۤ اَنْ تَبَدَّلَ بِهِنَّ مِنْ اَزْوَاجٍ وَّ لَوْ اَعْجَبَكَ حُسْنُهُنَّ اِلَّا مَا مَلَكَتْ

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مِنْۢ بَعْدُ | وَ لَا | اَنْ | تَبَدَّلَ | بِهِنَّ | مِنْ اَزْوَاجٍ | وَ لَوْ | اَعْجَبَكَ | حُسْنُهُنَّ | اِلَّا | مَا | مَلَكَتْ |
| انکے بعد/انکے علاوہ | اور نہ | یہ کہ | آپ بدل لیں | ان کے ساتھ | اور بیویاں | اگرچہ | اچھا لگے آپ کو | ان کا حسن | مگر | جن کا | مالک ہوا |

نہیں اور نہ یہ کہ ان بیویوں کو چھوڑ کر اور بیویاں کر لو خواہ ان کا حسن تم کو (کیسا ہی) اچھا لگے، مگر وہ جو تمہارے ہاتھ کا مال

یَمِیْنُكَ ؕ وَ كَانَ اللّٰهُ عَلٰى كُلِّ شَیْءٍ رَّقِیْبًا ﴿۵۲﴾ یٰۤاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا لَا تَدْخُلُوْا ع ٦ ١٢ ٣

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| یَمِیْنُكَ | وَ كَانَ | اللّٰهُ | عَلٰى | كُلِّ | شَیْءٍ | رَقِیْبًا | یٰۤاَیُّهَا | الَّذِیْنَ | اٰمَنُوْا | لَا تَدْخُلُوْا |
| آپکا دایاں ہاتھ /لونڈیاں | اور ہے | اللہ | پر | ہر | چیز | نگہبان | اے | وہ لوگو جو | ایمان لائے ہو | نہ تم داخل ہو |

ہے (یعنی لونڈیوں کے بارے میں تم کو اختیار ہے)۔ اور اللہ ہر چیز پر نگاہ رکھتا ہے۔ مومنو! پیغمبرؐ کے گھروں میں

بُیُوْتَ النَّبِیِّ اِلَّاۤ اَنْ یُّؤْذَنَ لَكُمْ اِلٰى طَعَامٍ غَیْرَ نٰظِرِیْنَ اِنٰىهُ ۙ وَ لٰكِنْ اِذَا

| | | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بُیُوْتَ | النَّبِیِّ | اِلَّا | اَنْ | یُؤْذَنَ | لَكُمْ | اِلٰى | طَعَامٍ | غَیْرَ | نٰظِرِیْنَ | اِنٰىهُ | وَ لٰكِنْ | اِذَا |
| گھروں میں | نبی کے | مگر | یہ کہ | اجازت دی جائے | تمہیں | طرف | کھانے کی | نہ | انتظار کرنے والے | اسکے پکنے کا | اور لیکن | جب |

نہ جایا کرو، مگر اس صورت میں کہ تم کو کھانے کے لیے اجازت دی جائے اور اس کے پکنے کا انتظار بھی نہ کرنا پڑے۔ لیکن جب

دُعِيْتُمْ فَادْخُلُوْا فَاِذَا طَعِمْتُمْ فَانْتَشِرُوْا وَ لَا مُسْتَاْنِسِيْنَ لِحَدِيْثٍ ؕ اِنَّ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| دُعِيْتُمْ | فَادْخُلُوْا | فَاِذَا | طَعِمْتُمْ | فَانْتَشِرُوْا | وَ لَا | مُسْتَاْنِسِيْنَ | لِحَدِيْثٍ | اِنَّ |
| بلایا جائے تمہیں | پس داخل ہو | پھر جب | کھانا کھا چکو تم | پس منتشر ہو جاؤ | اور نہ | جی لگا کر بیٹھے رہو | باتوں کے لیے | بے شک |

تمہاری دعوت کی جائے تو جاؤ اور جب کھانا کھا چکو تو چل دو اور باتوں میں جی لگا کر نہ بیٹھ رہو۔ یہ

ذٰلِكُمْ كَانَ يُؤْذِي النَّبِيَّ فَيَسْتَحْيٖ مِنْكُمْ ۫ وَ اللّٰهُ لَا يَسْتَحْيٖ مِنَ الْحَقِّ ؕ وَ اِذَا

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ذٰلِكُمْ | كَانَ | يُؤْذِيْ | النَّبِيَّ | فَيَسْتَحْيٖ | مِنْكُمْ | وَ اللّٰهُ | لَا يَسْتَحْيٖ | مِنَ | الْحَقِّ | وَ اِذَا |
| یہ | ہے | ایذا دیتا | نبی کو | پس وہ شرماتا ہے | تم سے | اور اللہ | نہیں شرماتا | سے | حق | اور جب |

بات پیغمبر کو ایذا دیتی ہے اور وہ تم سے شرم کرتے ہیں (اور کہتے نہیں ہیں) لیکن اللہ سچی بات کہنے سے شرم نہیں کرتا۔ اور جب

سَاَلْتُمُوْهُنَّ مَتَاعًا فَسْـَٔلُوْهُنَّ مِنْ وَّرَآءِ حِجَابٍ ؕ ذٰلِكُمْ اَطْهَرُ لِقُلُوْبِكُمْ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| سَاَلْتُمُوْهُنَّ | مَتَاعًا | فَسْـَٔلُوْهُنَّ | مِنْ | وَرَآءِ | حِجَابٍ | ذٰلِكُمْ | اَطْهَرُ | لِقُلُوْبِكُمْ |
| تم مانگو ان سے | سامان | پس مانگو ان سے | سے | پیچھے | پردے کے | یہ | بہت پاکیزہ ہے | تمہارے دلوں کے لیے |

پیغمبر کی بیویوں سے کوئی سامان مانگو تو پردے کے باہر سے مانگو۔ یہ تمہارے اور ان کے دونوں کے دلوں کے لیے بہت پاکیزگی کی

وَ قُلُوْبِهِنَّ ؕ وَ مَا كَانَ لَكُمْ اَنْ تُؤْذُوْا رَسُوْلَ اللّٰهِ وَ لَاۤ اَنْ تَنْكِحُوْۤا اَزْوَاجَهٗ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ قُلُوْبِهِنَّ | وَ مَا | كَانَ | لَكُمْ | اَنْ | تُؤْذُوْا | رَسُوْلَ اللّٰهِ | وَ لَا | اَنْ | تَنْكِحُوْۤا | اَزْوَاجَهٗ |
| اور ان کے دلوں کے | اور نہیں | ہے | تمہارے لیے | یہ کہ | تم تکلیف دو | اللہ کے رسول کو | اور نہ | یہ کہ | تم نکاح کرو | اس کی بیویوں سے |

بات ہے۔ اور تم کو یہ شایاں نہیں کہ اللہ کے پیغمبر کو تکلیف دو اور نہ یہ کہ ان کی بیویوں سے کبھی ان کے بعد

مِنْۢ بَعْدِهٖۤ اَبَدًا ؕ اِنَّ ذٰلِكُمْ كَانَ عِنْدَ اللّٰهِ عَظِيْمًا ﴿٥٣﴾ اِنْ تُبْدُوْا شَيْـًٔا اَوْ تُخْفُوْهُ

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مِنْۢ بَعْدِهٖ | اَبَدًا | اِنَّ | ذٰلِكُمْ | كَانَ | عِنْدَ اللّٰهِ | عَظِيْمًا | اِنْ | تُبْدُوْا | شَيْـًٔا | اَوْ | تُخْفُوْهُ |
| اس کے بعد | کبھی | بے شک | یہ | ہے | نزدیک اللہ کے | بڑا | اگر | تم ظاہر کرو | کچھ | یا | تم چھپاؤ اسے |

نکاح کرو۔ بے شک یہ اللہ کے نزدیک بڑا (گناہ کا کام) ہے۔ اگر تم کسی چیز کو ظاہر کرو یا اس کو مخفی رکھو

فَاِنَّ اللّٰهَ كَانَ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمًا ﴿٥٤﴾ لَا جُنَاحَ عَلَيْهِنَّ فِيْۤ اٰبَآئِهِنَّ وَ لَاۤ اَبْنَآئِهِنَّ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| فَاِنَّ | اللّٰهَ | كَانَ | بِكُلِّ شَيْءٍ | عَلِيْمًا | لَا جُنَاحَ | عَلَيْهِنَّ | فِيْۤ | اٰبَآئِهِنَّ | وَ لَا | اَبْنَآئِهِنَّ |
| تو بے شک | اللہ | ہے | ہر چیز سے | باخبر | نہیں کچھ گناہ | ان پر | میں | باپوں اپنے | اور نہ | بیٹوں اپنے |

تو (یاد رکھو کہ) اللہ ہر چیز سے باخبر ہے۔ عورتوں پر اپنے باپوں سے (پردہ نہ کرنے میں) کچھ گناہ نہیں، اور نہ اپنے بیٹوں سے

وَ لَاۤ اِخْوَانِهِنَّ وَ لَاۤ اَبْنَآءِ اِخْوَانِهِنَّ وَ لَاۤ اَبْنَآءِ اَخَوٰتِهِنَّ وَ لَا نِسَآئِهِنَّ وَ لَا

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ لَا | اِخْوَانِهِنَّ | وَ لَا | اَبْنَآءِ | اِخْوَانِهِنَّ | وَ لَا | اَبْنَآءِ | اَخَوٰتِهِنَّ | وَ لَا | نِسَآئِهِنَّ | وَ لَا |
| اور نہ | بھائیوں اپنے | اور نہ | بیٹوں | اپنے بھائیوں کے | اور نہ | بیٹوں | اپنی بہنوں کے | اور نہ | اپنی عورتوں | اور نہ |

اور نہ اپنے بھائیوں سے اور نہ اپنے بھتیجوں سے اور نہ اپنے بھانجوں سے اور نہ اپنی (قسم کی) عورتوں سے اور نہ

مَا مَلَكَتْ اَيْمَانُهُنَّ ۚ وَ اتَّقِيْنَ اللّٰهَ ؕ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ شَهِيْدًا ﴿۵۵﴾ اِنَّ اللّٰهَ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مَا مَلَكَتْ اَيْمَانُهُنَّ | وَ اتَّقِيْنَ | اللّٰهَ | اِنَّ اللّٰهَ | كَانَ | عَلٰى | كُلِّ | شَيْءٍ | شَهِيْدًا | اِنَّ اللّٰهَ |
| لونڈیوں اپنی میں | اور ڈرتی رہو | اللہ سے | بے شک اللہ | ہے | پر | ہر | چیز | گواہ | بے شک اللہ |

لونڈیوں سے، اور (اے عورتو!) اللہ سے ڈرتی رہو۔ بے شک اللہ ہر چیز سے واقف ہے۔ اللہ

وَ مَلٰٓئِكَتَهٗ يُصَلُّوْنَ عَلَى النَّبِيِّ ؕ يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا صَلُّوْا عَلَيْهِ وَ سَلِّمُوْا

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ مَلٰٓئِكَتَهٗ | يُصَلُّوْنَ | عَلَى النَّبِيِّ | يٰۤاَيُّهَا | الَّذِيْنَ | اٰمَنُوْا | صَلُّوْا | عَلَيْهِ | وَ سَلِّمُوْا |
| اور اس کے فرشتے | درود بھیجتے ہیں | نبیؐ پر | اے | وہ لوگو جو | ایمان لائے ہو | درود بھیجو | اس پر | اور سلام بھیجو |

اور اس کے فرشتے پیغمبرؐ پر درود بھیجتے ہیں۔ مومنو! تم بھی پیغمبرؐ پر درود اور سلام

تَسْلِيْمًا ﴿۵۶﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ يُؤْذُوْنَ اللّٰهَ وَ رَسُوْلَهٗ لَعَنَهُمُ اللّٰهُ فِي الدُّنْيَا وَ الْاٰخِرَةِ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تَسْلِيْمًا | اِنَّ | الَّذِيْنَ | يُؤْذُوْنَ | اللّٰهَ | وَ رَسُوْلَهٗ | لَعَنَهُمُ | اللّٰهُ | فِيْ | الدُّنْيَا | وَ الْاٰخِرَةِ |
| خوب سلام | بے شک | جو لوگ | ایذا دیتے ہیں | اللہ | اور اس کے رسول کو | لعنت کرتا ہے ان پر | اللہ | میں | دنیا | اور آخرت |

بھیجا کرو۔ جو لوگ اللہ اور اس کے پیغمبر کو رنج پہنچاتے ہیں ان پر اللہ دنیا اور آخرت میں لعنت کرتا ہے

وَ اَعَدَّ لَهُمْ عَذَابًا مُّهِيْنًا ﴿۵۷﴾ وَ الَّذِيْنَ يُؤْذُوْنَ الْمُؤْمِنِيْنَ وَ الْمُؤْمِنٰتِ بِغَيْرِ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ اَعَدَّ | لَهُمْ | عَذَابًا | مُّهِيْنًا | وَ الَّذِيْنَ | يُؤْذُوْنَ | الْمُؤْمِنِيْنَ | وَ الْمُؤْمِنٰتِ | بِغَيْرِ |
| اور اس نے تیار کیا | ان کے لیے | عذاب | ذلیل کرنے والا | اور جو لوگ | ایذا دیتے ہیں | مومن مردوں کو | اور مومن عورتوں کو | بغیر |

اور ان کے لیے اس نے ذلیل کرنے والا عذاب تیار کر رکھا ہے۔ اور جو لوگ مومن مردوں اور مومن عورتوں کو ایسے کام (کی تہمت) سے

مَا اكْتَسَبُوْا فَقَدِ احْتَمَلُوْا بُهْتَانًا وَّ اِثْمًا مُّبِيْنًا ﴿۵۸﴾ع يٰۤاَيُّهَا النَّبِيُّ قُلْ ع ٧ ٤

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مَا | اِكْتَسَبُوْا | فَقَدْ | اِحْتَمَلُوْا | بُهْتَانًا | وَ اِثْمًا | مُبِيْنًا | يٰۤاَيُّهَا | النَّبِيُّ | قُلْ |
| اسکے جو | انہوں نے کمایا/ برا کام کیا | تو بے شک | اٹھایا انہوں نے | بہتان | اور گناہ | صریح | اے | نبی | کہہ دیجئے |

جو انہوں نے نہ کیا ہو ایذا دیں تو انہوں نے بہتان اور صریح گناہ کا بوجھ اپنے سر پر رکھا۔ اے پیغمبرؐ! اپنی بیویوں

لِّاَزۡوَاجِكَ وَ بَنٰتِكَ وَ نِسَآءِ الۡمُؤۡمِنِيۡنَ يُدۡنِيۡنَ عَلَيۡهِنَّ مِنۡ جَلَابِيۡبِهِنَّ ؕ

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| لِاَزۡوَاجِكَ | وَ بَنٰتِكَ | وَ نِسَآءِ | الۡمُؤۡمِنِيۡنَ | يُدۡنِيۡنَ | عَلَيۡهِنَّ | مِنۡ جَلَابِيۡبِهِنَّ |
| اپنی بیویوں کو | اور اپنی بیٹیوں کو | اور عورتوں کو | مومنوں کی | ڈال لیا کریں | اپنے اوپر | اپنی بڑی چادروں میں سے |

اور بیٹیوں اور مسلمانوں کی عورتوں سے کہہ دو کہ (باہر نکلا کریں تو) اپنے (مونہوں) پر چادر لٹکا (کر گھونگھٹ نکال) لیا کریں۔

ذٰلِكَ اَدۡنٰۤى اَنۡ يُّعۡرَفۡنَ فَلَا يُؤۡذَيۡنَ ؕ وَ كَانَ اللّٰهُ غَفُوۡرًا رَّحِيۡمًا ﴿٥٩﴾ لَئِنۡ لَّمۡ يَنۡتَهِ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ذٰلِكَ | اَدۡنٰۤى | اَنۡ | يُّعۡرَفۡنَ | فَلَا يُؤۡذَيۡنَ | وَ كَانَ | اللّٰهُ | غَفُوۡرًا | رَحِيۡمًا | لَئِنۡ | لَمۡ يَنۡتَهِ |
| یہ | زیادہ قریب ہے | اس سے کہ | ان کی شناخت ہو جائے | پس نہ وہ ایذا دی جائیں | اور ہے | اللہ | بڑا بخشنے والا | مہربان | اگر | نہ باز آئیں |

یہ امر ان کے لیے موجب شناخت (و امتیاز) ہو گا تو کوئی ان کو ایذا نہ دے گا۔ اور اللہ بخشنے والا مہربان ہے۔ اگر منافق اور وہ لوگ

الۡمُنٰفِقُوۡنَ وَ الَّذِيۡنَ فِيۡ قُلُوۡبِهِمۡ مَّرَضٌ وَّ الۡمُرۡجِفُوۡنَ فِي الۡمَدِيۡنَةِ

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| الۡمُنٰفِقُوۡنَ | وَ الَّذِيۡنَ | فِيۡ قُلُوۡبِهِمۡ | مَرَضٌ | وَ الۡمُرۡجِفُوۡنَ | فِي الۡمَدِيۡنَةِ |
| منافق | اور وہ لوگ کہ | جن کے دلوں میں | مرض ہے | اور بری بری خبریں اڑانے والے | مدینہ میں |

جن کے دلوں میں مرض ہے اور جو مدینے (کے شہر) میں بری بری خبریں اڑایا کرتے ہیں (اپنے کردار سے) باز نہ آئیں گے

لَنُغۡرِيَنَّكَ بِهِمۡ ثُمَّ لَا يُجَاوِرُوۡنَكَ فِيۡهَاۤ اِلَّا قَلِيۡلًا ۛۚ ﴿٦٠﴾ مَّلۡعُوۡنِيۡنَ ۛۚ اَيۡنَمَا معانقة ١٢

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| لَنُغۡرِيَنَّكَ | بِهِمۡ | ثُمَّ | لَا يُجَاوِرُوۡنَكَ | فِيۡهَا | اِلَّا | قَلِيۡلًا | مَلۡعُوۡنِيۡنَ | اَيۡنَمَا |
| تو البتہ ہم ضرور پیچھے لگا دیں گے آپ کو | ان کے | پھر | نہ وہ آپ کے پڑوس میں رہ سکیں گے | اس میں | مگر | کم | پھٹکارے ہوئے | جہاں کہیں |

تو ہم تم کو ان کے پیچھے لگا دیں گے پھر وہاں تمہارے پڑوس میں نہ رہ سکیں گے مگر تھوڑے دن۔ (وہ بھی) پھٹکارے ہوئے۔ جہاں

ثُقِفُوۡۤا اُخِذُوۡا وَ قُتِّلُوۡا تَقۡتِيۡلًا ﴿٦١﴾ سُنَّةَ اللّٰهِ فِي الَّذِيۡنَ خَلَوۡا مِنۡ قَبۡلُ ۚ وَ لَنۡ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ثُقِفُوۡا | اُخِذُوۡا | وَ قُتِّلُوۡا | تَقۡتِيۡلًا | سُنَّةَ | اللّٰهِ | فِيۡ | الَّذِيۡنَ | خَلَوۡا | مِنۡ قَبۡلُ | وَ لَنۡ |
| پائے جائیں | پکڑے جائیں | اور مارے جائیں | خوب قتل کر کے | سنت/ دستور | اللہ کا | بارے میں | ان لوگوں کے جو | گزر چکے | اس سے پہلے | اور ہرگز نہیں |

پائے گئے پکڑے گئے اور جان سے مار ڈالے گئے۔ جو لوگ پہلے گزر چکے ہیں ان کے بارے میں بھی اللہ کی یہی عادت رہی ہے۔ اور

تَجِدَ لِسُنَّةِ اللّٰهِ تَبۡدِيۡلًا ﴿٦٢﴾ يَسۡـَٔلُكَ النَّاسُ عَنِ السَّاعَةِ ؕ قُلۡ اِنَّمَا عِلۡمُهَا الربع

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تَجِدَ | لِسُنَّةِ | اللّٰهِ | تَبۡدِيۡلًا | يَسۡـَٔلُكَ | النَّاسُ | عَنِ | السَّاعَةِ | قُلۡ | اِنَّمَا | عِلۡمُهَا |
| آپ پائیں گے | دستور میں | اللہ کے | تبدیلی | سوال کرتے ہیں آپ سے | لوگ | سے/نسبت | قیامت کی | کہہ دیجئے | صرف | اس کا علم |

تم اللہ کی عادت میں تغیر و تبدل نہ پاؤ گے۔ لوگ تم سے قیامت کی نسبت دریافت کرتے ہیں (کہ کب آئے گی)۔ کہہ دو کہ اس کا علم

عِنْدَ اللّٰهِ ؕ وَ مَا يُدْرِيْكَ لَعَلَّ السَّاعَةَ تَكُوْنُ قَرِيْبًا ﴿٦٣﴾ اِنَّ اللّٰهَ لَعَنَ الْكٰفِرِيْنَ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| عِنْدَ اللّٰهِ | وَ مَا | يُدْرِيْكَ | لَعَلَّ | السَّاعَةَ | تَكُوْنُ | قَرِيْبًا | اِنَّ اللّٰهَ | لَعَنَ | الْكٰفِرِيْنَ |
| اللہ کے پاس ہے | اور کیا | خبر ہے آپ کو | شاید | قیامت | ہو | قریب | بے شک اللہ نے | لعنت کی | کافروں پر |

اللہ ہی کو ہے۔ اور تمہیں کیا معلوم ہے شاید قیامت قریب ہی آ گئی ہو۔ بے شک اللہ نے کافروں پر لعنت کی ہے

وَ اَعَدَّ لَهُمْ سَعِيْرًا ﴿٦٤﴾ خٰلِدِيْنَ فِيْهَاۤ اَبَدًا ۚ لَا يَجِدُوْنَ وَلِيًّا وَّ لَا نَصِيْرًا ﴿٦٥﴾

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ اَعَدَّ | لَهُمْ | سَعِيْرًا | خٰلِدِيْنَ | فِيْهَاۤ | اَبَدًا | لَا يَجِدُوْنَ | وَلِيًّا | وَ لَا | نَصِيْرًا |
| اور تیار کی | ان کیلئے | جہنم | ہمیشہ رہیں گے | اس میں | ہمیشہ | وہ نہیں پائیں گے | کوئی دوست | اور نہ | کوئی مددگار |

اور ان کے لیے (جہنم کی) آگ تیار کر رکھی ہے۔ اس میں ابدالآباد رہیں گے۔ نہ کسی کو دوست پائیں گے اور نہ مددگار۔

يَوْمَ تُقَلَّبُ وُجُوْهُهُمْ فِي النَّارِ يَقُوْلُوْنَ يٰلَيْتَنَاۤ اَطَعْنَا اللّٰهَ وَ اَطَعْنَا

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| يَوْمَ | تُقَلَّبُ | وُجُوْهُهُمْ | فِي النَّارِ | يَقُوْلُوْنَ | يٰلَيْتَنَا | اَطَعْنَا | اللّٰهَ | وَ اَطَعْنَا |
| اس دن | الٹائے جائیں گے | منہ ان کے | آگ میں | وہ کہیں گے | اے کاش ہم | اطاعت کرتے | اللہ کی | اور اطاعت کرتے ہم |

جس دن ان کے منہ آگ میں الٹائے جائیں گے کہیں گے، اے کاش! ہم اللہ کی فرمانبرداری کرتے اور رسول (اللہ) کا حکم

الرَّسُوْلَا ﴿٦٦﴾ وَ قَالُوْا رَبَّنَاۤ اِنَّاۤ اَطَعْنَا سَادَتَنَا وَ كُبَرَآءَنَا فَاَضَلُّوْنَا السَّبِيْلَا ﴿٦٧﴾

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الرَّسُوْلَا | وَ قَالُوْا | رَبَّنَا | اِنَّاۤ | اَطَعْنَا | سَادَتَنَا | وَ كُبَرَآءَنَا | فَاَضَلُّوْنَا | السَّبِيْلَا |
| رسول کی | اور کہیں گے | اے رب ہمارے | بیشک ہم نے | اطاعت کی | اپنے سرداروں کی | اور اپنے بڑوں کی | پس گمراہ کیا انہوں نے ہمیں | راستے سے |

مانتے۔ اور کہیں گے کہ اے ہمارے پروردگار! ہم نے اپنے سرداروں اور بڑے لوگوں کا کہا مانا تو انہوں نے ہم کو رستے سے گمراہ کر دیا۔

ع ٨ ٥
رَبَّنَاۤ اٰتِهِمْ ضِعْفَيْنِ مِنَ الْعَذَابِ وَ الْعَنْهُمْ لَعْنًا كَبِيْرًا ﴿٦٨﴾ يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| رَبَّنَاۤ | اٰتِهِمْ | ضِعْفَيْنِ | مِنَ الْعَذَابِ | وَ الْعَنْهُمْ | لَعْنًا | كَبِيْرًا | يٰۤاَيُّهَا | الَّذِيْنَ |
| اے ہمارے رب | تو دے ان کو | دوگنا | عذاب | اور لعنت کر ان پر | لعنت | بڑی | اے | وہ لوگو جو |

اے ہمارے پروردگار! ان کو دگنا عذاب دے اور ان پر بڑی لعنت کر۔ مومنو!

اٰمَنُوْا لَا تَكُوْنُوْا كَالَّذِيْنَ اٰذَوْا مُوْسٰى فَبَرَّاَهُ اللّٰهُ مِمَّا قَالُوْا ؕ وَ كَانَ عِنْدَ اللّٰهِ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اٰمَنُوْا | لَا تَكُوْنُوْا | كَالَّذِيْنَ | اٰذَوْا | مُوْسٰى | فَبَرَّاَهُ | اللّٰهُ | مِمَّا | قَالُوْا | وَ كَانَ | عِنْدَ اللّٰهِ |
| ایمان لائے ہو | نہ ہو تم | ان لوگوں جیسے جنہوں نے | ایذا دی | موسیٰ کو | تو بے عیب ثابت کیا اسکو | اللہ نے | اس سے جو | کہا انہوں نے | اور وہ تھا | نزدیک اللہ کے |

تم ان لوگوں جیسے نہ ہونا جنہوں نے موسیٰؑ کو (عیب لگا کر) رنج پہنچایا تو اللہ نے ان کو بے عیب ثابت کیا، اور وہ اللہ کے نزدیک

وَجِيْهًا ﴿۶۹﴾ يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اتَّقُوا اللّٰهَ وَ قُوْلُوْا قَوْلًا سَدِيْدًا ﴿۷۰﴾ يُّصْلِحْ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَجِيْهًا | يٰۤاَيُّهَا | الَّذِيْنَ | اٰمَنُوْا | اِتَّقُوْا | اللّٰهَ | وَ قُوْلُوْا | قَوْلًا | سَدِيْدًا | يُصْلِحْ |
| آبرو والا | اے | وہ لوگو جو | ایمان لائے ہو | ڈرو | اللہ سے | اور کہو | بات | سیدھی | درست کردے گا |

آبرو والے تھے۔ مومنو! اللہ سے ڈرو اور بات سیدھی کہا کرو۔ وہ تمہارے سب اعمال

لَكُمْ اَعْمَالَكُمْ وَ يَغْفِرْ لَكُمْ ذُنُوْبَكُمْ ؕ وَ مَنْ يُّطِعِ اللّٰهَ وَ رَسُوْلَهٗ فَقَدْ فَازَ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| لَكُمْ | اَعْمَالَكُمْ | وَ يَغْفِرْ | لَكُمْ | ذُنُوْبَكُمْ | وَ مَنْ | يُطِعْ | اللّٰهَ | وَ رَسُوْلَهٗ | فَقَدْ | فَازَ |
| تمہارے لیے | اعمال تمہارے | اور بخش دے گا | تمہارے لیے | گناہ تمہارے | اور جو | اطاعت کرے گا | اللہ کی | اور اسکے رسول کی | تو بے شک | وہ کامیاب ہوا |

درست کر دے گا اور تمہارے گناہ بخش دے گا۔اور جو شخص اللہ اور اس کے رسول کی فرمانبرداری کرے گا تو بے شک بڑی

فَوْزًا عَظِيْمًا ﴿۷۱﴾ اِنَّا عَرَضْنَا الْاَمَانَةَ عَلَى السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضِ وَ الْجِبَالِ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| فَوْزًا | عَظِيْمًا | اِنَّا | عَرَضْنَا | الْاَمَانَةَ | عَلَى | السَّمٰوٰتِ | وَ الْاَرْضِ | وَ الْجِبَالِ |
| کامیاب | بڑا | بے شک | پیش کیا ہم نے | امانت کو | پر | آسمانوں | اور زمین | اور پہاڑوں |

مراد پائے گا۔ ہم نے (بار) امانت کو آسمانوں اور زمین اور پہاڑوں پر پیش کیا

فَاَبَيْنَ اَنْ يَّحْمِلْنَهَا وَ اَشْفَقْنَ مِنْهَا وَ حَمَلَهَا الْاِنْسَانُ ؕ اِنَّهٗ كَانَ ظَلُوْمًا

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| فَاَبَيْنَ | اَنْ | يَّحْمِلْنَهَا | وَ اَشْفَقْنَ | مِنْهَا | وَ حَمَلَهَا | الْاِنْسَانُ | اِنَّهٗ | كَانَ | ظَلُوْمًا |
| تو انہوں نے انکار کیا | کہ | اٹھائیں اس کو | اور ڈر گئے | اس سے | اور اٹھالیا اس کو | انسان نے | بے شک وہ | تھا/ ہے | بڑا ظالم/ نہایت بے باک |

تو انہوں نے اس کے اٹھانے سے انکار کیا اور اس سے ڈر گئے اور انسان نے اس کو اٹھا لیا، بے شک وہ ظالم

جَهُوْلًا ﴿۷۲﴾ لِّيُعَذِّبَ اللّٰهُ الْمُنٰفِقِيْنَ وَ الْمُنٰفِقٰتِ وَ الْمُشْرِكِيْنَ وَ الْمُشْرِكٰتِ

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| جَهُوْلًا | لِيُعَذِّبَ | اللّٰهُ | الْمُنٰفِقِيْنَ | وَ الْمُنٰفِقٰتِ | وَ الْمُشْرِكِيْنَ | وَ الْمُشْرِكٰتِ |
| بڑا جاہل/ نادان | تاکہ عذاب دے | اللہ | منافق مردوں کو | اور منافق عورتوں کو | اور مشرک مردوں کو | اور مشرک عورتوں کو |

اور جاہل تھا۔ تاکہ اللہ منافق مردوں اور منافق عورتوں اور مشرک مردوں اور مشرک عورتوں کو عذاب دے

وَ يَتُوْبَ اللّٰهُ عَلَى الْمُؤْمِنِيْنَ وَ الْمُؤْمِنٰتِ ؕ وَ كَانَ اللّٰهُ غَفُوْرًا رَّحِيْمًا ﴿۷۳﴾ ع ۹ ۵ ۶

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ يَتُوْبَ | اللّٰهُ | عَلَى | الْمُؤْمِنِيْنَ | وَ الْمُؤْمِنٰتِ | وَ كَانَ | اللّٰهُ | غَفُوْرًا | رَحِيْمًا |
| اور مہربانی کرے | اللہ | پر | مومن مردوں | اور مومن عورتوں | اور ہے | اللہ | بڑا بخشنے والا | نہایت مہربان |

اور اللہ مومن مردوں اور مومن عورتوں پر مہربانی کرے۔ اور اللہ تو بخشنے والا مہربان ہے۔

## سُوْرَةُ سَبَاٍ مَّكِّيَّةٌ

اٰيَاتُهَا ٥٤ — رُكُوْعَاتُهَا ٦

## بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| سَبَاٍ | بِ | اِسْمِ | اللّٰهِ | الرَّحْمٰنِ | الرَّحِیْمِ |
| سبا | ساتھ/سے | نام | اللہ کے | بے حد مہربان | نہایت رحم کرنے والا |

شروع اللہ کا نام لے کر جو بڑا مہربان، نہایت رحم والا ہے۔

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ لَهٗ مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَ مَا فِی الْاَرْضِ وَ لَهُ الْحَمْدُ فِی الْاٰخِرَةِ ؕ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اَلْحَمْدُ | لِلّٰهِ | الَّذِیْ | لَهٗ | مَا | فِی السَّمٰوٰتِ | وَ مَا | فِی الْاَرْضِ | وَ لَهُ | الْحَمْدُ | فِی الْاٰخِرَةِ |
| سب تعریف | اللہ کی ہے | وہ ہستی کہ | اسی کا ہے | جو کچھ | آسمانوں میں | اور جو کچھ | زمین میں ہے | اور اسی کی | تعریف ہے | آخرت میں |

سب تعریف اللہ ہی کو (سزاوار) ہے (جو سب چیزوں کا مالک ہے یعنی) وہ کہ جو کچھ آسمانوں میں ہے اور جو کچھ زمین میں ہے سب اسی کا ہے اور آخرت میں بھی

وَ هُوَ الْحَكِیْمُ الْخَبِیْرُ ① یَعْلَمُ مَا یَلِجُ فِی الْاَرْضِ وَ مَا یَخْرُجُ مِنْهَا وَ مَا

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ هُوَ | الْحَكِیْمُ | الْخَبِیْرُ | یَعْلَمُ | مَا | یَلِجُ | فِی الْاَرْضِ | وَ مَا | یَخْرُجُ | مِنْهَا | وَ مَا |
| اور وہ | بڑی حکمت والا | باخبر ہے | وہ جانتا ہے | جو | داخل ہوتا ہے | زمین میں | اور جو | نکلتا ہے | اس سے | اور جو |

اسی کی تعریف ہے۔ اور وہ حکمت والا (اور) خبردار ہے۔ جو کچھ زمین میں داخل ہوتا ہے اور جو اس میں سے نکلتا ہے اور جو

یَنْزِلُ مِنَ السَّمَآءِ وَ مَا یَعْرُجُ فِیْهَا ؕ وَ هُوَ الرَّحِیْمُ الْغَفُوْرُ ② وَ قَالَ الَّذِیْنَ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| یَنْزِلُ | مِنَ السَّمَآءِ | وَ مَا | یَعْرُجُ | فِیْهَا | وَ هُوَ | الرَّحِیْمُ | الْغَفُوْرُ | وَ قَالَ | الَّذِیْنَ |
| اترتا ہے | آسمان سے | اور جو | چڑھتا ہے | اس میں | اور وہ | نہایت مہربان | بڑا بخشنے والا ہے | اور کہا | ان لوگوں نے جو |

آسمان سے اترتا ہے اور جو اس پر چڑھتا ہے سب اس کو معلوم ہے۔ اور وہ مہربان (اور) بخشنے والا ہے۔ اور کافر کہتے ہیں کہ

كَفَرُوْا لَا تَاْتِیْنَا السَّاعَةُ ؕ قُلْ بَلٰى وَ رَبِّیْ لَتَاْتِیَنَّكُمْ ۙ عٰلِمِ الْغَیْبِ ۚ لَا یَعْزُبُ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| كَفَرُوْا | لَا تَاْتِیْنَا | السَّاعَةُ | قُلْ | بَلٰى | وَ رَبِّیْ | لَتَاْتِیَنَّكُمْ | عٰلِمِ | الْغَیْبِ | لَا یَعْزُبُ |
| کافر ہیں | نہیں آئے گی ہم پر | قیامت | کہہ دیجئے | ہاں/کیوں نہیں | میرے رب کی قسم | ضرور آئے گی تم پر | جاننے والا | غیب کا | نہیں پوشیدہ ہوتا |

(قیامت کی) گھڑی ہم پر نہیں آئے گی۔ کہہ دو، کیوں نہیں (آئے گی) میرے پروردگار کی قسم! وہ تم پر ضرور آ کر رہے گی، (وہ پروردگار) غیب کا جاننے والا

عَنْهُ مِثْقَالُ ذَرَّةٍ فِی السَّمٰوٰتِ وَ لَا فِی الْاَرْضِ وَ لَاۤ اَصْغَرُ مِنْ ذٰلِكَ وَ لَاۤ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| عَنْهُ | مِثْقَالُ | ذَرَّةٍ | فِی السَّمٰوٰتِ | وَ لَا | فِی الْاَرْضِ | وَ لَاۤ | اَصْغَرُ | مِنْ ذٰلِكَ | وَ لَاۤ |
| اس سے | برابر | ایک ذرہ کے | آسمانوں میں | اور نہ | زمین میں | اور نہ | چھوٹا | اس سے | اور نہ |

(ہے) ذرہ بھر چیز بھی اس سے پوشیدہ نہیں (نہ) آسمانوں میں اور نہ زمین میں اور کوئی چیز اس سے چھوٹی یا

اَكۡبَرُ اِلَّا فِيۡ كِتٰبٍ مُّبِيۡنٍ ۙ ③ لِّيَجۡزِيَ الَّذِيۡنَ اٰمَنُوۡا وَ عَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ ؕ

| اَكۡبَرُ | اِلَّا | فِيۡ | كِتٰبٍ | مُبِيۡنٍ | لِيَجۡزِيَ | الَّذِيۡنَ | اٰمَنُوۡا | وَ عَمِلُوۡا | الصّٰلِحٰتِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بڑا | مگر | میں | کتاب | روشن | تاکہ وہ جزا دے | ان لوگوں کو جو | ایمان لائے | اور عمل کیے | نیک |

بڑی نہیں مگر کتاب روشن میں (لکھی ہوئی) ہے۔ اس لیے کہ جو لوگ ایمان لائے اور نیک عمل کرتے رہے ان کو بدلہ دے۔

اُولٰٓئِكَ لَهُمۡ مَّغۡفِرَةٌ وَّ رِزۡقٌ كَرِيۡمٌ ④ وَ الَّذِيۡنَ سَعَوۡ فِيۡۤ اٰيٰتِنَا مُعٰجِزِيۡنَ

| اُولٰٓئِكَ | لَهُمۡ | مَغۡفِرَةٌ | وَ رِزۡقٌ | كَرِيۡمٌ | وَ الَّذِيۡنَ | سَعَوۡ | فِيۡۤ اٰيٰتِنَا | مُعٰجِزِيۡنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| یہی لوگ | ان کے لیے | بخشش | اور رزق | عزت والا | اور وہ لوگ جنھوں نے | کوشش کی | ہماری آیتوں میں | (ہمیں) ہرانے والے ہوں |

یہی ہیں جن کے لیے بخشش اور عزت کی روزی ہے۔ اور جنہوں نے ہماری آیتوں میں کوشش کی کہ ہمیں ہرا دیں،

اُولٰٓئِكَ لَهُمۡ عَذَابٌ مِّنۡ رِّجۡزٍ اَلِيۡمٌ ⑤ وَ يَرَى الَّذِيۡنَ اُوۡتُوا الۡعِلۡمَ الَّذِيۡۤ

| اُولٰٓئِكَ | لَهُمۡ | عَذَابٌ | مِنۡ | رِجۡزٍ | اَلِيۡمٌ | وَ | يَرَى | الَّذِيۡنَ | اُوۡتُوا | الۡعِلۡمَ | الَّذِيۡ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| یہی لوگ | ان کے لیے | عذاب | سے | عذاب | دردناک | اور | دیکھتے ہیں/ جانتے ہیں | وہ لوگ جن کو | دیا گیا | علم | کہ وہ جو |

ان کے لیے سخت درد دینے والے عذاب کی سزا ہے۔ اور جن لوگوں کو علم دیا گیا ہے وہ جانتے ہیں کہ جو (قرآن)

اُنۡزِلَ اِلَيۡكَ مِنۡ رَّبِّكَ هُوَ الۡحَقَّ ۙ وَ يَهۡدِيۡۤ اِلٰى صِرَاطِ الۡعَزِيۡزِ الۡحَمِيۡدِ ⑥ وَ قَالَ

| اُنۡزِلَ | اِلَيۡكَ | مِنۡ رَّبِّكَ | هُوَ | الۡحَقَّ | وَ يَهۡدِيۡ | اِلٰى | صِرَاطِ | الۡعَزِيۡزِ | الۡحَمِيۡدِ | وَ قَالَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| نازل کیا گیا | آپ کی طرف | آپ کے رب سے | وہ | حق ہے | اور ہدایت دیتا ہے | طرف | راستے کی | غالب | سزاوار تعریف کے | اور کہا |

تمہارے پروردگار کی طرف سے تم پر نازل ہوا ہے وہ حق ہے اور (خدائے) غالب (اور) سزاوار تعریف کا رستہ بتاتا ہے۔ اور کافر

الَّذِيۡنَ كَفَرُوۡا هَلۡ نَدُلُّكُمۡ عَلٰى رَجُلٍ يُّنَبِّئُكُمۡ اِذَا مُزِّقۡتُمۡ كُلَّ مُمَزَّقٍ ۙ

| الَّذِيۡنَ | كَفَرُوۡا | هَلۡ | نَدُلُّكُمۡ | عَلٰى رَجُلٍ | يُنَبِّئُكُمۡ | اِذَا | مُزِّقۡتُمۡ | كُلَّ | مُمَزَّقٍ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ان لوگوں نے جو | کافر ہیں | کیا | ہم بتائیں تمہیں | ایک ایسے آدمی کا | جو تمہیں خبر دیتا ہے | جب | تم ریزہ ریزہ ہو جاؤ گے | تمام/ بالکل | ریزہ ریزہ |

کہتے ہیں کہ بھلا ہم تمہیں ایسا آدمی بتائیں جو تمہیں خبر دیتا ہے کہ جب تم (مر کر) بالکل پارہ پارہ ہو جاؤ گے

اِنَّكُمۡ لَفِيۡ خَلۡقٍ جَدِيۡدٍ ⑦ اَفۡتَرٰى عَلَى اللّٰهِ كَذِبًا اَمۡ بِهٖ جِنَّةٌ ؕ بَلِ الَّذِيۡنَ لَا

| اِنَّكُمۡ | لَفِيۡ | خَلۡقٍ | جَدِيۡدٍ | اَفۡتَرٰى (اَ۔اِفۡتَرٰى) | عَلَى اللّٰهِ | كَذِبًا | اَمۡ | بِهٖ | جِنَّةٌ | بَلِ | الَّذِيۡنَ | لَا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| یقیناً تم | البتہ میں | پیدائش/ زندگی | نئی | یا تو اس نے افترا کیا ہے | اللہ پر | جھوٹ | یا | اس کو | جنون ہے | بلکہ | جو لوگ | نہیں |

تو نئے سرے سے پیدا ہو گے۔ یا تو اس نے اللہ پر جھوٹ باندھ لیا ہے یا اسے جنون ہے۔ بات یہ ہے کہ جو لوگ

يُؤْمِنُوْنَ بِالْاٰخِرَةِ فِي الْعَذَابِ وَ الضَّلٰلِ الْبَعِيْدِ ⑧ اَفَلَمْ يَرَوْا اِلٰى مَا بَيْنَ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| يُؤْمِنُوْنَ | بِالْاٰخِرَةِ | فِيْ | الْعَذَابِ | وَ الضَّلٰلِ | الْبَعِيْدِ | اَفَلَمْ يَرَوْا | اِلٰى | مَا | بَيْنَ |
| ایمان لاتے ہیں | آخرت پر | میں | عذاب | اور گمراہی | دوری کی/ پرلے درجے کی | کیا پس نہیں دیکھا انہوں نے | طرف | اسکی جو | درمیان |

آخرت پر ایمان نہیں رکھتے وہ آفت اور پرلے درجے کی گمراہی میں (مبتلا) ہیں۔ کیا انہوں نے اس کو نہیں دیکھا جو

اَيْدِيْهِمْ وَمَا خَلْفَهُمْ مِّنَ السَّمَآءِ وَالْاَرْضِ ؕ اِنْ نَّشَاْ نَخْسِفْ بِهِمُ الْاَرْضَ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اَيْدِيْهِمْ | وَمَا | خَلْفَهُمْ | مِنَ | السَّمَآءِ | وَالْاَرْضِ | اِنْ | نَشَاْ | نَخْسِفْ | بِهِمْ | الْاَرْضَ |
| ان کے ہاتھوں کے/ ان کے آگے ہے | اور جو | ان کے پیچھے ہے | سے | آسمان | اور زمین | اگر | ہم چاہیں | دھنسا دیں | ان کو | زمین میں |

ان کے آگے اور پیچھے ہے یعنی آسمان اور زمین۔ اگر ہم چاہیں تو ان کو زمین میں دھنسا دیں

اَوْ نُسْقِطْ عَلَيْهِمْ كِسَفًا مِّنَ السَّمَآءِ ؕ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيَةً لِّكُلِّ عَبْدٍ مُّنِيْبٍ ⑨ ع ١/٩/٧

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اَوْ | نُسْقِطْ | عَلَيْهِمْ | كِسَفًا ❶ | مِنَ السَّمَآءِ | اِنَّ | فِيْ ذٰلِكَ | لَاٰيَةً | لِكُلِّ | عَبْدٍ | مُنِيْبٍ |
| یا | گرا دیں | ان پر | ایک ٹکڑا | آسمان سے | بےشک | اس میں | نشانی ہے | لیے ہر | ایک بندے کے | جو رجوع کرنے والا |

یا ان پر آسمان کے ٹکڑے گرا دیں۔ اس میں ہر بندے کے لیے جو رجوع کرنے والا ہے، ایک نشانی ہے۔

وَلَقَدْ اٰتَيْنَا دَاوٗدَ مِنَّا فَضْلًا ؕ يٰجِبَالُ اَوِّبِيْ مَعَهٗ وَالطَّيْرَ ۚ وَاَلَنَّا لَهُ الْحَدِيْدَ ⑩

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَلَقَدْ | اٰتَيْنَا | دَاوٗدَ | مِنَّا | فَضْلًا | يٰجِبَالُ | اَوِّبِيْ ❷ | مَعَهٗ | وَالطَّيْرَ | وَاَلَنَّا | لَهُ | الْحَدِيْدَ |
| اور بیشک | دیا ہم نے | داؤد کو | اپنے پاس سے | فضل | اے پہاڑو | تسبیح کرو | اس کے ساتھ | اور پرندے | اور نرم کردیا ہم نے | اس کیلئے | لوہا |

اور ہم نے داؤد کو اپنی طرف سے برتری بخشی تھی۔ اے پہاڑو! ان کے ساتھ تسبیح کرو، اور پرندوں کو (ان کا مسخر کردیا) اور ان کے لیے ہم نے لوہے کو نرم کردیا۔

اَنِ اعْمَلْ سٰبِغٰتٍ وَّقَدِّرْ فِي السَّرْدِ وَاعْمَلُوْا صَالِحًا ؕ اِنِّيْ بِمَا تَعْمَلُوْنَ بَصِيْرٌ ⑪

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اَنْ | اِعْمَلْ | سٰبِغٰتٍ | وَقَدِّرْ | فِيْ | السَّرْدِ | وَاعْمَلُوْا | صَالِحًا | اِنِّيْ | بِمَا | تَعْمَلُوْنَ | بَصِيْرٌ |
| کہ | بنا | کشادہ زرہیں | اور اندازہ کر | میں | کڑیوں کے جوڑنے | اور عمل کرو | نیک | بیشک میں | اسکے ساتھ جو | تم کرتے ہو | دیکھنے والا ہوں |

کہ کشادہ زرہیں بناؤ اور کڑیوں کو اندازہ سے جوڑو اور نیک عمل کرو۔ جو عمل تم کرتے ہو میں ان کو دیکھنے والا ہوں۔

وَلِسُلَيْمٰنَ الرِّيْحَ غُدُوُّهَا شَهْرٌ وَّرَوَاحُهَا شَهْرٌ ۚ وَاَسَلْنَا لَهٗ عَيْنَ الْقِطْرِ ؕ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَلِسُلَيْمٰنَ | الرِّيْحَ | غُدُوُّهَا | شَهْرٌ | وَرَوَاحُهَا | شَهْرٌ | وَاَسَلْنَا | لَهٗ | عَيْنَ | الْقِطْرِ |
| اور سلیمان کیلئے | ہوا | اس کی صبح کی منزل | ایک ماہ | اور اس کی شام کی منزل | ایک ماہ | اور ہم نے بہادیا | اس کیلئے | چشمہ | تانبے کا |

اور ہوا کو (ہم نے) سلیمان کا تابع کردیا تھا، اس کی صبح کی منزل ایک مہینے کی (راہ) ہوتی اور شام کی منزل بھی مہینے بھر کی ہوتی۔ اور ان کیلئے ہم نے تانبے کا چشمہ



❶ یہ جمع کیلئے بھی آسکتا ہے۔ ❷ اس کا اصل معنی ہے؛ تولوٹ، (پہاڑو) تم لوٹو (داؤد کیساتھ)، مراد تسبیح میں ساتھ دینا یا دہرانا، یعنی اے پہاڑو! داؤدؑ کے ساتھ تسبیح کے الفاظ کو لوٹاؤ (دہراؤ)۔

وَ مِنَ الۡجِنِّ مَنۡ يَّعۡمَلُ بَيۡنَ يَدَيۡهِ بِاِذۡنِ رَبِّهٖ ؕ وَ مَنۡ يَّزِغۡ مِنۡهُمۡ عَنۡ اَمۡرِنَا

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ مِنَ | الۡجِنِّ | مَنۡ | يَعۡمَلُ | بَيۡنَ يَدَيۡهِ | بِاِذۡنِ | رَبِّهٖ | وَ مَنۡ | يَزِغۡ | مِنۡهُمۡ | عَنۡ اَمۡرِنَا |
| اور سے | جن | جو | کام کرتے تھے | اس کے آگے | اذن سے | اسکے رب کے | اور جو | پھرے گا/سرتابی کرے گا | ان میں سے | ہمارے حکم سے |

بہا دیا تھا اور جنوں میں سے ایسے تھے جو ان کے پروردگار کے حکم سے ان کے آگے کام کرتے تھے۔ اور جو کوئی ان میں سے ہمارے حکم سے پھرے گا

نُذِقۡهُ مِنۡ عَذَابِ السَّعِيۡرِ ﴿١٢﴾ يَعۡمَلُوۡنَ لَهٗ مَا يَشَآءُ مِنۡ مَّحَارِيۡبَ وَ تَمَاثِيۡلَ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| نُذِقۡهُ | مِنۡ | عَذَابِ | السَّعِيۡرِ | يَعۡمَلُوۡنَ | لَهٗ | مَا | يَشَآءُ | مِنۡ | مَحَارِيۡبَ | وَ تَمَاثِيۡلَ |
| ہم مزہ چکھائیں گے اسکو | سے | عذاب | آگ | وہ کرتے/بناتے تھے | اس کے لیے | جو | وہ چاہتا | سے | قلعے | اور تصویریں |

اس کو ہم (جہنم کی) آگ کا مزہ چکھائیں گے۔ وہ جو چاہتے یہ ان کے لیے بناتے یعنی قلعے اور مجسمے

وَ جِفَانٍ كَالۡجَوَابِ وَ قُدُوۡرٍ رّٰسِيٰتٍ ؕ اِعۡمَلُوۡۤا اٰلَ دَاوٗدَ شُكۡرًا ؕ وَ قَلِيۡلٌ مِّنۡ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ جِفَانٍ | كَالۡجَوَابِ | وَ قُدُوۡرٍ | رّٰسِيٰتٍ | اِعۡمَلُوۡۤا | اٰلَ دَاوٗدَ | شُكۡرًا | وَ قَلِيۡلٌ | مِّنۡ |
| اور لگن/بڑے پیالے | تالاب جیسے | اور دیگیں | ایک جگہ رکھی ہوئیں | عمل کرو | خاندانِ داؤد | شکر بجالا کر | اور کم ہیں | سے |

اور (بڑے بڑے) لگن جیسے تالاب اور دیگیں جو ایک ہی جگہ رکھی رہیں۔ اے داؤد کی اولاد (میرا) شکر کرو، اور میرے بندوں میں

عِبَادِيَ الشَّكُوۡرُ ﴿١٣﴾ فَلَمَّا قَضَيۡنَا عَلَيۡهِ الۡمَوۡتَ مَا دَلَّهُمۡ عَلٰى مَوۡتِهٖۤ اِلَّا

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| عِبَادِيَ | الشَّكُوۡرُ | فَلَمَّا | قَضَيۡنَا | عَلَيۡهِ | الۡمَوۡتَ | مَا | دَلَّهُمۡ | عَلٰى مَوۡتِهٖۤ | اِلَّا |
| میرے بندوں میں | شکرگزار | پس جب | حکم صادر کیا ہم نے | اس پر | موت کا | نہ | خبر دی ان کو | اس کی موت کی | مگر |

شکر گزار تھوڑے ہیں۔ پھر جب ہم نے ان کے لیے موت کا حکم صادر کیا تو کسی چیز سے ان کا مرنا معلوم نہ ہوا مگر

دَآبَّةُ الۡاَرۡضِ تَاۡكُلُ مِنۡسَاَتَهٗ ۚ فَلَمَّا خَرَّ تَبَيَّنَتِ الۡجِنُّ اَنۡ لَّوۡ كَانُوۡا يَعۡلَمُوۡنَ

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| دَآبَّةُ | الۡاَرۡضِ ❶ | تَاۡكُلُ | مِنۡسَاَتَهٗ | فَلَمَّا | خَرَّ | تَبَيَّنَتۡ | الۡجِنُّ | اَنۡ | لَوۡ | كَانُوۡا | يَعۡلَمُوۡنَ |
| ایک جانور/کیڑے نے | زمینی/(گھن کے) | کھاتا رہا | اس کا عصا | پس جب | گر پڑا | معلوم کیا/جانا | جنوں نے | کہ | اگر | ہوتے | وہ جانتے |

گھن کے کیڑے سے جو ان کے عصا کو کھاتا رہا، جب عصا گر پڑا تب جنوں کو معلوم ہوا (اور کہنے لگے) کہ اگر وہ غیب

الۡغَيۡبَ مَا لَبِثُوۡا فِى الۡعَذَابِ الۡمُهِيۡنِ ﴿١٤﴾ لَقَدۡ كَانَ لِسَبَاٍ فِىۡ مَسۡكَنِهِمۡ اٰيَةٌ ۚ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الۡغَيۡبَ | مَا | لَبِثُوۡا | فِى الۡعَذَابِ | الۡمُهِيۡنِ | لَقَدۡ | كَانَ | لِسَبَاٍ | فِىۡ | مَسۡكَنِهِمۡ | اٰيَةٌ |
| غیب | نہ | رہتے وہ | عذاب میں | ذلیل کرنے والے | بے شک | تھی | سبا کے لیے | میں | ان کے مقام بودوباش | ایک نشانی |

جانتے ہوتے تو ذلت کی تکلیف میں نہ رہتے۔ (اہل) سبا کے لیے ان کے مقام بودوباش میں ایک نشانی تھی



❶ دَآبَّةُ الۡاَرۡضِ: ایک زمینی جانور نے مراد گھن کے کیڑے نے۔

جَنَّتٰنِ عَنْ يَّمِيْنٍ وَّ شِمَالٍ ۬ؕ كُلُوْا مِنْ رِّزْقِ رَبِّكُمْ وَ اشْكُرُوْا لَهٗ ؕ بَلْدَةٌ طَيِّبَةٌ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| جَنَّتٰنِ | عَنْ يَّمِيْنٍ | وَّ شِمَالٍ | كُلُوْا | مِنْ رِّزْقِ | رَبِّكُمْ | وَ اشْكُرُوْا | لَهٗ | بَلْدَةٌ | طَيِّبَةٌ |
| دو باغ | دائیں طرف | اور بائیں طرف | کھاؤ | رزق میں سے | اپنے رب کے | اور شکر کرو | اس کا | بستی | پاکیزہ |

(یعنی) دو باغ (ایک) داہنی طرف اور (ایک) بائیں طرف۔ اپنے پروردگار کا رزق کھاؤ اور اس کا شکر کرو۔ (یہاں تمہارے رہنے کو یہ) پاکیزہ شہر (ہے)

وَّ رَبٌّ غَفُوْرٌ ﴿١٥﴾ فَاَعْرَضُوْا فَاَرْسَلْنَا عَلَيْهِمْ سَيْلَ الْعَرِمِ وَ بَدَّلْنٰهُمْ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ رَبٌّ | غَفُوْرٌ | فَاَعْرَضُوْا | فَاَرْسَلْنَا | عَلَيْهِمْ | سَيْلَ | الْعَرِمِ | وَ بَدَّلْنٰهُمْ |
| اور رب | بخشنے والا | پس منہ پھیر لیا انہوں نے | پھر بھیجا ہم نے | ان پر | سیلاب | زوردار/ بند توڑ کر | اور بدل دیے ہم نے ان کو |

اور (وہاں بخشنے کو) خدائے غفار۔ تو انہوں نے (شکرگزاری سے) منہ پھیر لیا، پس ہم نے ان پر زور کا سیلاب چھوڑ دیا اور انہیں ان کے

بِجَنَّتَيْهِمْ جَنَّتَيْنِ ذَوَاتَيْ اُكُلٍ خَمْطٍ وَّ اَثْلٍ وَّ شَيْءٍ مِّنْ سِدْرٍ قَلِيْلٍ ﴿١٦﴾ ذٰلِكَ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بِجَنَّتَيْهِمْ | جَنَّتَيْنِ | ذَوَاتَيْ | اُكُلٍ | خَمْطٍ | وَّ اَثْلٍ | وَّ شَيْءٍ | مِّنْ سِدْرٍ | قَلِيْلٍ | ذٰلِكَ |
| ساتھ انکے دو باغوں کے | دو باغ | والے | میوہ | بدمزہ | اور جھاؤ | اور کچھ | بیریاں | تھوڑی سی | یہ |

باغوں کے بدلے دو ایسے باغ دیئے جن کے میوے بدمزہ تھے، اور جن میں کچھ تو جھاؤ تھا اور تھوڑی سی بیریاں۔ یہ

جَزَيْنٰهُمْ بِمَا كَفَرُوْا ؕ وَ هَلْ نُجٰزِيْٓ اِلَّا الْكَفُوْرَ ﴿١٧﴾ وَ جَعَلْنَا بَيْنَهُمْ وَ بَيْنَ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| جَزَيْنٰهُمْ | بِمَا | كَفَرُوْا | وَ هَلْ | نُجٰزِيْٓ | اِلَّا | الْكَفُوْرَ | وَ جَعَلْنَا | بَيْنَهُمْ | وَ بَيْنَ |
| سزا دی ہم نے ان کو | بسبب اسکے جو | انہوں نے کفر کیا | اور نہیں | ہم سزا دیتے | مگر | ناشکرے کو | اور بنائیں ہم نے | درمیان ان کے | اور درمیان |

ہم نے ان کی ناشکری کی ان کو سزا دی، اور ہم سزا ناشکرے ہی کو دیا کرتے ہیں۔ اور ہم نے ان کے اور (شام میں) ان کی بستیوں کے درمیان

الْقُرَى الَّتِيْ بٰرَكْنَا فِيْهَا قُرًى ظَاهِرَةً وَّ قَدَّرْنَا فِيْهَا السَّيْرَ ؕ سِيْرُوْا فِيْهَا

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الْقُرَى | الَّتِيْ | بٰرَكْنَا | فِيْهَا | قُرًى | ظَاهِرَةً | وَ قَدَّرْنَا | فِيْهَا | السَّيْرَ | سِيْرُوْا | فِيْهَا |
| (شام کی) بستیوں کے | وہ کہ | برکت رکھی ہم نے | جن میں | بستیاں | سامنے نظر آنے والی | اور مقرر کی ہم نے | ان میں | آمد و رفت | سیر کرو/ چلو پھرو | ان میں |

جن میں ہم نے برکت دی تھی (ایک دوسرے کے متصل) دیہات بنائے تھے جو سامنے نظر آتے تھے، ان میں آمد و رفت کا اندازہ مقرر کر دیا تھا کہ رات دن

لَيَالِيَ وَ اَيَّامًا اٰمِنِيْنَ ﴿١٨﴾ فَقَالُوْا رَبَّنَا بٰعِدْ بَيْنَ اَسْفَارِنَا وَ ظَلَمُوْٓا اَنْفُسَهُمْ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| لَيَالِيَ | وَ اَيَّامًا | اٰمِنِيْنَ | فَقَالُوْا | رَبَّنَا | بٰعِدْ | بَيْنَ | اَسْفَارِنَا | وَ ظَلَمُوْٓا | اَنْفُسَهُمْ |
| راتوں کو | اور دنوں کو | بے خوف و خطر | پس کہا انہوں نے | اے رب ہمارے | دوری کر دے | درمیان | ہمارے سفروں کے | اور ظلم کیا انہوں نے | اپنی جانوں پر |

بے خوف و خطر چلتے رہو۔ تو انہوں نے دعا کی کہ اے پروردگار! ہماری مسافتوں میں بعد (اور طول پیدا) کر دے۔ اور (اس سے) انہوں نے اپنے حق میں ظلم کیا

فَجَعَلْنٰهُمْ اَحَادِيْثَ وَ مَزَّقْنٰهُمْ كُلَّ مُمَزَّقٍ ۭ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ لِّكُلِّ صَبَّارٍ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| فَجَعَلْنٰهُمْ | اَحَادِيْثَ | وَ مَزَّقْنٰهُمْ | كُلَّ | مُمَزَّقٍ | اِنَّ | فِيْ ذٰلِكَ | لَاٰيٰتٍ | لِكُلِّ | صَبَّارٍ |
| پس بنادیا ہم نے ان کو | افسانے | اور ہم نے منتشر کردیا ان کو | بالکل | منتشر | بے شک | اس میں | نشانیاں ہیں | لیے ہر | صابر |

تو ہم نے (انہیں نابود کر کے) ان کے افسانے بنا دیئے اور انہیں بالکل منتشر کر دیا۔ اس میں ہر صابر و شاکر کے لیے

شَكُوْرٍ ﴿١٩﴾ وَ لَقَدْ صَدَّقَ عَلَيْهِمْ اِبْلِيْسُ ظَنَّهٗ فَاتَّبَعُوْهُ اِلَّا فَرِيْقًا مِّنَ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| شَكُوْرٍ | وَ لَقَدْ | صَدَّقَ | عَلَيْهِمْ | اِبْلِيْسُ | ظَنَّهٗ | فَاتَّبَعُوْهُ | اِلَّا | فَرِيْقًا | مِنَ |
| شاکر | اور بے شک | سچ کردکھایا | ان پر | ابلیس نے | اپنا خیال | پس پیروی کی انہوں نے اس کی | سوائے | ایک فریق کے | سے |

نشانیاں ہیں۔ اور شیطان نے ان کے بارے میں اپنا خیال سچ کر دکھایا کہ مومنوں کی ایک جماعت کے سوا وہ اس کے پیچھے

الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿٢٠﴾ وَ مَا كَانَ لَهٗ عَلَيْهِمْ مِّنْ سُلْطٰنٍ اِلَّا لِنَعْلَمَ مَنْ يُّؤْمِنُ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الْمُؤْمِنِيْنَ | وَ مَا | كَانَ | لَهٗ | عَلَيْهِمْ | مِنْ سُلْطٰنٍ | اِلَّا | لِنَعْلَمَ | مَنْ | يُّؤْمِنُ |
| مومنوں میں | اور نہیں | تھا | اس کے لیے | ان پر | کچھ زور | مگر | تاکہ ہم جان لیں | اسکو جو | ایمان رکھتا ہے |

چل پڑے۔ اور اس کا ان پر کچھ زور نہ تھا، مگر (ہمارا) مقصود یہ تھا کہ جو لوگ آخرت میں شک رکھتے ہیں

بِالْاٰخِرَةِ مِمَّنْ هُوَ مِنْهَا فِيْ شَكٍّ ۭ وَ رَبُّكَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ حَفِيْظٌ ﴿٢١﴾ قُلِ ادْعُوا ع ٢ ١٢ ٨

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بِالْاٰخِرَةِ | مِمَّنْ | هُوَ | مِنْهَا | فِيْ شَكٍّ | وَ رَبُّكَ | عَلٰى | كُلِّ | شَيْءٍ | حَفِيْظٌ | قُلْ | اُدْعُوا |
| آخرت پر | ان میں سے جو | وہ | اس (آخرت) سے | شک میں ہے | اور آپ کا رب | پر | ہر | چیز | نگہبان ہے | کہہ دیجئے | تم بلاؤ |

ان سے ان لوگوں کو جو اس پر ایمان رکھتے ہیں، ممیز کر دیں۔ اور تمہارا پروردگار ہر چیز پر نگہبان ہے۔ کہہ دو کہ جن کو تم

الَّذِيْنَ زَعَمْتُمْ مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ ۚ لَا يَمْلِكُوْنَ مِثْقَالَ ذَرَّةٍ فِي السَّمٰوٰتِ وَ لَا فِي

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الَّذِيْنَ | زَعَمْتُمْ | مِنْ دُوْنِ | اللّٰهِ | لَا يَمْلِكُوْنَ | مِثْقَالَ | ذَرَّةٍ | فِي السَّمٰوٰتِ | وَ لَا | فِيْ |
| ان لوگوں کو جنہیں | تم خیال کرتے ہو | سوائے | اللہ کے | وہ نہیں مالک ہیں/نہیں اختیار رکھتے ہیں | برابر | ذرہ | آسمانوں میں | اور نہ | میں |

اللہ کے سوا (معبود) خیال کرتے ہو ان کو بلاؤ۔ وہ آسمانوں اور زمین میں ذرہ بھر چیز کے بھی مالک نہیں

الْاَرْضِ وَ مَا لَهُمْ فِيْهِمَا مِنْ شِرْكٍ وَّ مَا لَهٗ مِنْهُمْ مِّنْ ظَهِيْرٍ ﴿٢٢﴾ وَ لَا تَنْفَعُ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الْاَرْضِ | وَ مَا | لَهُمْ | فِيْهِمَا | مِنْ شِرْكٍ | وَ مَا | لَهٗ | مِنْهُمْ | مِنْ ظَهِيْرٍ | وَ لَا | تَنْفَعُ |
| زمین | اور نہیں | ان کے لیے | ان دونوں میں | کوئی شرکت | اور نہیں | اس کے لیے | ان میں سے | کوئی مددگار | اور نہیں | فائدہ دے گی |

55

ہیں اور نہ ان میں ان کی شرکت ہے اور نہ ان میں سے کوئی اللہ کا مددگار ہے۔ اور اللہ کے ہاں (کسی کے لیے) سفارش فائدہ نہ دے

الشَّفَاعَةُ عِنۡدَهٗۤ اِلَّا لِمَنۡ اَذِنَ لَهٗ ؕ حَتّٰۤى اِذَا فُزِّعَ عَنۡ قُلُوۡبِهِمۡ قَالُوۡا مَاذَا ۙ قَالَ

| | | | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الشَّفَاعَةُ | عِنۡدَهٗ | اِلَّا | لِمَنۡ | اَذِنَ | لَهٗ | حَتّٰى | اِذَا | فُزِّعَ | عَنۡ | قُلُوۡبِهِمۡ | قَالُوۡا | مَاذَا | قَالَ |
| سفارش | اسکے ہاں | مگر | اس شخص کیلئے کہ | وہ اجازت دے | جس کیلئے | یہاں تک کہ | جب | خوف دور کردیا جائیگا | سے | انکے دلوں | کہیں گے | کیا | کہا |

گی مگر اس کے لیے جس کے بارے میں وہ اجازت بخشے۔ یہاں تک کہ جب ان کے دلوں سے اضطراب دور کر دیا جائے گا تو کہیں گے کہ تمہارے پروردگار نے

رَبُّكُمۡ ؕ قَالُوا الۡحَـقَّ ۚ وَهُوَ الۡعَلِىُّ الۡكَبِيۡرُ ﴿۲۳﴾ قُلۡ مَنۡ يَّرۡزُقُكُمۡ مِّنَ السَّمٰوٰتِ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| رَبُّكُمۡ | قَالُوۡا | الۡحَقَّ | وَهُوَ | الۡعَلِىُّ | الۡكَبِيۡرُ | قُلۡ | مَنۡ | يَرۡزُقُكُمۡ | مِنَ | السَّمٰوٰتِ |
| تمہارے رب نے | کہیں گے | حق | اور وہ | عالی رتبہ | گرامی قدر ہے | کہیے/ پوچھیے | کون | رزق دیتا ہے تم کو | سے | آسمانوں |

کیا فرمایا ہے؟ (فرشتے) کہیں گے کہ حق (فرمایا ہے) اور وہ عالی رتبہ (اور) گرامی قدر ہے۔ پوچھو کہ تم کو آسمانوں اور زمین سے کون رزق

وَالۡاَرۡضِ ؕ قُلِ اللّٰهُ ۙ وَاِنَّاۤ اَوۡ اِيَّاكُمۡ لَعَلٰى هُدًى اَوۡ فِىۡ ضَلٰلٍ مُّبِيۡنٍ ﴿۲۴﴾ قُلۡ لَّا

| | | | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَالۡاَرۡضِ | قُلۡ | اللّٰهُ | وَاِنَّا | اَوۡ | اِيَّاكُمۡ | لَعَلٰى | هُدًى | اَوۡ | فِىۡ | ضَلٰلٍ | مُبِيۡنٍ | قُلۡ | لَا |
| اور زمین | کہہ دیجئے | اللہ | اور بیشک ہم | یا | صرف تم | البتہ پر | ہدایت | یا | میں | گمراہی | صریح | کہہ دیجئے | نہ |

دیتا ہے؟ کہو کہ اللہ، اور ہم یا تم (یا تو) سیدھے رستے پر ہیں یا صریح گمراہی میں۔ کہہ دو کہ نہ

تُسۡـَٔـلُوۡنَ عَمَّاۤ اَجۡرَمۡنَا وَلَا نُسۡـَٔـلُ عَمَّا تَعۡمَلُوۡنَ ﴿۲۵﴾ قُلۡ يَجۡمَعُ بَيۡنَنَا رَبُّنَا ثُمَّ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تُسۡـَٔـلُوۡنَ | عَمَّا | اَجۡرَمۡنَا | وَلَا نُسۡـَٔـلُ | عَمَّا | تَعۡمَلُوۡنَ | قُلۡ | يَجۡمَعُ | بَيۡنَنَا | رَبُّنَا | ثُمَّ |
| تم سے پرسش ہوگی | اسکی بابت جو | ہم نے جرم کیا | اور نہ ہم سے پرسش ہوگی | اسکی بابت جو | تم عمل کرتے ہو | کہہ دیجئے | جمع کرے گا | ہم سب کو | ہمارا رب | پھر |

ہمارے گناہوں کی تم سے پرسش ہو گی اور نہ تمہارے اعمال کی ہم سے پرسش ہو گی۔ کہہ دو کہ ہمارا پروردگار ہم کو جمع کرے گا پھر

يَفۡتَحُ بَيۡنَنَا بِالۡحَـقِّ ؕ وَهُوَ الۡفَتَّاحُ الۡعَلِيۡمُ ﴿۲۶﴾ قُلۡ اَرُوۡنِىَ الَّذِيۡنَ اَلۡحَقۡتُمۡ بِهٖ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| يَفۡتَحُ | بَيۡنَنَا | بِالۡحَقِّ | وَهُوَ | الۡفَتَّاحُ | الۡعَلِيۡمُ | قُلۡ | اَرُوۡنِىَ | الَّذِيۡنَ | اَلۡحَقۡتُمۡ | بِهٖ |
| فیصلہ کرے گا | ہمارے درمیان | حق کے ساتھ | اور وہ | خوب فیصلہ کرنیوالا | صاحب علم ہے | کہہ دیجئے | دکھاؤ مجھے | وہ لوگ جن کو | ملا رکھا ہے تم نے | اسکے ساتھ |

ہمارے درمیان انصاف کے ساتھ فیصلہ کر دے گا۔ اور وہ خوب فیصلہ کرنے والا (اور) صاحب علم ہے۔ کہہ دو کہ مجھے وہ لوگ تو دکھاؤ جن کو تم نے (اللہ کا) شریک

شُرَكَآءَ كَلَّا ؕ بَلۡ هُوَ اللّٰهُ الۡعَزِيۡزُ الۡحَكِيۡمُ ﴿۲۷﴾ وَمَاۤ اَرۡسَلۡنٰكَ اِلَّا كَآفَّةً لِّلنَّاسِ

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| شُرَكَآءَ | كَلَّا | بَلۡ | هُوَ | اللّٰهُ | الۡعَزِيۡزُ | الۡحَكِيۡمُ | وَمَا | اَرۡسَلۡنٰكَ | اِلَّا | كَآفَّةً | لِلنَّاسِ |
| شریک بنا کر | ہرگز نہیں | بلکہ | وہی | اللہ | غالب | بڑا حکمت والا | اور نہیں | بھیجا ہم نے آپ کو | مگر | تمام | لوگوں کے لیے |

بنا کر اس کے ساتھ ملا رکھا ہے۔ کوئی نہیں بلکہ وہی (اکیلا) اللہ غالب (اور) حکمت والا ہے۔ اور (اے محمدؐ!) ہم نے تم کو تمام لوگوں کے لیے

بَشِيْرًا وَّ نَذِيْرًا وَّ لٰكِنَّ اَكْثَرَ النَّاسِ لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿۲۸﴾ وَ يَقُوْلُوْنَ مَتٰى هٰذَا

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بَشِيْرًا | وَ نَذِيْرًا | وَ لٰكِنَّ | اَكْثَرَ | النَّاسِ | لَا يَعْلَمُوْنَ | وَ يَقُوْلُوْنَ | مَتٰى | هٰذَا |
| خوش خبری دینے والا | اور ڈرانے والا | اور لیکن | اکثر | لوگ | نہیں جانتے ہیں | اور کہتے ہیں | کب ہوگا | یہ |

خوشخبری سنانے والا اور ڈرانے والا بنا کر بھیجا ہے، لیکن اکثر لوگ نہیں جانتے۔ اور کہتے ہیں کہ اگر تم سچ کہتے ہو

الْوَعْدُ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ﴿۲۹﴾ قُلْ لَّكُمْ مِّيْعَادُ يَوْمٍ لَّا تَسْتَاْخِرُوْنَ عَنْهُ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الْوَعْدُ | اِنْ | كُنْتُمْ | صٰدِقِيْنَ | قُلْ | لَكُمْ | مِيْعَادُ | يَوْمٍ | لَا تَسْتَاْخِرُوْنَ | عَنْهُ |
| وعدہ | اگر | ہوتم | سچے | کہہ دیجئے | تمہارے لیے | وعدہ ہے | ایک دن کا | نہیں تم پیچھے رہوگے | اس سے |

تو یہ (قیامت کا) وعدہ کب وقوع میں آئے گا؟ کہہ دو کہ تم سے ایک دن کا وعدہ ہے، جس دن نہ ایک گھڑی پیچھے رہو

سَاعَةً وَّ لَا تَسْتَقْدِمُوْنَ ﴿۳۰﴾ ع وَ قَالَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لَنْ نُّؤْمِنَ بِهٰذَا الْقُرْاٰنِ ۳ ع ۹ النصف

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| سَاعَةً | وَ لَا | تَسْتَقْدِمُوْنَ | وَ قَالَ | الَّذِيْنَ | كَفَرُوْا | لَنْ نُّؤْمِنَ | بِهٰذَا | الْقُرْاٰنِ |
| ایک گھڑی | اور نہ | آگے بڑھوگے | اور کہا | ان لوگوں نے جو | کافر ہیں | ہرگز نہیں ہم ایمان لائیں گے | پر اس | قرآن |

گے نہ آگے بڑھو گے۔ اور جو کافر ہیں وہ کہتے ہیں کہ ہم نہ تو اس قرآن کو مانیں گے

وَ لَا بِالَّذِيْ بَيْنَ يَدَيْهِ ؕ وَ لَوْ تَرٰۤى اِذِ الظّٰلِمُوْنَ مَوْقُوْفُوْنَ عِنْدَ رَبِّهِمْ ۖۚ يَرْجِعُ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ لَا | بِالَّذِيْ | بَيْنَ يَدَيْهِ | وَ لَوْ | تَرٰى | اِذْ | الظّٰلِمُوْنَ | مَوْقُوْفُوْنَ | عِنْدَ | رَبِّهِمْ | يَرْجِعُ |
| اور نہ | اس پر جو | اس سے پہلے ہے | اور کاش | آپ دیکھیں | جب | ظالم | کھڑے ہوں گے | سامنے | اپنے رب کے | لوٹائے گا |

اور نہ ان (کتابوں) کو جو اس سے پہلے کی ہیں۔ اور کاش (ان) ظالموں کو تم اس وقت دیکھو جب یہ اپنے پروردگار کے سامنے کھڑے ہوں گے اور

بَعْضُهُمْ اِلٰى بَعْضِ ِۨ الْقَوْلَ ۚ يَقُوْلُ الَّذِيْنَ اسْتُضْعِفُوْا لِلَّذِيْنَ اسْتَكْبَرُوْا

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بَعْضُهُمْ | اِلٰى بَعْضٍ | الْقَوْلَ | يَقُوْلُ | الَّذِيْنَ | اُسْتُضْعِفُوْا | لِلَّذِيْنَ | اِسْتَكْبَرُوْا |
| ان کا ایک | دوسرے کی طرف | بات | کہیں گے | وہ لوگ جو | کمزور بنائے گئے | ان لوگوں کو جو | بڑے بنتے تھے |

ایک دوسرے سے ردوکد کر رہے ہوں گے۔ جو لوگ کمزور سمجھے جاتے تھے وہ بڑے لوگوں سے کہیں گے

لَوْلَاۤ اَنْتُمْ لَكُنَّا مُؤْمِنِيْنَ ﴿۳۱﴾ قَالَ الَّذِيْنَ اسْتَكْبَرُوْا لِلَّذِيْنَ اسْتُضْعِفُوْۤا

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| لَوْلَا | اَنْتُمْ | لَكُنَّا | مُؤْمِنِيْنَ | قَالَ | الَّذِيْنَ | اِسْتَكْبَرُوْا | لِلَّذِيْنَ | اُسْتُضْعِفُوْا |
| اگر نہ ہوتے | تم | تو ضرور ہم ہوتے | مومن | کہیں گے | وہ لوگ جو | بڑے بنتے تھے | ان لوگوں کو جو | کمزور سمجھے گئے |

کہ اگر تم نہ ہوتے تو ہم ضرور مومن ہو جاتے۔ بڑے لوگ کمزوروں سے کہیں گے

اَنَحۡنُ صَدَدۡنٰكُمۡ عَنِ الۡهُدٰى بَعۡدَ اِذۡ جَآءَكُمۡ بَلۡ كُنۡتُمۡ مُّجۡرِمِيۡنَ ﴿٣٢﴾ وَ قَالَ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اَنَحۡنُ | صَدَدۡنٰكُمۡ | عَنِ | الۡهُدٰى | بَعۡدَ | اِذۡ | جَآءَكُمۡ | بَلۡ | كُنۡتُمۡ | مُجۡرِمِيۡنَ | وَ قَالَ |
| کیا ہم نے | روکا تم کو | سے | ہدایت | بعد | جبکہ | آ گئی تمہارے پاس | بلکہ | تھے تم ہی | مجرم/گنہگار | اور کہیں گے |

کہ بھلا ہم نے تم کو ہدایت سے جب وہ تمہارے پاس آ چکی تھی، روکا تھا؟ (نہیں) بلکہ تم ہی گنہگار تھے۔ اور کمزور لوگ

الَّذِيۡنَ اسۡتُضۡعِفُوۡا لِلَّذِيۡنَ اسۡتَكۡبَرُوۡا بَلۡ مَكۡرُ الَّيۡلِ وَ النَّهَارِ اِذۡ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الَّذِيۡنَ | اُسۡتُضۡعِفُوۡا | لِلَّذِيۡنَ | اِسۡتَكۡبَرُوۡا | بَلۡ | مَكۡرُ | الَّيۡلِ | وَ النَّهَارِ | اِذۡ |
| وہ لوگ جو | کمزور بنائے گئے | ان لوگوں کو جو | بڑے بنتے تھے | بلکہ | چالیں | رات | اور دن کی | جب |

بڑے لوگوں سے کہیں گے (نہیں) بلکہ (تمہاری) رات دن کی چالوں نے (ہمیں روک رکھا تھا) جب

تَاۡمُرُوۡنَنَاۤ اَنۡ نَّكۡفُرَ بِاللّٰهِ وَ نَجۡعَلَ لَهٗۤ اَنۡدَادًا ؕ وَ اَسَرُّوا النَّدَامَةَ لَمَّا رَاَوُا

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تَاۡمُرُوۡنَنَا | اَنۡ | نَكۡفُرَ | بِاللّٰهِ | وَ نَجۡعَلَ | لَهٗ | اَنۡدَادًا | وَ اَسَرُّوۡا | النَّدَامَةَ | لَمَّا | رَاَوُا |
| تم ہمیں حکم دیتے تھے | یہ کہ | ہم کفر کریں | اللہ کے ساتھ | اور ہم بنائیں | اسکے | شریک | اور وہ چھپائیں گے | شرمندگی | جب | وہ دیکھیں گے |

تم ہم سے کہتے تھے کہ ہم اللہ سے کفر کریں اور اس کا شریک بنائیں۔ اور جب وہ عذاب کو دیکھیں گے تو دل میں پشیمان

الۡعَذَابَ ؕ وَ جَعَلۡنَا الۡاَغۡلٰلَ فِىۡۤ اَعۡنَاقِ الَّذِيۡنَ كَفَرُوۡا ؕ هَلۡ يُجۡزَوۡنَ اِلَّا مَا

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الۡعَذَابَ | وَ جَعَلۡنَا | الۡاَغۡلٰلَ | فِىۡۤ اَعۡنَاقِ | الَّذِيۡنَ | كَفَرُوۡا | هَلۡ | يُجۡزَوۡنَ | اِلَّا | مَا |
| عذاب | اور ڈال دیں گے ہم | طوق | گردنوں میں | ان لوگوں کی جو | کافر ہیں | نہیں | ان کو بدلا دیا جائے گا | مگر | اسی کا جو |

ہوں گے۔ اور ہم کافروں کی گردنوں میں طوق ڈال دیں گے۔ بس جو عمل وہ کرتے تھے انہی کا ان کو

كَانُوۡا يَعۡمَلُوۡنَ ﴿٣٣﴾ وَ مَاۤ اَرۡسَلۡنَا فِىۡ قَرۡيَةٍ مِّنۡ نَّذِيۡرٍ اِلَّا قَالَ مُتۡرَفُوۡهَاۤ ۙ اِنَّا بِمَاۤ

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| كَانُوۡا | يَعۡمَلُوۡنَ | وَ مَا | اَرۡسَلۡنَا | فِىۡ قَرۡيَةٍ | مِنۡ | نَذِيۡرٍ | اِلَّا | قَالَ | مُتۡرَفُوۡهَا | اِنَّا | بِمَا |
| تھے وہ | عمل کرتے | اور نہیں | بھیجا ہم نے | کسی بستی میں | کوئی | ڈرانے والا | مگر | کہا | اسکے خوشحال لوگوں نے | بیشک ہم | اس چیز سے کہ |

بدلہ ملے گا۔ اور ہم نے کسی بستی میں کوئی ڈرانے والا نہیں بھیجا مگر وہاں کے خوشحال لوگوں نے کہا کہ جو چیز

اُرۡسِلۡتُمۡ بِهٖ كٰفِرُوۡنَ ﴿٣٤﴾ وَ قَالُوۡا نَحۡنُ اَكۡثَرُ اَمۡوَالًا وَّ اَوۡلَادًا ۙ وَّ مَا نَحۡنُ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اُرۡسِلۡتُمۡ | بِهٖ | كٰفِرُوۡنَ | وَ قَالُوۡا | نَحۡنُ | اَكۡثَرُ | اَمۡوَالًا | وَ اَوۡلَادًا | وَ مَا | نَحۡنُ |
| تم بھیجے گئے ہو | جس کے ساتھ | کفر کرتے ہیں | اور کہا انہوں نے | ہم | بہت زیادہ ہیں | مال | اور اولاد میں | اور نہیں | ہم |

تم دے کر بھیجے گئے ہو ہم اس کے قائل نہیں۔ اور (یہ بھی) کہنے لگے کہ ہم بہت سا مال اور اولاد رکھتے ہیں اور ہم کو عذاب

بِمُعَذَّبِيْنَ ﴿٣٥﴾ قُلْ اِنَّ رَبِّيْ يَبْسُطُ الرِّزْقَ لِمَنْ يَّشَآءُ وَ يَقْدِرُ وَ لٰكِنَّ اَكْثَرَ

| بِمُعَذَّبِيْنَ | قُلْ | اِنَّ | رَبِّيْ | يَبْسُطُ | الرِّزْقَ | لِمَنْ | يَّشَآءُ | وَ يَقْدِرُ | وَ لٰكِنَّ | اَكْثَرَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| عذاب دیئے جانے والے | کہہ دیجئے | بے شک | میرا رب | فراخ کرتا ہے | رزق | جس کیلئے | چاہتا ہے | اور تنگ کر دیتا ہے | اور لیکن | اکثر |

نہیں ہوگا۔ کہہ دو کہ میرا رب جس کے لیے چاہتا ہے روزی فراخ کر دیتا ہے اور (جس کے لیے چاہتا ہے) تنگ کر دیتا ہے، لیکن اکثر

ع ٤ ١٠ النَّاسِ لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿٣٦﴾ وَ مَآ اَمْوَالُكُمْ وَ لَآ اَوْلَادُكُمْ بِالَّتِيْ تُقَرِّبُكُمْ عِنْدَنَا

| النَّاسِ | لَا يَعْلَمُوْنَ | وَ مَا | اَمْوَالُكُمْ | وَ لَا | اَوْلَادُكُمْ | بِالَّتِيْ | تُقَرِّبُكُمْ | عِنْدَنَا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| لوگ | نہیں جانتے ہیں | اور نہیں | تمہارا مال | اور نہ | تمہاری اولاد | وہ جو کہ | مقرب بنا دے تم کو | پاس ہمارے |

لوگ نہیں جانتے۔ اور تمہارا مال اور اولاد ایسی چیز نہیں کہ تم کو ہمارا مقرب

زُلْفٰٓى اِلَّا مَنْ اٰمَنَ وَ عَمِلَ صَالِحًا فَاُولٰٓئِكَ لَهُمْ جَزَآءُ الضِّعْفِ بِمَا عَمِلُوْا

| زُلْفٰى | اِلَّا | مَنْ | اٰمَنَ | وَ عَمِلَ | صَالِحًا | فَاُولٰٓئِكَ | لَهُمْ | جَزَآءُ | الضِّعْفِ | بِمَا | عَمِلُوْا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| درجہ میں | مگر | جو شخص | ایمان لایا | اور اس نے عمل کیے | نیک | تو یہی لوگ | ان کیلئے | جزا/بدلہ | دوگنا | اسکے باعث جو | عمل کیے انہوں نے |

بنا دے، ہاں (ہمارا مقرب وہ ہے) جو ایمان لایا اور عمل نیک کرتا رہا، ایسے ہی لوگوں کو ان کے اعمال کے سبب دگنا بدلہ ملے گا

وَ هُمْ فِي الْغُرُفٰتِ اٰمِنُوْنَ ﴿٣٧﴾ وَ الَّذِيْنَ يَسْعَوْنَ فِيْٓ اٰيٰتِنَا مُعٰجِزِيْنَ اُولٰٓئِكَ فِي

| وَ هُمْ | فِي الْغُرُفٰتِ | اٰمِنُوْنَ | وَ الَّذِيْنَ | يَسْعَوْنَ | فِيْٓ اٰيٰتِنَا | مُعٰجِزِيْنَ | اُولٰٓئِكَ | فِي |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور وہ | بالاخانوں میں | چین پانے والے | اور جو لوگ | کوشش کرتے ہیں | ہماری آیات میں | ہرانے والے ہوں | یہی لوگ | میں |

اور وہ خاطر جمع سے بالاخانوں میں بیٹھے ہوں گے۔ اور جو لوگ ہماری آیتوں میں کوشش کرتے ہیں کہ ہمیں ہرا دیں وہ

الْعَذَابِ مُحْضَرُوْنَ ﴿٣٨﴾ قُلْ اِنَّ رَبِّيْ يَبْسُطُ الرِّزْقَ لِمَنْ يَّشَآءُ مِنْ عِبَادِهٖ

| الْعَذَابِ | مُحْضَرُوْنَ | قُلْ | اِنَّ | رَبِّيْ | يَبْسُطُ | الرِّزْقَ | لِمَنْ | يَشَآءُ | مِنْ | عِبَادِهٖ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| عذاب | حاضر کیے جائیں گے | کہہ دیجئے | بے شک | میرا رب | فراخ کرتا ہے | رزق | جس کیلئے | چاہتا ہے | سے | اپنے بندوں میں |

عذاب میں حاضر کیے جائیں گے۔ کہہ دو کہ میرا پروردگار اپنے بندوں میں سے جس کے لیے چاہتا ہے روزی فراخ کر دیتا ہے اور (جس کے لیے

وَ يَقْدِرُ لَهٗ ؕ وَ مَآ اَنْفَقْتُمْ مِّنْ شَيْءٍ فَهُوَ يُخْلِفُهٗ ۚ وَ هُوَ خَيْرُ الرّٰزِقِيْنَ ﴿٣٩﴾ وَ يَوْمَ

| وَ يَقْدِرُ | لَهٗ | وَ مَا | اَنْفَقْتُمْ | مِنْ شَيْءٍ | فَهُوَ | يُخْلِفُهٗ | وَ هُوَ | خَيْرُ | الرّٰزِقِيْنَ | وَ يَوْمَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور تنگ کر دیتا ہے | اس کیلئے | اور جو | تم خرچ کرو گے | کوئی چیز | پس وہ | اسکے عوض دے گا | اور وہ | سب سے بہتر | رزق دینے والا ہے | اور جس دن |

چاہتا ہے) تنگ کر دیتا ہے۔ اور تم جو چیز خرچ کرو گے وہ اس کا (تمہیں) عوض دے گا۔ اور وہ سب سے بہتر رزق دینے والا ہے۔ اور جس دن

يَحْشُرُهُمْ جَمِيْعًا ثُمَّ يَقُوْلُ لِلْمَلٰٓئِكَةِ اَهٰٓؤُلَآءِ اِيَّاكُمْ كَانُوْا يَعْبُدُوْنَ ﴿۴۰﴾

| يَحْشُرُهُمْ | جَمِيْعًا | ثُمَّ | يَقُوْلُ | لِلْمَلٰٓئِكَةِ | اَهٰٓؤُلَآءِ | اِيَّاكُمْ | كَانُوْا | يَعْبُدُوْنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وہ جمع کرے گا ان کو | سب کو | پھر | فرمائے گا | فرشتوں سے | کیا یہ لوگ | تم کو | تھے | پوجتے |

وہ ان سب کو جمع کرے گا پھر فرشتوں سے فرمائے گا، کیا یہ لوگ تم کو پوجا کرتے تھے؟

قَالُوْا سُبْحٰنَكَ اَنْتَ وَلِيُّنَا مِنْ دُوْنِهِمْ ۚ بَلْ كَانُوْا يَعْبُدُوْنَ الْجِنَّ ۚ اَكْثَرُهُمْ

| قَالُوْا | سُبْحٰنَكَ | اَنْتَ | وَلِيُّنَا | مِنْ دُوْنِهِمْ | بَلْ | كَانُوْا | يَعْبُدُوْنَ | الْجِنَّ | اَكْثَرُهُمْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وہ کہیں گے | پاک ہے تو | تو ہی | ہمارا دوست ہے | ان کے سوا | بلکہ | وہ تھے | عبادت کرتے | جنوں کی | اکثر ان کے |

وہ کہیں گے، تو پاک ہے، تو ہی ہمارا دوست ہے نہ (کہ) یہ۔ بلکہ یہ جنات کو پوجا کرتے تھے اور اکثر

بِهِمْ مُّؤْمِنُوْنَ ﴿۴۱﴾ فَالْيَوْمَ لَا يَمْلِكُ بَعْضُكُمْ لِبَعْضٍ نَّفْعًا وَّ لَا ضَرًّا ؕ

| بِهِمْ | مُّؤْمِنُوْنَ | فَالْيَوْمَ | لَا يَمْلِكُ | بَعْضُكُمْ ❶ | لِبَعْضٍ | نَفْعًا | وَ لَا | ضَرًّا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ان کو | مانتے تھے | تو آج | نہیں اختیار رکھتا | تم میں سے ایک/کوئی | دوسرے کے لیے | نفع | اور نہ | نقصان کا |

ان ہی کو مانتے تھے۔ تو آج تم میں سے کوئی کسی کو نفع اور نقصان پہنچانے کا اختیار نہیں رکھتا۔

وَ نَقُوْلُ لِلَّذِيْنَ ظَلَمُوْا ذُوْقُوْا عَذَابَ النَّارِ الَّتِيْ كُنْتُمْ بِهَا تُكَذِّبُوْنَ ﴿۴۲﴾

| وَ نَقُوْلُ | لِلَّذِيْنَ | ظَلَمُوْا | ذُوْقُوْا | عَذَابَ | النَّارِ | الَّتِيْ | كُنْتُمْ | بِهَا | تُكَذِّبُوْنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور ہم کہیں گے | ان لوگوں کو جنہوں نے | ظلم کیا | مزہ چکھو | عذاب کا | آگ کے | وہ جو | تھے تم | اس کو | جھٹلاتے |

اور ہم ظالموں سے کہیں گے کہ دوزخ کے عذاب کا، جس کو تم جھوٹ سمجھتے تھے، مزہ چکھو۔

وَ اِذَا تُتْلٰى عَلَيْهِمْ اٰيٰتُنَا بَيِّنٰتٍ قَالُوْا مَا هٰذَآ اِلَّا رَجُلٌ يُّرِيْدُ اَنْ يَّصُدَّكُمْ

| وَ اِذَا | تُتْلٰى | عَلَيْهِمْ | اٰيٰتُنَا | بَيِّنٰتٍ | قَالُوْا | مَا | هٰذَا | اِلَّا | رَجُلٌ | يُرِيْدُ | اَنْ | يَصُدَّكُمْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور جب | پڑھی جاتی ہیں | ان پر | ہماری آیات | روشن | کہتے ہیں | نہیں | یہ | مگر | ایک شخص | چاہتا ہے | کہ | روک دے تم کو |

اور جب ان کو ہماری روشن آیتیں پڑھ کر سنائی جاتی ہیں تو کہتے ہیں یہ ایک (ایسا) شخص ہے جو چاہتا ہے کہ جن چیزوں کی تمہارے باپ دادا پرستش کیا

عَمَّا كَانَ يَعْبُدُ اٰبَآؤُكُمْ ۚ وَ قَالُوْا مَا هٰذَآ اِلَّآ اِفْكٌ مُّفْتَرًى ؕ وَ قَالَ الَّذِيْنَ

| عَمَّا | كَانَ | يَعْبُدُ | اٰبَآؤُكُمْ | وَ قَالُوْا | مَا | هٰذَا | اِلَّا | اِفْكٌ | مُفْتَرًى | وَ قَالَ | الَّذِيْنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ان چیزوں سے جن کی | تھے | عبادت کرتے | تمہارے باپ دادا | اور کہتے ہیں | نہیں | یہ | مگر | جھوٹ | بنالیا گیا | اور کہا | جن لوگوں نے |

کرتے تھے ان سے تم کو روک دے۔ اور (یہ بھی) کہتے ہیں کہ یہ (قرآن) محض جھوٹ ہے جو (اپنی طرف سے) بنالیا گیا ہے۔ اور کافروں کے پاس



❶ بَعْضُكُمْ: تم میں سے ایک، تم میں سے کوئی۔

كَفَرُوْا لِلْحَقِّ لَمَّا جَآءَهُمْ ۙ اِنْ هٰذَآ اِلَّا سِحْرٌ مُّبِيْنٌ ﴿٤٣﴾ وَ مَآ اٰتَيْنٰهُمْ مِّنْ

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| كَفَرُوْا | لِلْحَقِّ | لَمَّا | جَآءَهُمْ | اِنْ | هٰذَا | اِلَّا | سِحْرٌ | مُّبِيْنٌ | وَ مَا | اٰتَيْنٰهُمْ | مِنْ |
| کفر کیا | حق کو | جب | آیا ان کے پاس | نہیں | یہ | مگر | جادو | صریح | اور نہیں | دیں ہم نے ان کو | |

جب حق آیا تو اس کے بارے میں کہنے لگے کہ یہ تو صریح جادو ہے۔ اور ہم نے نہ تو ان (مشرکوں) کو کتابیں

كُتُبٍ يَّدْرُسُوْنَهَا وَ مَآ اَرْسَلْنَآ اِلَيْهِمْ قَبْلَكَ مِنْ نَّذِيْرٍ ﴿٤٤﴾ وَ كَذَّبَ الَّذِيْنَ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| كُتُبٍ | يَدْرُسُوْنَهَا | وَ مَا | اَرْسَلْنَا | اِلَيْهِمْ | قَبْلَكَ | مِنْ نَّذِيْرٍ | وَ كَذَّبَ | الَّذِيْنَ |
| کتابیں | وہ پڑھتے ہوں ان کو | اور نہیں | بھیجا ہم نے | ان کی طرف | آپ سے پہلے | کوئی ڈرانے والا | اور جھٹلایا | ان لوگوں نے جو |

دیں جن کو یہ پڑھتے ہیں اور نہ تم سے پہلے ان کی طرف کوئی ڈرانے والا بھیجا (مگر انہوں نے تکذیب کی)۔ اور جو لوگ ان سے پہلے تھے انہوں نے

مِنْ قَبْلِهِمْ ۙ وَ مَا بَلَغُوْا مِعْشَارَ مَآ اٰتَيْنٰهُمْ فَكَذَّبُوْا رُسُلِيْ ۫ فَكَيْفَ كَانَ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مِنْ قَبْلِهِمْ | وَ مَا | بَلَغُوْا | مِعْشَارَ | مَا | اٰتَيْنٰهُمْ | فَكَذَّبُوْا | رُسُلِيْ | فَكَيْفَ | كَانَ |
| ان سے پہلے تھے | اور نہیں | یہ پہنچے | دسویں حصے کو | جو | دیا تھا ہم نے ان کو | تو جھٹلایا انہوں نے | میرے رسولوں کو | پس کیسا | تھا/ہوا |

تکذیب کی تھی اور جو کچھ ہم نے ان کو دیا تھا یہ اس کے دسویں حصے کو بھی نہیں پہنچے تو انہوں نے میرے پیغمبروں کو جھٹلایا، سو میرا عذاب

نَكِيْرِ ﴿٤٥﴾ قُلْ اِنَّمَآ اَعِظُكُمْ بِوَاحِدَةٍ ۚ اَنْ تَقُوْمُوْا لِلّٰهِ مَثْنٰى وَ فُرَادٰى ثُمَّ ع ٥ ٩ ١١

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| نَكِيْرِ | قُلْ | اِنَّمَا | اَعِظُكُمْ | بِوَاحِدَةٍ | اَنْ | تَقُوْمُوْا | لِلّٰهِ | مَثْنٰى | وَ فُرَادٰى | ثُمَّ |
| میرا عذاب | کہہ دیجئے | صرف | میں نصیحت کرتا ہوں تمہیں | ایک (بات) کی | کہ | تم کھڑے ہو جاؤ | اللہ کے لیے | دو دو | اور اکیلے اکیلے | پھر |

کیسا ہوا؟ کہہ دو کہ میں تمہیں صرف ایک بات کی نصیحت کرتا ہوں کہ تم اللہ کے لیے دو دو اور اکیلے اکیلے کھڑے ہو جاؤ پھر

تَتَفَكَّرُوْا ۫ مَا بِصَاحِبِكُمْ مِّنْ جِنَّةٍ ؕ اِنْ هُوَ اِلَّا نَذِيْرٌ لَّكُمْ بَيْنَ يَدَيْ عَذَابٍ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تَتَفَكَّرُوْا | مَا | بِصَاحِبِكُمْ | مِنْ جِنَّةٍ | اِنْ | هُوَ | اِلَّا | نَذِيْرٌ | لَكُمْ | بَيْنَ يَدَيْ | عَذَابٍ |
| تم غور کرو | نہیں | تمہارے رفیق کو | کچھ بھی جنون | نہیں | وہ | مگر | ڈرانے والا | تمہارے لیے | آگے/(آنے سے) پہلے | عذاب |

غور کرو۔ تمہارے رفیق کو مطلق سودا نہیں۔ وہ تم کو عذاب سخت (کے آنے) سے پہلے صرف ڈرانے

شَدِيْدٍ ﴿٤٦﴾ قُلْ مَا سَاَلْتُكُمْ مِّنْ اَجْرٍ فَهُوَ لَكُمْ ؕ اِنْ اَجْرِيَ اِلَّا عَلَى اللّٰهِ ۚ وَ هُوَ

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| شَدِيْدٍ | قُلْ | مَا | سَاَلْتُكُمْ | مِنْ اَجْرٍ | فَهُوَ | لَكُمْ | اِنْ | اَجْرِيَ | اِلَّا | عَلَى اللّٰهِ | وَ هُوَ |
| سخت | کہہ دیجئے | جو | میں نے مانگا ہو تم سے | کچھ صلہ | تو وہ | تمہارے لیے | نہیں | میرا صلہ | مگر | اللہ پر | اور وہ |

والے ہیں۔ کہہ دو کہ میں نے تم سے کچھ صلہ مانگا ہو تو وہ تمہارا۔ میرا صلہ اللہ کے ذمے ہے اور وہ

عَلٰى كُلِّ شَىْءٍ شَهِيْدٌ ﴿٤٧﴾ قُلْ اِنَّ رَبِّىْ يَقْذِفُ بِالْحَقِّ ۚ عَلَّامُ الْغُيُوْبِ ﴿٤٨﴾ قُلْ

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| عَلٰى | كُلِّ | شَىْءٍ | شَهِيْدٌ | قُلْ | اِنَّ | رَبِّىْ | يَقْذِفُ | بِالْحَقِّ | عَلَّامُ | الْغُيُوْبِ | قُلْ |
| پر | ہر | چیز | گواہ | کہہ دیجئے | بے شک | میرا رب | اوپر سے اتارتا ہے | حق کو | جاننے والا | غیب کی باتیں | کہہ دیجئے |

ہر چیز سے خبردار ہے۔ کہہ دو کہ میرا پروردگار اوپر سے حق اتارتا ہے (اور وہ) غیب کی باتوں کا جاننے والا ہے۔ کہہ دو کہ

جَآءَ الْحَقُّ وَ مَا يُبْدِئُ الْبَاطِلُ وَ مَا يُعِيْدُ ﴿٤٩﴾ قُلْ اِنْ ضَلَلْتُ فَاِنَّمَآ اَضِلُّ

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| جَآءَ | الْحَقُّ | وَ مَا | يُبْدِئُ | الْبَاطِلُ | وَ مَا | يُعِيْدُ | قُلْ | اِنْ | ضَلَلْتُ | فَاِنَّمَآ | اَضِلُّ |
| آگیا | حق | اور نہ | پہلی بار پیدا کرسکتا ہے | باطل | اور نہ | دوبارہ کرسکتا ہے | کہہ دیجئے | اگر | میں گمراہ ہوں | تو بیشک | میں گمراہ ہوں گا/میری گمراہی |

حق آ چکا اور (معبود) باطل نہ تو پہلی بار پیدا کر سکتا ہے اور نہ دوبارہ پیدا کرے گا۔ کہہ دو کہ اگر میں گمراہ ہوں تو میری گمراہی کا ضرر

عَلٰى نَفْسِىْ ۚ وَاِنِ اهْتَدَيْتُ فَبِمَا يُوْحِىْٓ اِلَىَّ رَبِّىْ ۭ اِنَّهٗ سَمِيْعٌ قَرِيْبٌ ﴿٥٠﴾ وَلَوْ تَرٰٓى

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| عَلٰى نَفْسِىْ | وَاِنْ | اِهْتَدَيْتُ | فَبِمَا | يُوْحِىْ | اِلَىَّ | رَبِّىْ | اِنَّهٗ | سَمِيْعٌ | قَرِيْبٌ | وَ لَوْ | تَرٰى |
| میری جان پر | اور اگر | میں ہدایت پر ہوں | تو بسبب اسکے جو | وحی بھیجتا ہے | میری طرف | میرا رب | بیشک وہ | سننے والا | قریب ہے | اور کاش | آپ دیکھیں |

مجھی کو ہے۔ اور اگر میں ہدایت پر ہوں تو یہ اس کی طفیل ہے جو میرا پروردگار میری طرف وحی بھیجتا ہے۔ بے شک وہ سننے والا (اور) نزدیک ہے۔ اور کاش تم دیکھو

اِذْ فَزِعُوْا فَلَا فَوْتَ وَ اُخِذُوْا مِنْ مَّكَانٍ قَرِيْبٍ ﴿٥١﴾ وَّ قَالُوْٓا اٰمَنَّا بِهٖ ۚ وَ اَنّٰى لَهُمُ

| | | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اِذْ | فَزِعُوْا | فَلَا | فَوْتَ ❶ | وَ اُخِذُوْا | مِنْ | مَكَانٍ | قَرِيْبٍ | وَ قَالُوْا | اٰمَنَّا | بِهٖ | وَ اَنّٰى | لَهُمُ |
| جب | وہ گھبرا جائیں گے | تو نہیں | بچ سکیں گے | اور پکڑ لیے جائیں گے | سے | جگہ | قریب | اور کہیں گے | ہم ایمان لائے | اس پر | اور کس طرح | ان کیلئے |

جب یہ گھبرا جائیں گے تو (عذاب سے) بچ نہیں سکیں گے اور نزدیک ہی سے پکڑ لیے جائیں گے۔ اور کہیں گے کہ ہم اس پر ایمان لے آئے، اور (اب) اتنی دور

التَّنَاوُشُ مِنْ مَّكَانٍ بَعِيْدٍ ﴿٥٢﴾ صلے ج وَّ قَدْ كَفَرُوْا بِهٖ مِنْ قَبْلُ ۚ وَ يَقْذِفُوْنَ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| التَّنَاوُشُ | مِنْ | مَكَانٍ | بَعِيْدٍ | وَ قَدْ | كَفَرُوْا | بِهٖ | مِنْ قَبْلُ | وَ يَقْذِفُوْنَ |
| پکڑنا (ایمان کو) | سے | جگہ | دور | اور بے شک | کفر کیا انہوں نے | اس کے ساتھ | اس سے پہلے | اور تیر چلاتے رہے |

سے ان کا ہاتھ ایمان کے لینے کو کیوں کر پہنچ سکتا ہے؟ اور پہلے تو اس سے انکار کرتے رہے اور بن دیکھے دور ہی سے

بِالْغَيْبِ مِنْ مَّكَانٍ بَعِيْدٍ ﴿٥٣﴾ وَ حِيْلَ بَيْنَهُمْ وَ بَيْنَ مَا يَشْتَهُوْنَ كَمَا فُعِلَ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بِالْغَيْبِ | مِنْ مَكَانٍ | بَعِيْدٍ | وَ حِيْلَ | بَيْنَهُمْ | وَ بَيْنَ | مَا | يَشْتَهُوْنَ | كَمَا | فُعِلَ |
| بن دیکھے | جگہ سے | دور | اور پردہ حائل کر دیا گیا | ان کے درمیان | اور درمیان | جو | وہ چاہتے تھے | مانند اسکی جو | کیا گیا |

(ظن کے) تیر چلاتے رہے۔ اور ان میں اور ان کی خواہش کی چیزوں میں پردہ حائل کر دیا گیا جیسا کہ پہلے ان کے



❶ فَوْتَ: آگے بڑھ جانا، گرفت سے باہر ہو جانا، رسائی سے نکل جانا۔

ع ٦ ٩ ١٢

بِاَشْيَاعِهِمْ مِّنْ قَبْلُ ؕ اِنَّهُمْ كَانُوْا فِيْ شَكٍّ مُّرِيْبٍ ﴿٥٤﴾ ع

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| بِاَشْيَاعِهِمْ | مِنْ قَبْلُ | اِنَّهُمْ | كَانُوْا | فِيْ | شَكٍّ | مُرِيْبٍ |
| ان کے ہم جنسوں کے ساتھ | پہلے | بے شک وہ | تھے | میں | شک | الجھن میں ڈالنے والے |

ہم جنسوں سے کیا گیا۔ وہ بھی الجھن میں ڈالنے والے شک میں پڑے ہوئے تھے۔

## سُوْرَةُ فَاطِرٍ مَّكِّيَّةٌ

اٰيَاتُهَا ٤٥ — رُكُوْعَاتُهَا ٥

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| فَاطِر | بِ | اِسْمِ | اللّٰهِ | الرَّحْمٰنِ | الرَّحِيْمِ |
| عدم سے وجود میں لانے والا | ساتھ/سے | نام | اللہ کے | بے حد مہربان | نہایت رحم کرنے والا |

شروع اللہ کا نام لے کر جو بڑا مہربان، نہایت رحم والا ہے۔

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ فَاطِرِ السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضِ جَاعِلِ الْمَلٰٓئِكَةِ رُسُلًا اُولِيْٓ اَجْنِحَةٍ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اَلْحَمْدُ | لِلّٰهِ | فَاطِرِ | السَّمٰوٰتِ | وَ الْاَرْضِ | جَاعِلِ | الْمَلٰٓئِكَةِ | رُسُلًا | اُولِيْٓ اَجْنِحَةٍ |
| سب تعریف | اللہ کی ہے | پیدا کرنے والا | آسمانوں | اور زمین کا | بنانے والا | فرشتوں کو | قاصد | پروں والے |

سب تعریف اللہ ہی کو (سزاوار) ہے جو آسمانوں اور زمین کا پیدا کرنے والا (اور) فرشتوں کو قاصد بنانے والا ہے جن کے دو دو

مَّثْنٰى وَ ثُلٰثَ وَ رُبٰعَ ؕ يَزِيْدُ فِي الْخَلْقِ مَا يَشَآءُ ؕ اِنَّ اللّٰهَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ﴿١﴾ مَا

| | | | | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مَثْنٰى | وَ ثُلٰثَ | وَ رُبٰعَ | يَزِيْدُ | فِي الْخَلْقِ | مَا | يَشَآءُ | اِنَّ | اللّٰهَ | عَلٰى | كُلِّ | شَيْءٍ | قَدِيْرٌ | مَا |
| دو دو | اور تین تین | اور چار چار | وہ زیادہ کرتا ہے | مخلوق میں | جو | چاہتا ہے | بیشک | اللہ | پر | ہر | چیز | قادر ہے | جو |

اور تین تین اور چار چار پر ہیں۔ وہ (اپنی) مخلوقات میں جو چاہتا ہے بڑھاتا ہے۔ بےشک اللہ ہر چیز پر قادر ہے۔ اللہ

يَفْتَحِ اللّٰهُ لِلنَّاسِ مِنْ رَّحْمَةٍ فَلَا مُمْسِكَ لَهَا ۚ وَ مَا يُمْسِكْ ۙ فَلَا مُرْسِلَ لَهٗ

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| يَفْتَحِ | اللّٰهُ | لِلنَّاسِ | مِنْ رَّحْمَةٍ | فَلَا | مُمْسِكَ | لَهَا | وَ مَا | يُمْسِكْ | فَلَا | مُرْسِلَ | لَهٗ |
| کھول دیتا ہے | اللہ | لوگوں کیلئے | رحمت میں سے | پس نہیں | کوئی بند کرنے والا | اس کو | اور جو | وہ بند کر دیتا ہے | پس نہیں | کوئی کھولنے والا | اس کو |

جو اپنی رحمت (کا دروازہ) کھول دے تو کوئی اس کو بند کرنے والا نہیں۔ اور جو بند کر دے تو اس کے بعد کوئی اس کو کھولنے

مِنْۢ بَعْدِهٖ ؕ وَ هُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ﴿٢﴾ يٰٓاَيُّهَا النَّاسُ اذْكُرُوْا نِعْمَتَ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ ؕ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مِنْۢ بَعْدِهٖ | وَ هُوَ | الْعَزِيْزُ | الْحَكِيْمُ | يٰٓاَيُّهَا | النَّاسُ | اذْكُرُوْا | نِعْمَتَ اللّٰهِ | عَلَيْكُمْ |
| اس کے بعد | اور وہ | غالب | بڑی حکمت والا ہے | اے | لوگو | یاد کرو | نعمت کو اللہ کی | اپنے اوپر |

والا نہیں۔ اور وہ غالب حکمت والا ہے۔ لوگو! اللہ کے جو تم پر احسانات ہیں ان کو یاد کرو۔

هَلْ مِنْ خَالِقٍ غَيْرُ اللّٰهِ يَرْزُقُكُمْ مِّنَ السَّمَآءِ وَ الْاَرْضِ ؕ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۫ۖ فَاَنّٰى

| | | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| هَلْ | مِنْ | خَالِقٍ | غَيْرُ اللّٰهِ | يَرْزُقُكُمْ | مِنَ | السَّمَآءِ | وَالْاَرْضِ | لَا | اِلٰهَ | اِلَّا | هُوَ | فَاَنّٰى |
| کیا | کوئی | پیدا کرنے والا | سوائے اللہ کے | رزق دیتا ہے تم کو | سے | آسمان | اور زمین | نہیں | کوئی معبود | مگر | وہ | پس کہاں |

کیا اللہ کے سوا کوئی اور خالق (اور رازق) ہے جو تم کو آسمان اور زمین سے رزق دے؟ اس کے سوا کوئی معبود نہیں۔ پس تم کہاں

تُؤْفَكُوْنَ ③ وَ اِنْ يُّكَذِّبُوْكَ فَقَدْ كُذِّبَتْ رُسُلٌ مِّنْ قَبْلِكَ ؕ وَ اِلَى اللّٰهِ تُرْجَعُ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تُؤْفَكُوْنَ | وَاِنْ | يُّكَذِّبُوْكَ | فَقَدْ | كُذِّبَتْ | رُسُلٌ | مِنْ قَبْلِكَ | وَاِلَى اللّٰهِ | تُرْجَعُ |
| تم بہکے پھرتے ہو | اور اگر | وہ جھٹلائیں آپ کو | تو بے شک | جھٹلائے گئے | کئی رسول | آپ سے پہلے | اور اللہ کی طرف | لوٹائے جائیں گے |

بہکے پھرتے ہو۔ اور (اے پیغمبرؐ) اگر یہ لوگ تم کو جھٹلائیں تو تم سے پہلے بھی پیغمبر جھٹلائے گئے ہیں۔ اور (سب) کام اللہ ہی کی طرف لوٹائے

الْاُمُوْرُ ④ يٰۤاَيُّهَا النَّاسُ اِنَّ وَعْدَ اللّٰهِ حَقٌّ فَلَا تَغُرَّنَّكُمُ الْحَيٰوةُ الدُّنْيَا ٚ وَ لَا

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الْاُمُوْرُ | يٰۤاَيُّهَا | النَّاسُ | اِنَّ | وَعْدَ اللّٰهِ | حَقٌّ | فَلَا تَغُرَّنَّكُمُ | الْحَيٰوةُ | الدُّنْيَا | وَ لَا |
| سب کام | اے | لوگو | بے شک | اللہ کا وعدہ | سچا ہے | پس ہرگز نہ دھوکا دے تم کو | زندگی | دنیا کی | اور نہ |

جائیں گے۔ لوگو! اللہ کا وعدہ سچا ہے۔ تو تم کو دنیا کی زندگی دھوکے میں نہ ڈال دے اور نہ (شیطان)

يَغُرَّنَّكُمْ بِاللّٰهِ الْغَرُوْرُ ⑤ اِنَّ الشَّيْطٰنَ لَكُمْ عَدُوٌّ فَاتَّخِذُوْهُ عَدُوًّا ؕ اِنَّمَا

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| يَغُرَّنَّكُمْ | بِاللّٰهِ | الْغَرُوْرُ | اِنَّ | الشَّيْطٰنَ | لَكُمْ | عَدُوٌّ | فَاتَّخِذُوْهُ | عَدُوًّا | اِنَّمَا |
| ہرگز فریب دے تم کو | اللہ کے بارے میں | فریب دینے والا | بیشک | شیطان | تمہارا | دشمن | پس سمجھو تم اس کو | دشمن | اسکے سوا کچھ نہیں کہ |

فریب دینے والا تمہیں فریب دے۔ شیطان تمہارا دشمن ہے، تم بھی اسے دشمن ہی سمجھو۔ وہ اپنے

يَدْعُوْا حِزْبَهٗ لِيَكُوْنُوْا مِنْ اَصْحٰبِ السَّعِيْرِ ⑥ اَلَّذِيْنَ كَفَرُوْا لَهُمْ عَذَابٌ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| يَدْعُوْا | حِزْبَهٗ | لِيَكُوْنُوْا | مِنْ | اَصْحٰبِ | السَّعِيْرِ | اَلَّذِيْنَ | كَفَرُوْا | لَهُمْ | عَذَابٌ |
| وہ بلاتا ہے | اپنے گروہ کو | تاکہ وہ ہوں | سے | رہنے والوں میں | دوزخ کے | جو لوگ | کافر ہیں | ان کے لیے | عذاب |

(پیروؤں کے) گروہ کو بلاتا ہے تاکہ وہ دوزخ والوں میں ہوں۔ جنہوں نے کفر کیا ان کے لیے سخت

شَدِيْدٌ ؕ۬ وَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَ عَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ لَهُمْ مَّغْفِرَةٌ وَّ اَجْرٌ كَبِيْرٌ ⑦ اَفَمَنْ زُيِّنَ ع ۱ ۷ ۱۳

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| شَدِيْدٌ | وَ الَّذِيْنَ | اٰمَنُوْا | وَ عَمِلُوْا | الصّٰلِحٰتِ | لَهُمْ | مَغْفِرَةٌ | وَ اَجْرٌ | كَبِيْرٌ | اَفَمَنْ | زُيِّنَ |
| سخت | اور جو لوگ | ایمان لائے | اور عمل کیے | نیک | ان کے لیے | بخشش | اور اجر | بڑا | بھلا وہ شخص کہ | آراستہ کیا گیا |

عذاب ہے۔ اور جو ایمان لائے اور نیک عمل کرتے رہے ان کے لیے بخشش اور بڑا ثواب ہے۔ بھلا جس شخص کو اس کے اعمالِ بد

لَهٗ سُوْٓءُ عَمَلِهٖ فَرَاٰهُ حَسَنًا ؕ فَاِنَّ اللّٰهَ يُضِلُّ مَنْ يَّشَآءُ وَ يَهْدِيْ مَنْ يَّشَآءُ ۖ

| لَهٗ | سُوْٓءُ | عَمَلِهٖ | فَرَاٰهُ ❶ | حَسَنًا | فَاِنَّ | اللّٰهَ | يُضِلُّ | مَنْ | يَّشَآءُ | وَ يَهْدِيْ | مَنْ | يَّشَآءُ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| جس کیلئے | برا | عمل اسکا | پس وہ دیکھنے لگے/سمجھنے لگے اسکو | اچھا | تو بیشک | اللہ | گمراہ کرتا ہے | جس کو | چاہتا ہے | اور ہدایت دیتا ہے | جس کو | چاہتا ہے |

آراستہ کر کے دکھائے جائیں اور وہ ان کو عمدہ سمجھنے لگے تو (کیا وہ نیکوکار آدمی جیسا ہوسکتا ہے) بے شک اللہ جس کو چاہتا ہے گمراہ کرتا ہے اور جس کو چاہتا ہے

فَلَا تَذْهَبْ نَفْسُكَ عَلَيْهِمْ حَسَرٰتٍ ؕ اِنَّ اللّٰهَ عَلِيْمٌۢ بِمَا يَصْنَعُوْنَ ⑧ وَ اللّٰهُ

| فَلَا تَذْهَبْ | نَفْسُكَ | عَلَيْهِمْ | حَسَرٰتٍ | اِنَّ اللّٰهَ | عَلِيْمٌ | بِمَا | يَصْنَعُوْنَ | وَ اللّٰهُ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| پس نہ نکل جائے | آپ کی جان | ان پر | افسوس کر کے | بے شک اللہ | خوب واقف ہے | اس سے جو | وہ کرتے ہیں | اور اللہ |

ہدایت دیتا ہے۔ تو ان لوگوں پر افسوس کر کے تمہارا دم نہ نکل جائے۔ یہ جو کچھ کرتے ہیں اللہ اس سے واقف ہے۔ اور اللہ

الَّذِيْٓ اَرْسَلَ الرِّيٰحَ فَتُثِيْرُ سَحَابًا فَسُقْنٰهُ اِلٰى بَلَدٍ مَّيِّتٍ فَاَحْيَيْنَا بِهِ

| الَّذِيْٓ | اَرْسَلَ | الرِّيٰحَ | فَتُثِيْرُ | سَحَابًا | فَسُقْنٰهُ | اِلٰى بَلَدٍ | مَّيِّتٍ | فَاَحْيَيْنَا | بِهِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وہ جو | بھیجتا ہے | ہواؤں کو | پس وہ اٹھاتی ہیں | بادل | پھر ہم چلاتے ہیں اس کو | بستی کی طرف | مردہ | پھر ہم زندہ کر دیتے ہیں | اسکے ساتھ |

ہی تو ہے جو ہوائیں چلاتا ہے اور وہ بادل کو ابھارتی ہیں پھر ہم اس کو ایک بے جان شہر کی طرف چلاتے ہیں پھر اس سے زمین کو

الْاَرْضَ بَعْدَ مَوْتِهَا ؕ كَذٰلِكَ النُّشُوْرُ ⑨ مَنْ كَانَ يُرِيْدُ الْعِزَّةَ فَلِلّٰهِ الْعِزَّةُ

| الْاَرْضَ | بَعْدَ | مَوْتِهَا | كَذٰلِكَ | النُّشُوْرُ | مَنْ | كَانَ | يُرِيْدُ | الْعِزَّةَ | فَلِلّٰهِ | الْعِزَّةُ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| زمین کو | بعد | اس کی موت کے | اسی طرح | جی اٹھنا | جو | ہے | چاہتا | عزت | پس اللہ کی ہے | عزت |

اس کے مرنے کے بعد زندہ کر دیتے ہیں۔ اسی طرح مردوں کو بھی جی اٹھنا ہو گا۔ جو شخص عزت کا طلبگار ہے تو عزت تو سب اللہ ہی

جَمِيْعًا ؕ اِلَيْهِ يَصْعَدُ الْكَلِمُ الطَّيِّبُ وَ الْعَمَلُ الصَّالِحُ يَرْفَعُهٗ ؕ وَ الَّذِيْنَ

| جَمِيْعًا | اِلَيْهِ | يَصْعَدُ | الْكَلِمُ | الطَّيِّبُ | وَ الْعَمَلُ | الصَّالِحُ | يَرْفَعُهٗ | وَ الَّذِيْنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| سب | اسی کی طرف | چڑھتا ہے | کلام | پاکیزہ | اور عمل | نیک | بلند کرتا ہے اس کو | اور جو لوگ |

کی ہے۔ اسی کی طرف پاکیزہ کلمات چڑھتے ہیں اور نیک عمل ان کو بلند کرتے ہیں۔ اور جو لوگ

يَمْكُرُوْنَ السَّيِّاٰتِ لَهُمْ عَذَابٌ شَدِيْدٌ ؕ وَ مَكْرُ اُولٰٓئِكَ هُوَ يَبُوْرُ ⑩ وَ اللّٰهُ

| يَمْكُرُوْنَ | السَّيِّاٰتِ | لَهُمْ | عَذَابٌ | شَدِيْدٌ | وَ مَكْرُ | اُولٰٓئِكَ | هُوَ | يَبُوْرُ | وَ اللّٰهُ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مکر کرتے ہیں | برے | ان کے لیے | عذاب ہے | سخت | اور مکر | ان لوگوں کا | وہ | نابود ہو جائے گا | اور اللہ نے |

برے برے مکر کرتے ہیں ان کے لیے سخت عذاب ہے، اور ان کا مکر نابود ہو جائے گا۔ اور اللہ



❶ فَرَاٰهُ: پس وہ دیکھنے لگے اس کو، پس وہ سمجھنے لگے اس کو۔

خَلَقَكُمْ مِّنْ تُرَابٍ ثُمَّ مِنْ نُّطْفَةٍ ثُمَّ جَعَلَكُمْ اَزْوَاجًا ۭ وَمَا تَحْمِلُ مِنْ اُنْثٰى

| | | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| خَلَقَكُمْ | مِنْ | تُرَابٍ | ثُمَّ | مِنْ | نُطْفَةٍ | ثُمَّ | جَعَلَكُمْ | اَزْوَاجًا | وَ مَا | تَحْمِلُ | مِنْ | اُنْثٰى |
| پیدا کیا تم کو | سے | مٹی | پھر | سے | نطفہ | پھر | بنایا تم کو | جوڑا جوڑا | اور نہیں | حاملہ ہوتی ہے | کوئی | عورت |

ہی نے تم کو مٹی سے پیدا کیا پھر نطفے سے، پھر تم کو جوڑا جوڑا بنا دیا۔ اور کوئی عورت نہ حاملہ ہوتی ہے

وَلَا تَضَعُ اِلَّا بِعِلْمِهٖ ۭ وَمَا يُعَمَّرُ مِنْ مُّعَمَّرٍ وَّلَا يُنْقَصُ مِنْ عُمُرِهٖٓ اِلَّا فِيْ كِتٰبٍ ۭ

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ لَا | تَضَعُ | اِلَّا | بِعِلْمِهٖ | وَ مَا | يُعَمَّرُ | مِنْ مُّعَمَّرٍ | وَ لَا | يُنْقَصُ | مِنْ عُمُرِهٖ | اِلَّا | فِيْ كِتٰبٍ |
| اور نہ | جنتی ہے | مگر | اس کے علم سے | اور نہیں | زیادہ عمر دی جاتی ہے | کسی بڑی عمر والے کو | اور نہ | کمی کی جاتی ہے | اس کی عمر سے | مگر | کتاب میں |

اور نہ جنتی ہے مگر اس کے علم سے، اور نہ کسی بڑی عمر والے کو عمر زیادہ دی جاتی ہے اور نہ اس کی عمر کم کی جاتی ہے مگر (سب کچھ) کتاب میں (لکھا ہوا) ہے،

اِنَّ ذٰلِكَ عَلَى اللّٰهِ يَسِيْرٌ ﴿١١﴾ وَمَا يَسْتَوِي الْبَحْرٰنِ ۖ هٰذَا عَذْبٌ فُرَاتٌ سَآئِغٌ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اِنَّ | ذٰلِكَ | عَلَى اللّٰهِ | يَسِيْرٌ | وَ مَا | يَسْتَوِي | الْبَحْرٰنِ | هٰذَا | عَذْبٌ | فُرَاتٌ | سَآئِغٌ |
| بے شک | یہ | اللہ پر | آسان ہے | اور نہیں | برابر ہوتے | دو دریا | یہ | میٹھا | پیاس بجھانے والا | خوشگوار |

بے شک یہ اللہ کو آسان ہے۔ اور دونوں دریا (مل کر) یکساں نہیں ہو جاتے، یہ تو میٹھا ہے پیاس بجھانے والا، جس کا پانی

شَرَابُهٗ وَهٰذَا مِلْحٌ اُجَاجٌ ۭ وَمِنْ كُلٍّ تَاْكُلُوْنَ لَحْمًا طَرِيًّا وَّتَسْتَخْرِجُوْنَ حِلْيَةً

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| شَرَابُهٗ ❶ | وَ هٰذَا | مِلْحٌ | اُجَاجٌ | وَ مِنْ كُلٍّ | تَاْكُلُوْنَ | لَحْمًا | طَرِيًّا | وَ تَسْتَخْرِجُوْنَ | حِلْيَةً |
| اس کا پانی / پینا | اور یہ | کھاری | کڑوا | اور ہر ایک سے | تم کھاتے ہو | گوشت | تازہ | اور تم نکالتے ہو | زیور |

خوشگوار ہے، اور یہ کھاری ہے کڑوا۔ اور سب سے تم تازہ گوشت کھاتے ہو اور زیور نکالتے ہو

تَلْبَسُوْنَهَا ۚ وَتَرَى الْفُلْكَ فِيْهِ مَوَاخِرَ لِتَبْتَغُوْا مِنْ فَضْلِهٖ وَلَعَلَّكُمْ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تَلْبَسُوْنَهَا | وَ تَرَى | الْفُلْكَ | فِيْهِ | مَوَاخِرَ | لِتَبْتَغُوْا | مِنْ فَضْلِهٖ | وَ لَعَلَّكُمْ |
| تم پہنتے ہو اس کو | اور تو دیکھتا ہے | کشتیاں | اس میں | پانی چیرنے والیاں / پھاڑتی ہوئی چلتی ہیں | تاکہ تم تلاش کرو | اس کے فضل سے | اور تاکہ تم |

جسے پہنتے ہو، اور تم دریا میں کشتیوں کو دیکھتے ہو کہ (پانی کو) پھاڑتی چلی آتی ہیں تاکہ تم اس کے فضل سے (معاش) تلاش کرو اور تاکہ

تَشْكُرُوْنَ ﴿١٢﴾ يُوْلِجُ الَّيْلَ فِي النَّهَارِ وَيُوْلِجُ النَّهَارَ فِي الَّيْلِ ۙ وَسَخَّرَ الشَّمْسَ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تَشْكُرُوْنَ | يُوْلِجُ | الَّيْلَ | فِي النَّهَارِ | وَ يُوْلِجُ | النَّهَارَ | فِي الَّيْلِ | وَ سَخَّرَ | الشَّمْسَ |
| شکر کرو | وہ داخل کرتا ہے | رات | دن میں | اور داخل کرتا ہے | دن | رات میں | اور اسی نے کام میں لگا دیا | سورج |

شکر کرو۔ وہی رات کو دن میں داخل کرتا اور (وہی) دن کو رات میں داخل کرتا ہے اور اسی نے سورج



❶ شَرَابُهٗ: اس کا پانی، اس کا پینا۔

وَ الْقَمَرَ ؗ ۚ كُلٌّ يَّجْرِیْ لِاَجَلٍ مُّسَمًّی ؕ ذٰلِكُمُ اللّٰهُ رَبُّكُمْ لَهُ الْمُلْكُ ؕ وَ الَّذِیْنَ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ الْقَمَرَ | كُلٌّ | يَّجْرِیْ | لِاَجَلٍ | مُّسَمًّی | ذٰلِكُمُ | اللّٰهُ | رَبُّكُمْ | لَهُ | الْمُلْكُ | وَ الَّذِیْنَ |
| اور چاند کو | ہر ایک | چلتا ہے | ایک وقت کیلئے | مقررہ | یہ ہے | اللہ | تمہارا رب | اسی کی | حکومت ہے | اور جن لوگوں کو |

اور چاند کو کام میں لگا دیا ہے، ہر ایک ایک وقت مقرر تک چل رہا ہے۔ یہی اللہ تمہارا پروردگار ہے، اسی کی بادشاہی ہے۔ اور جن لوگوں کو

تَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِهٖ مَا يَمْلِكُوْنَ مِنْ قِطْمِيْرٍ ؕ ⑬ اِنْ تَدْعُوْهُمْ لَا يَسْمَعُوْا

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تَدْعُوْنَ | مِنْ دُوْنِهٖ | مَا | يَمْلِكُوْنَ | مِنْ | قِطْمِيْرٍ | اِنْ | تَدْعُوْهُمْ | لَا يَسْمَعُوْا |
| تم پکارتے ہو | اس کے سوا | نہیں | وہ مالک ہیں | سے | کھجور کی گٹھلی کا چھلکا | اگر | تم پکارو ان کو | نہ وہ سنیں |

تم اس کے سوا پکارتے ہو وہ کھجور کی گٹھلی کے چھلکے کے برابر بھی تو (کسی چیز کے) مالک نہیں۔ اگر تم ان کو پکارو تو وہ تمہاری

دُعَآءَكُمْ ۚ وَ لَوْ سَمِعُوْا مَا اسْتَجَابُوْا لَكُمْ ؕ وَ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ يَكْفُرُوْنَ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| دُعَآءَكُمْ | وَ لَوْ | سَمِعُوْا | مَا | اِسْتَجَابُوْا | لَكُمْ | وَ يَوْمَ | الْقِيٰمَةِ | يَكْفُرُوْنَ |
| تمہاری پکار | اور اگر | وہ سنیں | نہ | قبول کریں | تمہارے لیے | اور دن | قیامت کے | وہ انکار کردیں گے |

پکار نہ سنیں اور اگر سن بھی لیں تو تمہاری بات کو قبول نہ کر سکیں۔ اور قیامت کے روز تمہارے شرک سے

بِشِرْكِكُمْ ؕ وَ لَا يُنَبِّئُكَ مِثْلُ خَبِيْرٍ ⑭ يٰۤاَيُّهَا النَّاسُ اَنْتُمُ الْفُقَرَآءُ اِلَى اللّٰهِ ۚ ع ۲ ۷ ۱۴ الثلٰثة

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بِشِرْكِكُمْ | وَ لَا | يُنَبِّئُكَ | مِثْلُ | خَبِيْرٍ | يٰۤاَيُّهَا | النَّاسُ | اَنْتُمُ | الْفُقَرَآءُ | اِلَى اللّٰهِ |
| تمہارے شرک سے | اور نہیں | خبر دے گا آپ کو | مانند | باخبر کی | اے | لوگو | تم | محتاج ہو | اللہ کے |

انکار کر دیں گے۔ اور (خدائے) باخبر کی طرح تم کو کوئی خبر نہیں دے گا۔ لوگو! تم (سب) اللہ کے محتاج ہو

وَ اللّٰهُ هُوَ الْغَنِیُّ الْحَمِيْدُ ⑮ اِنْ يَّشَاْ يُذْهِبْكُمْ وَ يَاْتِ بِخَلْقٍ جَدِيْدٍ ۚ ⑯ وَ مَا

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ اللّٰهُ | هُوَ | الْغَنِیُّ | الْحَمِيْدُ | اِنْ | يَّشَاْ | يُذْهِبْكُمْ | وَ يَاْتِ | بِخَلْقٍ | جَدِيْدٍ | وَ مَا |
| اور اللہ | وہ/ہی | بے نیاز | سزاوار تعریف ہے | اگر | چاہے | نابود کردے تم کو | اور لے آئے | مخلوق | نئی | اور نہیں |

اور اللہ بے پرواہ سزاوارِ حمد (و ثنا) ہے۔ اگر چاہے تو تم کو نابود کر دے اور نئی مخلوقات لاآباد کرے۔ اور

ذٰلِكَ عَلَى اللّٰهِ بِعَزِيْزٍ ⑰ وَ لَا تَزِرُ وَازِرَةٌ وِّزْرَ اُخْرٰی ؕ وَ اِنْ تَدْعُ مُثْقَلَةٌ اِلٰی

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ذٰلِكَ | عَلَى اللّٰهِ | بِعَزِيْزٍ | وَ لَا | تَزِرُ | وَازِرَةٌ | وِّزْرَ | اُخْرٰی | وَ اِنْ | تَدْعُ | مُثْقَلَةٌ | اِلٰی |
| یہ | اللہ پر | کچھ مشکل | اور نہیں | بوجھ اٹھائے گا | بوجھ اٹھانے والا | بوجھ | دوسرے کا | اور اگر | پکارے گا | بوجھ والا | طرف |

یہ اللہ کو کچھ مشکل نہیں۔ اور کوئی اٹھانے والا دوسرے کا بوجھ نہ اٹھائے گا۔ اور کوئی بوجھ میں دبا ہوا اپنا بوجھ بٹانے کو

حِمْلِهَا لَا يُحْمَلْ مِنْهُ شَيْءٌ وَّ لَوْ كَانَ ذَا قُرْبٰى ؕ اِنَّمَا تُنْذِرُ الَّذِيْنَ يَخْشَوْنَ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| حِمْلِهَا | لَا يُحْمَلْ | مِنْهُ | شَيْءٌ | وَّ لَوْ | كَانَ | ذَا قُرْبٰى | اِنَّمَا | تُنْذِرُ | الَّذِيْنَ | يَخْشَوْنَ |
| اپنے بوجھ کی | نہیں اٹھایا جائے گا | اس سے | کچھ | اگرچہ | ہو | رشتے دار | سوائے اسکے نہیں کہ | آپ متنبہ کرسکتے ہیں | ان لوگوں کو جو | ڈرتے ہیں |

کسی کو بلائے تو کوئی اس میں سے کچھ نہ اٹھائے گا اگرچہ قرابت دار ہی ہو۔ (اے پیغمبر!) تم ان ہی لوگوں کو نصیحت کر سکتے ہو جو بن دیکھے اپنے پروردگار سے

رَبَّهُمْ بِالْغَيْبِ وَ اَقَامُوا الصَّلٰوةَ ؕ وَ مَنْ تَزَكّٰى فَاِنَّمَا يَتَزَكّٰى لِنَفْسِهٖ ؕ وَ اِلَى اللّٰهِ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| رَبَّهُمْ | بِالْغَيْبِ | وَ اَقَامُوا | الصَّلٰوةَ | وَ مَنْ | تَزَكّٰى | فَاِنَّمَا | يَتَزَكّٰى | لِنَفْسِهٖ | وَ اِلَى اللّٰهِ |
| اپنے رب سے | بن دیکھے | اور قائم کرتے ہیں | نماز | اور جو | پاک ہوتا ہے | تو صرف | پاک ہوتا ہے | خود اپنے لیے | اور اللہ کی طرف |

ڈرتے اور نماز بالالتزام پڑھتے ہیں۔ اور جو شخص پاک ہوتا ہے تو اپنے ہی لیے پاک ہوتا ہے۔ اور (سب کو) اللہ ہی کی طرف

الْمَصِيْرُ ﴿١٨﴾ وَ مَا يَسْتَوِي الْاَعْمٰى وَ الْبَصِيْرُ ﴿١٩﴾ وَ لَا الظُّلُمٰتُ وَ لَا النُّوْرُ ﴿٢٠﴾

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الْمَصِيْرُ | وَ مَا | يَسْتَوِي | الْاَعْمٰى | وَ الْبَصِيْرُ | وَ لَا | الظُّلُمٰتُ | وَ لَا | النُّوْرُ |
| لوٹ کر جانا ہے | اور نہیں | برابر ہوتے | اندھا | اور دیکھنے والا | اور نہ | اندھیرے | اور نہ | نور |

لوٹ کر جانا ہے۔ اور اندھا اور آنکھ والا برابر نہیں۔ اور نہ اندھیرا اور روشنی۔

وَ لَا الظِّلُّ وَ لَا الْحَرُوْرُ ﴿٢١﴾ وَ مَا يَسْتَوِي الْاَحْيَآءُ وَ لَا الْاَمْوَاتُ ؕ اِنَّ اللّٰهَ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ لَا | الظِّلُّ | وَ لَا | الْحَرُوْرُ | وَ مَا | يَسْتَوِي | الْاَحْيَآءُ | وَ لَا | الْاَمْوَاتُ | اِنَّ | اللّٰهَ |
| اور نہ | سایہ | اور نہ | دھوپ | اور نہ | برابر ہوتے ہیں | زندے | اور نہ | مردے | بے شک | اللہ |

اور نہ سایہ اور دھوپ۔ اور نہ زندے اور مردے برابر ہو سکتے ہیں۔ اللہ

يُسْمِعُ مَنْ يَّشَآءُ ۚ وَ مَآ اَنْتَ بِمُسْمِعٍ مَّنْ فِي الْقُبُوْرِ ﴿٢٢﴾ اِنْ اَنْتَ اِلَّا نَذِيْرٌ ﴿٢٣﴾

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| يُسْمِعُ | مَنْ | يَشَآءُ | وَ مَا | اَنْتَ | بِمُسْمِعٍ | مَنْ | فِي الْقُبُوْرِ | اِنْ | اَنْتَ | اِلَّا | نَذِيْرٌ |
| سنا دیتا ہے | جس کو | چاہتا ہے | اور نہیں | آپ | سنانے والے | ان کو جو | قبروں میں ہیں | نہیں | آپ | مگر | ڈرانے والے |

جس کو چاہتا ہے سنا دیتا ہے۔ اور تم ان کو جو قبروں میں (مدفون) ہیں سنا نہیں سکتے۔ تم تو صرف ڈرانے والے ہو۔

اِنَّآ اَرْسَلْنٰكَ بِالْحَقِّ بَشِيْرًا وَّ نَذِيْرًا ؕ وَ اِنْ مِّنْ اُمَّةٍ اِلَّا خَلَا فِيْهَا نَذِيْرٌ ﴿٢٤﴾ وَ اِنْ

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اِنَّا | اَرْسَلْنٰكَ | بِالْحَقِّ | بَشِيْرًا | وَ نَذِيْرًا | وَ اِنْ | مِنْ اُمَّةٍ | اِلَّا | خَلَا | فِيْهَا | نَذِيْرٌ | وَ اِنْ |
| بے شک | ہم نے بھیجا آپ کو | حق کے ساتھ | خوشخبری دینے والا | اور ڈرانے والا | اور نہیں | کوئی امت | مگر | گزرا ہے | اس میں | ڈرانے والا | اور اگر |

ہم نے تم کو حق کے ساتھ خوشخبری سنانے والا اور ڈرانے والا بھیجا ہے۔ اور کوئی امت نہیں مگر اس میں ہدایت کرنے والا گزر چکا ہے۔ اور اگر

يُّكَذِّبُوۡكَ فَقَدۡ كَذَّبَ الَّذِيۡنَ مِنۡ قَبۡلِهِمۡ ۚ جَآءَتۡهُمۡ رُسُلُهُمۡ بِالۡبَيِّنٰتِ

| يُكَذِّبُوۡكَ | فَقَدۡ | كَذَّبَ | الَّذِيۡنَ | مِنۡ قَبۡلِهِمۡ | جَآءَتۡهُمۡ | رُسُلُهُمۡ | بِالۡبَيِّنٰتِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| یہ جھٹلاتے ہیں آپ کو | تو بے شک | جھٹلایا | ان لوگوں نے جو | ان سے پہلے تھے | آئے ان کے پاس | ان کے رسول | روشن نشانیوں کے ساتھ |

یہ تمہاری تکذیب کریں تو جو لوگ ان سے پہلے تھے وہ بھی تکذیب کر چکے ہیں۔ ان کے پاس ان کے پیغمبر نشانیاں

ع ٣ ١٢ ١٥ وَبِالزُّبُرِ وَبِالۡكِتٰبِ الۡمُنِيۡرِ ﴿٢٥﴾ ثُمَّ اَخَذۡتُ الَّذِيۡنَ كَفَرُوۡا فَكَيۡفَ كَانَ نَكِيۡرِ ﴿٢٦﴾

| وَبِالزُّبُرِ | وَبِالۡكِتٰبِ | الۡمُنِيۡرِ | ثُمَّ | اَخَذۡتُ | الَّذِيۡنَ | كَفَرُوۡا | فَكَيۡفَ | كَانَ | نَكِيۡرِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور صحیفوں کے ساتھ | اور کتاب کے ساتھ | روشن | پھر | میں نے پکڑا | ان لوگوں کو جنہوں نے | کفر کیا | تو کیسا | ہوا | میرا عذاب |

اور صحیفے اور روشن کتابیں لے لے کر آتے رہے۔ پھر میں نے کافروں کو پکڑ لیا، سو (دیکھ لو کہ) میرا عذاب کیسا ہوا؟

اَلَمۡ تَرَ اَنَّ اللّٰهَ اَنۡزَلَ مِنَ السَّمَآءِ مَآءً ۚ فَاَخۡرَجۡنَا بِهٖ ثَمَرٰتٍ مُّخۡتَلِفًا اَلۡوَانُهَا ؕ

| اَلَمۡ تَرَ | اَنَّ اللّٰهَ | اَنۡزَلَ | مِنَ السَّمَآءِ | مَآءً | فَاَخۡرَجۡنَا | بِهٖ | ثَمَرٰتٍ | مُّخۡتَلِفًا | اَلۡوَانُهَا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| کیا نہیں دیکھا آپ نے | کہ اللہ | نازل کیا اس نے | آسمان سے | پانی | پھر نکالے ہم نے | اسکے ساتھ | میوے | مختلف | رنگ ان کے |

کیا تم نے نہیں دیکھا کہ اللہ نے آسمان سے مینہ برسایا تو ہم نے اس سے طرح طرح کے رنگوں کے میوے پیدا کیے۔

وَمِنَ الۡجِبَالِ جُدَدٌۢ بِيۡضٌ وَّحُمۡرٌ مُّخۡتَلِفٌ اَلۡوَانُهَا وَغَرَابِيۡبُ سُوۡدٌ ﴿٢٧﴾ وَمِنَ

| وَمِنَ الۡجِبَالِ | جُدَدٌ | بِيۡضٌ | وَحُمۡرٌ | مُخۡتَلِفٌ | اَلۡوَانُهَا | وَغَرَابِيۡبُ | سُوۡدٌ | وَمِنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور پہاڑوں میں | قطعات | سفید | اور سرخ | مختلف | ان کے رنگ | اور گہرے کالے | سیاہ | اور سے |

اور پہاڑوں میں سفید اور سرخ رنگوں کے قطعات ہیں اور (بعض) کالے سیاہ ہیں۔ انسانوں

النَّاسِ وَالدَّوَآبِّ وَالۡاَنۡعَامِ مُخۡتَلِفٌ اَلۡوَانُهٗ كَذٰلِكَ ؕ اِنَّمَا يَخۡشَى اللّٰهَ مِنۡ

| النَّاسِ | وَالدَّوَآبِّ | وَالۡاَنۡعَامِ | مُخۡتَلِفٌ | اَلۡوَانُهٗ | كَذٰلِكَ | اِنَّمَا | يَخۡشَى | اللّٰهَ | مِنۡ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| انسانوں | اور جانوروں | اور چوپائیوں میں | مختلف | رنگ ان کے | اسی طرح | صرف | ڈرتے ہیں | اللہ سے | سے |

اور جانوروں اور چارپایوں کے بھی کئی طرح کے رنگ ہیں۔ اللہ سے تو اس کے بندوں میں سے

عِبَادِهِ الۡعُلَمٰٓؤُا ؕ اِنَّ اللّٰهَ عَزِيۡزٌ غَفُوۡرٌ ﴿٢٨﴾ اِنَّ الَّذِيۡنَ يَتۡلُوۡنَ كِتٰبَ اللّٰهِ وَاَقَامُوا

| عِبَادِهِ | الۡعُلَمٰٓؤُا | اِنَّ اللّٰهَ | عَزِيۡزٌ | غَفُوۡرٌ | اِنَّ | الَّذِيۡنَ | يَتۡلُوۡنَ | كِتٰبَ اللّٰهِ | وَاَقَامُوا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اس کے بندوں میں | صاحب علم | بے شک اللہ | غالب | بخشنے والا | بے شک | جو لوگ | پڑھتے ہیں | کتاب اللہ | اور قائم کرتے ہیں |

وہی ڈرتے ہیں جو صاحب علم ہیں۔ بے شک اللہ غالب (اور) بخشنے والا ہے۔ جو لوگ اللہ کی کتاب پڑھتے اور نماز کی پابندی

الصَّلٰوةَ وَ اَنۡفَقُوۡا مِمَّا رَزَقۡنٰهُمۡ سِرًّا وَّ عَلَانِيَةً يَّرۡجُوۡنَ تِجَارَةً لَّنۡ تَبُوۡرَ ۝٢٩

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الصَّلٰوةَ | وَ اَنۡفَقُوۡا | مِمَّا | رَزَقۡنٰهُمۡ | سِرًّا | وَ عَلَانِيَةً | يَرۡجُوۡنَ | تِجَارَةً | لَنۡ تَبُوۡرَ |
| نماز | اورخرچ کرتے ہیں | اس میں سے جو | رزق دیا ہم نے ان کو | پوشیدہ | اورظاہر | وہ امیدوار ہیں | تجارت کے | جو کبھی تباہ نہیں ہوگی |

کرتے ہیں اور جو کچھ ہم نے ان کو دیا ہے اس میں سے پوشیدہ اور ظاہر خرچ کرتے ہیں، وہ اس تجارت (کے فائدے) کے امیدوار ہیں جو کبھی تباہ نہیں ہوگی۔

لِيُوَفِّيَهُمۡ اُجُوۡرَهُمۡ وَ يَزِيۡدَهُمۡ مِّنۡ فَضۡلِهٖ ؕ اِنَّهٗ غَفُوۡرٌ شَكُوۡرٌ ۝٣٠ وَ الَّذِيۡۤ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| لِيُوَفِّيَهُمۡ | اُجُوۡرَهُمۡ | وَ يَزِيۡدَهُمۡ | مِنۡ فَضۡلِهٖ | اِنَّهٗ | غَفُوۡرٌ | شَكُوۡرٌ | وَ الَّذِيۡۤ |
| اس لیے کہ وہ پورے پورے دے گا ان کو | ان کے بدلے | اورزیادہ دے گا ان کو | اپنے فضل سے | بے شک وہ | بخشنے والا | قدردان ہے | اور جو |

کیونکہ اللہ ان کو پورا پورا بدلہ دے گا اور اپنے فضل سے کچھ زیادہ بھی دے گا۔ وہ تو بخشنے والا (اور) قدردان ہے۔ اور یہ

اَوۡحَيۡنَاۤ اِلَيۡكَ مِنَ الۡكِتٰبِ هُوَ الۡحَقُّ مُصَدِّقًا لِّمَا بَيۡنَ يَدَيۡهِ ؕ اِنَّ اللّٰهَ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اَوۡحَيۡنَا | اِلَيۡكَ | مِنَ الۡكِتٰبِ | هُوَ | الۡحَقُّ | مُصَدِّقًا | لِمَا | بَيۡنَ يَدَيۡهِ | اِنَّ اللّٰهَ |
| وحی کی ہم نے | آپ کی طرف | کتاب سے | وہ | حق ہے | تصدیق کرنے والی | ان کی جو | اس سے پہلے ہیں | بے شک اللہ |

کتاب جو ہم نے تمہاری طرف بھیجی ہے برحق ہے اور ان (کتابوں) کی تصدیق کرتی ہے جو اس سے پہلے کی ہیں۔ بے شک اللہ

بِعِبَادِهٖ لَخَبِيۡرٌۢ بَصِيۡرٌ ۝٣١ ثُمَّ اَوۡرَثۡنَا الۡكِتٰبَ الَّذِيۡنَ اصۡطَفَيۡنَا مِنۡ عِبَادِنَا ۚ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بِعِبَادِهٖ | لَخَبِيۡرٌ | بَصِيۡرٌ | ثُمَّ | اَوۡرَثۡنَا | الۡكِتٰبَ | الَّذِيۡنَ | اِصۡطَفَيۡنَا | مِنۡ عِبَادِنَا |
| اپنے بندوں سے | خبردار | دیکھنے والا ہے | پھر | وارث بنایا ہم نے | کتاب کا | ان لوگوں کو جن کو | برگزیدہ کیا ہم نے | اپنے بندوں میں سے |

اپنے بندوں سے خبردار (اور ان کو) دیکھنے والا ہے۔ پھر ہم نے ان لوگوں کو کتاب کا وارث ٹھہرایا جن کو اپنے بندوں میں سے برگزیدہ کیا۔

فَمِنۡهُمۡ ظَالِمٌ لِّنَفۡسِهٖ ۚ وَ مِنۡهُمۡ مُّقۡتَصِدٌ ۚ وَ مِنۡهُمۡ سَابِقٌۢ بِالۡخَيۡرٰتِ بِاِذۡنِ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| فَمِنۡهُمۡ | ظَالِمٌ | لِنَفۡسِهٖ | وَ مِنۡهُمۡ | مُقۡتَصِدٌ | وَ مِنۡهُمۡ | سَابِقٌ | بِالۡخَيۡرٰتِ | بِاِذۡنِ |
| پھر ان میں کوئی | ظلم کرنے والا | اپنے آپ پر | اور ان میں کوئی | میانہ رو ہے | اور ان میں کوئی | آگے نکل جانے والا | نیکیوں میں | حکم سے |

تو کچھ تو ان میں سے اپنے آپ پر ظلم کرتے ہیں اور کچھ میانہ رو ہیں۔ اور کچھ اللہ کے حکم سے نیکیوں میں آگے نکل جانے

اللّٰهِ ؕ ذٰلِكَ هُوَ الۡفَضۡلُ الۡكَبِيۡرُ ۝٣٢ جَنّٰتُ عَدۡنٍ يَّدۡخُلُوۡنَهَا يُحَلَّوۡنَ فِيۡهَا مِنۡ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اللّٰهِ | ذٰلِكَ | هُوَ | الۡفَضۡلُ | الۡكَبِيۡرُ | جَنّٰتُ | عَدۡنٍ | يَدۡخُلُوۡنَهَا | يُحَلَّوۡنَ | فِيۡهَا | مِنۡ |
| اللہ کے | یہ | وہ | فضل ہے | بڑا | باغات | ہمیشہ رہنے والے | وہ داخل ہوں گے ان میں | پہنائے جائیں گے | ان میں | سے |

والے ہیں۔ یہی بڑا فضل ہے۔ (ان لوگوں کے لیے) بہشت جاودانی (ہیں) جن میں وہ داخل ہوں گے۔ وہاں ان کو سونے کے

56

اَسَاوِرَ مِنۡ ذَهَبٍ وَّ لُؤۡلُؤًا ۚ وَ لِبَاسُهُمۡ فِيۡهَا حَرِيۡرٌ ﴿۳۳﴾ وَ قَالُوا الۡحَمۡدُ لِلّٰهِ

| اَسَاوِرَ | مِنۡ ذَهَبٍ | وَ لُؤۡلُؤًا | وَ لِبَاسُهُمۡ | فِيۡهَا | حَرِيۡرٌ | وَ قَالُوۡا | الۡحَمۡدُ | لِلّٰهِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| کنگن | سونے کے | اور موتی | اور لباس ان کا | ان میں | ریشم کا | اور وہ کہیں گے | شکر ہے | اللہ کا |

کنگن اور موتی پہنائے جائیں گے اور ان کی پوشاک ریشمی ہو گی۔ وہ کہیں گے کہ اللہ کا شکر ہے

الَّذِيۡۤ اَذۡهَبَ عَنَّا الۡحَزَنَ ؕ اِنَّ رَبَّنَا لَغَفُوۡرٌ شَكُوۡرُ ۙ ﴿۳۴﴾ الَّذِيۡۤ اَحَلَّنَا دَارَ

| الَّذِيۡۤ | اَذۡهَبَ | عَنَّا | الۡحَزَنَ | اِنَّ | رَبَّنَا | لَغَفُوۡرٌ | شَكُوۡرٌ | الَّذِيۡۤ | اَحَلَّنَا | دَارَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وہ جس نے | دور کیا | ہم سے | غم | بے شک | ہمارا رب | بخشنے والا | قدردان | وہ جس نے | اتارا ہمیں | گھر میں |

جس نے ہم سے غم دور کیا۔ بے شک ہمارا پروردگار بخشنے والا (اور) قدردان ہے۔ جس نے ہم کو اپنے فضل سے

الۡمُقَامَةِ مِنۡ فَضۡلِهٖ ۚ لَا يَمَسُّنَا فِيۡهَا نَصَبٌ وَّ لَا يَمَسُّنَا فِيۡهَا لُغُوۡبٌ ﴿۳۵﴾

| الۡمُقَامَةِ | مِنۡ فَضۡلِهٖ | لَا يَمَسُّنَا | فِيۡهَا | نَصَبٌ | وَ لَا يَمَسُّنَا | فِيۡهَا | لُغُوۡبٌ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ہمیشہ رہنے کے | اپنے فضل سے | نہیں پہنچے گا ہمیں | اس میں | رنج/مشقت | اور نہ پہنچے گی ہمیں | اس میں | تھکاوٹ |

ہمیشہ کے رہنے کے گھر میں اتارا۔ یہاں نہ تو ہم کو رنج پہنچے گا اور نہ ہمیں تکان ہی ہو گی۔

وَ الَّذِيۡنَ كَفَرُوۡا لَهُمۡ نَارُ جَهَنَّمَ ۚ لَا يُقۡضٰى عَلَيۡهِمۡ فَيَمُوۡتُوۡا وَ لَا يُخَفَّفُ

| وَ الَّذِيۡنَ | كَفَرُوۡا | لَهُمۡ | نَارُ | جَهَنَّمَ | لَا يُقۡضٰى | عَلَيۡهِمۡ | فَيَمُوۡتُوۡا | وَ لَا يُخَفَّفُ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور جو لوگ | کافر ہیں | ان کے لیے | آگ | جہنم کی | نہیں فیصلہ کیا جائے گا | ان پر | کہ وہ مر جائیں | اور نہ ہلکا کیا جائے گا |

اور جن لوگوں نے کفر کیا ان کے لیے دوزخ کی آگ ہے۔ نہ انہیں موت آئے گی کہ مر جائیں اور نہ اس کا عذاب ہی

عَنۡهُمۡ مِّنۡ عَذَابِهَا ؕ كَذٰلِكَ نَجۡزِيۡ كُلَّ كَفُوۡرٍ ۚ ﴿۳۶﴾ وَ هُمۡ يَصۡطَرِخُوۡنَ فِيۡهَا ۚ

| عَنۡهُمۡ | مِنۡ عَذَابِهَا | كَذٰلِكَ | نَجۡزِيۡ | كُلَّ | كَفُوۡرٍ | وَ هُمۡ | يَصۡطَرِخُوۡنَ | فِيۡهَا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ان سے | اس کے عذاب سے | اسی طرح | ہم بدلہ دیتے ہیں | ہر | ناشکرے کو | اور وہ | چلائیں گے | اس میں |

ان سے ہلکا کیا جائے گا۔ ہم ہر ایک ناشکرے کو ایسا ہی بدلہ دیا کرتے ہیں۔ وہ اس میں چلائیں گے

رَبَّنَاۤ اَخۡرِجۡنَا نَعۡمَلۡ صَالِحًا غَيۡرَ الَّذِيۡ كُنَّا نَعۡمَلُ ؕ اَوَ لَمۡ نُعَمِّرۡكُمۡ مَّا

| رَبَّنَا | اَخۡرِجۡنَا | نَعۡمَلۡ | صَالِحًا | غَيۡرَ | الَّذِيۡ | كُنَّا | نَعۡمَلُ | اَوَ | لَمۡ نُعَمِّرۡكُمۡ | مَا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اے رب ہمارے | نکال لے ہم کو | ہم عمل کریں گے | نیک | سوائے | اسکے جو | تھے ہم | عمل کرتے | کیا | نہیں ہم نے عمر دی تھی تم کو | اتنی کہ |

کہ اے پروردگار! ہم کو نکال لے (اب) ہم نیک عمل کیا کریں گے، نہ وہ جو (پہلے) کرتے تھے۔ کیا ہم نے تم کو اتنی عمر نہیں دی تھی کہ

يَتَذَكَّرُ فِيۡهِ مَنۡ تَذَكَّرَ وَ جَآءَكُمُ النَّذِيۡرُ ؕ فَذُوۡقُوۡا فَمَا لِلظّٰلِمِيۡنَ مِنۡ

| يَتَذَكَّرُ | فِيۡهِ | مَنۡ | تَذَكَّرَ | وَ جَآءَكُمُ | النَّذِيۡرُ | فَذُوۡقُوۡا | فَمَا | لِلظّٰلِمِيۡنَ | مِنۡ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| نصیحت حاصل کرتا | اس میں | جو | نصیحت پکڑتا | اور آیا تمہارے پاس | ڈرانے والا | پس چکھو | پس نہیں | ظالموں کے لیے | کوئی |

اس میں جو سوچنا چاہتا سوچ لیتا اور تمہارے پاس ڈرانے والا بھی آیا؟ تو اب مزے چکھو، ظالموں کا کوئی

نَّصِيۡرٍ ﴿۳۷﴾ اِنَّ اللّٰهَ عٰلِمُ غَيۡبِ السَّمٰوٰتِ وَ الۡاَرۡضِ ؕ اِنَّهٗ عَلِيۡمٌۢ بِذَاتِ ع ۴ ۱۱ ۱۲

| نَصِيۡرٍ | اِنَّ اللّٰهَ | عٰلِمُ | غَيۡبِ | السَّمٰوٰتِ | وَ الۡاَرۡضِ | اِنَّهٗ | عَلِيۡمٌ | بِذَاتِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مددگار | بے شک اللہ | جاننے والا | غیب | آسمانوں | اور زمین کے | بے شک وہ | جاننے والا | والے/بھیدوں کو |

مددگار نہیں۔ بے شک اللہ ہی آسمانوں اور زمین کی پوشیدہ باتوں کا جاننے والا ہے۔ وہ تو دل کے بھیدوں تک سے

الصُّدُوۡرِ ﴿۳۸﴾ هُوَ الَّذِيۡ جَعَلَكُمۡ خَلٰٓئِفَ فِى الۡاَرۡضِ ؕ فَمَنۡ كَفَرَ فَعَلَيۡهِ كُفۡرُهٗ ؕ

| الصُّدُوۡرِ | هُوَ | الَّذِيۡ | جَعَلَكُمۡ | خَلٰٓئِفَ | فِى الۡاَرۡضِ | فَمَنۡ | كَفَرَ | فَعَلَيۡهِ | كُفۡرُهٗ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| سینوں کے | وہ | جس نے | بنایا تم کو | جانشین | زمین میں | پس جس نے | کفر کیا | پس اس پر | کفر اس کا |

واقف ہے۔ وہی تو ہے جس نے تم کو زمین میں (پہلوں کا) جانشین بنایا۔ تو جس نے کفر کیا اس کے کفر کا ضرر اسی کو ہے۔

وَ لَا يَزِيۡدُ الۡكٰفِرِيۡنَ كُفۡرُهُمۡ عِنۡدَ رَبِّهِمۡ اِلَّا مَقۡتًا ۚ وَ لَا يَزِيۡدُ الۡكٰفِرِيۡنَ

| وَ لَا يَزِيۡدُ | الۡكٰفِرِيۡنَ | كُفۡرُهُمۡ | عِنۡدَ | رَبِّهِمۡ | اِلَّا | مَقۡتًا | وَ لَا | يَزِيۡدُ | الۡكٰفِرِيۡنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور نہیں زیادہ کرتا | کافروں کو | ان کا کفر | نزدیک | ان کے رب کے | مگر | ناخوشی/ناراضی میں | اور نہیں | زیادہ کرتا | کافروں کو |

اور کافروں کے حق میں ان کے کفر سے پروردگار کے ہاں ناخوشی ہی بڑھتی ہے اور کافروں کو ان کا

كُفۡرُهُمۡ اِلَّا خَسَارًا ﴿۳۹﴾ قُلۡ اَرَءَيۡتُمۡ شُرَكَآءَكُمُ الَّذِيۡنَ تَدۡعُوۡنَ مِنۡ دُوۡنِ

| كُفۡرُهُمۡ | اِلَّا | خَسَارًا | قُلۡ | اَرَءَيۡتُمۡ | شُرَكَآءَكُمُ | الَّذِيۡنَ | تَدۡعُوۡنَ | مِنۡ دُوۡنِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ان کا کفر | مگر | نقصان میں | کہہ دیجئے | کیا دیکھا تم نے | اپنے شریکوں کو | وہ جنہیں | تم پکارتے ہو | سوائے |

کفر نقصان ہی زیادہ کرتا ہے۔ بھلا تم نے اپنے شریکوں کو دیکھا جن کو تم اللہ کے سوا پکارتے

اللّٰهِ ؕ اَرُوۡنِىۡ مَاذَا خَلَقُوۡا مِنَ الۡاَرۡضِ اَمۡ لَهُمۡ شِرۡكٌ فِى السَّمٰوٰتِ ۚ اَمۡ

| اللّٰهِ | اَرُوۡنِىۡ | مَاذَا | خَلَقُوۡا | مِنَ الۡاَرۡضِ | اَمۡ | لَهُمۡ | شِرۡكٌ | فِى السَّمٰوٰتِ | اَمۡ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اللہ کے | دکھاؤ مجھے | کیا | پیدا کیا انہوں نے | زمین سے | یا | ان کے لیے | شرکت | آسمانوں میں | یا |

ہو؟ مجھے دکھاؤ کہ انہوں نے زمین سے کونسی چیز پیدا کی ہے؟ یا (بتاؤ کہ) آسمانوں میں ان کی شرکت ہے؟ یا

اٰتَيْنٰهُمْ كِتٰبًا فَهُمْ عَلٰى بَيِّنَتٍ مِّنْهُ ۚ بَلْ اِنْ يَّعِدُ الظّٰلِمُوْنَ بَعْضُهُمْ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اٰتَيْنٰهُمْ | كِتٰبًا | فَهُمْ | عَلٰى | بَيِّنَتٍ | مِّنْهُ | بَلْ | اِنْ | يَّعِدُ | الظّٰلِمُوْنَ | بَعْضُهُمْ |
| دی ہم نے ان کو | کتاب | پس وہ | پر | کسی دلیل/سند | اس سے | بلکہ | نہیں | وعدہ کرتے | ظالم | بعض ان کے/ایک |

ہم نے ان کو کتاب دی ہے تو وہ اس کی سند رکھتے ہیں؟(ان میں سے کوئی بات بھی نہیں) بلکہ ظالم جو ایک دوسرے کو وعدہ دیتے

بَعْضًا اِلَّا غُرُوْرًا ﴿٤٠﴾ اِنَّ اللّٰهَ يُمْسِكُ السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضَ اَنْ تَزُوْلَا ۚ وَ لَئِنْ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بَعْضًا ❶ | اِلَّا | غُرُوْرًا | اِنَّ اللّٰهَ | يُمْسِكُ | السَّمٰوٰتِ | وَ الْاَرْضَ | اَنْ | تَزُوْلَا | وَلَئِنْ |
| بعض/دوسرے سے | مگر | فریب کا | بے شک اللہ | تھامے ہوئے ہے | آسمانوں کو | اور زمین کو | کہ | دونوں اپنی جگہ سے ٹل (نہ) جائیں | اور اگر |

ہیں محض فریب ہے۔ اللہ ہی آسمانوں اور زمین کو تھامے رکھتا ہے کہ ٹل نہ جائیں، اگر

زَالَتَآ اِنْ اَمْسَكَهُمَا مِنْ اَحَدٍ مِّنْۢ بَعْدِهٖ ؕ اِنَّهٗ كَانَ حَلِيْمًا غَفُوْرًا ﴿٤١﴾

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| زَالَتَا | اِنْ | اَمْسَكَهُمَا | مِنْ | اَحَدٍ | مِنْۢ بَعْدِهٖ | اِنَّهٗ | كَانَ | حَلِيْمًا | غَفُوْرًا |
| دونوں ٹل جائیں | نہیں | تھام سکتا ان دونوں کو | کوئی | ایک | اس کے بعد | بے شک وہ | ہے | بردبار | بڑا بخشنے والا |

وہ ٹل جائیں تو اللہ کے سوا کوئی ایسا نہیں جو ان کو تھام سکے۔ بے شک وہ بردبار (اور) بخشنے والا ہے۔

وَ اَقْسَمُوْا بِاللّٰهِ جَهْدَ اَيْمَانِهِمْ لَئِنْ جَآءَهُمْ نَذِيْرٌ لَّيَكُوْنُنَّ اَهْدٰى مِنْ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ اَقْسَمُوْا | بِاللّٰهِ | جَهْدَ | اَيْمَانِهِمْ | لَئِنْ | جَآءَهُمْ | نَذِيْرٌ | لَيَكُوْنُنَّ | اَهْدٰى | مِنْ |
| اور قسمیں کھائیں انہوں نے | اللہ کی | سخت سخت | قسمیں اپنی | اگر | آئے ان کے پاس | کوئی ڈرانے والا | تو البتہ وہ ضرور ہوں گے | زیادہ ہدایت یافتہ | سے |

اور یہ اللہ کی سخت سخت قسمیں کھاتے ہیں کہ اگر ان کے پاس کوئی ہدایت کرنے والا آئے تو یہ ہر ایک امت سے بڑھ کر

اِحْدَى الْاُمَمِ ۚ فَلَمَّا جَآءَهُمْ نَذِيْرٌ مَّا زَادَهُمْ اِلَّا نُفُوْرًا ۙ ﴿٤٢﴾ اسْتِكْبَارًا فِي

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اِحْدَى الْاُمَمِ | فَلَمَّا | جَآءَهُمْ | نَذِيْرٌ | مَا | زَادَهُمْ | اِلَّا | نُفُوْرًا | اِسْتِكْبَارًا | فِيْ |
| ہر ایک امت | پس جب | آیا ان کے پاس | ڈرانے والا | نہیں | اس نے زیادہ کیا ان کو | مگر | نفرت میں | تکبر کرنا | میں |

ہدایت پر ہوں۔ مگر جب ان کے پاس ہدایت کرنے والا آیا تو اس سے ان کو نفرت ہی بڑھی۔ یعنی (انہوں نے) ملک میں

الْاَرْضِ وَ مَكْرَ السَّيِّئِ ؕ وَ لَا يَحِيْقُ الْمَكْرُ السَّيِّئُ اِلَّا بِاَهْلِهٖ ؕ فَهَلْ يَنْظُرُوْنَ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الْاَرْضِ | وَ مَكْرَ | السَّيِّئِ | وَ لَا | يَحِيْقُ | الْمَكْرُ | السَّيِّئُ | اِلَّا | بِاَهْلِهٖ | فَهَلْ | يَنْظُرُوْنَ |
| زمین | اور چال چلنا | بری | اور نہیں | گھیرتی ہے | چال | بری | مگر | اپنے چلنے والے کو | پس نہیں | وہ انتظار کرتے ہیں |

غرور کرنا اور بری چال چلنا (اختیار کیا)۔ اور بری چال کا وبال اس کے چلنے والے ہی پر پڑتا ہے۔ یہ اگلے لوگوں کی روش کے سوا



❶ بَعْضُهُمْ بَعْضًا: بعض ان کے بعض سے یا ایک دوسرے سے۔

اِلَّا سُنَّتَ الْاَوَّلِيْنَ ۚ فَلَنْ تَجِدَ لِسُنَّتِ اللّٰهِ تَبْدِيْلًا ۚ وَ لَنْ تَجِدَ لِسُنَّتِ اللّٰهِ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اِلَّا | سُنَّتَ | الْاَوَّلِيْنَ | فَلَنْ تَجِدَ | لِسُنَّتِ | اللّٰهِ | تَبْدِيْلًا | وَ لَنْ تَجِدَ | لِسُنَّتِ | اللّٰهِ |
| مگر | روش کا | پہلے لوگوں کی | پس ہرگز نہیں آپ پائیں گے | دستور میں | اللہ کے | تبدیلی | اور ہرگز نہیں آپ پائیں گے | طریقے میں | اللہ کے |

اور کسی چیز کے منتظر نہیں۔ سو تم اللہ کی عادت میں ہرگز تبدل نہ پاؤ گے، اور اللہ کے طریقے میں کبھی تغیر نہ

تَحْوِيْلًا ۝٤٣ اَوَ لَمْ يَسِيْرُوْا فِي الْاَرْضِ فَيَنْظُرُوْا كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الَّذِيْنَ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تَحْوِيْلًا | اَوَ | لَمْ يَسِيْرُوْا | فِي الْاَرْضِ | فَيَنْظُرُوْا | كَيْفَ | كَانَ | عَاقِبَةُ | الَّذِيْنَ |
| تبدیلی/تغیر | کیا | نہیں سیر کی انہوں نے | زمین میں | پس وہ دیکھتے | کیسا | ہوا | انجام | ان لوگوں کا جو |

دیکھو گے۔ کیا انہوں نے زمین میں سیر نہیں کی تاکہ دیکھتے کہ جو لوگ ان سے پہلے تھے ان کا انجام

مِنْ قَبْلِهِمْ وَ كَانُوْٓا اَشَدَّ مِنْهُمْ قُوَّةً ۭ وَ مَا كَانَ اللّٰهُ لِيُعْجِزَهٗ مِنْ شَيْءٍ فِي

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مِنْ قَبْلِهِمْ | وَ كَانُوْا | اَشَدَّ | مِنْهُمْ | قُوَّةً | وَ مَا | كَانَ | اللّٰهُ | لِيُعْجِزَهٗ | مِنْ شَيْءٍ | فِي |
| ان سے پہلے تھے | اور تھے | بہت زیادہ | ان سے | قوت میں | اور نہیں | ہے | اللہ | کہ عاجز کر سکے اس کو | کوئی چیز | میں |

کیا ہوا؟ حالانکہ وہ ان سے قوت میں بہت زیادہ تھے۔ اور اللہ ایسا نہیں کہ آسمانوں اور زمین میں کوئی چیز

السَّمٰوٰتِ وَ لَا فِي الْاَرْضِ ۭ اِنَّهٗ كَانَ عَلِيْمًا قَدِيْرًا ۝٤٤ وَ لَوْ يُؤَاخِذُ اللّٰهُ النَّاسَ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| السَّمٰوٰتِ | وَ لَا | فِي الْاَرْضِ | اِنَّهٗ | كَانَ | عَلِيْمًا | قَدِيْرًا | وَ لَوْ | يُؤَاخِذُ | اللّٰهُ | النَّاسَ |
| آسمانوں | اور نہ | زمین میں | بے شک وہ | ہے | خوب جاننے والا | بڑی قدرت والا | اور اگر | پکڑتا | اللہ | لوگوں کو |

اس کو عاجز کر سکے۔ وہ علم والا (اور) قدرت والا ہے۔ اور اگر اللہ لوگوں کو ان کے اعمال کے سبب

بِمَا كَسَبُوْا مَا تَرَكَ عَلٰي ظَهْرِهَا مِنْ دَاۗبَّةٍ وَّ لٰكِنْ يُّؤَخِّرُهُمْ اِلٰٓي اَجَلٍ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بِمَا | كَسَبُوْا | مَا | تَرَكَ | عَلٰي ظَهْرِهَا | مِنْ دَاۗبَّةٍ | وَ لٰكِنْ | يُؤَخِّرُهُمْ | اِلٰي | اَجَلٍ |
| اس کے سبب جو | کمایا انہوں نے | نہ | چھوڑتا | اس کی پشت پر | کوئی جاندار | اور لیکن | وہ مہلت دیتا ہے ان کو | طرف/تک | وقت |

پکڑنے لگتا تو روئے زمین پر ایک چلنے پھرنے والے کو نہ چھوڑتا۔ لیکن وہ ان کو ایک وقت مقرر تک مہلت دیئے

مُّسَمًّى ۚ فَاِذَا جَاۗءَ اَجَلُهُمْ فَاِنَّ اللّٰهَ كَانَ بِعِبَادِهٖ بَصِيْرًا ۝٤٥ ع ٥ ٨ ١٧

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مُسَمًّى | فَاِذَا | جَاۗءَ | اَجَلُهُمْ | فَاِنَّ اللّٰهَ | كَانَ | بِعِبَادِهٖ | بَصِيْرًا |
| مقررہ | پھر جب | آئے گا | ان کا وقت | تو بے شک اللہ | ہے | اپنے بندوں کو | دیکھنے والا |

جاتا ہے۔ سو جب ان کا وقت آ جائے گا تو (ان کے اعمال کا بدلہ دے گا) اللہ تو اپنے بندوں کو دیکھ رہا ہے۔

## سُوْرَةُ يٰسٓ مَكِّيَّةٌ

آياتها ٨٣ — ركوعاتها ٥

# بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

| يٰسٓ | بِ | اِسْمِ | اللّٰهِ | الرَّحْمٰنِ | الرَّحِيْمِ |
|---|---|---|---|---|---|
| یا-سین | ساتھ/سے | نام | اللہ کے | بے حد مہربان | نہایت رحم کرنے والا |

شروع اللہ کا نام لے کر جو بڑا مہربان، نہایت رحم والا ہے۔

يٰسٓ ۝١ وَ الْقُرْاٰنِ الْحَكِيْمِ ۝٢ اِنَّكَ لَمِنَ الْمُرْسَلِيْنَ ۝٣ عَلٰى صِرَاطٍ

| يٰسٓ | وَ الْقُرْاٰنِ | الْحَكِيْمِ | اِنَّكَ | لَمِنَ | الْمُرْسَلِيْنَ | عَلٰى | صِرَاطٍ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| یا-سین | قسم ہے قرآن کی | جو حکمت والا ہے | بے شک آپ | البتہ سے | پیغمبروں میں | پر | راہ |

یٰس۔ قسم ہے قرآن کی جو حکمت سے بھرا ہوا ہے۔ (اے محمدؐ!) بیشک تم پیغمبروں میں سے ہو۔ سیدھے

مُّسْتَقِيْمٍ ۝٤ تَنْزِيْلَ الْعَزِيْزِ الرَّحِيْمِ ۝٥ لِتُنْذِرَ قَوْمًا مَّآ اُنْذِرَ اٰبَآؤُهُمْ

| مُسْتَقِيْمٍ | تَنْزِيْلَ | الْعَزِيْزِ | الرَّحِيْمِ | لِتُنْذِرَ | قَوْمًا | مَا | اُنْذِرَ | اٰبَآؤُهُمْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| سیدھی | اتارا ہوا/ نازل کیا ہوا | غالب | مہربان کا | تا کہ آپ متنبہ کریں | قوم کو | نہیں | متنبہ کیا گیا | ان کے باپ دادا کو |

رستے پر۔ (یہ خدائے) غالب (اور) مہربان نے نازل کیا ہے۔ تاکہ تم ان لوگوں کو جن کے باپ دادا کو متنبہ نہیں کیا گیا تھا متنبہ کر دو،

فَهُمْ غٰفِلُوْنَ ۝٦ لَقَدْ حَقَّ الْقَوْلُ عَلٰٓى اَكْثَرِهِمْ فَهُمْ لَا يُؤْمِنُوْنَ ۝٧ اِنَّا

| فَهُمْ | غٰفِلُوْنَ | لَقَدْ | حَقَّ | الْقَوْلُ | عَلٰى | اَكْثَرِهِمْ | فَهُمْ | لَا يُؤْمِنُوْنَ | اِنَّا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| پس وہ | غافل ہیں | بے شک | ثابت ہو چکی | بات | پر | ان کی اکثریت | سو وہ | نہیں ایمان لائیں گے | بے شک |

وہ غفلت میں پڑے ہوئے ہیں۔ ان میں سے اکثر پر (اللہ کی) بات پوری ہو چکی ہے، سو وہ ایمان نہیں لائیں گے۔ ہم نے

جَعَلْنَا فِيْٓ اَعْنَاقِهِمْ اَغْلٰلًا فَهِيَ اِلَى الْاَذْقَانِ فَهُمْ مُّقْمَحُوْنَ ۝٨ وَ جَعَلْنَا

| جَعَلْنَا | فِيْٓ اَعْنَاقِهِمْ | اَغْلٰلًا | فَهِيَ | اِلَى | الْاَذْقَانِ | فَهُمْ | مُقْمَحُوْنَ | وَ جَعَلْنَا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ڈالے ہم نے | ان کی گردنوں میں | طوق | پس وہ | طرف/تک | ٹھوڑیوں | تو وہ | سر اُلل رہے/سر اونچا کر رہے ہیں | اور بنائی ہم نے |

ان کی گردنوں میں طوق ڈال رکھے ہیں اور وہ ٹھوڑیوں تک (پھنسے ہوئے) ہیں تو ان کے سر اُلل رہے ہیں۔ اور ہم نے ان کے آگے

مِنْۢ بَيْنِ اَيْدِيْهِمْ سَدًّا وَّ مِنْ خَلْفِهِمْ سَدًّا فَاَغْشَيْنٰهُمْ فَهُمْ لَا يُبْصِرُوْنَ ۝٩

| مِنْ بَيْنِ اَيْدِيْهِمْ | سَدًّا | وَ مِنْ خَلْفِهِمْ | سَدًّا | فَاَغْشَيْنٰهُمْ | فَهُمْ | لَا يُبْصِرُوْنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| ان کے آگے سے | دیوار | اور ان کے پیچھے سے | دیوار | پھر ہم نے اوپر سے ڈھانک دیا ان کو | تو وہ | نہیں دیکھتے |

بھی دیوار بنا دی اور ان کے پیچھے بھی، پھر ان پر پردہ ڈال دیا تو یہ دیکھ نہیں سکتے۔

وَ سَوَآءٌ عَلَيۡهِمۡ ءَاَنۡذَرۡتَهُمۡ اَمۡ لَمۡ تُنۡذِرۡهُمۡ لَا يُؤۡمِنُوۡنَ ﴿۱۰﴾ اِنَّمَا تُنۡذِرُ مَنِ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ سَوَآءٌ | عَلَيۡهِمۡ | ءَاَنۡذَرۡتَهُمۡ | اَمۡ | لَمۡ تُنۡذِرۡهُمۡ | لَا يُؤۡمِنُوۡنَ | اِنَّمَا | تُنۡذِرُ | مَنۡ |
| اور برابر ہے | ان پر | خواہ آپ ڈرائیں ان کو | یا | نہ آپ ڈرائیں ان کو | نہیں ایمان لائیں گے | صرف | آپ ڈرا سکتے ہیں | اسکو جو |

اور تم ان کو نصیحت کرو یا نہ کرو ان کے لیے برابر ہے، وہ ایمان نہیں لانے کے۔ تم تو صرف اس شخص کو نصیحت کر سکتے ہو جو

اتَّبَعَ الذِّكۡرَ وَخَشِيَ الرَّحۡمٰنَ بِالۡغَيۡبِ ۚ فَبَشِّرۡهُ بِمَغۡفِرَةٍ وَّاَجۡرٍ كَرِيۡمٍ ﴿۱۱﴾ اِنَّا نَحۡنُ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اِتَّبَعَ | الذِّكۡرَ | وَ خَشِيَ | الرَّحۡمٰنَ | بِالۡغَيۡبِ | فَبَشِّرۡهُ | بِمَغۡفِرَةٍ | وَ اَجۡرٍ | كَرِيۡمٍ | اِنَّا | نَحۡنُ |
| پیروی کرے | نصیحت کی | اور ڈرے | الرحمٰن سے | غائبانہ | سو بشارت دیں اس کو | بخشش کی | اور اجر کی | باعزت | بے شک | ہم |

نصیحت کی پیروی کرے اور رحمٰن سے غائبانہ ڈرے۔ سو اس کو مغفرت اور بڑے ثواب کی بشارت سنا دو۔ بے شک

نُحۡيِ الۡمَوۡتٰى وَ نَكۡتُبُ مَا قَدَّمُوۡا وَ اٰثَارَهُمۡ ؕ وَ كُلَّ شَيۡءٍ اَحۡصَيۡنٰهُ فِيۡۤ وقف غفران

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| نُحۡيِ | الۡمَوۡتٰى | وَ نَكۡتُبُ | مَا | قَدَّمُوۡا | وَ اٰثَارَهُمۡ | وَ كُلَّ | شَيۡءٍ | اَحۡصَيۡنٰهُ | فِيۡۤ |
| زندہ کریں گے | مردوں کو | اور ہم لکھ لیتے ہیں | اسکو جو | وہ آگے بھیج چکے | اور انکے (پیچھے چھوڑے ہوئے) نشانات کو | اور ہر | چیز | شمار کر لیا ہم نے اسکو | میں |

ہم مردوں کو زندہ کریں گے اور جو کچھ وہ آگے بھیج چکے اور (جو) نشان ان کے پیچھے رہ گئے ہم ان کو قلمبند کر لیتے ہیں۔ اور ہر چیز کو ہم نے کتابِ روشن

اِمَامٍ مُّبِيۡنٍ ﴿۱۲﴾ وَاضۡرِبۡ لَهُمۡ مَّثَلًا اَصۡحٰبَ الۡقَرۡيَةِ ۘ اِذۡ جَآءَهَا الۡمُرۡسَلُوۡنَ ﴿۱۳﴾ ع ۱/۲ ۱۸ وقف لازم

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اِمَامٍ | مُبِيۡنٍ | وَ اضۡرِبۡ | لَهُمۡ | مَثَلًا | اَصۡحٰبَ الۡقَرۡيَةِ | اِذۡ | جَآءَهَا | الۡمُرۡسَلُوۡنَ |
| کتاب | روشن | اور بیان کریں | ان کے لیے | مثال | گاؤں والوں کی | جب | آئے ان کے پاس | پیغمبر |

(یعنی لوح محفوظ) میں لکھ رکھا ہے۔ اور ان سے گاؤں والوں کا قصہ بیان کرو۔ جب ان کے پاس پیغمبر آئے۔

اِذۡ اَرۡسَلۡنَاۤ اِلَيۡهِمُ اثۡنَيۡنِ فَكَذَّبُوۡهُمَا فَعَزَّزۡنَا بِثَالِثٍ فَقَالُوۡۤا اِنَّاۤ اِلَيۡكُمۡ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اِذۡ | اَرۡسَلۡنَا | اِلَيۡهِمُ | اثۡنَيۡنِ | فَكَذَّبُوۡهُمَا | فَعَزَّزۡنَا | بِثَالِثٍ | فَقَالُوۡا | اِنَّا | اِلَيۡكُمۡ |
| جب | بھیجے ہم نے | انکی طرف | دو | پس انہوں نے جھٹلا دیا ان دونوں کو | پھر تقویت دی ہم نے | تیسرے کے ساتھ | تو کہا انہوں نے | بیشک ہم | تمہاری طرف |

(یعنی) جب ہم نے ان کی طرف دو (پیغمبر) بھیجے تو انہوں نے ان کو جھٹلایا۔ پھر ہم نے تیسرے سے تقویت دی تو انہوں نے کہا کہ ہم تمہاری طرف

مُّرۡسَلُوۡنَ ﴿۱۴﴾ قَالُوۡا مَاۤ اَنۡتُمۡ اِلَّا بَشَرٌ مِّثۡلُنَا ۙ وَمَاۤ اَنۡزَلَ الرَّحۡمٰنُ مِنۡ شَيۡءٍ ۙ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مُرۡسَلُوۡنَ | قَالُوۡا | مَا | اَنۡتُمۡ | اِلَّا | بَشَرٌ | مِثۡلُنَا | وَ مَا | اَنۡزَلَ | الرَّحۡمٰنُ | مِنۡ شَيۡءٍ |
| بھیجے گئے ہیں | انہوں نے کہا | نہیں | تم | مگر | آدمی | ہماری طرح | اور نہیں | نازل کی | الرحمٰن نے | کچھ چیز |

پیغمبر ہو کر آئے ہیں۔ وہ بولے کہ تم (اور کچھ) نہیں مگر ہماری طرح کے آدمی (ہو) اور رحمٰن نے کوئی چیز بھی نازل نہیں کی

اِنْ اَنْتُمْ اِلَّا تَكْذِبُوْنَ ﴿١٥﴾ قَالُوْا رَبُّنَا يَعْلَمُ اِنَّآ اِلَيْكُمْ لَمُرْسَلُوْنَ ﴿١٦﴾ وَ مَا

| اِنْ | اَنْتُمْ | اِلَّا | تَكْذِبُوْنَ | قَالُوْا | رَبُّنَا | يَعْلَمُ | اِنَّا | اِلَيْكُمْ | لَمُرْسَلُوْنَ | وَ مَا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| نہیں | تم | مگر | جھوٹ بولتے ہو | انہوں نے کہا | ہمارا رب | جانتا ہے | یقیناً ہم | تمہاری طرف | بھیجے گئے ہیں | اور نہیں |

تم محض جھوٹ بولتے ہو۔ انہوں نے کہا کہ ہمارا پروردگار جانتا ہے کہ ہم تمہاری طرف (پیغام دے کر) بھیجے گئے ہیں۔ اور ہمارے

عَلَيْنَآ اِلَّا الْبَلٰغُ الْمُبِيْنُ ﴿١٧﴾ قَالُوْٓا اِنَّا تَطَيَّرْنَا بِكُمْ ۚ لَئِنْ لَّمْ تَنْتَهُوْا

| عَلَيْنَا | اِلَّا | الْبَلٰغُ | الْمُبِيْنُ | قَالُوْا | اِنَّا | تَطَيَّرْنَا | بِكُمْ | لَئِنْ | لَمْ تَنْتَهُوْا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ہمارے اوپر | مگر | پہنچا دینا | صاف صاف | انہوں نے کہا | بیشک ہم | نامبارک دیکھتے ہیں | تم کو | اگر | نہ تم باز آئے |

ذمے تو صاف صاف پہنچا دینا ہے اور بس۔ وہ بولے کہ ہم تم کو نامبارک دیکھتے ہیں۔ اگر تم باز نہ آؤ گے

لَنَرْجُمَنَّكُمْ وَ لَيَمَسَّنَّكُمْ مِّنَّا عَذَابٌ اَلِيْمٌ ﴿١٨﴾ قَالُوْا طَآئِرُكُمْ مَّعَكُمْ ؕ

| لَنَرْجُمَنَّكُمْ | وَ لَيَمَسَّنَّكُمْ | مِنَّا | عَذَابٌ | اَلِيْمٌ | قَالُوْا | طَآئِرُكُمْ | مَعَكُمْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تو البتہ ہم ضرور سنگسار کردیں گے تم کو | اور ضرور پہنچے گا تم کو | ہم سے | عذاب | دردناک | کہا انہوں نے | نحوست تمہاری | تمہارے ساتھ ہے |

تو ہم تمہیں سنگسار کر دیں گے اور تم کو ہم سے دکھ دینے والا عذاب پہنچے گا۔ انہوں نے کہا کہ تمہاری نحوست تمہارے ساتھ ہے۔

اَئِنْ ذُكِّرْتُمْ ؕ بَلْ اَنْتُمْ قَوْمٌ مُّسْرِفُوْنَ ﴿١٩﴾ وَ جَآءَ مِنْ اَقْصَا الْمَدِيْنَةِ

| اَئِنْ | ذُكِّرْتُمْ | بَلْ | اَنْتُمْ | قَوْمٌ | مُسْرِفُوْنَ | وَ جَآءَ | مِنْ اَقْصَا | الْمَدِيْنَةِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| کیا اسلئے کہ | تم کو نصیحت کی گئی | بلکہ | تم | لوگ | حد سے بڑھنے والے ہو | اور آیا | پرلے کنارے سے | شہر کے |

کیا اس لیے کہ تم کو نصیحت کی گئی؟ بلکہ تم ایسے لوگ ہو جو حد سے تجاوز کر گئے ہو۔ اور شہر کے پرلے کنارے سے ایک آدمی

رَجُلٌ يَّسْعٰى قَالَ يٰقَوْمِ اتَّبِعُوا الْمُرْسَلِيْنَ ﴿٢٠﴾ اتَّبِعُوْا مَنْ لَّا يَسْـَٔلُكُمْ

| رَجُلٌ | يَسْعٰى | قَالَ | يٰقَوْمِ | اِتَّبِعُوْا | الْمُرْسَلِيْنَ | اِتَّبِعُوْا | مَنْ | لَا يَسْـَٔلُكُمْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ایک آدمی | دوڑتا ہوا | کہا اس نے | اے میری قوم | پیروی کرو | رسولوں کی | پیروی کرو | ان کی جو | نہیں مانگتے تم سے |

دوڑتا ہوا آیا، کہنے لگا کہ اے میری قوم! پیغمبروں کے پیچھے چلو۔ ایسوں کے جو تم سے صلہ نہیں

اَجْرًا وَّ هُمْ مُّهْتَدُوْنَ ﴿٢١﴾

| اَجْرًا | وَ هُمْ | مُهْتَدُوْنَ |
|---|---|---|
| صلہ | اور وہ | ہدایت یافتہ/سیدھے راستے پر ہیں |

مانگتے اور وہ سیدھے رستے پر ہیں۔

وَمَالِیَ لَآ اَعۡبُدُ الَّذِیۡ فَطَرَنِیۡ وَاِلَیۡهِ تُرۡجَعُوۡنَ ﴿٢٢﴾ ءَاَتَّخِذُ مِنۡ دُوۡنِهٖۤ اٰلِهَةً اِنۡ یُّرِدۡنِ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ مَا لِیَ | لَآ اَعۡبُدُ | الَّذِیۡ | فَطَرَنِیۡ | وَ اِلَیۡهِ | تُرۡجَعُوۡنَ | ءَ اَتَّخِذُ | مِنۡ دُوۡنِهٖۤ | اٰلِهَةً | اِنۡ | یُّرِدۡنِ |
| اور کیا ہے مجھے | نہ میں عبادت کروں | اس کی جس نے | پیدا کیا مجھے | اور اسی کی طرف | تم لوٹائے جاؤ گے | کیا میں بناؤں | اس کے سوا | معبود | اگر | چاہے مجھے |

اور مجھے کیا ہے کہ میں اس کی پرستش نہ کروں جس نے مجھے پیدا کیا اور اسی کی طرف تم کو لوٹ کر جانا ہے۔ کیا میں اس کو چھوڑ کر اوروں کو معبود بناؤں؟ اگر

الرَّحۡمٰنُ بِضُرٍّ لَّا تُغۡنِ عَنِّیۡ شَفَاعَتُهُمۡ شَیۡـًٔا وَّ لَا یُنۡقِذُوۡنِ ﴿٢٣﴾ اِنِّیۡۤ اِذًا لَّفِیۡ ضَلٰلٍ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الرَّحۡمٰنُ | بِضُرٍّ | لَا تُغۡنِ | عَنِّیۡ | شَفَاعَتُهُمۡ | شَیۡـًٔا | وَ لَا یُنۡقِذُوۡنِ | اِنِّیۡ | اِذًا | لَفِیۡ | ضَلٰلٍ |
| الرحمٰن | نقصان پہنچانا | نہیں فائدہ دے گی | مجھے | ان کی سفارش | کچھ بھی | اور نہ وہ مجھے چھڑا سکیں گے | بیشک میں | تب | البتہ میں | گمراہی |

رحمٰن میرے حق میں نقصان کرنا چاہے تو ان کی سفارش مجھے کچھ بھی فائدہ نہ دے سکے اور نہ وہ مجھے چھڑا ہی سکیں۔ تب تو میں صریح گمراہی میں

مُّبِیۡنٍ ﴿٢٤﴾ اِنِّیۡۤ اٰمَنۡتُ بِرَبِّکُمۡ فَاسۡمَعُوۡنِ ﴿٢٥﴾ؕ قِیۡلَ ادۡخُلِ الۡجَنَّةَ ؕ قَالَ یٰلَیۡتَ قَوۡمِیۡ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مُبِیۡنٍ | اِنِّیۡ | اٰمَنۡتُ | بِرَبِّکُمۡ | فَاسۡمَعُوۡنِ | قِیۡلَ | اُدۡخُلِ | الۡجَنَّةَ | قَالَ | یٰلَیۡتَ | قَوۡمِیۡ |
| صریح | بیشک میں | ایمان لایا | تمہارے رب پر | سو میری بات سنو | کہا گیا | داخل ہو جا | جنت میں | کہا اس نے | اے کاش | میری قوم والے |

مبتلا ہو گیا۔ میں تمہارے پروردگار پر ایمان لایا ہوں سو میری بات سن رکھو۔ حکم ہوا کہ بہشت میں داخل ہو جا۔ بولا، کاش! میری قوم کو

یَعۡلَمُوۡنَ ﴿٢٦﴾ۙ بِمَا غَفَرَ لِیۡ رَبِّیۡ وَ جَعَلَنِیۡ مِنَ الۡمُکۡرَمِیۡنَ ﴿٢٧﴾ وَ مَاۤ اَنۡزَلۡنَا عَلٰی قَوۡمِهٖ مِنۡۢ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| یَعۡلَمُوۡنَ | بِمَا | غَفَرَ لِیۡ | رَبِّیۡ | وَ جَعَلَنِیۡ | مِنَ الۡمُکۡرَمِیۡنَ | وَ مَا | اَنۡزَلۡنَا | عَلٰی | قَوۡمِهٖ | مِنۡ |
| جانتے | اس بات کو کہ | بخش دیا مجھے | میرے رب نے | اور اس نے بنایا مجھے | عزت والوں میں سے | اور نہیں | نازل کیا ہم نے | پر | اسکی قوم | |

خبر ہو کہ میرے پروردگار نے مجھے بخش دیا اور عزت والوں میں کیا۔ اور ہم نے اس کے بعد اس کی قوم پر آسمان سے

بَعۡدِهٖ مِنۡ جُنۡدٍ مِّنَ السَّمَآءِ وَ مَا کُنَّا مُنۡزِلِیۡنَ ﴿٢٨﴾ اِنۡ کَانَتۡ اِلَّا صَیۡحَةً وَّاحِدَةً

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بَعۡدِهٖ | مِنۡ جُنۡدٍ | مِنَ السَّمَآءِ | وَ مَا | کُنَّا | مُنۡزِلِیۡنَ | اِنۡ | کَانَتۡ | اِلَّا | صَیۡحَةً | وَاحِدَةً |
| اسکے بعد | کوئی لشکر | آسمان سے | اور نہ | تھے ہم | اتارنے والے | نہیں | وہ تھی | مگر | چنگھاڑ | ایک |

کوئی لشکر نہیں اتارا اور نہ ہی ہم اتارنے والے تھے۔ وہ تو صرف ایک چنگھاڑ تھی (آتشیں)

وقف غفران

فَاِذَا هُمۡ خٰمِدُوۡنَ ﴿٢٩﴾ یٰحَسۡرَةً عَلَی الۡعِبَادِ ۚؔ مَا یَاۡتِیۡهِمۡ مِّنۡ رَّسُوۡلٍ اِلَّا کَانُوۡا بِهٖ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| فَاِذَا | هُمۡ | خٰمِدُوۡنَ | یٰحَسۡرَةً | عَلَی الۡعِبَادِ | مَا یَاۡتِیۡهِمۡ | مِنۡ رَّسُوۡلٍ | اِلَّا | کَانُوۡا | بِهٖ |
| پس ناگہاں | وہ | بجھ کر رہ گئے | اے افسوس | بندوں پر | نہیں آتا ان کے پاس | کوئی رسول | مگر | ہیں | اس کے ساتھ |

سو وہ (اس سے) ناگہاں بجھ کر رہ گئے۔ بندوں پر افسوس ہے کہ ان کے پاس کوئی پیغمبر نہیں آتا مگر اس سے

یَسْتَهْزِءُوْنَ ﴿٣٠﴾ اَلَمْ یَرَوْا كَمْ اَهْلَكْنَا قَبْلَهُمْ مِّنَ الْقُرُوْنِ اَنَّهُمْ اِلَيْهِمْ لَا

| یَسْتَهْزِءُوْنَ | اَلَمْ یَرَوْا | كَمْ | اَهْلَكْنَا | قَبْلَهُمْ | مِنَ الْقُرُوْنِ | اَنَّهُمْ | اِلَيْهِمْ | لَا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تمسخر کرتے | کیا نہیں دیکھا انہوں نے | کتنی | ہم نے ہلاک کیں | ان سے پہلے | قومیں | بے شک وہ | ان کی طرف | نہیں |

تمسخر کرتے ہیں۔ کیا انہوں نے نہیں دیکھا کہ ہم نے ان سے پہلے بہت سے لوگوں کو ہلاک کر دیا تھا، اب وہ ان کی طرف لوٹ کر

ع ٢ ٢٠ ١ یَرْجِعُوْنَ ﴿٣١﴾ وَاِنْ كُلٌّ لَّمَّا جَمِيْعٌ لَّدَيْنَا مُحْضَرُوْنَ ﴿٣٢﴾ وَاٰيَةٌ لَّهُمُ الْاَرْضُ الْمَيْتَةُ ۖ

| یَرْجِعُوْنَ | وَاِنْ | كُلٌّ | لَّمَّا | جَمِيْعٌ | لَّدَيْنَا | مُحْضَرُوْنَ | وَاٰيَةٌ | لَهُمُ | الْاَرْضُ | الْمَيْتَةُ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| لوٹ کر آئیں گے | اور نہیں | سب | مگر | تمام/سب جمع کرکے | ہمارے پاس | حاضر کیے جائیں گے | اور ایک نشانی ہے | ان کیلئے | زمین | مردہ |

نہیں آئیں گے۔ اور سب کے سب ہمارے روبرو حاضر کیے جائیں گے۔ اور ایک نشانی ان کے لیے زمین مردہ ہے

اَحْيَيْنٰهَا وَاَخْرَجْنَا مِنْهَا حَبًّا فَمِنْهُ يَاْكُلُوْنَ ﴿٣٣﴾ وَجَعَلْنَا فِيْهَا جَنّٰتٍ مِّنْ نَّخِيْلٍ

| اَحْيَيْنٰهَا | وَاَخْرَجْنَا | مِنْهَا | حَبًّا | فَمِنْهُ | يَاْكُلُوْنَ | وَجَعَلْنَا | فِيْهَا | جَنّٰتٍ | مِنْ نَّخِيْلٍ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| زندہ کیا ہم نے اس کو | اور نکالا ہم نے | اس میں سے | اناج | پھر اس میں سے | وہ کھاتے ہیں | اور بنائے ہم نے | اس میں | باغات | کھجوروں کے |

کہ ہم نے اس کو زندہ کیا اور اس میں سے اناج اگایا پھر یہ اس میں سے کھاتے ہیں۔ اور اس میں کھجوروں اور انگوروں کے باغ

وَّاَعْنَابٍ وَّفَجَّرْنَا فِيْهَا مِنَ الْعُيُوْنِ ﴿٣٤﴾ لِيَاْكُلُوْا مِنْ ثَمَرِهٖ ۙ وَمَا عَمِلَتْهُ اَيْدِيْهِمْ ۭ

| وَاَعْنَابٍ | وَفَجَّرْنَا | فِيْهَا | مِنَ الْعُيُوْنِ | لِيَاْكُلُوْا | مِنْ ثَمَرِهٖ | وَمَا | عَمِلَتْهُ | اَيْدِيْهِمْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور انگوروں کے | اور جاری کیے ہم نے | اس میں | چشمے | تاکہ وہ کھائیں | اسکے پھلوں میں سے | اور نہیں | بنایا اس کو | ان کے ہاتھوں نے |

پیدا کیے اور اس میں چشمے جاری کر دیئے، تاکہ یہ ان کے پھل کھائیں، اور ان کے ہاتھوں نے تو ان کو نہیں بنایا۔

اَفَلَا يَشْكُرُوْنَ ﴿٣٥﴾ سُبْحٰنَ الَّذِيْ خَلَقَ الْاَزْوَاجَ كُلَّهَا مِمَّا تُنْۢبِتُ الْاَرْضُ وَمِنْ

| اَفَلَا | يَشْكُرُوْنَ | سُبْحٰنَ | الَّذِيْ | خَلَقَ | الْاَزْوَاجَ | كُلَّهَا | مِمَّا | تُنْۢبِتُ | الْاَرْضُ | وَمِنْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تو کیا نہیں | وہ شکر کرتے | پاک ہے | وہ جس نے | پیدا کیے | جوڑے | ان سب کے/سب کے سب | اس میں سے جو | اگاتی ہے | زمین | اور سے |

تو پھر کیا یہ شکر نہیں کرتے؟ وہ خدا پاک ہے جس نے زمین کی نباتات کے اور خود ان کے اور جن چیزوں کی

اَنْفُسِهِمْ وَمِمَّا لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿٣٦﴾ وَاٰيَةٌ لَّهُمُ الَّيْلُ ۖ نَسْلَخُ مِنْهُ النَّهَارَ فَاِذَا هُمْ

| اَنْفُسِهِمْ | وَمِمَّا | لَا يَعْلَمُوْنَ | وَاٰيَةٌ | لَهُمُ | الَّيْلُ | نَسْلَخُ | مِنْهُ | النَّهَارَ | فَاِذَا | هُمْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ان کے نفس | اور اس میں سے جو | نہیں وہ جانتے ہیں | اور ایک نشانی ہے | ان کیلئے | رات | ہم کھینچ لیتے ہیں | اس میں سے | دن | پس اس وقت | وہ |

ان کو خبر نہیں سب کے جوڑے بنائے۔ اور ایک نشانی ان کے لیے رات ہے کہ اس میں سے ہم دن کو کھینچ لیتے ہیں تو اس وقت ان پر

مُّظْلِمُوْنَ ﴿۳۷﴾ وَ الشَّمْسُ تَجْرِیْ لِمُسْتَقَرٍّ لَّهَا ؕ ذٰلِكَ تَقْدِیْرُ الْعَزِیْزِ الْعَلِیْمِ ﴿۳۸﴾

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مُظْلِمُوْنَ | وَ الشَّمْسُ | تَجْرِیْ | لِمُسْتَقَرٍّ | لَهَا | ذٰلِكَ | تَقْدِیْرُ | الْعَزِیْزِ | الْعَلِیْمِ |
| اندھیرے میں ہوتے ہیں | اور سورج | چلتا ہے | مقرر راستے پر | اپنے لیے | یہ | اندازہ ہے | غالب | جاننے والے کا |

اندھیرا چھا جاتا ہے۔ اور سورج اپنے مقرر رستے پر چلتا رہتا ہے۔ یہ (خدائے) غالب (اور) دانا کا (مقرر کیا ہوا) اندازہ ہے۔

وَ الْقَمَرَ قَدَّرْنٰهُ مَنَازِلَ حَتّٰی عَادَ كَالْعُرْجُوْنِ الْقَدِیْمِ ﴿۳۹﴾ لَا الشَّمْسُ یَنْۢبَغِیْ لَهَاۤ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ الْقَمَرَ | قَدَّرْنٰهُ | مَنَازِلَ | حَتّٰی | عَادَ | كَالْعُرْجُوْنِ | الْقَدِیْمِ | لَا الشَّمْسُ | یَنْۢبَغِیْ | لَهَا |
| اور چاند | مقرر کیں ہم نے اس کی | منزلیں | یہاں تک کہ | دوبارہ ہو جاتا ہے | مانند کھجور کی شاخ کے | پرانی | نہیں سورج | ہو سکتا | اس کیلئے |

اور چاند کی بھی ہم نے منزلیں مقرر کر دیں یہاں تک کہ (گھٹتے گھٹتے) کھجور کی پرانی شاخ کی طرح ہو جاتا ہے۔ نہ تو سورج ہی سے ہو سکتا ہے

اَنْ تُدْرِكَ الْقَمَرَ وَ لَا الَّیْلُ سَابِقُ النَّهَارِ ؕ وَ كُلٌّ فِیْ فَلَكٍ یَّسْبَحُوْنَ ﴿۴۰﴾ وَ اٰیَةٌ لَّهُمْ اَنَّا

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اَنْ | تُدْرِكَ | الْقَمَرَ | وَ لَا الَّیْلُ | سَابِقُ | النَّهَارِ | وَ كُلٌّ | فِیْ فَلَكٍ | یَسْبَحُوْنَ | وَ اٰیَةٌ | لَهُمْ | اَنَّا |
| کہ | پکڑلے | چاند کو | اور نہ رات | آگے بڑھنے والی | دن سے | اور سب | اپنے دائرے میں | تیر رہے ہیں | اور ایک نشانی | ان کے لیے | یہ کہ |

کہ چاند کو جا پکڑے اور نہ رات ہی دن سے پہلے آ سکتی ہے۔ اور سب اپنے اپنے دائرے میں تیر رہے ہیں۔ اور ایک نشانی ان کے لیے یہ ہے کہ

حَمَلْنَا ذُرِّیَّتَهُمْ فِی الْفُلْكِ الْمَشْحُوْنِ ﴿۴۱﴾ وَ خَلَقْنَا لَهُمْ مِّنْ مِّثْلِهٖ مَا یَرْكَبُوْنَ ﴿۴۲﴾

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| حَمَلْنَا | ذُرِّیَّتَهُمْ | فِی الْفُلْكِ | الْمَشْحُوْنِ | وَ خَلَقْنَا | لَهُمْ | مِنْ مِّثْلِهٖ | مَا | یَرْكَبُوْنَ |
| سوار کیا ہم نے | ان کی اولاد کو | کشتی میں | بھری ہوئی | اور پیدا کیں ہم نے | ان کے لیے | اس جیسی | جن پر | وہ سوار ہوتے ہیں |

ہم نے ان کی اولاد کو بھری ہوئی کشتی میں سوار کیا۔ اور ان کے لیے ویسی ہی اور چیزیں پیدا کیں جن پر وہ سوار ہوتے ہیں۔

وَ اِنْ نَّشَاْ نُغْرِقْهُمْ فَلَا صَرِیْخَ لَهُمْ وَ لَا هُمْ یُنْقَذُوْنَ ﴿۴۳﴾ اِلَّا رَحْمَةً مِّنَّا وَ مَتَاعًا اِلٰی

| | | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ اِنْ | نَشَاْ | نُغْرِقْهُمْ | فَلَا صَرِیْخَ | لَهُمْ | وَ لَا | هُمْ | یُنْقَذُوْنَ | اِلَّا | رَحْمَةً | مِنَّا | وَ مَتَاعًا | اِلٰی |
| اور اگر | ہم چاہیں | ہم غرق کر دیں انکو | پھر نہ کوئی فریاد رس | ان کیلئے | اور نہ | وہ | رہا کیے جائیں گے | مگر | رحمت | ہماری طرف سے | اور فائدے | تک |

اور اگر ہم چاہیں تو ان کو غرق کر دیں، پھر نہ تو ان کا کوئی فریاد رس ہو اور نہ ان کو رہائی ملے۔ مگر یہ ہماری رحمت اور ایک مدت تک کے فائدے

حِیْنٍ ﴿۴۴﴾ وَ اِذَا قِیْلَ لَهُمُ اتَّقُوْا مَا بَیْنَ اَیْدِیْكُمْ وَ مَا خَلْفَكُمْ لَعَلَّكُمْ تُرْحَمُوْنَ ﴿۴۵﴾

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| حِیْنٍ | وَ اِذَا | قِیْلَ | لَهُمُ | اِتَّقُوْا | مَا | بَیْنَ اَیْدِیْكُمْ | وَ مَا | خَلْفَكُمْ | لَعَلَّكُمْ | تُرْحَمُوْنَ |
| ایک مدت | اور جب | کہا جاتا ہے | ان سے | ڈرو | اس سے جو | تمہارے آگے ہے | اور جو | تمہارے پیچھے ہے | تاکہ تم پر | رحم کیا جائے |

ہیں۔ اور جب ان سے کہا جاتا ہے کہ جو تمہارے آگے اور جو تمہارے پیچھے ہے اس سے ڈرو تاکہ تم پر رحم کیا جائے۔

وَمَا تَاْتِيْهِمْ مِّنْ اٰيَةٍ مِّنْ اٰيٰتِ رَبِّهِمْ اِلَّا كَانُوْا عَنْهَا مُعْرِضِيْنَ ۝٤٦ وَاِذَا قِيْلَ لَهُمْ

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ مَا | تَاْتِيْهِمْ | مِنْ اٰيَةٍ | مِنْ اٰيٰتِ | رَبِّهِمْ | اِلَّا | كَانُوْا | عَنْهَا | مُعْرِضِيْنَ | وَ اِذَا | قِيْلَ | لَهُمْ |
| اورنہیں | آتی ان کے پاس | کوئی نشانی | نشانیوں میں سے | ان کے رب کی | مگر | ہیں | اس سے | منہ پھیرنے والے | اور جب | کہا جاتا ہے | ان سے |

اور ان کے پاس ان کے پروردگار کی طرف سے کوئی نشانی نہیں آتی مگر اس سے منہ پھیر لیتے ہیں۔ اور جب ان سے کہا جاتا ہے کہ

اَنْفِقُوْا مِمَّا رَزَقَكُمُ اللّٰهُ ۙ قَالَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لِلَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اَنُطْعِمُ مَنْ لَّوْ يَشَآءُ اللّٰهُ

| | | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اَنْفِقُوْا | مِمَّا | رَزَقَكُمُ | اللّٰهُ | قَالَ | الَّذِيْنَ | كَفَرُوْا | لِلَّذِيْنَ | اٰمَنُوْا | اَنُطْعِمُ | مَنْ | لَوْ | يَشَآءُ اللّٰهُ |
| خرچ کرو | اس میں سے جو | رزق دیا تم کو | اللہ نے | کہتے ہیں | وہ لوگ جو | کافر ہیں | ان لوگوں کو جو | ایمان لائے | کیا ہم کھلائیں | اس شخص کو کہ | اگر | چاہتا اللہ |

جو رزق اللہ نے تم کو دیا ہے اس میں سے خرچ کرو تو کافر مومنوں سے کہتے ہیں کہ بھلا ہم ان لوگوں کو کھانا کھلائیں جن کو اگر اللہ چاہتا

اَطْعَمَهٗٓ ۖ اِنْ اَنْتُمْ اِلَّا فِيْ ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ ۝٤٧ وَيَقُوْلُوْنَ مَتٰى هٰذَا الْوَعْدُ اِنْ كُنْتُمْ

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اَطْعَمَهٗ | اِنْ | اَنْتُمْ | اِلَّا | فِيْ ضَلٰلٍ | مُبِيْنٍ | وَ يَقُوْلُوْنَ | مَتٰى | هٰذَا | الْوَعْدُ | اِنْ | كُنْتُمْ |
| کھلا دیتا اسے | نہیں | تم | مگر | گمراہی میں | صریح | اور کہتے ہیں | کب ہوگا | یہ | وعدہ | اگر | ہو تم |

تو خود کھلا دیتا، تم تو صریح غلطی میں ہو۔ اور کہتے ہیں، اگر تم سچ کہتے ہو تو یہ وعدہ کب (پورا)

صٰدِقِيْنَ ۝٤٨ مَا يَنْظُرُوْنَ اِلَّا صَيْحَةً وَّاحِدَةً تَاْخُذُهُمْ وَهُمْ يَخِصِّمُوْنَ ۝٤٩ فَلَا

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| صٰدِقِيْنَ | مَا | يَنْظُرُوْنَ | اِلَّا | صَيْحَةً | وَاحِدَةً | تَاْخُذُهُمْ | وَ هُمْ | يَخِصِّمُوْنَ | فَلَا |
| سچے | نہیں | وہ انتظار کرتے ہیں | مگر | چنگھاڑ کا | ایک | آپکڑے گی ان کو | اور وہ | جھگڑ رہے ہوں گے | پس نہیں |

ہو گا؟ یہ تو ایک چنگھاڑ کے منتظر ہیں جو ان کو اس حال میں کہ باہم جھگڑ رہے ہوں گے آ پکڑے گی۔ پھر نہ تو

يَسْتَطِيْعُوْنَ تَوْصِيَةً وَّلَآ اِلٰٓى اَهْلِهِمْ يَرْجِعُوْنَ ۝٥٠ ع وَنُفِخَ فِي الصُّوْرِ فَاِذَا هُمْ مِّنَ ع ٣ ١٨ ٢

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| يَسْتَطِيْعُوْنَ | تَوْصِيَةً | وَ لَا | اِلٰى | اَهْلِهِمْ | يَرْجِعُوْنَ | وَ نُفِخَ | فِي الصُّوْرِ | فَاِذَا | هُمْ | مِنْ |
| استطاعت رکھیں گے | وصیت کی | اور نہ | طرف | اپنے گھر والوں کی | لوٹ سکیں گے | اور پھونکا جائے گا | صور میں | پس ناگہاں | وہ | سے |

وصیت کر سکیں گے اور نہ اپنے گھر والوں میں واپس جا سکیں گے۔ اور (جس وقت) صور پھونکا جائے گا تو یہ قبروں سے (نکل کر)

الْاَجْدَاثِ اِلٰى رَبِّهِمْ يَنْسِلُوْنَ ۝٥١ قَالُوْا يٰوَيْلَنَا مَنْۢ بَعَثَنَا مِنْ مَّرْقَدِنَا ۜسكتة هٰذَا مَا

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الْاَجْدَاثِ | اِلٰى رَبِّهِمْ | يَنْسِلُوْنَ | قَالُوْا | يٰوَيْلَنَا | مَنْ | بَعَثَنَا | مِنْ مَّرْقَدِنَا | هٰذَا | مَا |
| قبروں | اپنے رب کی طرف | دوڑیں گے | کہیں گے | ہائے افسوس ہم پر | کس نے | اٹھایا ہمیں | ہماری خوابگاہوں سے | یہ | وہ جو |

اپنے پروردگار کی طرف دوڑ پڑیں گے۔ کہیں گے، اے ہے! ہمیں ہماری خوابگاہوں سے کس نے (جگا) اٹھایا؟ یہ وہی تو ہے جس کا

وقف لازم وقف غفران وقف منزل

وَعَدَ الرَّحْمٰنُ وَ صَدَقَ الْمُرْسَلُوْنَ ﴿٥٢﴾ اِنْ كَانَتْ اِلَّا صَيْحَةً وَّاحِدَةً فَاِذَا هُمْ جَمِيْعٌ

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَعَدَ | الرَّحْمٰنُ | وَ صَدَقَ | الْمُرْسَلُوْنَ | اِنْ | كَانَتْ | اِلَّا | صَيْحَةً | وَاحِدَةً | فَاِذَا | هُمْ | جَمِيْعٌ |
| وعدہ کیا | الرحمٰن نے | اور سچ کہا | رسولوں نے | نہیں | وہ ہوگی | مگر | زور کی آواز | ایک | پس اس وقت | وہ | سب |

رحمٰن نے وعدہ کیا تھا اور پیغمبروں نے سچ کہا تھا۔ صرف ایک زور کی آواز کا ہونا ہو گا کہ سب کے سب ہمارے روبرو

لَّدَيْنَا مُحْضَرُوْنَ ﴿٥٣﴾ فَالْيَوْمَ لَا تُظْلَمُ نَفْسٌ شَيْئًا وَّ لَا تُجْزَوْنَ اِلَّا مَا كُنْتُمْ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| لَدَيْنَا | مُحْضَرُوْنَ | فَالْيَوْمَ | لَا تُظْلَمُ | نَفْسٌ | شَيْئًا | وَ لَا | تُجْزَوْنَ | اِلَّا | مَا | كُنْتُمْ |
| ہمارے پاس | موجود ہوں گے | پس اس دن | نہیں ظلم کیا جائے گا | کسی نفس پر | کچھ | اور نہ | تم بدلہ دیئے جاؤ گے | مگر | اسکا جو | تھے تم |

آ حاضر ہوں گے۔ اس روز کسی شخص پر کچھ بھی ظلم نہیں کیا جائے گا اور تم کو بدلہ ویسا ہی ملے گا جیسے تم کام

تَعْمَلُوْنَ ﴿٥٤﴾ اِنَّ اَصْحٰبَ الْجَنَّةِ الْيَوْمَ فِيْ شُغُلٍ فٰكِهُوْنَ ﴿٥٥﴾ هُمْ وَ اَزْوَاجُهُمْ فِيْ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تَعْمَلُوْنَ | اِنَّ | اَصْحٰبَ | الْجَنَّةِ | الْيَوْمَ | فِيْ شُغُلٍ | فٰكِهُوْنَ | هُمْ | وَ اَزْوَاجُهُمْ | فِيْ |
| عمل کرتے | بے شک | رہنے والے | جنت میں | اس دن | مشغلہ میں | خوش ہونے والے ہونگے | وہ | اور ان کی بیویاں | میں |

کرتے تھے۔ اہل جنت اس روز عیش و نشاط کے مشغلے میں ہوں گے۔ وہ بھی اور ان کی بیویاں بھی

ظِلٰلٍ عَلَى الْاَرَآئِكِ مُتَّكِـُٔوْنَ ﴿٥٦﴾ لَهُمْ فِيْهَا فَاكِهَةٌ وَّ لَهُمْ مَّا يَدَّعُوْنَ ﴿٥٧﴾ سَلٰمٌ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ظِلٰلٍ | عَلَى الْاَرَآئِكِ | مُتَّكِـُٔوْنَ | لَهُمْ | فِيْهَا | فَاكِهَةٌ | وَ لَهُمْ | مَا | يَدَّعُوْنَ | سَلٰمٌ |
| سائے | تختوں پر | تکیہ لگائے بیٹھے ہونگے | ان کیلئے | اس میں | میوے | اور ان کے لیے | جو | وہ طلب کریں گے | سلام |

سایوں میں تختوں پر تکیے لگائے بیٹھے ہوں گے۔ وہاں ان کے لیے میوے اور جو چاہیں گے (موجود ہو گا)۔ پروردگار

قَوْلًا مِّنْ رَّبٍّ رَّحِيْمٍ ﴿٥٨﴾ وَ امْتَازُوا الْيَوْمَ اَيُّهَا الْمُجْرِمُوْنَ ﴿٥٩﴾ اَلَمْ اَعْهَدْ اِلَيْكُمْ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| قَوْلًا | مِنْ رَّبٍّ | رَحِيْمٍ | وَ امْتَازُوْا | الْيَوْمَ | اَيُّهَا | الْمُجْرِمُوْنَ | اَلَمْ اَعْهَدْ | اِلَيْكُمْ |
| کہا جائے گا | رب کی طرف سے | مہربان | اور الگ ہو جاؤ | آج | اے | گنہگارو | کیا نہیں میں نے تاکید کی تھی | تمہیں |

مہربان کی طرف سے سلام کہا جائے گا۔ اور گنہگارو! تم آج الگ ہو جاؤ۔ اے آدم کی اولاد! ہم نے

وقف غفران

يٰبَنِيْٓ اٰدَمَ اَنْ لَّا تَعْبُدُوا الشَّيْطٰنَ ۚ اِنَّهٗ لَكُمْ عَدُوٌّ مُّبِيْنٌ ﴿٦٠﴾ وَّ اَنِ اعْبُدُوْنِيْ ؕ هٰذَا

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| يٰبَنِيْٓ اٰدَمَ | اَنْ | لَا تَعْبُدُوْا | الشَّيْطٰنَ | اِنَّهٗ | لَكُمْ | عَدُوٌّ | مُبِيْنٌ | وَ اَنْ | اُعْبُدُوْنِيْ | هٰذَا |
| اے اولاد آدم | کہ | مت تم پوجا کرنا | شیطان کی | بیشک وہ | تمہارے لیے | دشمن | کھلا | اور یہ کہ | میری عبادت کرنا | یہ ہے |

تم سے کہہ نہیں دیا تھا کہ شیطان کو نہ پوجنا وہ تمہارا کھلا دشمن ہے۔ اور یہ کہ میری عبادت کرنا، یہی

صِرَاطٌ مُّسْتَقِيْمٌ ﴿۶۱﴾ وَلَقَدْ اَضَلَّ مِنْكُمْ جِبِلًّا كَثِيْرًا ؕ اَفَلَمْ تَكُوْنُوْا تَعْقِلُوْنَ ﴿۶۲﴾

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| صِرَاطٌ | مُّسْتَقِيْمٌ | وَ لَقَدْ | اَضَلَّ | مِنْكُمْ | جِبِلًّا | كَثِيْرًا | اَفَلَمْ | تَكُوْنُوْا | تَعْقِلُوْنَ |
| راستہ | سیدھا | اور بے شک | گمراہ کیا اس نے | تم میں سے | خلقت کو | بہت | کیا پس نہیں | تھے تم | سمجھتے |

سیدھا رستہ ہے۔ اور اس نے تم میں سے بہت سی خلقت کو گمراہ کر دیا تھا، تو کیا تم سمجھتے نہیں تھے؟

هٰذِهٖ جَهَنَّمُ الَّتِيْ كُنْتُمْ تُوْعَدُوْنَ ﴿۶۳﴾ اِصْلَوْهَا الْيَوْمَ بِمَا كُنْتُمْ تَكْفُرُوْنَ ﴿۶۴﴾

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| هٰذِهٖ | جَهَنَّمُ | الَّتِيْ | كُنْتُمْ | تُوْعَدُوْنَ | اِصْلَوْهَا | الْيَوْمَ | بِمَا | كُنْتُمْ | تَكْفُرُوْنَ |
| یہ ہے | جہنم | وہ جس کا | تھے تم | وعدہ دیئے جاتے/تم کو خبر دی جاتی تھی | داخل ہو جاؤ اس میں | آج | اسکے سبب جو | تھے تم | کفر کرتے |

یہی وہ جہنم ہے جس کی تمہیں خبر دی جاتی تھی۔ (سو) جو کفر تم کرتے رہے ہو اس کے بدلے آج اس میں داخل ہو جاؤ۔

اَلْيَوْمَ نَخْتِمُ عَلٰٓى اَفْوَاهِهِمْ وَ تُكَلِّمُنَآ اَيْدِيْهِمْ وَ تَشْهَدُ اَرْجُلُهُمْ بِمَا كَانُوْا

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اَلْيَوْمَ | نَخْتِمُ | عَلٰى | اَفْوَاهِهِمْ | وَ تُكَلِّمُنَا | اَيْدِيْهِمْ | وَ تَشْهَدُ | اَرْجُلُهُمْ | بِمَا | كَانُوْا |
| آج | ہم مہر لگا دیں گے | پر | انکے مونہوں | اور بیان کریں گے ہم سے | ان کے ہاتھ | اور گواہی دیں گے | ان کے پاؤں | اس کی جو | تھے |

آج ہم ان کے مونہوں پر مہر لگا دیں گے اور جو کچھ یہ کرتے رہے تھے ان کے ہاتھ ہم سے بیان کر دیں گے اور ان کے پاؤں (اس کی) گواہی

يَكْسِبُوْنَ ﴿۶۵﴾ وَ لَوْ نَشَآءُ لَطَمَسْنَا عَلٰٓى اَعْيُنِهِمْ فَاسْتَبَقُوا الصِّرَاطَ فَاَنّٰى

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| يَكْسِبُوْنَ | وَ لَوْ | نَشَآءُ | لَطَمَسْنَا | عَلٰٓى اَعْيُنِهِمْ | فَاسْتَبَقُوْا | الصِّرَاطَ | فَاَنّٰى |
| وہ کرتے | اور اگر | ہم چاہیں | تو مٹا دیں | ان کی آنکھیں | پھر دوڑیں | راستے کو | تو کہاں |

دیں گے۔ اور اگر ہم چاہیں تو ان کی آنکھوں کو مٹا (کر اندھا کر) دیں پھر یہ رستے کو دوڑیں تو کہاں

يُبْصِرُوْنَ ﴿۶۶﴾ وَلَوْ نَشَآءُ لَمَسَخْنٰهُمْ عَلٰى مَكَانَتِهِمْ فَمَا اسْتَطَاعُوْا مُضِيًّا وَّ لَا

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| يُبْصِرُوْنَ | وَ لَوْ | نَشَآءُ | لَمَسَخْنٰهُمْ | عَلٰى | مَكَانَتِهِمْ | فَمَا | اِسْتَطَاعُوْا | مُضِيًّا | وَ لَا |
| وہ دیکھ سکیں گے | اور اگر | ہم چاہیں | تو مسخ کر دیں ہم ان کو | پر | ان کی جگہ | پھر نہ | وہ استطاعت رکھیں | آگے جانے کی | اور نہ |

دیکھ سکیں گے۔ اور اگر ہم چاہیں تو ان کی جگہ پر ان کی صورتیں بدل دیں پھر وہاں سے نہ آگے جا سکیں اور نہ (پیچھے)

يَرْجِعُوْنَ ﴿۶۷﴾ وَمَنْ نُّعَمِّرْهُ نُنَكِّسْهُ فِي الْخَلْقِ ؕ اَفَلَا يَعْقِلُوْنَ ﴿۶۸﴾ وَمَا عَلَّمْنٰهُ الشِّعْرَ ع ۴ ۱۷ ۳

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| يَرْجِعُوْنَ | وَ مَنْ | نُعَمِّرْهُ | نُنَكِّسْهُ ❶ | فِي الْخَلْقِ | اَفَلَا | يَعْقِلُوْنَ | وَ مَا | عَلَّمْنٰهُ | الشِّعْرَ |
| لوٹ سکیں | اور وہ شخص کہ | ہم عمر دیتے ہیں جس کو | ہم اوندھا کرتے ہیں اسکو | پیدائش میں | کیا پس نہیں | وہ عقل کرتے | اور نہیں | سکھایا ہم نے اس کو | شعر |

لوٹ سکیں۔ اور جس کو ہم بڑی عمر دیتے ہیں تو اسے خلقت میں اوندھا کر دیتے ہیں۔ تو کیا یہ سمجھتے نہیں؟ اور ہم نے ان (پیغمبرؐ) کو شعر گوئی نہیں سکھائی



❶ یا ہم اسے الٹا پھیر دیتے ہیں، یعنی چھوٹے بچوں کی طرح ہو جاتا ہے۔

وَ مَا يَنْۢبَغِيْ لَهٗ ؕ اِنْ هُوَ اِلَّا ذِكْرٌ وَّ قُرْاٰنٌ مُّبِيْنٌ ۙ﴿۶۹﴾ لِّيُنْذِرَ مَنْ كَانَ حَيًّا وَّ يَحِقَّ

| | | | | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ مَا | يَنْۢبَغِيْ | لَهٗ | اِنْ | هُوَ | اِلَّا | ذِكْرٌ | وَ قُرْاٰنٌ | مُّبِيْنٌ | لِيُنْذِرَ | مَنْ | كَانَ | حَيًّا | وَ | يَحِقَّ |
| اور نہیں | وہ شایان | اس کیلئے | نہیں | وہ | مگر | نصیحت | اور قرآن | صاف صاف | تا کہ خبردار کرے | اسکو جو | ہے/ہو | زندہ | اور | پوری ہو/ثابت ہو |

اور نہ وہ ان کو شایاں ہے۔ یہ تو محض نصیحت اور صاف صاف قرآن (پُر از حکمت) ہے۔ تاکہ اس شخص کو جو زندہ ہو ہدایت کا رستہ دکھائے اور کافروں پر

الْقَوْلُ عَلَى الْكٰفِرِيْنَ ﴿۷۰﴾ اَوَلَمْ يَرَوْا اَنَّا خَلَقْنَا لَهُمْ مِّمَّا عَمِلَتْ اَيْدِيْنَاۤ اَنْعَامًا

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الْقَوْلُ | عَلَى | الْكٰفِرِيْنَ | اَوَ | لَمْ يَرَوْا | اَنَّا | خَلَقْنَا | لَهُمْ | مِّمَّا | عَمِلَتْ | اَيْدِيْنَا | اَنْعَامًا |
| بات | پر | کافروں | کیا | نہیں دیکھا انہوں نے | یہ کہ ہم نے | پیدا کیے | ان کیلئے | اس میں سے جو | بنایا | ہمارے ہاتھوں نے | چارپائے |

بات پوری ہو جائے۔ کیا انہوں نے نہیں دیکھا کہ جو چیزیں ہم نے اپنے ہاتھوں سے بنائیں ان میں سے ہم نے ان کے لیے چارپائے پیدا کر دیئے

فَهُمْ لَهَا مٰلِكُوْنَ ﴿۷۱﴾ وَذَلَّلْنٰهَا لَهُمْ فَمِنْهَا رَكُوْبُهُمْ وَمِنْهَا يَاْكُلُوْنَ ﴿۷۲﴾ وَلَهُمْ فِيْهَا

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| فَهُمْ | لَهَا | مٰلِكُوْنَ | وَ ذَلَّلْنٰهَا | لَهُمْ | فَمِنْهَا | رَكُوْبُهُمْ | وَ مِنْهَا | يَاْكُلُوْنَ | وَ لَهُمْ | فِيْهَا |
| پس وہ | ان کے | مالک ہیں | اور ہم نے قابو میں کر دیا انکو | ان کے | پس ان میں سے | انکی سواری ہے | اور ان میں سے | وہ کھاتے ہیں | اور ان کیلئے | ان میں |

اور یہ ان کے مالک ہیں۔ اور ان کو ان کے قابو میں کر دیا تو کوئی تو ان میں سے ان کی سواری ہے اور کسی کو یہ کھاتے ہیں۔ اور ان میں ان کے لیے (اور)

مَنَافِعُ وَ مَشَارِبُ ؕ اَفَلَا يَشْكُرُوْنَ ﴿۷۳﴾ وَ اتَّخَذُوْا مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ اٰلِهَةً لَّعَلَّهُمْ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مَنَافِعُ | وَ مَشَارِبُ | اَفَلَا | يَشْكُرُوْنَ | وَ اتَّخَذُوْا | مِنْ دُوْنِ | اللّٰهِ | اٰلِهَةً | لَعَلَّهُمْ |
| فائدے | اور پینے کی چیزیں ہیں | تو کیا نہیں | وہ شکر کرتے | اور بنا لیے انہوں نے | سوائے | اللہ کے | معبود | تا کہ وہ/شاید وہ |

فائدے اور پینے کی چیزیں ہیں۔ تو کیا یہ شکر نہیں کرتے؟ اور انہوں نے اللہ کے سوا (اور) معبود بنا لیے ہیں کہ شاید (ان سے)

يُنْصَرُوْنَ ﴿۷۴﴾ لَا يَسْتَطِيْعُوْنَ نَصْرَهُمْ ۙ وَهُمْ لَهُمْ جُنْدٌ مُّحْضَرُوْنَ ﴿۷۵﴾ فَلَا يَحْزُنْكَ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| يُنْصَرُوْنَ | لَا يَسْتَطِيْعُوْنَ | نَصْرَهُمْ | وَ هُمْ | لَهُمْ | جُنْدٌ | مُحْضَرُوْنَ | فَلَا يَحْزُنْكَ |
| مدد کیے جائیں | نہیں وہ استطاعت رکھتے | ان کی مدد کی | اور وہ | ان کیلئے | ① (بطور مجرم) فوج | حاضر کیے جائیں گے | پس نہ غمناک کریں آپ کو |

ان کو مدد پہنچے۔ (مگر) وہ ان کی مدد کی (ہرگز) طاقت نہیں رکھتے۔ اور وہ ان کی فوج ہو کر حاضر کیے جائیں گے۔ تو ان کی باتیں تمہیں غمناک

وقف لازم

قَوْلُهُمْ ۘ اِنَّا نَعْلَمُ مَا يُسِرُّوْنَ وَمَا يُعْلِنُوْنَ ﴿۷۶﴾ اَوَلَمْ يَرَ الْاِنْسَانُ اَنَّا خَلَقْنٰهُ مِنْ

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| قَوْلُهُمْ | اِنَّا | نَعْلَمُ | مَا | يُسِرُّوْنَ | وَ مَا | يُعْلِنُوْنَ | اَوَ لَمْ يَرَ | الْاِنْسَانُ | اَنَّا | خَلَقْنٰهُ | مِنْ |
| ان کی باتیں | بیشک | ہم جانتے ہیں | جو کچھ | وہ چھپاتے ہیں | اور جو کچھ | وہ ظاہر کرتے ہیں | کیا نہیں دیکھا | انسان نے | یہ کہ ہم نے | پیدا کیا اس کو | سے |

نہ کر دیں۔ یہ جو کچھ چھپاتے اور جو کچھ ظاہر کرتے ہیں ہمیں (سب) معلوم ہے۔ کیا انسان نے نہیں دیکھا کہ ہم نے اس کو نطفے سے



① جو اللہ کے نیک بندوں کو معبود بنا لیتے ہیں جیسے عزیرؑ، عیسیٰؑ یا دیگر اولیاء اللہ کو، وہ مشرکین اللہ اور اللہ کے ان بندوں کے سامنے روزِ جزا بطور مجرم فوج حاضر ہوں گے۔

نُّطْفَةٍ فَاِذَا هُوَ خَصِيْمٌ مُّبِيْنٌ ﴿۷۷﴾ وَضَرَبَ لَنَا مَثَلًا وَّنَسِيَ خَلْقَهٗ ۭ قَالَ مَنْ يُّحْيِ

| نُطْفَةٍ | فَاِذَا | هُوَ | خَصِيْمٌ | مُبِيْنٌ | وَ ضَرَبَ | لَنَا | مَثَلًا | وَ نَسِيَ | خَلْقَهٗ | قَالَ | مَنْ | يُحْيِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| نطفہ | پھر ناگہاں | وہ | جھگڑالو | صاف صاف | اور اس نے بیان کی | ہمارے لیے | مثال | اور بھول گیا | اپنی پیدائش | اس نے کہا | کون | زندہ کرے گا |

پیدا کیا پھر وہ تڑاق پڑاق جھگڑنے لگا؟ اور ہمارے بارے میں مثالیں بیان کرنے لگا اور اپنی پیدائش کو بھول گیا، کہنے لگا کہ (جب) ہڈیاں بوسیدہ

الْعِظَامَ وَهِيَ رَمِيْمٌ ﴿۷۸﴾ قُلْ يُحْيِيْهَا الَّذِيْٓ اَنْشَاَهَآ اَوَّلَ مَرَّةٍ ۭ وَهُوَ بِكُلِّ خَلْقٍ

| الْعِظَامَ | وَ هِيَ | رَمِيْمٌ | قُلْ | يُحْيِيْهَا | الَّذِيْ | اَنْشَاَهَا | اَوَّلَ | مَرَّةٍ | وَ هُوَ | بِكُلِّ | خَلْقٍ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ہڈیاں | جبکہ وہ | بوسیدہ ہوں | کہہ دیجئے | زندہ کرے گا ان کو | وہ جس نے | پیدا کیا ان کو | پہلی | بار | اور وہ | ہر قسم کی | پیدائش |

ہو جائیں گی تو ان کو کون زندہ کرے گا؟ کہہ دو کہ ان کو وہ زندہ کرے گا جس نے انہیں پہلی بار پیدا کیا تھا۔ اور وہ سب قسم کا پیدا کرنا

عَلِيْمُ ۨ ﴿۷۹﴾ الَّذِيْ جَعَلَ لَكُمْ مِّنَ الشَّجَرِ الْاَخْضَرِ نَارًا فَاِذَآ اَنْتُمْ مِّنْهُ تُوْقِدُوْنَ ﴿۸۰﴾

| عَلِيْمٌ | الَّذِيْ | جَعَلَ | لَكُمْ | مِنْ | الشَّجَرِ | الْاَخْضَرِ | نَارًا | فَاِذَا | اَنْتُمْ | مِنْهُ | تُوْقِدُوْنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| جانتا ہے | وہ جس نے | پیدا کی | تمہارے لیے | سے | درخت | سبز | آگ | پھر اس وقت | تم | اس سے | آگ جلاتے ہو |

جانتا ہے۔ (وہی) جس نے تمہارے لیے سبز درخت سے آگ پیدا کی پھر تم اس (کی ٹہنیوں کو رگڑ کر ان) سے آگ نکالتے ہو۔

وقف غفران

اَوَلَيْسَ الَّذِيْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ بِقٰدِرٍ عَلٰٓي اَنْ يَّخْلُقَ مِثْلَهُمْ ۭ بَلٰى ۤ

| اَوَ لَيْسَ | الَّذِيْ | خَلَقَ | السَّمٰوٰتِ | وَ الْاَرْضَ | بِقٰدِرٍ | عَلٰى | اَنْ | يَخْلُقَ | مِثْلَهُمْ | بَلٰى |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| کیا نہیں ہے | وہ جس نے | پیدا کیا | آسمانوں | اور زمین کو | قادر | پر | اس کہ | وہ پیدا کرے | ان جیسے/ ویسے ہی | کیوں نہیں |

بھلا جس نے آسمانوں اور زمین کو پیدا کیا، کیا وہ اس بات پر قادر نہیں کہ (ان کو پھر) ویسے ہی پیدا کر دے؟ کیوں نہیں۔

وَهُوَ الْخَلّٰقُ الْعَلِيْمُ ﴿۸۱﴾ اِنَّمَآ اَمْرُهٗٓ اِذَآ اَرَادَ شَيْـــًٔا اَنْ يَّقُوْلَ لَهٗ كُنْ فَيَكُوْنُ ﴿۸۲﴾

| وَ هُوَ | الْخَلّٰقُ | الْعَلِيْمُ | اِنَّمَا | اَمْرُهٗ | اِذَا | اَرَادَ | شَيْـًٔا | اَنْ | يَقُوْلَ | لَهٗ | كُنْ | فَيَكُوْنُ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور وہ | بڑا پیدا کرنے والا | جاننے والا ہے | صرف | حکم اس کا | جب | وہ ارادہ کرتا ہے | کسی چیز کا | یہ کہ | فرماتا ہے | اس کیلئے | ہوجا | پس وہ ہوجاتا ہے |

اور وہ تو بڑا پیدا کرنے والا (اور) علم والا ہے۔ اس کی شان یہ ہے کہ جب وہ کسی چیز کا ارادہ کرتا ہے تو اس سے فرما دیتا ہے کہ ہوجا تو وہ ہوجاتی ہے۔

فَسُبْحٰنَ الَّذِيْ بِيَدِهٖ مَلَكُوْتُ كُلِّ شَيْءٍ وَّاِلَيْهِ تُرْجَعُوْنَ ﴿۸۳﴾ ع

ع ۵ ۱۶ ۴

| فَسُبْحٰنَ | الَّذِيْ | بِيَدِهٖ | مَلَكُوْتُ | كُلِّ | شَيْءٍ | وَ اِلَيْهِ | تُرْجَعُوْنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| سو پاک ہے | وہ ذات کہ | جس کے ہاتھ میں | بادشاہت ہے | ہر | چیز کی | اور اسی کی طرف | تم لوٹائے جاؤ گے/تم کو لوٹ کر جانا ہے |

وہ (ذات) پاک ہے جس کے ہاتھ میں ہر چیز کی بادشاہت ہے اور اسی کی طرف تم کو لوٹ کر جانا ہے۔

سُوْرَةُ الصّٰٓفّٰتِ مَكِّيَّةٌ — آیاتها ۱۸۲ — رکوعاتها ۵

## بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ



| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| الصّٰٓفّٰت | بِ | اِسْمِ | اللّٰهِ | الرَّحْمٰنِ | الرَّحِيْمِ |
| صف بستہ | ساتھ/سے | نام | اللہ کے | بے حد مہربان | نہایت رحم کرنے والا |

شروع اللہ کا نام لے کر جو بڑا مہربان، نہایت رحم والا ہے۔

وَالصّٰٓفّٰتِ صَفًّا ۙ﴿۱﴾ فَالزّٰجِرٰتِ زَجْرًا ۙ﴿۲﴾ فَالتّٰلِيٰتِ ذِكْرًا ۙ﴿۳﴾ اِنَّ اِلٰهَكُمْ لَوَاحِدٌ ۭ﴿۴﴾

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَالصّٰٓفّٰتِ | صَفًّا | فَالزّٰجِرٰتِ | زَجْرًا | فَالتّٰلِيٰتِ | ذِكْرًا | اِنَّ | اِلٰهَكُمْ | لَوَاحِدٌ |
| قسم ہے صف باندھنے والوں کی | قطار بنا کر | پھر ڈانٹنے والوں کی | جھڑک کر | پھر تلاوت کرنے والوں کی | ذکر/قرآن | بیشک | تمہارا معبود | ایک ہی ہے |

قسم ہے صف باندھنے والوں کی پرا جما کر۔ پھر ڈانٹنے والوں کی جھڑک کر۔ پھر ذکر (یعنی قرآن) پڑھنے والوں کی (غور کرکر) کہ تمہارا معبود ایک ہی ہے۔

رَبُّ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَمَا بَيْنَهُمَا وَرَبُّ الْمَشَارِقِ ۭ﴿۵﴾ اِنَّا زَيَّنَّا السَّمَاۗءَ الدُّنْيَا

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| رَبُّ | السَّمٰوٰتِ | وَالْاَرْضِ | وَمَا | بَيْنَهُمَا | وَرَبُّ | الْمَشَارِقِ | اِنَّا | زَيَّنَّا | السَّمَاۗءَ | الدُّنْيَا |
| رب | آسمانوں | اور زمین کا | اور جو | ان دونوں کے درمیان ہے | اور رب | مشرقوں کا | بیشک | ہم نے مزین کیا | آسمان | دنیا کو |

جو آسمانوں اور زمین اور جو چیزیں ان میں ہیں سب کا مالک ہے اور سورج کے طلوع ہونے کے مقامات کا بھی مالک ہے۔ بے شک ہم ہی نے آسمان دنیا کو

بِزِيْنَةِۨ الْكَوَاكِبِ ﴿۶﴾ وَحِفْظًا مِّنْ كُلِّ شَيْطٰنٍ مَّارِدٍ ﴿۷﴾ لَا يَسَّمَّعُوْنَ اِلَى الْمَلَاِ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بِزِيْنَةِ | الْكَوَاكِبِ | وَحِفْظًا | مِنْ | كُلِّ | شَيْطٰنٍ | مَارِدٍ | لَا يَسَّمَّعُوْنَ | اِلٰى | الْمَلَاِ |
| زینت کے ساتھ | ستاروں کی | اور حفاظت کی | سے | ہر | شیطان | سرکش | نہیں کان لگا سکتے | طرف | مجلس کی |

ستاروں کی زینت سے مزین کیا۔ اور ہر شیطان سرکش سے اس کی حفاظت کی۔ کہ اوپر کی مجلس کی طرف کان نہ لگا

الْاَعْلٰى وَيُقْذَفُوْنَ مِنْ كُلِّ جَانِبٍ ﴿۸﴾ دُحُوْرًا وَّلَهُمْ عَذَابٌ وَّاصِبٌ ﴿۹﴾ اِلَّا مَنْ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الْاَعْلٰى | وَيُقْذَفُوْنَ | مِنْ | كُلِّ | جَانِبٍ | دُحُوْرًا | وَلَهُمْ | عَذَابٌ | وَاصِبٌ | اِلَّا | مَنْ |
| اوپر کی | اور پھینکے جاتے ہیں | سے | ہر | جانب | بھگانے کو | اور ان کے لیے ہے | عذاب | دائمی | مگر | جو |

سکیں اور ہر طرف سے (ان پر انگارے) پھینکے جاتے ہیں۔ (یعنی وہاں سے) نکال دینے کو اور ان کے لیے عذاب دائمی ہے۔ ہاں جو کوئی

خَطِفَ الْخَطْفَةَ فَاَتْبَعَهٗ شِهَابٌ ثَاقِبٌ ﴿۱۰﴾ فَاسْتَفْتِهِمْ اَهُمْ اَشَدُّ خَلْقًا اَمْ مَّنْ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| خَطِفَ | الْخَطْفَةَ | فَاَتْبَعَهٗ | شِهَابٌ | ثَاقِبٌ | فَاسْتَفْتِهِمْ | اَهُمْ | اَشَدُّ | خَلْقًا | اَمْ | مَنْ |
| اچک لیتا ہے | اچک کر/چوری سے | تو پیچھے لگتا ہے اس کے | انگارہ | روشن/جلتا ہوا | تو آپ پوچھیں ان سے | کیا ان کا | مشکل ہے | پیدا کرنا | یا | جو |

(فرشتوں کی کسی بات کو) چوری سے جھپٹ لینا چاہتا ہے تو جلتا ہوا انگارہ اس کے پیچھے لگتا ہے۔ تو ان سے پوچھو کہ انکا بنانا مشکل ہے یا جتنی خلقت ہم نے

خَلَقْنَا ۭ اِنَّا خَلَقْنٰهُمْ مِّنْ طِيْنٍ لَّازِبٍ ⑪ بَلْ عَجِبْتَ وَيَسْخَرُوْنَ ⑫ وَاِذَا ذُكِّرُوْا لَا

| خَلَقْنَا | اِنَّا | خَلَقْنٰهُمْ | مِنْ طِيْنٍ | لَازِبٍ | بَلْ | عَجِبْتَ | وَيَسْخَرُوْنَ | وَاِذَا | ذُكِّرُوْا | لَا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| پیدا کیا ہم نے | بیشک | پیدا کیا ہم نے ان کو | مٹی سے | چپکنے والی | بلکہ | آپ تعجب کرتے ہیں | اور وہ مذاق کرتے ہیں | اور جب | ان کو نصیحت کی جاتی ہے | نہیں |

بنائی ہے ان کا؟ انہیں ہم نے چپکتے گارے سے بنایا ہے۔ ہاں، تو تم تعجب کرتے ہو اور یہ تمسخر کرتے ہیں۔ اور جب ان کو نصیحت دی جاتی ہے تو

يَذْكُرُوْنَ ⑬ وَاِذَا رَاَوْا اٰيَةً يَّسْتَسْخِرُوْنَ ⑭ وَقَالُوْٓا اِنْ هٰذَآ اِلَّا سِحْرٌ مُّبِيْنٌ ⑮

| يَذْكُرُوْنَ | وَاِذَا | رَاَوْا | اٰيَةً | يَسْتَسْخِرُوْنَ | وَقَالُوْا | اِنْ | هٰذَا | اِلَّا | سِحْرٌ | مُبِيْنٌ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| نصیحت قبول کرتے | اور جب | وہ دیکھتے ہیں | کوئی نشانی | تو ٹھٹھہ کرنے لگتے ہیں | اور کہتے ہیں | نہیں | یہ | مگر | جادو | صریح |

نصیحت قبول نہیں کرتے۔ اور جب کوئی نشانی دیکھتے ہیں تو ٹھٹھے کرتے ہیں۔ اور کہتے ہیں کہ یہ تو صریح جادو ہے۔

ءَاِذَا مِتْنَا وَكُنَّا تُرَابًا وَّعِظَامًا ءَاِنَّا لَمَبْعُوْثُوْنَ ⑯ اَوَاٰبَآؤُنَا الْاَوَّلُوْنَ ⑰ قُلْ نَعَمْ

| ءَاِذَا | مِتْنَا | وَكُنَّا | تُرَابًا | وَعِظَامًا | ءَاِنَّا | لَمَبْعُوْثُوْنَ | اَوَ❶ | اٰبَآؤُنَا | الْاَوَّلُوْنَ | قُلْ | نَعَمْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| کیا جب | ہم مر جائیں گے | اور ہم ہو جائیں گے | مٹی | اور ہڈیاں | کیا یقیناً ہم | پھر اٹھائے جائیں گے | اور کیا | ہمارے باپ دادا بھی | پہلے | کہہ دیجئے | ہاں |

بھلا جب ہم مر گئے اور مٹی اور ہڈیاں ہو گئے تو کیا پھر اٹھائے جائیں گے؟ اور کیا ہمارے باپ دادا بھی (جو) پہلے (ہو گزرے ہیں)؟ کہہ دو کہ ہاں!

وَاَنْتُمْ دٰخِرُوْنَ ⑱ فَاِنَّمَا هِيَ زَجْرَةٌ وَّاحِدَةٌ فَاِذَا هُمْ يَنْظُرُوْنَ ⑲ وَقَالُوْا يٰوَيْلَنَا

| وَاَنْتُمْ | دٰخِرُوْنَ | فَاِنَّمَا | هِيَ | زَجْرَةٌ | وَاحِدَةٌ | فَاِذَا | هُمْ | يَنْظُرُوْنَ | وَقَالُوْا | يٰوَيْلَنَا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور تم | ذلیل ہو گے | پس سوائے اسکے نہیں کہ | وہ | زور کی آواز | ایک | پس اس وقت | وہ | دیکھنے لگیں گے | اور کہیں گے | ہائے شامت ہماری |

اور تم ذلیل ہو گے۔ وہ تو ایک زور کی آواز ہو گی اور یہ اس وقت دیکھنے لگیں گے اور کہیں گے، ہائے شامت!

ع ١ ٢١ ٥ هٰذَا يَوْمُ الدِّيْنِ ⑳ هٰذَا يَوْمُ الْفَصْلِ الَّذِيْ كُنْتُمْ بِهٖ تُكَذِّبُوْنَ ㉑ اُحْشُرُوا

| هٰذَا | يَوْمُ | الدِّيْنِ | هٰذَا | يَوْمُ | الْفَصْلِ | الَّذِيْ | كُنْتُمْ | بِهٖ | تُكَذِّبُوْنَ | اُحْشُرُوا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| یہ | دن | جزا کا | یہ | دن | فیصلے کا | وہ جو | تھے تم | اس کو | جھٹلاتے | جمع کرو |

یہی جزا کا دن ہے۔ (کہا جائے گا کہ ہاں) فیصلے کا دن جس کو تم جھوٹ سمجھتے تھے، یہی ہے۔ جو لوگ ظلم کرتے تھے

الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا وَاَزْوَاجَهُمْ وَمَا كَانُوْا يَعْبُدُوْنَ ㉒ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ فَاهْدُوْهُمْ اِلٰى

| الَّذِيْنَ | ظَلَمُوْا | وَاَزْوَاجَهُمْ | وَ | مَا | كَانُوْا | يَعْبُدُوْنَ | مِنْ دُوْنِ | اللّٰهِ | فَاهْدُوْهُمْ | اِلٰى |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ان لوگوں کو جنہوں نے | ظلم کیا | اور ان کے ساتھیوں کو | اور | جو/جن کو | تھے وہ | پوجتے | سوائے | اللہ کے | پھر چلا دو ان کو | طرف |

ان کو اور ان کے ہم جنسوں کو اور جن کو وہ پوجا کرتے تھے ان (سب) کو جمع کر لو، (یعنی جن کو) اللہ کے سوا (پوجا کرتے تھے)، پھر ان کو جہنم کے



❶ اَوَ میں وَ حرف زائد ہوتا ہے، اس کا ترجمہ کرنے کی ضرورت نہیں ہوتی۔ یہاں اس کا ترجمہ بامحاورہ میں کیا گیا ہے اس لیے لفظی میں بھی کر دیا ہے۔

الربع

صِرَاطِ الْجَحِيْمِ ﴿٢٣﴾ وَ قِفُوْهُمْ اِنَّهُمْ مَّسْئُوْلُوْنَ ﴿٢٤﴾ مَا لَكُمْ لَا تَنَاصَرُوْنَ ﴿٢٥﴾ بَلْ

| صِرَاطِ | الْجَحِيْمِ | وَ قِفُوْهُمْ | اِنَّهُمْ | مَسْئُوْلُوْنَ | مَا لَكُمْ | لَا تَنَاصَرُوْنَ | بَلْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| راستے کی | جہنم کے | اور ٹھہرائے رکھو ان کو | بے شک وہ | پوچھے جانے والے ہیں | کیا ہوا تم کو | نہیں تم ایک دوسرے کی مدد کرتے | بلکہ |

رستے پر چلا دو۔ اور ان کو ٹھہرائے رکھو کہ ان سے (کچھ) پوچھنا ہے۔ تم کو کیا ہوا کہ ایک دوسرے کی مدد نہیں کرتے؟ بلکہ

هُمُ الْيَوْمَ مُسْتَسْلِمُوْنَ ﴿٢٦﴾ وَ اَقْبَلَ بَعْضُهُمْ عَلٰى بَعْضٍ يَّتَسَآءَلُوْنَ ﴿٢٧﴾ قَالُوْٓا

| هُمْ | الْيَوْمَ | مُسْتَسْلِمُوْنَ | وَ | اَقْبَلَ | بَعْضُهُمْ | عَلٰى بَعْضٍ ❶ | يَتَسَآءَلُوْنَ | قَالُوْٓا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وہ | آج | فرمانبردار ہیں | اور | منہ کریں گے/متوجہ ہوں گے | ان کے بعض/ایک | بعض پر/دوسرے کی طرف | باہم سوال کریں گے | کہیں گے |

آج تو وہ فرمانبردار ہیں۔ اور ایک دوسرے کی طرف رخ کر کے سوال (وجواب) کریں گے۔ (تبعین) کہیں گے،

اِنَّكُمْ كُنْتُمْ تَاْتُوْنَنَا عَنِ الْيَمِيْنِ ﴿٢٨﴾ قَالُوْا بَلْ لَّمْ تَكُوْنُوْا مُؤْمِنِيْنَ ﴿٢٩﴾ وَمَا كَانَ

| اِنَّكُمْ | كُنْتُمْ | تَاْتُوْنَنَا | عَنِ الْيَمِيْنِ | قَالُوْا | بَلْ | لَمْ تَكُوْنُوْا | مُؤْمِنِيْنَ | وَ مَا | كَانَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بے شک تم | تھے | آتے ہمارے پاس | دائیں سے | وہ کہیں گے | بلکہ | نہ تھے تم | ایمان لانے والے | اور نہ | تھا |

(کیا) تم ہی ہمارے پاس دائیں (اور بائیں) سے (نہیں) آتے تھے۔ وہ کہیں گے، بلکہ تم ہی ایمان لانے والے نہ تھے۔ اور ہمارا تم پر

لَنَا عَلَيْكُمْ مِّنْ سُلْطٰنٍ ۚ بَلْ كُنْتُمْ قَوْمًا طٰغِيْنَ ﴿٣٠﴾ فَحَقَّ عَلَيْنَا قَوْلُ رَبِّنَآ ۖ

| لَنَا | عَلَيْكُمْ | مِنْ سُلْطٰنٍ | بَلْ | كُنْتُمْ | قَوْمًا | طٰغِيْنَ | فَحَقَّ | عَلَيْنَا | قَوْلُ | رَبِّنَا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ہمارے لیے | تم پر | کچھ زور | بلکہ | تم تھے | قوم | سرکش | پس سچ ہوگئی | ہم پر | بات | ہمارے رب کی |

کچھ زور نہ تھا، بلکہ تم سرکش لوگ تھے۔ سو ہمارے بارے میں ہمارے پروردگار کی بات پوری ہو گئی،

اِنَّا لَذَآىِٕقُوْنَ ﴿٣١﴾ فَاَغْوَيْنٰكُمْ اِنَّا كُنَّا غٰوِيْنَ ﴿٣٢﴾ فَاِنَّهُمْ يَوْمَىِٕذٍ فِي الْعَذَابِ

| اِنَّا | لَذَآىِٕقُوْنَ | فَاَغْوَيْنٰكُمْ | اِنَّا | كُنَّا | غٰوِيْنَ | فَاِنَّهُمْ | يَوْمَىِٕذٍ | فِي الْعَذَابِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بیشک ہم | مزہ چکھنے والے ہیں | پس ہم نے گمراہ کیا تم کو | بیشک ہم | تھے | گمراہ | پس بے شک وہ | اس دن | عذاب میں |

اب ہم مزے چکھیں گے۔ ہم نے تو تم کو بھی گمراہ کیا (اور) ہم خود بھی گمراہ تھے۔ پس وہ اس روز عذاب میں

مُشْتَرِكُوْنَ ﴿٣٣﴾ اِنَّا كَذٰلِكَ نَفْعَلُ بِالْمُجْرِمِيْنَ ﴿٣٤﴾ اِنَّهُمْ كَانُوْٓا اِذَا قِيْلَ لَهُمْ لَآ اِلٰهَ

| مُشْتَرِكُوْنَ | اِنَّا | كَذٰلِكَ | نَفْعَلُ | بِالْمُجْرِمِيْنَ | اِنَّهُمْ | كَانُوْٓا | اِذَا | قِيْلَ | لَهُمْ | لَا | اِلٰهَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ایک دوسرے کے شریک ہوں گے | بیشک ہم | اسی طرح | کریں گے | مجرموں کے ساتھ | بیشک وہ | تھے | جب | کہا جاتا | ان سے | نہیں | کوئی معبود |

ایک دوسرے کے شریک ہوں گے۔ ہم گنہگاروں کے ساتھ ایسا ہی کیا کرتے ہیں۔ ان کا یہ حال تھا کہ جب ان سے کہا جاتا تھا کہ اللہ کے سوا



❶ بَعْضُهُمْ عَلٰى بَعْضٍ: ان کے بعض بعض پر یعنی ایک دوسرے کی طرف۔

اِلَّا اللّٰهُ ۙ يَسۡتَكۡبِرُوۡنَ ۝۳۵ وَ يَقُوۡلُوۡنَ اَئِنَّا لَتَارِكُوۡۤا اٰلِهَتِنَا لِشَاعِرٍ مَّجۡنُوۡنٍ ۝۳۶ بَلۡ

| اِلَّا | اللّٰهُ | يَسۡتَكۡبِرُوۡنَ | وَ يَقُوۡلُوۡنَ | اَئِنَّا | لَتَارِكُوۡا | اٰلِهَتِنَا | لِشَاعِرٍ | مَّجۡنُوۡنٍ | بَلۡ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| سوائے | اللہ کے | غرور کرتے | اور کہتے تھے | کیا یقیناً ہم | چھوڑ دینے والے ہیں | اپنے معبودوں کو | شاعر کے لیے | مجنوں | بلکہ |

کوئی معبود نہیں تو غرور کرتے تھے۔ اور کہتے تھے کہ بھلا ہم ایک دیوانے شاعر کے کہنے سے کہیں اپنے معبودوں کو چھوڑ دینے والے ہیں۔ (نہیں) بلکہ

جَآءَ بِالۡحَقِّ وَ صَدَّقَ الۡمُرۡسَلِيۡنَ ۝۳۷ اِنَّكُمۡ لَذَآئِقُوا الۡعَذَابِ الۡاَلِيۡمِ ۝۳۸ وَ مَا

| جَآءَ | بِالۡحَقِّ | وَ | صَدَّقَ | الۡمُرۡسَلِيۡنَ | اِنَّكُمۡ | لَذَآئِقُوا | الۡعَذَابِ | الۡاَلِيۡمِ | وَ مَا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وہ آیا | حق لے کر | اور | سچا کہا/تصدیق کی | رسولوں کی | بے شک تم | چکھنے والے ہو | عذاب | دردناک | اور نہیں |

وہ حق لے کر آئے ہیں اور (پہلے) پیغمبروں کو سچا کہتے ہیں۔ بے شک تم تکلیف دینے والے عذاب کا مزہ چکھنے والے ہو۔ اور تم کو

تُجۡزَوۡنَ اِلَّا مَا كُنۡتُمۡ تَعۡمَلُوۡنَ ۝۳۹ اِلَّا عِبَادَ اللّٰهِ الۡمُخۡلَصِيۡنَ ۝۴۰ اُولٰٓئِكَ لَهُمۡ رِزۡقٌ

| تُجۡزَوۡنَ | اِلَّا | مَا | كُنۡتُمۡ | تَعۡمَلُوۡنَ | اِلَّا | عِبَادَ اللّٰهِ | الۡمُخۡلَصِيۡنَ | اُولٰٓئِكَ | لَهُمۡ | رِزۡقٌ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تم بدلہ دیئے جاؤ گے | مگر | اسی کا جو | تھے تم | عمل کرتے | مگر | بندے اللہ کے | خاص | یہی لوگ | ان کیلئے ہے | رزق |

بدلہ ویسا ہی ملے گا جیسے تم کام کرتے تھے۔ مگر جو اللہ کے بندگانِ خاص ہیں۔ یہی لوگ ہیں جن کے لیے روزی

مَّعۡلُوۡمٌ ۝۴۱ فَوَاكِهُ ۚ وَهُمۡ مُّكۡرَمُوۡنَ ۝۴۲ فِيۡ جَنّٰتِ النَّعِيۡمِ ۝۴۳ عَلٰى سُرُرٍ مُّتَقٰبِلِيۡنَ ۝۴۴

| مَّعۡلُوۡمٌ | فَوَاكِهُ | وَ هُمۡ | مُّكۡرَمُوۡنَ | فِيۡ جَنّٰتِ | النَّعِيۡمِ | عَلٰى سُرُرٍ | مُّتَقٰبِلِيۡنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مقرر | میوے | اور وہ | اعزاز والے ہوں گے | باغوں میں | نعمت کے | تختوں پر | ایک دوسرے کے سامنے |

مقرر ہے (یعنی) میوے، اور ان کا اعزاز کیا جائے گا۔ نعمت کے باغوں میں۔ ایک دوسرے کے سامنے تختوں پر (بیٹھے ہوں گے)۔

يُطَافُ عَلَيۡهِمۡ بِكَاۡسٍ مِّنۡ مَّعِيۡنٍ ۝۴۵ بَيۡضَآءَ لَذَّةٍ لِّلشّٰرِبِيۡنَ ۝۴۶ لَا فِيۡهَا غَوۡلٌ وَّ لَا

| يُطَافُ | عَلَيۡهِمۡ | بِكَاۡسٍ | مِّنۡ | مَّعِيۡنٍ | بَيۡضَآءَ | لَذَّةٍ | لِّلشّٰرِبِيۡنَ | لَا فِيۡهَا | غَوۡلٌ | وَ لَا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| دور چلایا جائے گا | ان پر | جام کا | سے | رواں شرابِ لطیف | سفید | لذت/مزیدار | پینے والوں کے لیے | نہیں اس میں | سر درد | اور نہ |

شرابِ لطیف کے جام کا ان میں دور چل رہا ہو گا۔ جو رنگ کی سفید اور پینے والوں کے لیے (سراسر) لذت ہو گی۔ نہ اس سے دردِ سر ہو اور نہ

هُمۡ عَنۡهَا يُنۡزَفُوۡنَ ۝۴۷ وَعِنۡدَهُمۡ قٰصِرٰتُ الطَّرۡفِ عِيۡنٌ ۝۴۸ كَاَنَّهُنَّ بَيۡضٌ مَّكۡنُوۡنٌ ۝۴۹

| هُمۡ | عَنۡهَا | يُنۡزَفُوۡنَ ❶ | وَ عِنۡدَهُمۡ | قٰصِرٰتُ | الطَّرۡفِ | عِيۡنٌ | كَاَنَّهُنَّ | بَيۡضٌ | مَّكۡنُوۡنٌ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وہ | اس سے | بہکی باتیں کریں | اور ان کے پاس | روکنے والیاں/نیچی رکھنے والیاں | نگاہ کو | بڑی آنکھوں والیاں | گویا کہ وہ | انڈے | محفوظ |

وہ اس سے متوالے ہوں۔ اور ان کے پاس عورتیں ہوں گی جو نگاہیں نیچی رکھتی ہوں گی اور آنکھیں بڑی بڑی، گویا وہ محفوظ انڈے ہیں۔



❶ یا یوں ترجمہ کیجئے: ان کی عقل ماری جائے گی۔

فَاَقْبَلَ بَعْضُهُمْ عَلٰى بَعْضٍ يَّتَسَآءَلُوْنَ ۝٥٠ قَالَ قَآئِلٌ مِّنْهُمْ اِنِّيْ كَانَ لِيْ قَرِيْنٌ ۝٥١

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| فَاَقْبَلَ | بَعْضُهُمْ | عَلٰى بَعْضٍ | يَتَسَآءَلُوْنَ | قَالَ | قَآئِلٌ | مِنْهُمْ | اِنِّيْ | كَانَ | لِيْ | قَرِيْنٌ |
| پس رخ کرے گا | ان کا ایک | دوسرے پر | باہم سوال کریں گے | کہے گا | ایک کہنے والا | ان میں سے | بیشک میں | تھا | میرا | ایک دوست |

پھر وہ ایک دوسرے کی طرف رخ کر کے سوال (و جواب) کریں گے۔ ایک کہنے والا ان میں سے کہے گا کہ میرا ایک ہم نشین تھا

يَّقُوْلُ اَئِنَّكَ لَمِنَ الْمُصَدِّقِيْنَ ۝٥٢ ءَاِذَا مِتْنَا وَكُنَّا تُرَابًا وَّعِظَامًا ءَاِنَّا لَمَدِيْنُوْنَ ۝٥٣

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| يَقُوْلُ | اَئِنَّكَ | لَمِنَ الْمُصَدِّقِيْنَ | ءَاِذَا | مِتْنَا | وَ كُنَّا | تُرَابًا | وَ عِظَامًا | ءَاِنَّا | لَمَدِيْنُوْنَ |
| کہتا تھا | کیا واقعی تو | تصدیق کرنے والوں میں سے ہے | کیا جب | ہم مرجائیں گے | اور ہم ہوجائیں گے | مٹی | اور ہڈیاں | کیا یقیناً ہم | بدلہ دیے جائیں گے |

(جو) کہتا تھا کہ بھلا تم بھی (ایسی باتوں کے) باور کرنے والوں میں ہو۔ بھلا جب ہم مر گئے اور مٹی اور ہڈیاں ہو گئے تو کیا ہم کو بدلہ ملے گا؟ (پھر)

قَالَ هَلْ اَنْتُمْ مُّطَّلِعُوْنَ ۝٥٤ فَاطَّلَعَ فَرَاٰهُ فِيْ سَوَآءِ الْجَحِيْمِ ۝٥٥ قَالَ تَاللّٰهِ اِنْ كِدْتَّ

| | | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| قَالَ | هَلْ | اَنْتُمْ | مُطَّلِعُوْنَ | فَاطَّلَعَ | فَرَاٰهُ | فِيْ | سَوَآءِ | الْجَحِيْمِ | قَالَ | تَاللّٰهِ | اِنْ | كِدْتَّ |
| کہے گا | کیا | تم | جھانکنے والے ہو | پس وہ جھانکے گا | پھر دیکھے گا اس کو | میں | وسط | جہنم | وہ کہے گا | اللہ کی قسم | بیشک | تو قریب تھا |

کہے گا کہ بھلا تم (اُسے) جھانک کر دیکھنا چاہتے ہو؟ (اتنے میں) وہ (خود) جھانکے گا تو اس کو وسط دوزخ میں دیکھے گا۔ کہے گا کہ اللہ کی قسم تو تو مجھے ہلاک ہی کر چکا

لَتُرْدِيْنِ ۝٥٦ وَلَوْلَا نِعْمَةُ رَبِّيْ لَكُنْتُ مِنَ الْمُحْضَرِيْنَ ۝٥٧ اَفَمَا نَحْنُ بِمَيِّتِيْنَ ۝٥٨ اِلَّا

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| لَتُرْدِيْنِ | وَ لَوْلَا | نِعْمَةُ | رَبِّيْ | لَكُنْتُ | مِنَ الْمُحْضَرِيْنَ | اَفَمَا | نَحْنُ | بِمَيِّتِيْنَ | اِلَّا |
| کہ ضرور مجھے ہلاک کر دیتا | اور اگر نہ ہوتی | مہربانی | میرے رب کی | تو میں ہوتا | حاضر کیے جانے والوں میں | کیا پس نہیں | ہم | مرنے والے | مگر |

تھا۔ اور اگر میرے پروردگار کی مہربانی نہ ہوتی تو میں بھی ان میں ہوتا جو (عذاب میں) حاضر کیے گئے ہیں۔ کیا (یہ نہیں کہ) ہم (آئندہ کبھی) مرنے کے نہیں؟ ہاں

مَوْتَتَنَا الْاُوْلٰى وَمَا نَحْنُ بِمُعَذَّبِيْنَ ۝٥٩ اِنَّ هٰذَا لَهُوَ الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ ۝٦٠ لِمِثْلِ هٰذَا

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مَوْتَتَنَا | الْاُوْلٰى | وَ مَا | نَحْنُ | بِمُعَذَّبِيْنَ | اِنَّ | هٰذَا | لَهُوَ | الْفَوْزُ | الْعَظِيْمُ | لِمِثْلِ هٰذَا |
| موت ہماری | پہلی | اور نہیں | ہم | عذاب دیے جانے والے | بے شک | یہی | وہ | کامیابی | بڑی | ایسی ہی کے لیے |

(جو) پہلی بار مرنا (تھا سو مر چکے) اور ہمیں عذاب بھی نہیں ہونے کا۔ بے شک یہ بڑی کامیابی ہے۔ ایسی ہی (نعمتوں) کے لیے

فَلْيَعْمَلِ الْعٰمِلُوْنَ ۝٦١ اَذٰلِكَ خَيْرٌ نُّزُلًا اَمْ شَجَرَةُ الزَّقُّوْمِ ۝٦٢ اِنَّا جَعَلْنٰهَا فِتْنَةً

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| فَلْيَعْمَلِ | الْعٰمِلُوْنَ | اَذٰلِكَ | خَيْرٌ | نُزُلًا | اَمْ | شَجَرَةُ | الزَّقُّوْمِ | اِنَّا | جَعَلْنٰهَا | فِتْنَةً |
| پس چاہیے کہ عمل کریں | عمل کرنے والے | کیا یہ | بہتر ہے | مہمانی | یا | درخت | تھوہر کا | بیشک | ہم نے بنایا اس کو | فتنہ |

عمل کرنے والوں کو عمل کرنے چاہئیں۔ بھلا یہ مہمانی اچھی ہے یا تھوہر کا درخت؟ ہم نے اس کو ظالموں کے لیے عذاب

لِّلظّٰلِمِيْنَ ﴿٦٣﴾ اِنَّهَا شَجَرَةٌ تَخْرُجُ فِيْٓ اَصْلِ الْجَحِيْمِ ﴿٦٤﴾ طَلْعُهَا كَاَنَّهٗ رُءُوْسُ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| لِلظّٰلِمِيْنَ | اِنَّهَا | شَجَرَةٌ | تَخْرُجُ | فِيْٓ | اَصْلِ | الْجَحِيْمِ | طَلْعُهَا | كَاَنَّهٗ | رُءُوْسُ |
| ظالموں کے لیے | بے شک وہ | درخت | نکلتا ہے | میں | جڑ | جہنم کی | خوشے اس کے | جیسے کہ وہ | سر |

بنا رکھا ہے۔ وہ ایک درخت ہے کہ جہنم کے اسفل میں اُگے گا۔ اس کے خوشے ایسے ہوں گے جیسے

الشَّيٰطِيْنِ ﴿٦٥﴾ فَاِنَّهُمْ لَاٰكِلُوْنَ مِنْهَا فَمَالِـُٔوْنَ مِنْهَا الْبُطُوْنَ ﴿٦٦﴾ ثُمَّ اِنَّ لَهُمْ عَلَيْهَا

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الشَّيٰطِيْنِ | فَاِنَّهُمْ | لَاٰكِلُوْنَ | مِنْهَا | فَمَالِـُٔوْنَ | مِنْهَا | الْبُطُوْنَ | ثُمَّ | اِنَّ | لَهُمْ | عَلَيْهَا |
| شیطانوں کے | سو بیشک وہ | البتہ کھائیں گے | اس میں سے | پس بھریں گے | اس سے | پیٹ | پھر | بے شک | ان کے لیے | اس پر |

شیطانوں کے سر۔ سو وہ اسی میں سے کھائیں گے اور اسی سے پیٹ بھریں گے۔ پھر اس (کھانے) کے ساتھ ان کو

لَشَوْبًا مِّنْ حَمِيْمٍ ﴿٦٧﴾ ثُمَّ اِنَّ مَرْجِعَهُمْ لَاِلَى الْجَحِيْمِ ﴿٦٨﴾ اِنَّهُمْ اَلْفَوْا اٰبَآءَهُمْ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| لَشَوْبًا | مِنْ حَمِيْمٍ | ثُمَّ | اِنَّ | مَرْجِعَهُمْ | لَاِلَى | الْجَحِيْمِ | اِنَّهُمْ اَلْفَوْا | اٰبَآءَهُمْ |
| ملاوٹ | گرم پانی کی | پھر | بے شک | لوٹایا جانا ان کا | البتہ طرف | جہنم کی | بے شک پایا انہوں نے | اپنے باپ دادا کو |

گرم پانی ملا کر دیا جائے گا۔ پھر ان کو دوزخ کی طرف لوٹایا جائے گا۔ انہوں نے اپنے باپ دادا کو گمراہ ہی

ضَآلِّيْنَ ﴿٦٩﴾ فَهُمْ عَلٰٓى اٰثٰرِهِمْ يُهْرَعُوْنَ ﴿٧٠﴾ وَلَقَدْ ضَلَّ قَبْلَهُمْ اَكْثَرُ الْاَوَّلِيْنَ ﴿٧١﴾

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ضَآلِّيْنَ | فَهُمْ | عَلٰٓى اٰثٰرِهِمْ | يُهْرَعُوْنَ | وَلَقَدْ | ضَلَّ | قَبْلَهُمْ | اَكْثَرُ | الْاَوَّلِيْنَ |
| گمراہ | پس وہ | ان کے نشانات قدم پر/ انکے پیچھے | دوڑائے جاتے ہیں | اور بے شک | گمراہ ہوئے | ان سے پہلے | بہت سے | پہلے لوگ |

پایا۔ سو وہ انہی کے پیچھے دوڑتے چلے جاتے ہیں۔ اور ان سے پیشتر بہت سے لوگ بھی گمراہ ہو گئے تھے۔

وَلَقَدْ اَرْسَلْنَا فِيْهِمْ مُّنْذِرِيْنَ ﴿٧٢﴾ فَانْظُرْ كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الْمُنْذَرِيْنَ ﴿٧٣﴾ اِلَّا

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَلَقَدْ | اَرْسَلْنَا | فِيْهِمْ | مُنْذِرِيْنَ | فَانْظُرْ | كَيْفَ | كَانَ | عَاقِبَةُ | الْمُنْذَرِيْنَ | اِلَّا |
| اور بے شک | بھیجے ہم نے | ان میں | ڈرانے والے | سو آپ دیکھیں | کیونکر/کیسا | ہوا | انجام | ڈرائے جانے والوں کا | مگر |

اور ہم نے ان میں متنبہ کرنے والے بھیجے۔ سو دیکھ لو جن کو متنبہ کیا گیا تھا ان کا انجام کیسا ہوا! ہاں، اللہ

عِبَادَ اللّٰهِ الْمُخْلَصِيْنَ ﴿٧٤﴾ وَلَقَدْ نَادٰىنَا نُوْحٌ فَلَنِعْمَ الْمُجِيْبُوْنَ ﴿٧٥﴾ وَنَجَّيْنٰهُ وَاَهْلَهٗ ع ٢ ٥٣ ٦

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| عِبَادَ اللّٰهِ | الْمُخْلَصِيْنَ | وَلَقَدْ | نَادٰىنَا | نُوْحٌ | فَلَنِعْمَ | الْمُجِيْبُوْنَ | وَنَجَّيْنٰهُ | وَاَهْلَهٗ |
| بندے اللہ کے | خاص | اور بیشک | پکارا ہم کو | نوح نے | سو البتہ بہت اچھا | قبول کرنے والے ہیں | اور نجات دی ہم نے اس کو | اور اسکے گھر والوں کو |

کے بندگانِ خاص (کا انجام بہت اچھا ہوا)۔ اور ہم کو نوح نے پکارا سو (دیکھ لو کہ) ہم (دعا کو کیسے) اچھے قبول کرنے والے ہیں۔ اور ہم نے ان کو اور ان کے

مِنَ الْكَرْبِ الْعَظِيْمِ ﴿٧٦﴾ وَ جَعَلْنَا ذُرِّيَّتَهٗ هُمُ الْبٰقِيْنَ ﴿٧٧﴾ وَ تَرَكْنَا عَلَيْهِ فِي

| مِنَ الْكَرْبِ | الْعَظِيْمِ | وَ جَعَلْنَا | ذُرِّيَّتَهٗ | هُمُ | الْبٰقِيْنَ | وَ تَرَكْنَا | عَلَيْهِ | فِي |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مصیبت سے | بڑی | اور بنایا ہم نے | اس کی اولاد کو | وہی | باقی رہنے والے | اور چھوڑ دیا ہم نے | اس پر/اس کا | میں |

گھر والوں کو بڑی مصیبت سے نجات دی۔ اور ان کی اولاد کو ایسا کیا کہ وہی باقی رہ گئے۔ اور پیچھے آنے والوں میں ان کا ذکر (جمیل باقی)

الْاٰخِرِيْنَ ﴿٧٨﴾ سَلٰمٌ عَلٰى نُوْحٍ فِي الْعٰلَمِيْنَ ﴿٧٩﴾ اِنَّا كَذٰلِكَ نَجْزِي الْمُحْسِنِيْنَ ﴿٨٠﴾ اِنَّهٗ

| الْاٰخِرِيْنَ | سَلٰمٌ | عَلٰى نُوْحٍ | فِي الْعٰلَمِيْنَ | اِنَّا | كَذٰلِكَ | نَجْزِي | الْمُحْسِنِيْنَ | اِنَّهٗ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| پیچھے آنے والوں | سلام | نوح پر | تمام جہان میں | بیشک ہم | اسی طرح | بدلہ دیتے ہیں | نیکوکاروں کو | بے شک وہ |

چھوڑ دیا۔ (یعنی) تمام جہان میں (کہ) نوح پر سلام۔ نیکوکاروں کو ہم ایسا ہی بدلہ دیا کرتے ہیں۔ بے شک وہ

مِنْ عِبَادِنَا الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿٨١﴾ ثُمَّ اَغْرَقْنَا الْاٰخَرِيْنَ ﴿٨٢﴾ وَاِنَّ مِنْ شِيْعَتِهٖ لَاِبْرٰهِيْمَ ﴿٨٣﴾

وقف لازم

| مِنْ | عِبَادِنَا | الْمُؤْمِنِيْنَ | ثُمَّ | اَغْرَقْنَا | الْاٰخَرِيْنَ | وَاِنَّ | مِنْ شِيْعَتِهٖ | لَاِبْرٰهِيْمَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| سے | ہمارے بندوں میں | مومن | پھر | غرق کیا ہم نے | دوسروں کو | اور بے شک | اسکے گروہ میں سے | ابراہیم |

ہمارے مومن بندوں میں سے تھے۔ پھر ہم نے دوسروں کو ڈبو دیا۔ اور انہی کے پیروؤں میں ابراہیم تھے۔

اِذْ جَآءَ رَبَّهٗ بِقَلْبٍ سَلِيْمٍ ﴿٨٤﴾ اِذْ قَالَ لِاَبِيْهِ وَقَوْمِهٖ مَاذَا تَعْبُدُوْنَ ﴿٨٥﴾ اَئِفْكًا اٰلِهَةً

| اِذْ | جَآءَ | رَبَّهٗ | بِقَلْبٍ | سَلِيْمٍ | اِذْ | قَالَ | لِاَبِيْهِ | وَ قَوْمِهٖ | مَاذَا | تَعْبُدُوْنَ | اَئِفْكًا | اٰلِهَةً |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| جب | آیا | اپنے رب کے پاس | دل لے کر | پاک | جب | کہا | اپنے باپ سے | اور اپنی قوم سے | کیا چیز | تم پوجتے ہو | کیا جھوٹ | معبود |

جب وہ اپنے پروردگار کے پاس (عیب سے) پاک دل لے کر آئے۔ جب انہوں نے اپنے باپ سے اور اپنی قوم سے کہا کہ تم کن چیزوں کو پوجتے ہو؟ کیوں

دُوْنَ اللّٰهِ تُرِيْدُوْنَ ﴿٨٦﴾ فَمَا ظَنُّكُمْ بِرَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿٨٧﴾ فَنَظَرَ نَظْرَةً فِي النُّجُوْمِ ﴿٨٨﴾

| دُوْنَ | اللّٰهِ | تُرِيْدُوْنَ | فَمَا | ظَنُّكُمْ | بِرَبِّ | الْعٰلَمِيْنَ | فَنَظَرَ | نَظْرَةً | فِي النُّجُوْمِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| سوائے | اللہ کے | تم چاہتے ہو | پس کیا | تمہارا خیال ہے | پروردگار کے بارے میں | تمام جہانوں کے | پھر دیکھا | ایک نظر | ستاروں میں |

جھوٹ (بنا کر) اللہ کے سوا اور معبودوں کے طالب ہو؟ بھلا پروردگار عالم کے بارے میں تمہارا کیا خیال ہے؟ تب انہوں نے ستاروں کی طرف ایک نظر کی

فَقَالَ اِنِّيْ سَقِيْمٌ ﴿٨٩﴾ فَتَوَلَّوْا عَنْهُ مُدْبِرِيْنَ ﴿٩٠﴾ فَرَاغَ اِلٰٓى اٰلِهَتِهِمْ فَقَالَ اَلَا

| فَقَالَ | اِنِّيْ | سَقِيْمٌ | فَتَوَلَّوْا | عَنْهُ | مُدْبِرِيْنَ | فَرَاغَ | اِلٰٓى اٰلِهَتِهِمْ | فَقَالَ | اَلَا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| پھر کہا | بیشک میں | بیمار ہوں | پس وہ لوٹ گئے | اس سے | پیٹھ پھیر کر | پھر وہ جا گھسا | ان کے معبودوں کی طرف | پھر اس نے کہا | کیوں نہیں |

اور کہا، میں تو بیمار ہوں۔ تب وہ ان سے پیٹھ پھیر کر لوٹ گئے۔ پھر (ابراہیمؑ) ان کے معبودوں کی طرف متوجہ ہوئے اور کہنے لگے کہ تم کھاتے

تَاْكُلُوْنَ ﴿٩١﴾ مَا لَكُمْ لَا تَنْطِقُوْنَ ﴿٩٢﴾ فَرَاغَ عَلَيْهِمْ ضَرْبًا بِالْيَمِيْنِ ﴿٩٣﴾ فَاَقْبَلُوْا اِلَيْهِ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تَاْكُلُوْنَ | مَا لَكُمْ | لَا تَنْطِقُوْنَ | فَرَاغَ | عَلَيْهِمْ | ضَرْبًا | بِالْيَمِيْنِ | فَاَقْبَلُوْا | اِلَيْهِ |
| تم کھاتے | کیا ہوا تمہیں | نہیں تم بولتے | پھر جا پڑا | ان پر | مارتا ہوا | دائیں ہاتھ سے | پس آئے وہ | اس کی طرف |

کیوں نہیں؟ تمہیں کیا ہوا ہے تم بولتے نہیں؟ پھر ان کو داہنے ہاتھ سے مارنا (اور توڑنا) شروع کیا۔ تو وہ لوگ ان کے پاس دوڑتے

يَزِفُّوْنَ ﴿٩٤﴾ قَالَ اَتَعْبُدُوْنَ مَا تَنْحِتُوْنَ ﴿٩٥﴾ وَاللّٰهُ خَلَقَكُمْ وَمَا تَعْمَلُوْنَ ﴿٩٦﴾ قَالُوا

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| يَزِفُّوْنَ | قَالَ | اَتَعْبُدُوْنَ | مَا | تَنْحِتُوْنَ | وَاللّٰهُ | خَلَقَكُمْ | وَمَا | تَعْمَلُوْنَ | قَالُوْا |
| دوڑتے ہوئے | کہا اس نے | کیا تم پوجتے ہو | جو | تم تراشتے ہو | حالانکہ اللہ نے | پیدا کیا تم کو | اور اس کو جو | تم بناتے ہو | کہا انہوں نے |

ہوئے آئے۔ انہوں نے کہا کہ تم ایسی چیزوں کو کیوں پوجتے ہو جن کو خود تراشتے ہو؟ حالانکہ تم کو اور جو تم بناتے ہو اس کو اللہ ہی نے پیدا کیا ہے۔ وہ کہنے

ابْنُوْا لَهٗ بُنْيَانًا فَاَلْقُوْهُ فِي الْجَحِيْمِ ﴿٩٧﴾ فَاَرَادُوْا بِهٖ كَيْدًا فَجَعَلْنٰهُمُ الْاَسْفَلِيْنَ ﴿٩٨﴾

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اِبْنُوْا | لَهٗ | بُنْيَانًا | فَاَلْقُوْهُ | فِي الْجَحِيْمِ | فَاَرَادُوْا | بِهٖ | كَيْدًا | فَجَعَلْنٰهُمُ | الْاَسْفَلِيْنَ |
| بناؤ | اس کیلئے | ایک عمارت | پھر ڈال دو اسکو | آگ میں | پس ارادہ کیا انہوں نے | اسکے ساتھ | ایک چال کا | تو ہم نے کر دیا انکو | سب سے نیچے/زیر |

لگے کہ اس کے لیے ایک عمارت بناؤ پھر اس کو آگ کے ڈھیر میں ڈال دو۔ غرض انہوں نے ان کے ساتھ ایک چال چلنی چاہی اور ہم نے انہی کو زیر کر دیا۔

وَقَالَ اِنِّيْ ذَاهِبٌ اِلٰى رَبِّيْ سَيَهْدِيْنِ ﴿٩٩﴾ رَبِّ هَبْ لِيْ مِنَ الصّٰلِحِيْنَ ﴿١٠٠﴾ فَبَشَّرْنٰهُ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَقَالَ | اِنِّيْ | ذَاهِبٌ | اِلٰى | رَبِّيْ | سَيَهْدِيْنِ | رَبِّ | هَبْ | لِيْ | مِنَ الصّٰلِحِيْنَ | فَبَشَّرْنٰهُ |
| اور کہا | بیشک میں | جانیوالا ہوں | طرف | اپنے رب | وہ جلد مجھے راستہ دکھائے گا | اے میرے رب | عطا کر | میرے لیے | نیکوکاروں میں سے | پھر خوشخبری دی ہم نے اسکو |

اور (ابراہیمؑ) بولے کہ میں اپنے پروردگار کی طرف جانے والا ہوں، وہ مجھے رستہ دکھائے گا۔ اے پروردگار! مجھے (اولاد) عطا فرما (جو) سعادت مندوں میں سے

بِغُلٰمٍ حَلِيْمٍ ﴿١٠١﴾ فَلَمَّا بَلَغَ مَعَهُ السَّعْيَ قَالَ يٰبُنَيَّ اِنِّيْ اَرٰى فِي الْمَنَامِ اَنِّيْ اَذْبَحُكَ

| | | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بِغُلٰمٍ | حَلِيْمٍ | فَلَمَّا | بَلَغَ | مَعَهُ | السَّعْيَ | قَالَ | يٰبُنَيَّ | اِنِّيْ | اَرٰى | فِي الْمَنَامِ | اَنِّيْ | اَذْبَحُكَ |
| ایک لڑکے کی | بردبار | پھر جب | وہ پہنچا | اسکے ساتھ | دوڑنے کو | کہا | اے میرے بیٹے | بیشک میں | دیکھتا ہوں | خواب میں | کہ میں | ذبح کر رہا ہوں تجھے |

(ہو)۔ تو ہم نے ان کو ایک نرم دل لڑکے کی خوشخبری دی۔ جب وہ ان کے ساتھ دوڑنے (کی عمر) کو پہنچا تو ابراہیم نے کہا کہ بیٹا! میں خواب میں دیکھتا

فَانْظُرْ مَاذَا تَرٰى ۚ قَالَ يٰاَبَتِ افْعَلْ مَا تُؤْمَرُ ۖ سَتَجِدُنِيْ اِنْ شَآءَ اللّٰهُ مِنَ

| | | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| فَانْظُرْ ➊ | مَاذَا | تَرٰى | قَالَ | يٰاَبَتِ | اِفْعَلْ | مَا | تُؤْمَرُ | سَتَجِدُنِيْ | اِنْ | شَآءَ | اللّٰهُ | مِنَ |
| پس دیکھ/سوچ | کیا | تو دیکھتا/رائے رکھتا ہے | کہا | اے میرے ابا | کیجئے | جو | آپ کو حکم ہوا ہے | آپ ضرور مجھے پائیں گے | اگر | چاہا | اللہ نے | سے |

ہوں کہ (گویا) تم کو ذبح کر رہا ہوں، تو تم سوچو کہ تمہارا کیا خیال ہے۔ انہوں نے کہا کہ ابا! جو آپ کو حکم ہوا ہے وہی کیجئے، اللہ نے چاہا تو آپ مجھے



➊ فَانْظُرْ: پس دیکھ یعنی پس تو سوچ۔

الصّٰبِرِیْنَ ﴿۱۰۲﴾ فَلَمَّآ اَسْلَمَا وَ تَلَّهٗ لِلْجَبِیْنِ ﴿۱۰۳﴾ وَ نَادَیْنٰهُ اَنْ یّٰٓاِبْرٰهِیْمُ ﴿۱۰۴﴾ قَدْ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الصّٰبِرِیْنَ | فَلَمَّا | اَسْلَمَا | وَ تَلَّهٗ | لِلْجَبِیْنِ | وَ نَادَیْنٰهُ | اَنْ | یّٰٓاِبْرٰهِیْمُ | قَدْ |
| صابروں میں | پس جب | دونوں نے حکم مان لیا | اور اس نے لٹادیا اس کو | ماتھے کے بل | اور ہم نے پکارا اس کو | کہ | اے ابراہیم | بے شک |

صابروں میں پائیے گا۔ جب دونوں نے حکم مان لیا اور باپ نے بیٹے کو ماتھے کے بل لٹا دیا تو ہم نے ان کو پکارا کہ اے ابراہیم! تم نے

صَدَّقْتَ الرُّءْیَا ۚ اِنَّا كَذٰلِكَ نَجْزِی الْمُحْسِنِیْنَ ﴿۱۰۵﴾ اِنَّ هٰذَا لَهُوَ الْبَلٰٓؤُا الْمُبِیْنُ ﴿۱۰۶﴾

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| صَدَّقْتَ | الرُّءْیَا | اِنَّا | كَذٰلِكَ | نَجْزِیْ | الْمُحْسِنِیْنَ | اِنَّ | هٰذَا | لَهُوَ | الْبَلٰٓؤُا | الْمُبِیْنُ |
| سچا کردکھایا تونے | خواب | بیشک ہم | اسی طرح | بدلہ دیتے ہیں | نیکوکاروں کو | بے شک | یہ | البتہ وہ | آزمائش | صریح |

خواب کو سچا کر دکھایا، ہم نیکوکاروں کو ایسا ہی بدلہ دیا کرتے ہیں۔ بلاشبہ یہ صریح آزمائش تھی۔

وَفَدَیْنٰهُ بِذِبْحٍ عَظِیْمٍ ﴿۱۰۷﴾ وَتَرَكْنَا عَلَیْهِ فِی الْاٰخِرِیْنَ ﴿۱۰۸﴾ ۖ سَلٰمٌ عَلٰٓی اِبْرٰهِیْمَ ﴿۱۰۹﴾

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ فَدَیْنٰهُ ❶ | بِذِبْحٍ | عَظِیْمٍ | وَ تَرَكْنَا | عَلَیْهِ | فِی الْاٰخِرِیْنَ | سَلٰمٌ | عَلٰٓی اِبْرٰهِیْمَ |
| اور ہم نے فدیہ دیا اس کا/ بدلے میں دیا اس کے | ایک قربانی کو | بڑی | اور چھوڑا ہم نے | اس پر/ اسکا | پیچھے آنے والوں میں | سلام | ابراہیم پر |

اور ہم نے ایک بڑی قربانی کو ان کا فدیہ دیا۔ اور پیچھے آنے والوں میں ابراہیم کا ذکر (خیر باقی) چھوڑ دیا کہ ابراہیم پر سلام ہو۔

كَذٰلِكَ نَجْزِی الْمُحْسِنِیْنَ ﴿۱۱۰﴾ اِنَّهٗ مِنْ عِبَادِنَا الْمُؤْمِنِیْنَ ﴿۱۱۱﴾ وَ بَشَّرْنٰهُ بِاِسْحٰقَ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| كَذٰلِكَ | نَجْزِیْ | الْمُحْسِنِیْنَ | اِنَّهٗ | مِنْ عِبَادِنَا | الْمُؤْمِنِیْنَ | وَ بَشَّرْنٰهُ | بِاِسْحٰقَ |
| اسی طرح | ہم بدلہ دیتے ہیں | نیکوکاروں کو | بے شک وہ | ہمارے بندوں میں سے | مومن | اور خوشخبری دی ہم نے اسے | اسحاق کی |

نیکوکاروں کو ہم ایسا ہی بدلہ دیا کرتے ہیں۔ بے شک وہ ہمارے مومن بندوں میں سے تھے۔ اور ہم نے ان کو اسحاق کی بشارت بھی دی

نَبِیًّا مِّنَ الصّٰلِحِیْنَ ﴿۱۱۲﴾ وَبٰرَكْنَا عَلَیْهِ وَعَلٰٓی اِسْحٰقَ ؕ وَمِنْ ذُرِّیَّتِهِمَا مُحْسِنٌ وَّظَالِمٌ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| نَبِیًّا | مِنَ الصّٰلِحِیْنَ | وَ بٰرَكْنَا | عَلَیْهِ | وَ عَلٰی | اِسْحٰقَ | وَ مِنْ | ذُرِّیَّتِهِمَا | مُحْسِنٌ | وَ ظَالِمٌ |
| نبی | نیکوکاروں میں سے | اور برکت نازل کی ہم نے | اس پر | اور پر | اسحاق | اور سے | ان دونوں کی اولاد میں | نیک بھی ہیں | اور ظلم کرنیوالے بھی |

کہ (وہ) نبی (اور) نیکوکاروں میں سے (ہوں گے)۔ اور ہم نے ان پر اور اسحاق پر برکتیں نازل کی تھیں۔ اور ان دونوں کی اولاد میں سے نیکوکار بھی ہیں اور اپنے

۳ ع ۳۹ ۷ لِّنَفْسِهٖ مُبِیْنٌ ﴿۱۱۳﴾ وَلَقَدْ مَنَنَّا عَلٰی مُوْسٰی وَهٰرُوْنَ ﴿۱۱۴﴾ وَنَجَّیْنٰهُمَا وَقَوْمَهُمَا مِنَ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| لِنَفْسِهٖ | مُبِیْنٌ | وَ لَقَدْ | مَنَنَّا | عَلٰی | مُوْسٰی | وَ هٰرُوْنَ | وَ نَجَّیْنٰهُمَا | وَ قَوْمَهُمَا | مِنْ |
| اپنے نفس پر | صریح | اور بے شک | احسان کیا ہم نے | پر | موسیٰ | اور ہارون | اور نجات دی ہم نے ان دونوں کو | اور ان دونوں کی قوم کو | سے |

آپ پر صریح ظلم کرنے والے (یعنی گنہگار) بھی ہیں۔ اور ہم نے موسیٰؑ اور ہارون پر بھی احسان کیے۔ اور ان کو اور ان کی قوم کو



❶ فَدَیْنٰهُ: ہم نے فدیہ دیا اس کا یا ہم نے بدلے میں دیا اس کے۔

الْكَرْبِ الْعَظِيْمِ ﴿۱۱۵﴾ وَ نَصَرْنٰهُمْ فَكَانُوْا هُمُ الْغٰلِبِيْنَ ﴿۱۱۶﴾ وَ اٰتَيْنٰهُمَا الْكِتٰبَ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الْكَرْبِ | الْعَظِيْمِ | وَ نَصَرْنٰهُمْ | فَكَانُوْا | هُمُ | الْغٰلِبِيْنَ | وَ اٰتَيْنٰهُمَا | الْكِتٰبَ |
| مصیبت | بڑی | اور مدد کی ہم نے ان کی | پس ہو گئے | وہ | غالب | اور دی ہم نے ان دونوں کو | کتاب |

مصیبت عظیمہ سے نجات بخشی۔ اور ان کی مدد کی تو وہ غالب ہو گئے۔ اور ان دونوں کو کتاب واضح (المطالب)

الْمُسْتَبِيْنَ ﴿۱۱۷﴾ وَ هَدَيْنٰهُمَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيْمَ ﴿۱۱۸﴾ وَ تَرَكْنَا عَلَيْهِمَا فِي

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| الْمُسْتَبِيْنَ | وَ هَدَيْنٰهُمَا | الصِّرَاطَ | الْمُسْتَقِيْمَ | وَ تَرَكْنَا | عَلَيْهِمَا | فِي |
| واضح | اور ہدایت دی ہم نے ان دونوں کو | راستہ کی | سیدھے | اور چھوڑا ہم نے | ان دونوں کا (ذکر خیر) | میں |

عنایت کی۔ اور ان کو سیدھا رستہ دکھایا۔ اور پیچھے آنے والوں میں ان کا ذکر (خیر باقی)

الْاٰخِرِيْنَ ﴿۱۱۹﴾ سَلٰمٌ عَلٰى مُوْسٰى وَ هٰرُوْنَ ﴿۱۲۰﴾ اِنَّا كَذٰلِكَ نَجْزِي الْمُحْسِنِيْنَ ﴿۱۲۱﴾ اِنَّهُمَا

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الْاٰخِرِيْنَ | سَلٰمٌ | عَلٰى | مُوْسٰى | وَ هٰرُوْنَ | اِنَّا | كَذٰلِكَ | نَجْزِي | الْمُحْسِنِيْنَ | اِنَّهُمَا |
| پیچھے آنے والوں | سلام | پر | موسیٰ | اور ہارون | بیشک ہم | اسی طرح | بدلہ دیتے ہیں | نیکوکاروں کو | بے شک وہ دونوں |

چھوڑ دیا۔ کہ موسیٰؑ اور ہارون پر سلام۔ بے شک ہم نیکوکاروں کو ایسا ہی بدلہ دیا کرتے ہیں۔ وہ دونوں

مِنْ عِبَادِنَا الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿۱۲۲﴾ وَ اِنَّ اِلْيَاسَ لَمِنَ الْمُرْسَلِيْنَ ﴿۱۲۳﴾ اِذْ قَالَ لِقَوْمِهٖٓ اَلَا

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مِنْ عِبَادِنَا | الْمُؤْمِنِيْنَ | وَ اِنَّ | اِلْيَاسَ | لَمِنَ الْمُرْسَلِيْنَ | اِذْ | قَالَ | لِقَوْمِهٖ | اَلَا |
| ہمارے بندوں میں سے | مومن | اور بے شک | الیاس | البتہ رسولوں میں سے | جب | کہا اس نے | اپنی قوم کو | کیا نہیں |

ہمارے مومن بندوں میں سے تھے۔ اور الیاس بھی پیغمبروں میں سے تھے۔ جب انہوں نے اپنی قوم سے کہا کہ تم ڈرتے

تَتَّقُوْنَ ﴿۱۲۴﴾ اَتَدْعُوْنَ بَعْلًا وَّ تَذَرُوْنَ اَحْسَنَ الْخَالِقِيْنَ ﴿۱۲۵﴾ اللّٰهَ رَبَّكُمْ وَ رَبَّ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تَتَّقُوْنَ | اَتَدْعُوْنَ | بَعْلًا | وَ تَذَرُوْنَ | اَحْسَنَ | الْخَالِقِيْنَ | اللّٰهَ | رَبَّكُمْ | وَ رَبَّ |
| تم ڈرتے | کیا تم پکارتے ہو | بعل کو | اور تم چھوڑ دیتے ہو | سب سے اچھا | پیدا کرنے والے کو | اللہ | تمہارا رب | اور رب |

کیوں نہیں؟ کیا تم بعل کو پکارتے (اور اسے پوجتے) ہو اور سب سے بہتر پیدا کرنے والے کو چھوڑ دیتے ہو؟ (یعنی) اللہ کو جو تمہارا اور تمہارے اگلے باپ دادا

اٰبَآئِكُمُ الْاَوَّلِيْنَ ﴿۱۲۶﴾ فَكَذَّبُوْهُ فَاِنَّهُمْ لَمُحْضَرُوْنَ ﴿۱۲۷﴾ اِلَّا عِبَادَ اللّٰهِ الْمُخْلَصِيْنَ ﴿۱۲۸﴾

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اٰبَآئِكُمُ | الْاَوَّلِيْنَ | فَكَذَّبُوْهُ | فَاِنَّهُمْ | لَمُحْضَرُوْنَ | اِلَّا | عِبَادَ اللّٰهِ | الْمُخْلَصِيْنَ |
| تمہارے باپ دادا کا | اگلے/پہلے | پس جھٹلا دیا انہوں نے اسکو | سو بے شک وہ | حاضر کیے جائیں گے | مگر | بندے اللہ کے | خاص |

کا پروردگار ہے۔ تو ان لوگوں نے ان کو جھٹلا دیا سو وہ (دوزخ میں) حاضر کیے جائیں گے۔ ہاں، اللہ کے بندگانِ خاص (مبتلائے عذاب نہیں ہوں گے)۔

وَ تَرَكْنَا عَلَيْهِ فِي الْاٰخِرِيْنَ ﴿١٢٩﴾ سَلٰمٌ عَلٰٓى اِلْ يَاسِيْنَ ﴿١٣٠﴾ اِنَّا كَذٰلِكَ نَجْزِي

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ تَرَكْنَا | عَلَيْهِ | فِي الْاٰخِرِيْنَ | سَلٰمٌ | عَلٰى | اِلْ يَاسِيْنَ | اِنَّا | كَذٰلِكَ | نَجْزِيْ |
| اور چھوڑا ہم نے | اس پر/اس کا (ذکر) | پچھلوں میں | سلام | پر | ال یاسین ❶ | بیشک ہم | اسی طرح | بدلہ دیتے ہیں |

اور ان کا ذکر (خیر) پچھلوں میں (باقی) چھوڑ دیا۔ کہ الیاسین پر سلام۔ ہم نیک لوگوں کو ایسا ہی بدلہ دیا

الْمُحْسِنِيْنَ ﴿١٣١﴾ اِنَّهٗ مِنْ عِبَادِنَا الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿١٣٢﴾ وَاِنَّ لُوْطًا لَّمِنَ الْمُرْسَلِيْنَ ﴿١٣٣﴾ اِذْ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الْمُحْسِنِيْنَ | اِنَّهٗ | مِنْ عِبَادِنَا | الْمُؤْمِنِيْنَ | وَ اِنَّ | لُوْطًا | لَمِنَ الْمُرْسَلِيْنَ | اِذْ |
| نیک لوگوں کو | بے شک وہ | ہمارے بندوں میں سے | مومن | اور بے شک | لوط | رسولوں میں سے | جب |

کرتے ہیں۔ بے شک وہ ہمارے مومن بندوں میں سے تھے۔ اور لوط بھی پیغمبروں میں سے تھے۔ جب

نَجَّيْنٰهُ وَ اَهْلَهٗٓ اَجْمَعِيْنَ ﴿١٣٤﴾ اِلَّا عَجُوْزًا فِي الْغٰبِرِيْنَ ﴿١٣٥﴾ ثُمَّ دَمَّرْنَا الْاٰخَرِيْنَ ﴿١٣٦﴾

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| نَجَّيْنٰهُ | وَ اَهْلَهٗ | اَجْمَعِيْنَ | اِلَّا | عَجُوْزًا | فِي الْغٰبِرِيْنَ | ثُمَّ | دَمَّرْنَا | الْاٰخَرِيْنَ |
| نجات دی ہم نے اس کو | اور اس کے گھر والوں کو | سب کو | مگر | ایک بڑھیا | پیچھے رہ جانے والوں میں | پھر | ہلاک کر دیا ہم نے | دوسروں کو |

ہم نے ان کو اور ان کے گھر والوں کو سب کو (عذاب سے) نجات دی۔ مگر ایک بڑھیا کہ پیچھے رہ جانے والوں میں تھی۔ پھر ہم نے اوروں کو ہلاک کر دیا۔

ع ٤ ٢٥ ٨ وَاِنَّكُمْ لَتَمُرُّوْنَ عَلَيْهِمْ مُّصْبِحِيْنَ ﴿١٣٧﴾ وَبِالَّيْلِ ؕ اَفَلَا تَعْقِلُوْنَ ﴿١٣٨﴾ وَاِنَّ يُوْنُسَ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ اِنَّكُمْ | لَتَمُرُّوْنَ | عَلَيْهِمْ | مُصْبِحِيْنَ | وَ بِالَّيْلِ | اَفَلَا | تَعْقِلُوْنَ | وَ اِنَّ | يُوْنُسَ |
| اور بے شک تم | البتہ گزرتے ہو | ان پر | صبح کرتے ہوئے | اور رات کو | تو کیا نہیں | تم عقل کرتے | اور بے شک | یونس |

اور تم دن کو بھی ان (کی بستیوں) کے پاس سے گزرتے رہتے ہو اور رات کو بھی۔ تو کیا تم عقل نہیں رکھتے؟ اور یونس بھی

لَمِنَ الْمُرْسَلِيْنَ ﴿١٣٩﴾ اِذْ اَبَقَ اِلَى الْفُلْكِ الْمَشْحُوْنِ ﴿١٤٠﴾ فَسَاهَمَ فَكَانَ مِنَ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| لَمِنَ الْمُرْسَلِيْنَ | اِذْ | اَبَقَ | اِلَى الْفُلْكِ | الْمَشْحُوْنِ | فَسَاهَمَ | فَكَانَ | مِنَ |
| رسولوں میں سے | جب | وہ بھاگا | کشتی کی طرف | بھری ہوئی | پھر اس نے قرعہ ڈلوایا | تو وہ ہو گیا | سے |

پیغمبروں میں سے تھے۔ جب بھاگ کر بھری ہوئی کشتی میں پہنچے۔ اُس وقت قرعہ ڈالا تو انہوں نے

الْمُدْحَضِيْنَ ﴿١٤١﴾ فَالْتَقَمَهُ الْحُوْتُ وَهُوَ مُلِيْمٌ ﴿١٤٢﴾ فَلَوْلَآ اَنَّهٗ كَانَ مِنَ الْمُسَبِّحِيْنَ ﴿١٤٣﴾

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الْمُدْحَضِيْنَ | فَالْتَقَمَهُ | الْحُوْتُ | وَ هُوَ | مُلِيْمٌ | فَلَوْلَا | اَنَّهٗ | كَانَ | مِنَ الْمُسَبِّحِيْنَ |
| زک اٹھانے والوں میں | پھر نگل لیا اس کو | مچھلی نے | اور وہ | ملامت زدہ/بدحال | پس اگر نہ | یہ کہ وہ | ہوتا | پاکی بیان کرنے والوں میں سے |

زک اٹھائی۔ پھر مچھلی نے ان کو نگل لیا اور وہ (قابل) ملامت (کام) کرنے والے تھے۔ پھر اگر وہ (اللہ کی) پاکی بیان نہ کرتے



❶ بعض کی رو سے اس سے مراد حضرت الیاسؑ ہی ہیں اور بعض اس سے مراد حضرت الیاسؑ اور ان کے پیروؤں کو لیتے ہیں۔

النصف

لَلَبِثَ فِيْ بَطْنِهٖٓ اِلٰى يَوْمِ يُبْعَثُوْنَ ﴿١٤٤﴾ فَنَبَذْنٰهُ بِالْعَرَآءِ وَهُوَ سَقِيْمٌ ﴿١٤٥﴾ وَاَنْۢبَتْنَا

| لَلَبِثَ | فِيْ بَطْنِهٖ | اِلٰى | يَوْمِ | يُبْعَثُوْنَ | فَنَبَذْنٰهُ | بِالْعَرَآءِ | وَهُوَ | سَقِيْمٌ | وَاَنْۢبَتْنَا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| البتہ رہتاوہ | اسکے پیٹ میں | تک | دن | کہ وہ دوبارہ زندہ کیے جائیں گے | پھر ڈال دیا ہم نے اس کو | فراخ میدان میں | جبکہ وہ | بیمار تھا | اور اگایا ہم نے |

تو اس روز تک کہ لوگ دوبارہ زندہ کیے جائیں گے اسی کے پیٹ میں رہتے۔ پھر ہم نے ان کو جبکہ وہ بیمار تھے فراخ میدان میں ڈال دیا۔ اور ان پر

عَلَيْهِ شَجَرَةً مِّنْ يَّقْطِيْنٍ ﴿١٤٦﴾ وَاَرْسَلْنٰهُ اِلٰى مِائَةِ اَلْفٍ اَوْ يَزِيْدُوْنَ ﴿١٤٧﴾ فَاٰمَنُوْا

| عَلَيْهِ | شَجَرَةً | مِنْ يَّقْطِيْنٍ | وَاَرْسَلْنٰهُ | اِلٰى | مِائَةِ | اَلْفٍ | اَوْ | يَزِيْدُوْنَ ❶ | فَاٰمَنُوْا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اس پر | ایک درخت | بیلدار | اور بھیجا ہم نے اس کو | طرف | سو | ہزار | یا | زیادہ کی | پس وہ ایمان لائے |

کدو کا درخت اُگایا۔ اور ان کو لاکھ یا اس سے زیادہ (لوگوں) کی طرف (پیغمبر بنا کر) بھیجا۔ تو وہ ایمان لے آئے

فَمَتَّعْنٰهُمْ اِلٰى حِيْنٍ ﴿١٤٨﴾ فَاسْتَفْتِهِمْ اَلِرَبِّكَ الْبَنَاتُ وَلَهُمُ الْبَنُوْنَ ﴿١٤٩﴾ اَمْ

| فَمَتَّعْنٰهُمْ | اِلٰى حِيْنٍ | فَاسْتَفْتِهِمْ | اَلِرَبِّكَ | الْبَنَاتُ | وَلَهُمُ | الْبَنُوْنَ | اَمْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| توفائدہ دیا ہم نے ان کو | ایک وقت تک | پس آپ پوچھیں ان سے | کیا آپ کے رب کے لیے | بیٹیاں | اور ان کے لیے | بیٹے | یا |

سو ہم بھی ان کو (دنیا میں) ایک وقت (مقرر) تک فائدے دیتے رہے۔ ان سے پوچھو تو کہ بھلا تمہارے پروردگار کے لیے تو بیٹیاں اور ان کے لیے بیٹے؟ یا

خَلَقْنَا الْمَلٰٓئِكَةَ اِنَاثًا وَّهُمْ شٰهِدُوْنَ ﴿١٥٠﴾ اَلَآ اِنَّهُمْ مِّنْ اِفْكِهِمْ لَيَقُوْلُوْنَ ﴿١٥١﴾ وَلَدَ

| خَلَقْنَا | الْمَلٰٓئِكَةَ | اِنَاثًا | وَهُمْ | شٰهِدُوْنَ | اَلَآ | اِنَّهُمْ | مِنْ | اِفْكِهِمْ | لَيَقُوْلُوْنَ | وَلَدَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| پیدا کیا ہم نے | فرشتوں کو | عورتیں | اور وہ | موجود/گواہ تھے | خبردار | بے شک وہ | سے | جھوٹ اپنے | کہتے ہیں | اولاد ہوئی |

ہم نے فرشتوں کو عورتیں بنایا اور وہ (اس وقت) موجود تھے؟ دیکھو، یہ اپنی جھوٹ بنائی ہوئی (بات) کہتے ہیں کہ اللہ کے

اللّٰهُ ۙ وَاِنَّهُمْ لَكٰذِبُوْنَ ﴿١٥٢﴾ اَصْطَفَى الْبَنَاتِ عَلَى الْبَنِيْنَ ﴿١٥٣﴾ مَا لَكُمْ ۫ كَيْفَ

| اللّٰهُ | وَاِنَّهُمْ | لَكٰذِبُوْنَ | اَصْطَفٰى (اَاِصْطَفٰى) | الْبَنَاتِ | عَلَى الْبَنِيْنَ | مَا لَكُمْ | كَيْفَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اللہ کے | اور بے شک وہ | یقیناً جھوٹے ہیں | کیا پسند کیں اس نے | بیٹیاں | بیٹوں پر | کیا ہے تمہیں | کیسے |

اولاد ہے، کچھ شک نہیں کہ یہ جھوٹے ہیں۔ کیا اُس نے بیٹوں کی نسبت بیٹیوں کو پسند کیا ہے؟ تم کیسے لوگ ہو؟ کس طرح کا

تَحْكُمُوْنَ ﴿١٥٤﴾ اَفَلَا تَذَكَّرُوْنَ ﴿١٥٥﴾ اَمْ لَكُمْ سُلْطٰنٌ مُّبِيْنٌ ﴿١٥٦﴾ فَاْتُوْا بِكِتٰبِكُمْ اِنْ

| تَحْكُمُوْنَ | اَفَلَا | تَذَكَّرُوْنَ | اَمْ | لَكُمْ | سُلْطٰنٌ | مُّبِيْنٌ | فَاْتُوْا | بِكِتٰبِكُمْ | اِنْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تم فیصلے کرتے ہو | کیا نہیں | تم غور کرتے | یا | تمہارے پاس | کوئی دلیل | صریح | پس لے آؤ | اپنی کتاب | اگر |

فیصلہ کرتے ہو؟ بھلا تم غور (کیوں) نہیں کرتے؟ یا تمہارے پاس کوئی صریح دلیل ہے؟ اگر تم سچے ہو تو اپنی کتاب



❶ اصل ترجمہ ہے: وہ زیادہ تھے یا وہ زیادہ ہوں گے۔

كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ﴿۱۵۷﴾ وَ جَعَلُوْا بَيْنَهٗ وَبَيْنَ الْجِنَّةِ نَسَبًا ؕ وَلَقَدْ عَلِمَتِ الْجِنَّةُ اِنَّهُمْ

| كُنْتُمْ | صٰدِقِيْنَ | وَ جَعَلُوْا | بَيْنَهٗ | وَ بَيْنَ | الْجِنَّةِ | نَسَبًا | وَ لَقَدْ | عَلِمَتْ | الْجِنَّةُ | اِنَّهُمْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ہوتم | سچے | اور بنایا انہوں نے | اس کے درمیان | اور درمیان | جنوں کے | رشتہ | اور بے شک | جانتے ہیں | جن | کہ وہ |

پیش کرو۔ اور انہوں نے اللہ میں اور جنوں میں رشتہ مقرر کیا۔ حالانکہ جنات جانتے ہیں کہ وہ (اللہ کے سامنے)

لَمُحْضَرُوْنَ ﴿۱۵۸﴾ سُبْحٰنَ اللّٰهِ عَمَّا يَصِفُوْنَ ﴿۱۵۹﴾ اِلَّا عِبَادَ اللّٰهِ الْمُخْلَصِيْنَ ﴿۱۶۰﴾ فَاِنَّكُمْ

| لَمُحْضَرُوْنَ | سُبْحٰنَ اللّٰهِ | عَمَّا | يَصِفُوْنَ | اِلَّا | عِبَادَ اللّٰهِ | الْمُخْلَصِيْنَ | فَاِنَّكُمْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| یقیناً حاضر کیے جانے والے ہیں | پاک ہے اللہ | ان سے جو | وہ بیان کرتے ہیں | مگر | بندے اللہ کے | خاص | سو بے شک تم |

حاضر کیے جائیں گے۔ یہ جو کچھ بیان کرتے ہیں اللہ اس سے پاک ہے۔ مگر اللہ کے بندگانِ خاص (مبتلائے عذاب نہیں ہوں گے)۔ سو تم

وَمَا تَعْبُدُوْنَ ﴿۱۶۱﴾ مَآ اَنْتُمْ عَلَيْهِ بِفٰتِنِيْنَ ﴿۱۶۲﴾ اِلَّا مَنْ هُوَ صَالِ الْجَحِيْمِ ﴿۱۶۳﴾ وَمَا

| وَ مَا | تَعْبُدُوْنَ | مَا | اَنْتُمْ | عَلَيْهِ | بِفٰتِنِيْنَ | اِلَّا | مَنْ | هُوَ | صَالِ | الْجَحِيْمِ | وَ مَا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور جو | تم پوجتے ہو | نہیں | تم | اس پر/اسکے خلاف | بہکانے والے | مگر | اس کو جو | وہ | داخل ہونے والا | جہنم میں | اور نہیں |

اور جن کو تم پوجتے ہو، اللہ کے خلاف بہکا نہیں سکتے مگر اس کو جو جہنم میں جانے والا ہے۔ اور (فرشتے کہتے ہیں کہ)

مِنَّآ اِلَّا لَهٗ مَقَامٌ مَّعْلُوْمٌ ﴿۱۶۴﴾ وَّاِنَّا لَنَحْنُ الصَّآفُّوْنَ ﴿۱۶۵﴾ وَاِنَّا لَنَحْنُ الْمُسَبِّحُوْنَ ﴿۱۶۶﴾

| مِنَّا | اِلَّا | لَهٗ | مَقَامٌ | مَعْلُوْمٌ | وَ اِنَّا | لَنَحْنُ | الصَّآفُّوْنَ | وَ اِنَّا | لَنَحْنُ | الْمُسَبِّحُوْنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ہم میں سے کوئی | مگر | اس کے لیے | مقام | مقرر | اور بیشک ہم | البتہ ہم | صف بستہ رہتے ہیں | اور یقیناً ہم | البتہ ہم | پاکی بیان کرتے ہیں |

ہم میں سے ہر ایک کا ایک مقام مقرر ہے۔ اور ہم صف باندھے رہتے ہیں۔ اور ہم (خدائے) پاک (ذات کا) ذکر کرتے رہتے ہیں۔

وَاِنْ كَانُوْا لَيَقُوْلُوْنَ ﴿۱۶۷﴾ لَوْ اَنَّ عِنْدَنَا ذِكْرًا مِّنَ الْاَوَّلِيْنَ ﴿۱۶۸﴾ لَكُنَّا عِبَادَ اللّٰهِ

| وَ اِنْ | كَانُوْا | لَيَقُوْلُوْنَ | لَوْ اَنَّ | عِنْدَنَا | ذِكْرًا | مِنَ | الْاَوَّلِيْنَ | لَكُنَّا | عِبَادَ اللّٰهِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور بے شک | تھے | البتہ وہ کہتے | اگر یہ کہ ہوتا | ہمارے پاس | ذکر/کتاب | سے/کی | اگلے لوگوں | تو ضرور ہم ہوتے | بندے اللہ کے |

اور یہ لوگ کہا کرتے تھے کہ اگر ہمارے پاس اگلوں کی کوئی نصیحت (کی کتاب) ہوتی تو ہم اللہ کے

الْمُخْلَصِيْنَ ﴿۱۶۹﴾ فَكَفَرُوْا بِهٖ فَسَوْفَ يَعْلَمُوْنَ ﴿۱۷۰﴾ وَلَقَدْ سَبَقَتْ كَلِمَتُنَا لِعِبَادِنَا

| الْمُخْلَصِيْنَ | فَكَفَرُوْا | بِهٖ | فَسَوْفَ | يَعْلَمُوْنَ | وَ لَقَدْ | سَبَقَتْ | كَلِمَتُنَا | لِعِبَادِنَا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| خالص کیے ہوئے | پھر کفر کیا انہوں نے | اس کے ساتھ | پس عنقریب | وہ جان لیں گے | اور بیشک | پہلے ہو چکا | وعدہ ہمارا | ہمارے بندوں سے |

خالص بندے ہوتے۔ لیکن (اب) اس سے کفر کرتے ہیں، سو عنقریب ان کو (اس کا نتیجہ) معلوم ہو جائے گا۔ اور اپنے پیغام پہنچانے والے بندوں سے ہمارا

الْمُرْسَلِيْنَ ﴿١٧١﴾ اِنَّهُمْ لَهُمُ الْمَنْصُوْرُوْنَ ﴿١٧٢﴾ وَاِنَّ جُنْدَنَا لَهُمُ الْغٰلِبُوْنَ ﴿١٧٣﴾ فَتَوَلَّ

| الْمُرْسَلِيْنَ ❶ | اِنَّهُمْ | لَهُمُ | الْمَنْصُوْرُوْنَ | وَاِنَّ | جُنْدَنَا | لَهُمُ | الْغٰلِبُوْنَ | فَتَوَلَّ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| پیغام پہنچانے والے | بیشک وہ | البتہ وہی | مدد دیئے گئے | اور بیشک | ہمارا لشکر | البتہ وہی | غالب رہنے والے ہیں | پس منہ پھیر لیجئے |

وعدہ ہو چکا ہے۔ کہ وہی (مظفر و) منصور ہیں۔ اور ہمارا لشکر غالب رہے گا۔ تو ایک وقت تک

عَنْهُمْ حَتّٰى حِيْنٍ ﴿١٧٤﴾ وَّاَبْصِرْهُمْ فَسَوْفَ يُبْصِرُوْنَ ﴿١٧٥﴾ اَفَبِعَذَابِنَا يَسْتَعْجِلُوْنَ ﴿١٧٦﴾

| عَنْهُمْ | حَتّٰى | حِيْنٍ | وَاَبْصِرْهُمْ | فَسَوْفَ | يُبْصِرُوْنَ | اَفَبِعَذَابِنَا | يَسْتَعْجِلُوْنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ان سے | تک | ایک وقت | اور دیکھیے ان کو | پس عنقریب | وہ دیکھیں گے | کیا پس ہمارے عذاب کو | وہ جلدی طلب کر رہے ہیں |

ان سے اعراض کیے رہو۔ اور انہیں دیکھتے رہو، یہ بھی عنقریب (کفر کا انجام) دیکھ لیں گے۔ کیا یہ ہمارے عذاب کے لیے جلدی کر رہے ہیں؟

فَاِذَا نَزَلَ بِسَاحَتِهِمْ فَسَآءَ صَبَاحُ الْمُنْذَرِيْنَ ﴿١٧٧﴾ وَتَوَلَّ عَنْهُمْ حَتّٰى حِيْنٍ ﴿١٧٨﴾

| فَاِذَا | نَزَلَ | بِسَاحَتِهِمْ | فَسَآءَ | صَبَاحُ | الْمُنْذَرِيْنَ | وَتَوَلَّ | عَنْهُمْ | حَتّٰى | حِيْنٍ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| پس جب | وہ اترے گا | ان کے میدان میں | تو برا ہوگا | دن/صبح | ڈرائے گئے لوگوں کا | اور منہ پھیر لیجئے | ان سے | تک | ایک وقت |

مگر جب وہ ان کے میدان میں اترے گا تو جن کو ڈر سنا دیا گیا تھا، ان کے لیے برا دن ہوگا۔ اور ایک وقت تک اُن سے منہ پھیرے رہو

وَّاَبْصِرْ فَسَوْفَ يُبْصِرُوْنَ ﴿١٧٩﴾ سُبْحٰنَ رَبِّكَ رَبِّ الْعِزَّةِ عَمَّا يَصِفُوْنَ ﴿١٨٠﴾ وَسَلٰمٌ عَلَى

| وَاَبْصِرْ | فَسَوْفَ | يُبْصِرُوْنَ | سُبْحٰنَ | رَبِّكَ | رَبِّ | الْعِزَّةِ | عَمَّا | يَصِفُوْنَ | وَسَلٰمٌ | عَلَى |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور دیکھیے | پس عنقریب | وہ بھی دیکھیں گے | پاک ہے | آپ کا رب | مالک | عزت کا | اس سے جو | وہ بیان کرتے ہیں | اور سلام | پر |

اور دیکھتے رہو، یہ بھی عنقریب (نتیجہ) دیکھ لیں گے۔ یہ جو کچھ بیان کرتے ہیں تمہارا پروردگار جو صاحب عزت ہے، اس سے پاک ہے۔ اور پیغمبروں پر

الْمُرْسَلِيْنَ ﴿١٨١﴾ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿١٨٢﴾ ع ٥ ٤٤ ٩

| الْمُرْسَلِيْنَ | وَالْحَمْدُ | لِلّٰهِ | رَبِّ | الْعٰلَمِيْنَ |
|---|---|---|---|---|
| رسولوں | اور سب تعریف | اللہ کیلئے | رب | تمام جہانوں کا |

سلام۔ سب طرح کی تعریف اللہ رب العالمین کو (سزاوار) ہے۔

## سُوْرَةُ صٓ مَكِّيَّةٌ

آیاتها ٨٨ — رکوعاتها ٥

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

| صٓ | بِ | اِسْمِ | اللّٰهِ | الرَّحْمٰنِ | الرَّحِيْمِ |
|---|---|---|---|---|---|
| ص | ساتھ/سے | نام | اللہ کے | بے حد مہربان | نہایت رحم کرنے والا |

شروع اللہ کا نام لے کر جو بڑا مہربان، نہایت رحم والا ہے۔



❶ اصل معنی ہے: پیغام دے کر بھیجے ہوئے، مراد پیغمبر یا پیغام پہنچانے والے۔

صٓ وَ الْقُرْاٰنِ ذِی الذِّكْرِ (١) بَلِ الَّذِیْنَ كَفَرُوْا فِیْ عِزَّةٍ وَّ شِقَاقٍ (٢) كَمْ اَهْلَكْنَا

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| صٓ | وَ الْقُرْاٰنِ | ذِی الذِّكْرِ | بَلْ | الَّذِیْنَ | كَفَرُوْا | فِیْ | عِزَّةٍ | وَ شِقَاقٍ | كَمْ | اَهْلَكْنَا |
| صاد | قسم ہے قرآن کی | نصیحت دینے والا | بلکہ | وہ لوگ جنہوں نے | کفر کیا | میں | غرور | اور مخالفت | کتنی | ہلاک کیں ہم نے |

ص۔ قسم ہے قرآن کی جو نصیحت دینے والا ہے (کہ تم حق پر ہو)۔ مگر جو لوگ کافر ہیں وہ غرور اور مخالفت میں ہیں۔ ہم نے ان سے پہلے بہت سی

مِنْ قَبْلِهِمْ مِّنْ قَرْنٍ فَنَادَوْا وَّ لَاتَ حِیْنَ مَنَاصٍ (٣) وَ عَجِبُوْٓا اَنْ جَآءَهُمْ مُّنْذِرٌ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مِنْ قَبْلِهِمْ | مِنْ قَرْنٍ | فَنَادَوْا | وَ لَاتَ | حِیْنَ | مَنَاصٍ | وَ عَجِبُوْٓا | اَنْ | جَآءَهُمْ | مُنْذِرٌ |
| ان سے پہلے | امتیں | پس فریاد کی انہوں نے | اور نہیں تھا | وہ وقت | رہائی کا | اور تعجب کیا انہوں نے | کہ | آیا ان کے پاس | متنبہ کرنے والا |

امتوں کو ہلاک کر دیا تو وہ (عذاب کے وقت) لگے فریاد کرنے اور وہ رہائی کا وقت نہیں تھا۔ اور انہوں نے تعجب کیا کہ ان کے پاس ان ہی میں سے ہدایت کرنے

مِّنْهُمْ ۡ وَ قَالَ الْكٰفِرُوْنَ هٰذَا سٰحِرٌ كَذَّابٌ (٤) اَجَعَلَ الْاٰلِهَةَ اِلٰهًا وَّاحِدًا ۚ اِنَّ هٰذَا

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مِنْهُمْ | وَ قَالَ | الْكٰفِرُوْنَ | هٰذَا | سٰحِرٌ | كَذَّابٌ | اَجَعَلَ | الْاٰلِهَةَ | اِلٰهًا | وَاحِدًا | اِنَّ | هٰذَا |
| ان میں سے | اور کہا | کافروں نے | یہ | جادوگر ہے | بڑا جھوٹا | کیا اس نے بنا دیا | معبودوں کو | معبود | ایک | بے شک | یہ |

والا آیا، اور کافر کہنے لگے کہ یہ تو جادوگر ہے جھوٹا۔ کیا اس نے اتنے معبودوں کی جگہ ایک ہی معبود بنا دیا؟ یہ تو

لَشَیْءٌ عُجَابٌ (٥) وَ انْطَلَقَ الْمَلَاُ مِنْهُمْ اَنِ امْشُوْا وَ اصْبِرُوْا عَلٰۤی اٰلِهَتِكُمْ ۚ اِنَّ هٰذَا

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| لَشَیْءٌ | عُجَابٌ | وَ انْطَلَقَ | الْمَلَاُ | مِنْهُمْ | اَنْ | اِمْشُوْا | وَ اصْبِرُوْا | عَلٰی | اٰلِهَتِكُمْ | اِنَّ | هٰذَا |
| چیز/بات | بڑی عجیب | اور چل پڑے | سردار | ان میں سے | کہ | چلو | اور قائم رہو | پر | اپنے معبودوں | بے شک | یہ |

بڑی عجیب بات ہے۔ تو ان میں جو معزز تھے وہ چل کھڑے ہوئے (اور بولے) کہ چلو اور اپنے معبودوں (کی پوجا) پر قائم رہو۔ بے شک یہ

لَشَیْءٌ یُّرَادُ (٦) مَا سَمِعْنَا بِهٰذَا فِی الْمِلَّةِ الْاٰخِرَةِ ۚ اِنْ هٰذَاۤ اِلَّا اخْتِلَاقٌ (٧) ءَاُنْزِلَ

| | | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| لَشَیْءٌ | یُرَادُ | مَا | سَمِعْنَا | بِهٰذَا | فِیْ | الْمِلَّةِ | الْاٰخِرَةِ | اِنْ | هٰذَا | اِلَّا | اِخْتِلَاقٌ | ءَاُنْزِلَ |
| ایک بات ہے | جس سے کچھ غرض رکھی گئی ہے | نہیں | سنا ہم نے | اس کو | میں | مذہب | کسی دوسرے | نہیں | یہ | مگر | بنائی ہوئی بات | کیا نازل کیا گیا |

ایسی بات ہے جس سے (تم پر شرف و فضیلت) مقصود ہے۔ یہ پچھلے مذہب میں ہم نے کبھی سنی ہی نہیں۔ یہ بالکل بنائی ہوئی بات ہے۔ کیا ہم سب میں سے

عَلَیْهِ الذِّكْرُ مِنْۢ بَیْنِنَا ؕ بَلْ هُمْ فِیْ شَكٍّ مِّنْ ذِكْرِیْ ۚ بَلْ لَّمَّا یَذُوْقُوْا عَذَابِ (٨) ؕ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| عَلَیْهِ | الذِّكْرُ | مِنْۢ بَیْنِنَا | بَلْ | هُمْ | فِیْ شَكٍّ | مِنْ ذِكْرِیْ | بَلْ | لَمَّا | یَذُوْقُوْا | عَذَابِ |
| اسی پر | ذکر | ہمارے درمیان میں سے | بلکہ | وہ | شک میں | میری یاد سے | بلکہ | ابھی تک نہیں | چکھا انہوں نے | میرا عذاب |

اسی پر نصیحت (کی کتاب) اتری ہے؟ (نہیں) بلکہ یہ میری نصیحت (کی کتاب) سے شک میں ہیں۔ بلکہ انہوں نے ابھی میرے عذاب کا مزہ نہیں چکھا۔

اَمْ عِنْدَهُمْ خَزَآئِنُ رَحْمَةِ رَبِّكَ الْعَزِيْزِ الْوَهَّابِ ۹ اَمْ لَهُمْ مُّلْكُ السَّمٰوٰتِ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اَمْ | عِنْدَهُمْ | خَزَآئِنُ | رَحْمَةِ | رَبِّكَ | الْعَزِيْزِ | الْوَهَّابِ | اَمْ | لَهُمْ | مُلْكُ | السَّمٰوٰتِ |
| کیا/یا | ان کے پاس | خزانے | رحمت کے | آپ کے رب کی | غالب | بہت عطا کرنے والا | یا | ان کیلئے | بادشاہی ہے | آسمانوں |

کیا ان کے پاس تمہارے پروردگار کی رحمت کے خزانے ہیں جو غالب (اور) بہت عطا کرنے والا ہے یا آسمانوں اور زمین اور جو کچھ ان میں ہے

وَالْاَرْضِ وَمَا بَيْنَهُمَا ۣ فَلْيَرْتَقُوْا فِي الْاَسْبَابِ ۱۰ جُنْدٌ مَّا هُنَالِكَ مَهْزُوْمٌ مِّنَ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ الْاَرْضِ | وَ مَا | بَيْنَهُمَا | فَلْيَرْتَقُوْا | فِي الْاَسْبَابِ | جُنْدٌ | مَا ② | هُنَالِكَ | مَهْزُوْمٌ | مِنَ |
| اور زمین کی | اور جو | ان دونوں کے درمیان ہے | پس چاہیے کہ وہ چڑھ جائیں | رسیوں کے ذریعے ① | ایک لشکر | چھوٹا سا | یہاں | شکست خوردہ | سے |

ان (سب) پر ان ہی کی حکومت ہے؟ تو چاہیے کہ رسیاں تان کر (آسمانوں پر) چڑھ جائیں۔ یہاں شکست کھائے ہوئے گروہوں میں سے یہ بھی

الْاَحْزَابِ ۱۱ كَذَّبَتْ قَبْلَهُمْ قَوْمُ نُوْحٍ وَّعَادٌ وَّفِرْعَوْنُ ذُو الْاَوْتَادِ ۱۲ وَثَمُوْدُ

| | | | | | | | | |
| یہی | وہ لوگ کہ | ہدایت دی ان کو | اللہ نے | اور یہی لوگ | وہ | عقل والے ہیں | بھلا وہ شخص کہ | حق ہے/ثابت ہوئی | جس پر | بات |

یہی وہ لوگ ہیں جن کو اللہ نے ہدایت دی اور یہی عقل والے ہیں۔ بھلا جس شخص پر عذاب کا حکم صادر

الْعَذَابِ ط اَفَاَنْتَ تُنْقِذُ مَنْ فِي النَّارِ ﴿١٩﴾ لٰكِنِ الَّذِيْنَ اتَّقَوْا رَبَّهُمْ لَهُمْ غُرَفٌ مِّنْ

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الْعَذَابِ | اَفَاَنْتَ | تُنْقِذُ | مَنْ | فِي النَّارِ | لٰكِنِ | الَّذِيْنَ | اتَّقَوْا | رَبَّهُمْ | لَهُمْ | غُرَفٌ | مِنْ |
| عذاب کی | توکیا آپ | چھڑالیں گے | اسکو جو | آگ میں | لیکن | جولوگ | ڈرتے ہیں | اپنے رب سے | ان کے لیے | اونچے محل | سے |

ہو چکا، تو کیا تم (ایسے) دوزخی کو مخلصی دے سکو گے؟ لیکن جو لوگ اپنے پروردگار سے ڈرتے ہیں ان کے لیے اونچے اونچے محل ہیں

فَوْقِهَا غُرَفٌ مَّبْنِيَّةٌ ۙ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ ط وَعْدَ اللّٰهِ ط لَا يُخْلِفُ اللّٰهُ الْمِيْعَادَ ﴿٢٠﴾

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| فَوْقِهَا | غُرَفٌ | مَبْنِيَّةٌ | تَجْرِيْ | مِنْ تَحْتِهَا | الْاَنْهٰرُ | وَعْدَ اللّٰهِ | لَا يُخْلِفُ | اللّٰهُ | الْمِيْعَادَ |
| اوپر ان کے | بالاخانے | بنے ہوئے | بہتی ہیں | ان کے نیچے سے | نہریں | وعدہ اللہ کا | نہیں خلاف کرتا | اللہ | وعدے کے |

جن کے اوپر بالاخانے بنے ہوئے ہیں (اور) ان کے نیچے نہریں بہہ رہی ہیں۔ (یہ) اللہ کا وعدہ ہے۔ اللہ وعدے کے خلاف نہیں کرتا۔

اَلَمْ تَرَ اَنَّ اللّٰهَ اَنْزَلَ مِنَ السَّمَآءِ مَآءً فَسَلَكَهٗ يَنَابِيْعَ فِي الْاَرْضِ ثُمَّ يُخْرِجُ بِهٖ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اَلَمْ تَرَ | اَنَّ اللّٰهَ | اَنْزَلَ | مِنَ السَّمَآءِ | مَآءً | فَسَلَكَهٗ | يَنَابِيْعَ | فِي الْاَرْضِ | ثُمَّ | يُخْرِجُ | بِهٖ |
| کیا نہیں تو نے دیکھا | یہ کہ اللہ | نازل کرتا ہے | آسمان سے | پانی | پھر چلاتا ہے اس کو | چشمے بنا کر | زمین میں | پھر | نکالتا ہے | اسکے ساتھ |

کیا تم نے نہیں دیکھا کہ اللہ آسمان سے پانی نازل کرتا پھر اس کو زمین میں چشمے بنا کر جاری کرتا پھر اس سے کھیتی اگاتا ہے

زَرْعًا مُّخْتَلِفًا اَلْوَانُهٗ ثُمَّ يَهِيْجُ فَتَرٰىهُ مُصْفَرًّا ثُمَّ يَجْعَلُهٗ حُطَامًا ط اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| زَرْعًا | مُخْتَلِفًا | اَلْوَانُهٗ | ثُمَّ | يَهِيْجُ | فَتَرٰىهُ | مُصْفَرًّا | ثُمَّ | يَجْعَلُهٗ | حُطَامًا | اِنَّ | فِيْ ذٰلِكَ |
| کھیتی | مختلف | اس کے رنگ | پھر | وہ خشک ہوجاتی ہے | پھر تو اسکو دیکھتا ہے | زرد | پھر | وہ کردیتا ہے اسکو | چوراچورا | بیشک | اس میں |

جس کے طرح طرح کے رنگ ہوتے ہیں، پھر وہ خشک ہوجاتی ہے تو تم اس کو دیکھتے ہو (کہ) زرد (ہو گئی ہے) پھر اسے چوراچورا کر دیتا ہے۔ بیشک اس میں

ع ۲/۱۲ ۱۶

لَذِكْرٰى لِاُولِي الْاَلْبَابِ ﴿۲۱﴾ اَفَمَنْ شَرَحَ اللّٰهُ صَدْرَهٗ لِلْاِسْلَامِ فَهُوَ عَلٰى نُوْرٍ مِّنْ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| لَذِكْرٰى | لِاُولِي الْاَلْبَابِ | اَفَمَنْ | شَرَحَ | اللّٰهُ | صَدْرَهٗ | لِلْاِسْلَامِ | فَهُوَ | عَلٰى نُوْرٍ | مِنْ |
| البتہ نصیحت ہے | عقل والوں کے لیے | بھلا وہ شخص کہ | کھول دیا | اللہ نے | سینہ اس کا | اسلام کیلئے | پس وہ | نور پر ہے | طرف سے |

عقل والوں کیلئے نصیحت ہے۔ بھلا جس شخص کا سینہ اللہ نے اسلام کیلئے کھول دیا ہو اور وہ اپنے پروردگار کی طرف سے روشنی پر ہو (تو کیا وہ سخت دل کافر کی

رَّبِّهٖ ؕ فَوَيْلٌ لِّلْقٰسِيَةِ قُلُوْبُهُمْ مِّنْ ذِكْرِ اللّٰهِ ؕ اُولٰٓئِكَ فِيْ ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ ﴿۲۲﴾ اَللّٰهُ نَزَّلَ

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| رَبِّهٖ | فَوَيْلٌ | لِلْقٰسِيَةِ | قُلُوْبُهُمْ | مِنْ ذِكْرِ | اللّٰهِ | اُولٰٓئِكَ | فِيْ | ضَلٰلٍ | مُبِيْنٍ | اَللّٰهُ | نَزَّلَ |
| اپنے رب کی | پس افسوس | ان کیلئے کہ سخت ہیں | دل جن کے | یاد سے | اللہ کی | یہی لوگ ہیں | میں | گمراہی | صریح | اللہ نے | نازل فرمائی |

طرح ہوسکتا ہے)؟ پس ان پر افسوس ہے جن کے دل اللہ کی یاد سے سخت ہو رہے ہیں اور یہی لوگ صریح گمراہی میں ہیں۔ اللہ نے نہایت اچھی باتیں

اَحْسَنَ الْحَدِيْثِ كِتٰبًا مُّتَشَابِهًا مَّثَانِيَ ۖۗ تَقْشَعِرُّ مِنْهُ جُلُوْدُ الَّذِيْنَ يَخْشَوْنَ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اَحْسَنَ | الْحَدِيْثِ | كِتٰبًا | مُتَشَابِهًا | مَثَانِيَ | تَقْشَعِرُّ | مِنْهُ | جُلُوْدُ | الَّذِيْنَ | يَخْشَوْنَ |
| بہت اچھی | بات/کلام | کتاب | باہم ملتی جلتی | دہرائی جانے والی | رونگٹے کھڑے ہوجاتے ہیں | اس سے | جلدوں/بدنوں کے | ان لوگوں کے جو | ڈرتے ہیں |

نازل فرمائی ہیں (یعنی) کتاب (جس کی آیتیں باہم) ملتی جلتی (ہیں) اور دہرائی جاتی (ہیں)۔ جو لوگ اپنے پروردگار سے ڈرتے ہیں ان کے بدن کے (اس

رَبَّهُمْ ۚ ثُمَّ تَلِيْنُ جُلُوْدُهُمْ وَقُلُوْبُهُمْ اِلٰى ذِكْرِ اللّٰهِ ؕ ذٰلِكَ هُدَى اللّٰهِ يَهْدِيْ بِهٖ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| رَبَّهُمْ | ثُمَّ | تَلِيْنُ | جُلُوْدُهُمْ | وَقُلُوْبُهُمْ | اِلٰى | ذِكْرِ اللّٰهِ | ذٰلِكَ | هُدَى اللّٰهِ | يَهْدِيْ | بِهٖ |
| اپنے رب سے | پھر | نرم ہوجاتی ہیں | انکی جلدیں | اور انکے دل | طرف | ذکر اللہ کے | یہ | ہدایت ہے اللہ کی | ہدایت دیتا ہے | اس کے ساتھ |

سے) رونگٹے کھڑے ہوجاتے ہیں، پھر ان کے بدن اور دل نرم (ہوکر) اللہ کی یاد کی طرف (متوجہ) ہوجاتے ہیں۔ یہی اللہ کی ہدایت ہے، وہ اس سے جس کو چاہتا

مَنْ يَّشَآءُ ؕ وَمَنْ يُّضْلِلِ اللّٰهُ فَمَا لَهٗ مِنْ هَادٍ ﴿۲۳﴾ اَفَمَنْ يَّتَّقِيْ بِوَجْهِهٖ سُوْٓءَ الْعَذَابِ

| | | | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مَنْ | يَشَآءُ | وَمَنْ | يُضْلِلْ | اللّٰهُ | فَمَا | لَهٗ | مِنْ | هَادٍ | اَفَمَنْ | يَتَّقِيْ | بِوَجْهِهٖ | سُوْٓءَ | الْعَذَابِ |
| جس کو | چاہتا ہے | اور جس کو | گمراہ کردے | اللہ | پس نہیں | اس کیلئے | کوئی | ہدایت دینے والا | بھلا جو شخص | روکتا ہو | اپنے منہ سے | برا | عذاب |

ہے ہدایت دیتا ہے۔ اور جس کو اللہ گمراہ کرے اس کو کوئی ہدایت دینے والا نہیں۔ بھلا جو شخص قیامت کے دن اپنے منہ سے برے عذاب کو روکتا ہو (کیا وہ ویسا

يَوْمَ الْقِيٰمَةِ ؕ وَقِيْلَ لِلظّٰلِمِيْنَ ذُوْقُوْا مَا كُنْتُمْ تَكْسِبُوْنَ ﴿۲۴﴾ كَذَّبَ الَّذِيْنَ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| يَوْمَ | الْقِيٰمَةِ | وَقِيْلَ | لِلظّٰلِمِيْنَ | ذُوْقُوْا | مَا | كُنْتُمْ | تَكْسِبُوْنَ | كَذَّبَ | الَّذِيْنَ |
| دن | قیامت کے | اور کہا جائے گا | ظالموں سے | چکھو | جو | تھے تم | کماتے | جھٹلایا | ان لوگوں نے جو |

ہوسکتا ہے جو چین میں ہو)؟ اور ظالموں سے کہا جائے گا کہ جو کچھ تم کرتے رہے تھے اس کے مزے چکھو۔ جو لوگ ان سے پہلے تھے

مِنْ قَبْلِهِمْ فَاَتٰىهُمُ الْعَذَابُ مِنْ حَيْثُ لَا يَشْعُرُوْنَ ﴿٢٥﴾ فَاَذَاقَهُمُ اللّٰهُ الْخِزْيَ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مِنْ قَبْلِهِمْ | فَاَتٰىهُمُ | الْعَذَابُ | مِنْ حَيْثُ | لَا يَشْعُرُوْنَ | فَاَذَاقَهُمُ | اللّٰهُ | الْخِزْيَ |
| ان سے پہلے تھے | پس آگیا ان پر | عذاب | جہاں سے | نہیں وہ شعور رکھتے تھے | پس چکھائی ان کو | اللہ نے | رسوائی |

انہوں نے بھی تکذیب کی تھی تو ان پر عذاب ایسی جگہ سے آ گیا کہ ان کو خبر ہی نہ تھی۔ پھر ان کو اللہ نے دنیا کی زندگی میں

فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ۚ وَلَعَذَابُ الْاٰخِرَةِ اَكْبَرُ ۘ لَوْ كَانُوْا يَعْلَمُوْنَ ﴿٢٦﴾ وَلَقَدْ ضَرَبْنَا وقف لازم

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| فِي الْحَيٰوةِ | الدُّنْيَا | وَلَعَذَابُ | الْاٰخِرَةِ | اَكْبَرُ | لَوْ | كَانُوْا | يَعْلَمُوْنَ | وَلَقَدْ | ضَرَبْنَا |
| زندگی میں | دنیا کی | اور یقیناً عذاب | آخرت کا | بہت بڑا ہے | کاش | ہوتے | وہ جانتے | اور بیشک | بیان کی ہم نے |

رسوائی کا مزہ چکھا دیا اور آخرت کا عذاب تو بہت بڑا ہے، کاش یہ سمجھ رکھتے۔ اور ہم نے لوگوں کے (سمجھانے کے) لیے

لِلنَّاسِ فِيْ هٰذَا الْقُرْاٰنِ مِنْ كُلِّ مَثَلٍ لَّعَلَّهُمْ يَتَذَكَّرُوْنَ ﴿٢٧﴾ قُرْاٰنًا عَرَبِيًّا غَيْرَ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| لِلنَّاسِ | فِيْ | هٰذَا | الْقُرْاٰنِ | مِنْ كُلِّ | مَثَلٍ | لَعَلَّهُمْ | يَتَذَكَّرُوْنَ | قُرْاٰنًا | عَرَبِيًّا | غَيْرَ |
| لوگوں کے لیے | میں | اس | قرآن | ہر قسم کی | مثال | تاکہ وہ | نصیحت پکڑیں | قرآن | عربی | نہیں |

اس قرآن میں ہر طرح کی مثالیں بیان کی ہیں تاکہ وہ نصیحت پکڑیں۔ (یہ) قرآن عربی (ہے) جس میں

ذِيْ عِوَجٍ لَّعَلَّهُمْ يَتَّقُوْنَ ﴿٢٨﴾ ضَرَبَ اللّٰهُ مَثَلًا رَّجُلًا فِيْهِ شُرَكَآءُ مُتَشٰكِسُوْنَ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ذِيْ | عِوَجٍ | لَعَلَّهُمْ | يَتَّقُوْنَ | ضَرَبَ اللّٰهُ | مَثَلًا | رَجُلًا | فِيْهِ | شُرَكَآءُ | مُتَشٰكِسُوْنَ |
| والا | عیب | تاکہ وہ | ڈریں | بیان کی اللہ نے | مثال | ایک شخص ہے | اس میں | شریک ہیں | بدخو/باہم جھگڑالو |

کوئی عیب (اور اختلاف) نہیں تاکہ وہ ڈر مانیں۔ اللہ ایک مثال بیان کرتا ہے کہ ایک شخص ہے جس میں کئی (آدمی) شریک ہیں (مختلف المزاج اور) بدخو،

وَرَجُلًا سَلَمًا لِّرَجُلٍ ۭ هَلْ يَسْتَوِيٰنِ مَثَلًا ۭ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ ۚ بَلْ اَكْثَرُهُمْ لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿٢٩﴾

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَرَجُلًا | سَلَمًا | لِرَجُلٍ | هَلْ | يَسْتَوِيٰنِ | مَثَلًا | اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ | بَلْ | اَكْثَرُهُمْ | لَا يَعْلَمُوْنَ |
| اور ایک شخص ہے | سالم | ایک شخص کیلئے | کیا | دونوں برابر ہیں | حالت/مثال میں | تمام تعریف اللہ کیلئے | بلکہ | اکثر ان میں | نہیں جانتے |

اور ایک آدمی خاص ایک شخص کا (غلام) ہے۔ بھلا دونوں کی حالت برابر ہے؟ (نہیں) الحمدللہ، بلکہ یہ اکثر لوگ نہیں جانتے۔

ع ٣ ١٧ اِنَّكَ مَيِّتٌ وَّاِنَّهُمْ مَّيِّتُوْنَ ﴿٣٠﴾ ثُمَّ اِنَّكُمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ عِنْدَ رَبِّكُمْ تَخْتَصِمُوْنَ ﴿٣١﴾

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اِنَّكَ | مَيِّتٌ | وَاِنَّهُمْ | مَيِّتُوْنَ | ثُمَّ | اِنَّكُمْ | يَوْمَ الْقِيٰمَةِ | عِنْدَ | رَبِّكُمْ | تَخْتَصِمُوْنَ |
| بیشک آپ | مرنے والے ہیں | اور بیشک وہ | مرنے والے ہیں | پھر | بیشک تم | دن قیامت کے | سامنے | اپنے رب کے | جھگڑو گے |

(اے پیغمبرؐ!) تم بھی مرجاؤ گے اور یہ بھی مرجائیں گے۔ پھر تم سب قیامت کے دن اپنے پروردگار کے سامنے جھگڑو گے (اور جھگڑا فیصل کردیا جائے گا)۔

فَمَنْ اَظْلَمُ مِمَّنْ كَذَبَ عَلَى اللّٰهِ وَ كَذَّبَ بِالصِّدْقِ اِذْ جَآءَهٗ ؕ اَلَيْسَ فِيْ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| فَمَنْ | اَظْلَمُ | مِمَّنْ | كَذَبَ | عَلَى اللّٰهِ | وَ كَذَّبَ | بِالصِّدْقِ | اِذْ | جَآءَهٗ | اَلَيْسَ | فِيْ |
| پس کون | زیادہ ظالم ہے | اس سے جو | جھوٹ بولے | اللہ پر | اور جھٹلائے | سچائی کو | جب | آئے اس کے پاس | کیا نہیں ہے | میں |

تو اس سے بڑھ کر ظالم کون جو اللہ پر جھوٹ بولے اور سچی بات جب اس کے پاس پہنچ جائے تو اسے جھٹلائے۔ کیا جہنم میں

جَهَنَّمَ مَثْوًى لِّلْكٰفِرِيْنَ ۳۲ وَ الَّذِيْ جَآءَ بِالصِّدْقِ وَ صَدَّقَ بِهٖۤ اُولٰٓئِكَ هُمُ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| جَهَنَّمَ | مَثْوًى | لِلْكٰفِرِيْنَ | وَ الَّذِيْ | جَآءَ | بِالصِّدْقِ | وَ صَدَّقَ | بِهٖ | اُولٰٓئِكَ | هُمُ |
| جہنم | ٹھکانا | کافروں کے لیے | اور وہ جو | آیا | سچائی کے ساتھ | اور جس نے تصدیق کی | اس کی | یہی لوگ | وہ |

کافروں کا ٹھکانا نہیں ہے؟ اور جو شخص سچی بات لے کر آیا اور جس نے اس کی تصدیق کی وہی لوگ

الْمُتَّقُوْنَ ۳۳ لَهُمْ مَّا يَشَآءُوْنَ عِنْدَ رَبِّهِمْ ؕ ذٰلِكَ جَزٰٓؤُا الْمُحْسِنِيْنَ ۳۴ ۚ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الْمُتَّقُوْنَ | لَهُمْ | مَا | يَشَآءُوْنَ | عِنْدَ | رَبِّهِمْ | ذٰلِكَ | جَزٰٓؤُا | الْمُحْسِنِيْنَ |
| متقی ہیں | ان کے لیے | جو | وہ چاہیں گے | پاس | ان کے رب کے | یہ | بدلہ ہے | نیکوکاروں کا |

متقی ہیں۔ وہ جو چاہیں گے ان کے لیے ان کے پروردگار کے پاس (موجود) ہے، نیکوکاروں کا یہی بدلہ ہے۔

لِيُكَفِّرَ اللّٰهُ عَنْهُمْ اَسْوَاَ الَّذِيْ عَمِلُوْا وَ يَجْزِيَهُمْ اَجْرَهُمْ بِاَحْسَنِ الَّذِيْ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| لِيُكَفِّرَ | اللّٰهُ | عَنْهُمْ | اَسْوَاَ | الَّذِيْ | عَمِلُوْا | وَ يَجْزِيَهُمْ | اَجْرَهُمْ | بِاَحْسَنِ | الَّذِيْ |
| تاکہ دور کردے | اللہ | ان سے | بدترین/برائیاں | وہ جو | کیں انہوں نے | اور بدلہ میں دے ان کو | ان کا اجر/ثواب | بہترین/اچھے کاموں کا | وہ جو |

تاکہ اللہ ان سے برائیوں کو جو انہوں نے کیں دور کر دے اور نیک کاموں کا جو وہ کرتے رہے ان کو

كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ۳۵ اَلَيْسَ اللّٰهُ بِكَافٍ عَبْدَهٗ ؕ وَ يُخَوِّفُوْنَكَ بِالَّذِيْنَ مِنْ دُوْنِهٖ ؕ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| كَانُوْا | يَعْمَلُوْنَ | اَلَيْسَ | اللّٰهُ | بِكَافٍ | عَبْدَهٗ | وَ يُخَوِّفُوْنَكَ | بِالَّذِيْنَ | مِنْ دُوْنِهٖ |
| تھے | وہ کرتے | کیا نہیں | اللہ | کافی | اپنے بندے کو | اور وہ خوف دلاتے ہیں آپ کو | ان لوگوں سے جو | اس کے سوا ہیں |

بدلہ دے۔ کیا اللہ اپنے بندوں کو کافی نہیں؟ اور یہ تم کو ان لوگوں سے جو اس کے سوا ہیں (یعنی غیر اللہ سے) ڈراتے ہیں۔

وَ مَنْ يُّضْلِلِ اللّٰهُ فَمَا لَهٗ مِنْ هَادٍ ۳۶ ۚ وَ مَنْ يَّهْدِ اللّٰهُ فَمَا لَهٗ مِنْ مُّضِلٍّ ؕ

| | | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ مَنْ | يُضْلِلِ | اللّٰهُ | فَمَا | لَهٗ | مِنْ | هَادٍ | وَ مَنْ | يَهْدِ اللّٰهُ | فَمَا | لَهٗ | مِنْ | مُضِلٍّ |
| اور جس کو | گمراہ کرے | اللہ | پس نہیں | اس کیلئے | کوئی | ہدایت دینے والا | اور جس کو | ہدایت دے اللہ | پس نہیں | اس کو | کوئی | گمراہ کرنے والا |

اور جس کو اللہ گمراہ کرے اسے کوئی ہدایت دینے والا نہیں۔ اور جس کو اللہ ہدایت دے اس کو کوئی گمراہ کرنے والا نہیں۔

اَلَيْسَ اللّٰهُ بِعَزِيْزٍ ذِي انْتِقَامٍ ۝٣٧ وَ لَئِنْ سَاَلْتَهُمْ مَّنْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اَلَيْسَ | اللّٰهُ | بِعَزِيْزٍ | ذِيْ | اِنْتِقَامٍ | وَ لَئِنْ | سَاَلْتَهُمْ | مَنْ | خَلَقَ | السَّمٰوٰتِ |
| کیا نہیں | اللہ | غالب | والا | انتقام | اور اگر | آپ سوال کریں ان سے | کس نے | پیدا کیا | آسمانوں کو |

کیا اللہ غالب (اور) بدلہ لینے والا نہیں ہے؟ اور اگر تم ان سے پوچھو کہ آسمانوں اور زمین کو

وَ الْاَرْضَ لَيَقُوْلُنَّ اللّٰهُ ؕ قُلْ اَفَرَءَيْتُمْ مَّا تَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ اِنْ اَرَادَنِيَ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ الْاَرْضَ | لَيَقُوْلُنَّ | اللّٰهُ | قُلْ | اَفَرَءَيْتُمْ | مَا | تَدْعُوْنَ | مِنْ دُوْنِ | اللّٰهِ | اِنْ | اَرَادَنِيَ |
| اور زمین کو | یقیناً وہ ضرور کہیں گے | اللہ نے | کہہ دیجئے | تو کیا دیکھا تم نے | جو | تم پکارتے ہو | سوائے | اللہ کے | اگر | ارادہ کرے میرے ساتھ |

کس نے پیدا کیا تو کہہ دیں کہ اللہ نے۔ کہو کہ بھلا دیکھو تو جن کو تم اللہ کے سوا پکارتے ہو اگر اللہ مجھ کو کوئی تکلیف پہنچانی

اللّٰهُ بِضُرٍّ هَلْ هُنَّ كٰشِفٰتُ ضُرِّهٖۤ اَوْ اَرَادَنِيْ بِرَحْمَةٍ هَلْ هُنَّ مُمْسِكٰتُ رَحْمَتِهٖ ؕ

| | | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اللّٰهُ | بِضُرٍّ | هَلْ | هُنَّ | كٰشِفٰتُ | ضُرِّهٖ | اَوْ | اَرَادَنِيْ | بِرَحْمَةٍ | هَلْ | هُنَّ | مُمْسِكٰتُ | رَحْمَتِهٖ |
| اللہ | تکلیف کا | کیا | وہ | دور کرنے والے | اسکی تکلیف کو | یا | ارادہ کرے میرے ساتھ | رحمت کا | کیا | وہ سب | روکنے والے ہیں | اسکی رحمت |

چاہے تو کیا وہ اس تکلیف کو دور کرسکتے ہیں یا اگر مجھ پر مہربانی کرنا چاہے تو وہ اس کی مہربانی کو روک سکتے ہیں؟

قُلْ حَسْبِيَ اللّٰهُ ؕ عَلَيْهِ يَتَوَكَّلُ الْمُتَوَكِّلُوْنَ ۝٣٨ قُلْ يٰقَوْمِ اعْمَلُوْا عَلٰى

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| قُلْ | حَسْبِيَ | اللّٰهُ | عَلَيْهِ | يَتَوَكَّلُ | الْمُتَوَكِّلُوْنَ | قُلْ | يٰقَوْمِ | اِعْمَلُوْا | عَلٰى |
| کہہ دیجئے | مجھے کافی ہے | اللہ | اسی پر | بھروسا کرتے ہیں | بھروسا کرنے والے | کہہ دیجئے | اے میری قوم | عمل کرو | پر |

کہہ دو کہ مجھے اللہ ہی کافی ہے۔ بھروسا رکھنے والے اسی پر بھروسا رکھتے ہیں۔ کہہ دو کہ اے قوم تم اپنی جگہ عمل کیے

مَكَانَتِكُمْ اِنِّيْ عَامِلٌ ۚ فَسَوْفَ تَعْلَمُوْنَ ۝٣٩ مَنْ يَّاْتِيْهِ عَذَابٌ يُّخْزِيْهِ وَ يَحِلُّ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مَكَانَتِكُمْ | اِنِّيْ | عَامِلٌ | فَسَوْفَ | تَعْلَمُوْنَ | مَنْ | يَاْتِيْهِ | عَذَابٌ | يُخْزِيْهِ | وَ يَحِلُّ |
| اپنی جگہ | بیشک میں (بھی) | عمل کرنے والا ہوں | پس عنقریب | تم جان لوگے | کس/کون ہے | آتا ہے اس پر | عذاب | رسوا کرے گا اسکو | اور اترتا ہے |

جاؤ، میں (اپنی جگہ) عمل کیے جاتا ہوں، عنقریب تم کو معلوم ہو جائے گا کہ کس پر عذاب آتا ہے جو اس کو رسوا کرے گا اور کس پر

عَلَيْهِ عَذَابٌ مُّقِيْمٌ ۝٤٠ اِنَّآ اَنْزَلْنَا عَلَيْكَ الْكِتٰبَ لِلنَّاسِ بِالْحَقِّ ۚ فَمَنِ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| عَلَيْهِ | عَذَابٌ | مُقِيْمٌ | اِنَّا | اَنْزَلْنَا | عَلَيْكَ | الْكِتٰبَ | لِلنَّاسِ | بِالْحَقِّ | فَمَنِ |
| اس پر | عذاب | ہمیشہ کا | بے شک | ہم نے نازل کی | آپ پر | کتاب | لوگوں کے لیے | حق کے ساتھ | پس جو |

59

ہمیشہ کا عذاب نازل ہوتا ہے۔ ہم نے تم پر کتاب لوگوں (کی ہدایت) کے لیے سچائی کے ساتھ نازل کی ہے۔ تو جو شخص

اهْتَدٰى فَلِنَفْسِهٖ ۚ وَ مَنْ ضَلَّ فَاِنَّمَا يَضِلُّ عَلَيْهَا ۚ وَ مَآ اَنْتَ عَلَيْهِمْ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اِهْتَدٰى | فَلِنَفْسِهٖ | وَ مَنْ | ضَلَّ | فَاِنَّمَا | يَضِلُّ | عَلَيْهَا | وَ مَا | اَنْتَ | عَلَيْهِمْ |
| ہدایت پاتا ہے | تو خود اپنے لیے | اور جو | گمراہ ہوتا ہے | تو صرف | گمراہ ہوتا ہے | اس (نفس) کیخلاف/اپنے لیے | اور نہیں | آپ | ان پر |

ہدایت پاتا ہے تو اپنے (بھلے کے) لیے۔ اور جو گمراہ ہوتا ہے تو گمراہی سے اپنا ہی نقصان کرتا ہے۔ اور (اے پیغمبرؐ) تم ان کے ذمہ دار

ع ٤ / ١ بِوَكِيْلٍ ﴿٤١﴾ اَللّٰهُ يَتَوَفَّى الْاَنْفُسَ حِيْنَ مَوْتِهَا وَ الَّتِيْ لَمْ تَمُتْ فِيْ مَنَامِهَا ۚ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بِوَكِيْلٍ | اَللّٰهُ | يَتَوَفّٰى | الْاَنْفُسَ | حِيْنَ | مَوْتِهَا | وَ الَّتِيْ | لَمْ تَمُتْ | فِيْ مَنَامِهَا |
| داروغہ/ذمہ دار | اللہ | قبض کرتا ہے | جانیں/روحیں | وقت | ان کی موت کے | اور وہ جو | نہیں مرے | ان کی نیند میں |

نہیں ہو۔ اللہ لوگوں کے مرنے کے وقت ان کی روحیں قبض کر لیتا ہے اور جو مرے نہیں ان کی (روحیں) سوتے میں (قبض کر لیتا ہے)

فَيُمْسِكُ الَّتِيْ قَضٰى عَلَيْهَا الْمَوْتَ وَ يُرْسِلُ الْاُخْرٰٓى اِلٰٓى اَجَلٍ مُّسَمًّى ۭ اِنَّ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| فَيُمْسِكُ | الَّتِيْ | قَضٰى | عَلَيْهَا | الْمَوْتَ | وَ يُرْسِلُ | الْاُخْرٰى | اِلٰى | اَجَلٍ | مُسَمًّى | اِنَّ |
| پس روک لیتا ہے | ان کو کہ | حکم کرتا ہے | جن پر | موت کا | اور بھیج دیتا ہے | دوسری/باقی کو | طرف/تک | وقت | مقررہ | بے شک |

پھر جن پر موت کا حکم کر چکتا ہے ان کو روک رکھتا ہے اور باقی کو ایک وقت مقرر تک کے لیے چھوڑ دیتا ہے۔ جو لوگ

فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ لِّقَوْمٍ يَّتَفَكَّرُوْنَ ﴿٤٢﴾ اَمِ اتَّخَذُوْا مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ شُفَعَآءَ ۭ قُلْ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| فِيْ ذٰلِكَ | لَاٰيٰتٍ | لِقَوْمٍ | يَتَفَكَّرُوْنَ | اَمْ | اِتَّخَذُوْا | مِنْ دُوْنِ | اللّٰهِ | شُفَعَآءَ | قُلْ |
| اس میں | نشانیاں ہیں | ان لوگوں کے لیے | جو غور و فکر کرتے ہیں | کیا | بنا لیے انہوں نے | سوائے | اللہ کے | سفارشی | کہہ دیجئے |

فکر کرتے ہیں ان کے لیے اس میں نشانیاں ہیں۔ کیا انہوں نے اللہ کے سوا اور سفارشی بنا لیے ہیں؟ کہو کہ

اَوَ لَوْ كَانُوْا لَا يَمْلِكُوْنَ شَيْـًٔا وَّ لَا يَعْقِلُوْنَ ﴿٤٣﴾ قُلْ لِّلّٰهِ الشَّفَاعَةُ جَمِيْعًا ۭ لَهٗ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اَوَ | لَوْ | كَانُوْا | لَا يَمْلِكُوْنَ | شَيْـًٔا | وَ لَا يَعْقِلُوْنَ | قُلْ | لِلّٰهِ | الشَّفَاعَةُ | جَمِيْعًا | لَهٗ |
| خواہ | اگر | وہ ہوں | نہ اختیار رکھتے | کسی چیز کا بھی | اور نہ وہ عقل کرتے ہوں | کہہ دیجئے | اللہ کیلئے | سفارش | سب | اسی کیلئے |

خواہ وہ کسی چیز کا بھی اختیار نہ رکھتے ہوں اور نہ (کچھ) سمجھتے ہی ہوں؟ کہہ دو کہ سفارش تو سب اللہ ہی کے اختیار میں ہے۔ اسی کے لیے

مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضِ ۭ ثُمَّ اِلَيْهِ تُرْجَعُوْنَ ﴿٤٤﴾ وَ اِذَا ذُكِرَ اللّٰهُ وَحْدَهُ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مُلْكُ | السَّمٰوٰتِ | وَ الْاَرْضِ | ثُمَّ | اِلَيْهِ | تُرْجَعُوْنَ | وَ اِذَا | ذُكِرَ | اللّٰهُ | وَحْدَهٗ |
| بادشاہی | آسمانوں کی | اور زمین کی | پھر | اسی کی طرف | تم لوٹائے جاؤ گے | اور جب | ذکر کیا جاتا ہے | اللہ | تن تنہا کا |

آسمانوں اور زمین کی بادشاہت ہے۔ پھر تم اسی کی طرف لوٹ کر جاؤ گے۔ اور جب تنہا اللہ کا ذکر کیا جاتا ہے

اشْمَاَزَّتْ قُلُوْبُ الَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ بِالْاٰخِرَةِ ۚ وَ اِذَا ذُكِرَ الَّذِيْنَ مِنْ دُوْنِهٖٓ

| اِشْمَاَزَّتْ | قُلُوْبُ | الَّذِيْنَ | لَا يُؤْمِنُوْنَ | بِالْاٰخِرَةِ | وَ اِذَا | ذُكِرَ | الَّذِيْنَ | مِنْ دُوْنِهٖ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| متنفر ہوجاتے ہیں | دل | ان لوگوں کے جو | نہیں ایمان لاتے | آخرت پر | اور جب | ذکر کیا جاتا ہے | ان کا جو/ اوروں کا جو | اس کے سوا ہیں |

تو جو لوگ آخرت پر ایمان نہیں رکھتے ان کے دل منقبض ہو جاتے ہیں۔ اور جب اس کے سوا اوروں کا ذکر کیا جاتا ہے

اِذَا هُمْ يَسْتَبْشِرُوْنَ ﴿۴۵﴾ قُلِ اللّٰهُمَّ فَاطِرَ السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضِ عٰلِمَ

| اِذَا | هُمْ | يَسْتَبْشِرُوْنَ | قُلْ | اللّٰهُمَّ | فَاطِرَ | السَّمٰوٰتِ | وَ الْاَرْضِ | عٰلِمَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اس وقت | وہ | خوش ہوتے ہیں | کہہ دیجئے | اے اللہ | (تو وہ کہ) پیدا کرنے والا | آسمانوں | اور زمین کا | جاننے والا |

تو خوش ہو جاتے ہیں۔ کہو کہ اے اللہ! (اے) آسمانوں اور زمین کے پیدا کرنے والے (اور) پوشیدہ

الْغَيْبِ وَ الشَّهَادَةِ اَنْتَ تَحْكُمُ بَيْنَ عِبَادِكَ فِيْ مَا كَانُوْا فِيْهِ يَخْتَلِفُوْنَ ﴿۴۶﴾

| الْغَيْبِ | وَ الشَّهَادَةِ | اَنْتَ | تَحْكُمُ | بَيْنَ | عِبَادِكَ | فِيْ مَا | كَانُوْا | فِيْهِ | يَخْتَلِفُوْنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| پوشیدہ | اور ظاہر | تو ہی | فیصلہ کرے گا | درمیان | اپنے بندوں کے | اس چیز میں کہ | وہ تھے | جس میں | اختلاف کرتے |

اور ظاہر کے جاننے والے تو ہی اپنے بندوں میں ان باتوں کا جن میں وہ اختلاف کرتے رہے ہیں فیصلہ کرے گا۔

وَ لَوْ اَنَّ لِلَّذِيْنَ ظَلَمُوْا مَا فِي الْاَرْضِ جَمِيْعًا وَّ مِثْلَهٗ مَعَهٗ لَافْتَدَوْا بِهٖ مِنْ

| وَ لَوْ | اَنَّ | لِلَّذِيْنَ | ظَلَمُوْا | مَا | فِي الْاَرْضِ | جَمِيْعًا | وَ مِثْلَهٗ | مَعَهٗ | لَافْتَدَوْا | بِهٖ | مِنْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور اگر | یہ کہ ہو | ان لوگوں کیلئے جنہوں نے | ظلم کیا | جو | زمین میں ہے | سب/ سارا | اور اسی قدر | اسکے ساتھ | تو بدلے میں دے دیں | اس کو | سے/ کے |

اور اگر ظالموں کے پاس وہ سب (مال و متاع) ہو جو زمین میں ہے اور اس کے ساتھ اسی قدر اور ہو تو قیامت کے روز برے عذاب

سُوْٓءِ الْعَذَابِ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ ؕ وَ بَدَا لَهُمْ مِّنَ اللّٰهِ مَا لَمْ يَكُوْنُوْا يَحْتَسِبُوْنَ ﴿۴۷﴾

| سُوْٓءِ | الْعَذَابِ | يَوْمَ | الْقِيٰمَةِ | وَ بَدَا | لَهُمْ | مِنَ اللّٰهِ | مَا | لَمْ يَكُوْنُوْا | يَحْتَسِبُوْنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| برے | عذاب | دن | قیامت کے | اور ظاہر ہوگا | ان کیلئے | اللہ کی طرف سے | جو/ وہ کہ | نہیں وہ تھے | خیال کرتے |

(سے مخلصی پانے) کے بدلے میں دے دیں۔ اور ان پر اللہ کی طرف سے وہ امر ظاہر ہو جائے گا جس کا ان کو خیال بھی نہ تھا۔

وَ بَدَا لَهُمْ سَيِّاٰتُ مَا كَسَبُوْا وَ حَاقَ بِهِمْ مَّا كَانُوْا بِهٖ يَسْتَهْزِءُوْنَ ﴿۴۸﴾

| وَ بَدَا | لَهُمْ | سَيِّاٰتُ | مَا | كَسَبُوْا | وَ حَاقَ | بِهِمْ | مَا | كَانُوْا | بِهٖ | يَسْتَهْزِءُوْنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور ظاہر ہوجائیں گی | ان کیلئے | برائیاں | جو | انہوں نے کیں | اور آگھیرے گا | ان کو | وہ کہ | تھے | جس کے ساتھ | وہ مذاق کرتے |

اور ان کے اعمال کی برائیاں ان پر ظاہر ہو جائیں گی اور جس (عذاب) کی وہ ہنسی اڑاتے تھے وہ ان کو آ گھیرے گا۔

فَاِذَا مَسَّ الْاِنْسَانَ ضُرٌّ دَعَانَا ۫ ثُمَّ اِذَا خَوَّلْنٰهُ نِعْمَةً مِّنَّا ۙ قَالَ اِنَّمَاۤ اُوْتِيْتُهٗ

| فَاِذَا | مَسَّ | الْاِنْسَانَ | ضُرٌّ | دَعَانَا | ثُمَّ | اِذَا | خَوَّلْنٰهُ | نِعْمَةً | مِّنَّا | قَالَ | اِنَّمَاۤ | اُوْتِيْتُهٗ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| پھر جب | پہنچے | انسان کو | تکلیف | ہمیں پکارے | پھر | جب | عطا کریں ہم اسکو | نعمت | اپنے پاس سے | کہے | سوائے اسکے نہیں کہ | مجھے دی گئی وہ |

جب انسان کو تکلیف پہنچتی ہے تو ہمیں پکارنے لگتا ہے۔ پھر جب ہم اس کو اپنی طرف سے نعمت بخشتے ہیں تو کہتا ہے کہ یہ تو مجھے (میرے) علم (ودانش) کے سبب

عَلٰى عِلْمٍ ؕ بَلْ هِىَ فِتْنَةٌ وَّ لٰكِنَّ اَكْثَرَهُمْ لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿۴۹﴾ قَدْ قَالَهَا الَّذِيْنَ

| عَلٰى | عِلْمٍ | بَلْ | هِىَ | فِتْنَةٌ | وَ لٰكِنَّ | اَكْثَرَهُمْ | لَا يَعْلَمُوْنَ | قَدْ | قَالَهَا | الَّذِيْنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| پر/بسبب | علم | بلکہ | وہ | آزمائش ہے | اور لیکن | اکثر ان کے | نہیں جانتے | بے شک | کہا تھا یہ | ان لوگوں نے جو |

ملی ہے۔ (نہیں) بلکہ وہ آزمائش ہے، مگر ان میں سے اکثر نہیں جانتے۔ جو لوگ ان سے پہلے تھے

مِنْ قَبْلِهِمْ فَمَاۤ اَغْنٰى عَنْهُمْ مَّا كَانُوْا يَكْسِبُوْنَ ﴿۵۰﴾ فَاَصَابَهُمْ سَيِّاٰتُ مَا

| مِنْ قَبْلِهِمْ | فَمَاۤ | اَغْنٰى | عَنْهُمْ | مَا | كَانُوْا | يَكْسِبُوْنَ | فَاَصَابَهُمْ | سَيِّاٰتُ | مَا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ان سے پہلے تھے | پس نہ | کام آیا | ان کے | جو | تھے | وہ کماتے | پس پہنچیں ان کو | برائیاں | اس کی جو |

وہ بھی یہی کہا کرتے تھے، تو جو کچھ وہ کیا کرتے تھے ان کے کچھ کام بھی نہ آیا۔ ان پر ان کے اعمال کے وبال

كَسَبُوْا ؕ وَ الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا مِنْ هٰۤؤُلَآءِ سَيُصِيْبُهُمْ سَيِّاٰتُ مَا كَسَبُوْا ۙ وَ مَا

| كَسَبُوْا | وَ الَّذِيْنَ | ظَلَمُوْا | مِنْ هٰۤؤُلَآءِ | سَيُصِيْبُهُمْ | سَيِّاٰتُ | مَا | كَسَبُوْا | وَ مَا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| کمایا انہوں نے | اور وہ لوگ جنہوں نے | ظلم کیا | ان میں سے | جلد پہنچیں گی ان کو | برائیاں | جو | کمائیں انہوں نے | اور نہیں |

پڑ گئے۔ اور جو لوگ ان میں سے ظلم کرتے رہے ہیں ان پر ان کے عملوں کے وبال عنقریب پڑیں گے، اور وہ (اللہ کو)

هُمْ بِمُعْجِزِيْنَ ﴿۵۱﴾ اَوَ لَمْ يَعْلَمُوْۤا اَنَّ اللّٰهَ يَبْسُطُ الرِّزْقَ لِمَنْ يَّشَآءُ وَ يَقْدِرُ ؕ

| هُمْ | بِمُعْجِزِيْنَ | اَوَ | لَمْ يَعْلَمُوْۤا | اَنَّ اللّٰهَ | يَبْسُطُ | الرِّزْقَ | لِمَنْ | يَشَآءُ | وَ يَقْدِرُ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وہ | عاجز کرنے والے | کیا | نہیں جانا انہوں نے | بیشک اللہ | کشادہ کرتا ہے | رزق | جس کے لیے | چاہتا ہے | اور تنگ کر دیتا ہے |

عاجز نہیں کر سکتے۔ کیا ان کو معلوم نہیں کہ اللہ ہی جس کے لیے چاہتا ہے رزق کو فراخ کر دیتا ہے اور (جس کے لیے چاہتا ہے) تنگ کر دیتا ہے۔

ع ۵ / ۱۱ / ۲
اِنَّ فِىْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ لِّقَوْمٍ يُّؤْمِنُوْنَ ﴿۵۲﴾ ع قُلْ يٰعِبَادِىَ الَّذِيْنَ اَسْرَفُوْا عَلٰٓى

| اِنَّ | فِىْ ذٰلِكَ | لَاٰيٰتٍ | لِقَوْمٍ | يُؤْمِنُوْنَ | قُلْ | يٰعِبَادِىَ | الَّذِيْنَ | اَسْرَفُوْا | عَلٰى |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بیشک | اس میں | نشانیاں ہیں | ان لوگوں کے لیے | جو ایمان لاتے ہیں | کہہ دیجئے | اے میرے بندو | جن لوگوں نے | زیادتی کی | پر |

جو لوگ ایمان لاتے ہیں ان کے لیے اس میں (بہت سی) نشانیاں ہیں۔ (اے پیغمبرؐ! میری طرف سے لوگوں کو) کہہ دو کہ اے میرے بندو! جنہوں نے اپنی

اَنْفُسِهِمْ لَا تَقْنَطُوْا مِنْ رَّحْمَةِ اللّٰهِ ؕ اِنَّ اللّٰهَ یَغْفِرُ الذُّنُوْبَ جَمِیْعًا ؕ اِنَّهٗ هُوَ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اَنْفُسِهِمْ | لَا تَقْنَطُوْا | مِنْ رَّحْمَةِ | اللّٰهِ | اِنَّ اللّٰهَ | یَغْفِرُ | الذُّنُوْبَ | جَمِیْعًا | اِنَّهٗ | هُوَ |
| اپنی جانوں | نہ تم ناامید ہو | رحمت سے | اللہ کی | بے شک اللہ | معاف کر دیتا ہے | گناہوں کو | سب | بے شک وہ | وہی |

جانوں پر زیادتی کی ہے، اللہ کی رحمت سے ناامید نہ ہونا۔ اللہ تو سب گناہوں کو بخش دیتا ہے (اور) وہ تو

الْغَفُوْرُ الرَّحِیْمُ ﴿۵۳﴾ وَ اَنِیْبُوْۤا اِلٰى رَبِّكُمْ وَ اَسْلِمُوْا لَهٗ مِنْ قَبْلِ اَنْ یَّاْتِیَكُمُ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الْغَفُوْرُ | الرَّحِیْمُ | وَ اَنِیْبُوْۤا | اِلٰى رَبِّكُمْ | وَ اَسْلِمُوْا | لَهٗ | مِنْ قَبْلِ | اَنْ | یَّاْتِیَكُمُ |
| بڑا بخشنے والا | نہایت مہربان ہے | اور رجوع کرو | اپنے رب کی طرف | اور فرمانبرداری کرو | اس کی | اس سے پہلے | کہ | آئے تمہارے اوپر |

بخشنے والا مہربان ہے۔ اور اس سے پہلے کہ تم پر عذاب آ واقع ہو، اپنے پروردگار کی طرف رجوع کرو اور اس کے فرمانبردار ہو

الْعَذَابُ ثُمَّ لَا تُنْصَرُوْنَ ﴿۵۴﴾ وَ اتَّبِعُوْۤا اَحْسَنَ مَاۤ اُنْزِلَ اِلَیْكُمْ مِّنْ رَّبِّكُمْ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الْعَذَابُ | ثُمَّ | لَا تُنْصَرُوْنَ | وَ اتَّبِعُوْۤا | اَحْسَنَ | مَا | اُنْزِلَ | اِلَیْكُمْ | مِنْ | رَّبِّكُمْ |
| عذاب | پھر | نہیں تم کو مدد ملے گی | اور پیروی کرو | بہت اچھی (کتاب) کی | جو | نازل کی گئی | تمہاری طرف | سے | رب تمہارے |

جاؤ، پھر تم کو مدد نہیں ملے گی۔ اور اس سے پہلے کہ تم پر ناگہاں عذاب آ جائے اور تم کو خبر بھی نہ ہو

مِّنْ قَبْلِ اَنْ یَّاْتِیَكُمُ الْعَذَابُ بَغْتَةً وَّ اَنْتُمْ لَا تَشْعُرُوْنَ ۙ﴿۵۵﴾ اَنْ تَقُوْلَ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مِنْ قَبْلِ | اَنْ | یَّاْتِیَكُمُ | الْعَذَابُ | بَغْتَةً | وَ اَنْتُمْ | لَا تَشْعُرُوْنَ | اَنْ | تَقُوْلَ |
| اس سے پہلے | کہ | آئے تمہارے اوپر | عذاب | اچانک | اور تم | نہ خبر رکھتے ہو | کہ | کہنے لگے |

اس نہایت اچھی (کتاب) کی جو تمہارے پروردگار کی طرف سے تم پر نازل ہوئی ہے، پیروی کرو۔ کہ (مبادا اس وقت) کوئی متنفس

نَفْسٌ یّٰحَسْرَتٰى عَلٰى مَا فَرَّطْتُّ فِیْ جَنْۢبِ اللّٰهِ وَ اِنْ كُنْتُ لَمِنَ السّٰخِرِیْنَ ۙ﴿۵۶﴾

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| نَفْسٌ | یّٰحَسْرَتٰى | عَلٰى | مَا | فَرَّطْتُّ | فِیْ | جَنْۢبِ | اللّٰهِ | وَ اِنْ | كُنْتُ | لَمِنَ السّٰخِرِیْنَ |
| کوئی نفس | ہائے افسوس | پر | اس جو | میں نے قصور کیا | میں | حق | اللہ کے | اور بے شک | میں تھا | مذاق کرنے والوں میں سے |

کہنے لگے کہ (ہائے ہائے) اس تقصیر پر افسوس ہے جو میں نے اللہ کے حق میں کی اور میں تو ہنسی ہی کرتا رہا۔

اَوْ تَقُوْلَ لَوْ اَنَّ اللّٰهَ هَدٰىنِیْ لَكُنْتُ مِنَ الْمُتَّقِیْنَ ۙ﴿۵۷﴾ اَوْ تَقُوْلَ حِیْنَ تَرَى

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اَوْ | تَقُوْلَ | لَوْ | اَنَّ اللّٰهَ | هَدٰىنِیْ | لَكُنْتُ | مِنَ الْمُتَّقِیْنَ | اَوْ | تَقُوْلَ | حِیْنَ | تَرَى |
| یا | کہنے لگے | اگر | یہ کہ اللہ | مجھے ہدایت دیتا | تو ضرور میں ہوتا | پرہیزگاروں میں | یا | کہنے لگے | جس وقت | وہ دیکھے |

یا یہ کہنے لگے کہ اگر اللہ مجھ کو ہدایت دیتا تو میں بھی پرہیزگاروں میں ہوتا۔ یا جب عذاب دیکھ لے تو کہنے لگے کہ

الْعَذَابَ لَوْ اَنَّ لِیْ كَرَّةً فَاَكُوْنَ مِنَ الْمُحْسِنِیْنَ ۞۵۸ بَلٰى قَدْ جَآءَتْكَ اٰیٰتِیْ

| الْعَذَابَ | لَوْ | اَنَّ | لِیْ | كَرَّةً | فَاَكُوْنَ | مِنَ الْمُحْسِنِیْنَ | بَلٰى | قَدْ | جَآءَتْكَ | اٰیٰتِیْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| عذاب | اگر | یہ کہ ہو | میرے لیے | (دنیا میں) ایک بار لوٹنا | تو میں ہو جاؤں | نیکو کاروں میں | کیوں نہیں | بیشک | آگئی تھیں تیرے پاس | میری آیات |

اگر مجھے پھر ایک دفعہ دنیا میں جانا ہو تو میں نیکوکاروں میں ہو جاؤں۔ (اللہ فرمائے گا) کیوں نہیں! میری آیتیں تیرے پاس پہنچ گئی تھیں،

فَكَذَّبْتَ بِهَا وَ اسْتَكْبَرْتَ وَ كُنْتَ مِنَ الْكٰفِرِیْنَ ۞۵۹ وَ یَوْمَ الْقِیٰمَةِ تَرَى

| فَكَذَّبْتَ | بِهَا | وَ اسْتَكْبَرْتَ | وَ كُنْتَ | مِنَ الْكٰفِرِیْنَ | وَ یَوْمَ | الْقِیٰمَةِ | تَرَى |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| پھر تو نے جھٹلا دیا | ان کو | اور تکبر کیا تو نے | اور تھا تو | کافروں سے | اور روز | قیامت | آپ دیکھیں گے |

مگر تو نے ان کو جھٹلایا اور شیخی میں آ گیا اور تو کافر بن گیا۔ اور جن لوگوں نے اللہ پر جھوٹ بولا

الَّذِیْنَ كَذَبُوْا عَلَى اللّٰهِ وُجُوْهُهُمْ مُّسْوَدَّةٌ ؕ اَلَیْسَ فِیْ جَهَنَّمَ مَثْوًى

| الَّذِیْنَ | كَذَبُوْا | عَلَى اللّٰهِ | وُجُوْهُهُمْ | مُّسْوَدَّةٌ | اَلَیْسَ | فِیْ جَهَنَّمَ | مَثْوًى |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| جن لوگوں نے | جھوٹ بولا | اللہ پر | ان کے چہرے | سیاہ (ہونگے) | کیا نہیں | جہنم میں | ٹھکانا |

تو تم قیامت کے دن دیکھو گے کہ ان کے منہ کالے ہو رہے ہوں گے۔ کیا غرور کرنے والوں کا ٹھکانا

لِّلْمُتَكَبِّرِیْنَ ۞۶۰ وَ یُنَجِّی اللّٰهُ الَّذِیْنَ اتَّقَوْا بِمَفَازَتِهِمْ ؗ لَا یَمَسُّهُمُ السُّوْٓءُ

| لِلْمُتَكَبِّرِیْنَ | وَ یُنَجِّی اللّٰهُ | الَّذِیْنَ | اِتَّقَوْا | بِمَفَازَتِهِمْ | لَا یَمَسُّهُمُ | السُّوْٓءُ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| تکبر کرنے والوں کے لیے | اور نجات دے گا اللہ | ان لوگوں کو جو | ڈرے | بسبب انکی کامیابی کے | نہیں پہنچے گی ان کو | سختی |

دوزخ میں نہیں ہے؟ اور جو پرہیزگار ہیں ان کی (سعادت اور) کامیابی کے سبب اللہ ان کو نجات دے گا، نہ تو ان کو کوئی سختی پہنچے گی

وَ لَا هُمْ یَحْزَنُوْنَ ۞۶۱ اَللّٰهُ خَالِقُ كُلِّ شَیْءٍ ؗ وَّ هُوَ عَلٰى كُلِّ شَیْءٍ وَّكِیْلٌ ۞۶۲ لَهٗ

| وَ لَا | هُمْ | یَحْزَنُوْنَ | اَللّٰهُ | خَالِقُ | كُلِّ | شَیْءٍ | وَ هُوَ | عَلٰى | كُلِّ | شَیْءٍ | وَكِیْلٌ | لَهٗ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور نہ | وہ | غمناک ہوں گے | اللہ ہی | پیدا کرنے والا | ہر | چیز | اور وہی | پر | ہر | چیز | نگران | اسی کیلئے/ اسی کے پاس |

اور نہ غم ناک ہوں گے۔ اللہ ہی ہر چیز کا پیدا کرنے والا ہے۔ اور وہی ہر چیز کا نگران ہے۔ اسی کے پاس

مَقَالِیْدُ السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضِ ؕ وَ الَّذِیْنَ كَفَرُوْا بِاٰیٰتِ اللّٰهِ اُولٰٓئِكَ هُمُ

| مَقَالِیْدُ | السَّمٰوٰتِ | وَ الْاَرْضِ | وَ الَّذِیْنَ | كَفَرُوْا | بِاٰیٰتِ | اللّٰهِ | اُولٰٓئِكَ | هُمُ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| چابیاں | آسمانوں | اور زمین کی | اور جن لوگوں نے | کفر کیا | آیات سے | اللہ کی | یہی | وہ |

آسمانوں اور زمین کی کنجیاں ہیں۔ اور جنہوں نے اللہ کی آیتوں سے کفر کیا وہی نقصان

ع ۱۱ ۶ ۳

الْخٰسِرُوْنَ ﴿۶۳﴾ قُلْ اَفَغَيْرَ اللّٰهِ تَاْمُرُوْٓنِّيْٓ اَعْبُدُ اَيُّهَا الْجٰهِلُوْنَ ﴿۶۴﴾ وَ لَقَدْ اُوْحِيَ

| الْخٰسِرُوْنَ | قُلْ | اَفَغَيْرَ | اللّٰهِ | تَاْمُرُوْٓنِّيْٓ | اَعْبُدُ | اَيُّهَا | الْجٰهِلُوْنَ | وَ لَقَدْ | اُوْحِيَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| نقصان اٹھانے والے ہیں | کہہ دیجئے | کیا پھر غیر | اللہ کی | تم مجھے کہتے ہو | میں عبادت کروں | اے | نادانو | اور بے شک | وحی کی گئی |

اٹھانے والے ہیں۔ کہہ دو کہ اے نادانو! تم مجھ سے یہ کہتے ہو کہ میں غیر اللہ کی پرستش کرنے لگوں؟ اور (اے محمدؐ!) تمہاری طرف اور ان (پیغمبروں) کی

اِلَيْكَ وَ اِلَى الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِكَ ۚ لَئِنْ اَشْرَكْتَ لَيَحْبَطَنَّ عَمَلُكَ وَ لَتَكُوْنَنَّ

| اِلَيْكَ | وَ اِلَى | الَّذِيْنَ | مِنْ قَبْلِكَ | لَئِنْ | اَشْرَكْتَ | لَيَحْبَطَنَّ | عَمَلُكَ | وَ لَتَكُوْنَنَّ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| آپ کی طرف | اور طرف | ان کی جو | آپ سے پہلے ہوئے | اگر | تو نے شرک کیا | تو البتہ ضرور برباد ہو جائیں گے | تیرے عمل | اور تو البتہ ہو جائے گا |

طرف جو تم سے پہلے ہو چکے ہیں یہی وحی بھیجی گئی ہے کہ اگر تم نے شرک کیا تو تمہارے عمل برباد ہو جائیں گے اور تم

مِنَ الْخٰسِرِيْنَ ﴿۶۵﴾ بَلِ اللّٰهَ فَاعْبُدْ وَ كُنْ مِّنَ الشّٰكِرِيْنَ ﴿۶۶﴾ وَ مَا قَدَرُوا اللّٰهَ

| مِنَ الْخٰسِرِيْنَ | بَلْ | اللّٰهَ | فَاعْبُدْ | وَ كُنْ | مِنَ الشّٰكِرِيْنَ | وَ مَا | قَدَرُوا اللّٰهَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| خسارہ پانے والوں میں | بلکہ | اللہ ہی کی | عبادت کر | اور ہو جا | شکرگزاروں میں | اور نہیں | قدر کی انہوں نے اللہ کی |

زیاں کاروں میں ہو جاؤ گے۔ بلکہ اللہ ہی کی عبادت کرو اور شکرگزاروں میں ہو۔ اور انہوں نے اللہ کی قدرشناسی جیسی کرنی

حَقَّ قَدْرِهٖ ۖ وَ الْاَرْضُ جَمِيْعًا قَبْضَتُهٗ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ وَ السَّمٰوٰتُ مَطْوِيّٰتٌۢ

| حَقَّ | قَدْرِهٖ | وَ الْاَرْضُ | جَمِيْعًا | قَبْضَتُهٗ | يَوْمَ | الْقِيٰمَةِ | وَ السَّمٰوٰتُ | مَطْوِيّٰتٌ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| جیسا حق تھا | اس کی قدر کا | اور زمین | تمام/سب | اس کی مٹھی میں (ہوگی) | دن | قیامت کے | اور آسمان | لپٹے ہوئے ہوں گے |

چاہیے تھی نہیں کی۔ اور قیامت کے دن تمام زمین اس کی مٹھی میں ہو گی اور آسمان اس کے داہنے ہاتھ میں

بِيَمِيْنِهٖ ؕ سُبْحٰنَهٗ وَ تَعٰلٰى عَمَّا يُشْرِكُوْنَ ﴿۶۷﴾ وَ نُفِخَ فِي الصُّوْرِ فَصَعِقَ مَنْ فِي

| بِيَمِيْنِهٖ | سُبْحٰنَهٗ | وَ تَعٰلٰى | عَمَّا | يُشْرِكُوْنَ | وَ نُفِخَ | فِي الصُّوْرِ | فَصَعِقَ | مَنْ | فِي |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اس کے داہنے ہاتھ میں | پاک ہے وہ | اور بلند ہے | اس سے جو | وہ شرک کرتے ہیں | اور پھونکا جائے گا | صور میں | پس بیہوش ہو کر گر پڑیں گے | جو | میں |

لپٹے ہوں گے۔ (اور) وہ ان لوگوں کے شرک سے پاک اور عالی شان ہے۔ اور جب صور پھونکا جائے گا تو جو لوگ آسمان میں ہیں

السَّمٰوٰتِ وَ مَنْ فِي الْاَرْضِ اِلَّا مَنْ شَآءَ اللّٰهُ ؕ ثُمَّ نُفِخَ فِيْهِ اُخْرٰى فَاِذَا هُمْ

| السَّمٰوٰتِ | وَ مَنْ | فِي الْاَرْضِ | اِلَّا | مَنْ | شَآءَ اللّٰهُ | ثُمَّ | نُفِخَ | فِيْهِ | اُخْرٰى | فَاِذَا | هُمْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| آسمانوں | اور جو | زمین میں | مگر | جس کو | چاہے اللہ | پھر | پھونکا جائے گا | اس میں | دوسری بار | تو ناگہاں | وہ |

اور جو زمین میں ہیں سب بے ہوش ہو کر گر پڑیں گے مگر وہ جس کو اللہ چاہے، پھر دوسری دفعہ پھونکا جائے گا تو فوراً سب

قِيَامٌ يَّنْظُرُوْنَ ۞ ۶۸ وَ اَشْرَقَتِ الْاَرْضُ بِنُوْرِ رَبِّهَا وَ وُضِعَ الْكِتٰبُ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| قِيَامٌ | يَنْظُرُوْنَ | وَ اَشْرَقَتْ | الْاَرْضُ | بِنُوْرِ | رَبِّهَا | وَ وُضِعَ | الْكِتٰبُ |
| کھڑے ہو کر | دیکھنے لگیں گے | اور روشن ہوگی | زمین | نور سے | اپنے رب کے | اور رکھ دی جائے گی | کتاب |

کھڑے ہو کر دیکھنے لگیں گے۔ اور زمین اپنے پروردگار کے نور سے چمک اٹھے گی اور (اعمال کی) کتاب (کھول کر) رکھ دی جائے گی

وَ جِایْٓءَ بِالنَّبِيّٖنَ وَ الشُّهَدَآءِ وَ قُضِيَ بَيْنَهُمْ بِالْحَقِّ وَ هُمْ لَا يُظْلَمُوْنَ ۶۹

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ جِایْٓءَ | بِالنَّبِيّٖنَ | وَ الشُّهَدَآءِ | وَ قُضِيَ | بَيْنَهُمْ | بِالْحَقِّ | وَ هُمْ | لَا يُظْلَمُوْنَ |
| اور لائے جائیں گے | انبیاء | اور گواہ | اور فیصلہ کیا جائے گا | ان کے درمیان | حق کے ساتھ | اور ان پر | نہیں ظلم کیا جائے گا |

اور پیغمبر اور (اَور) گواہ حاضر کیے جائیں گے اور ان میں انصاف کے ساتھ فیصلہ کیا جائے گا، اور بے انصافی نہیں کی جائے گی۔

ع ۷

وَ وُفِّيَتْ كُلُّ نَفْسٍ مَّا عَمِلَتْ وَ هُوَ اَعْلَمُ بِمَا يَفْعَلُوْنَ ۷۰ ع وَ سِيْقَ الَّذِيْنَ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ وُفِّيَتْ | كُلُّ | نَفْسٍ | مَا | عَمِلَتْ | وَ هُوَ | اَعْلَمُ | بِمَا | يَفْعَلُوْنَ | وَ سِيْقَ | الَّذِيْنَ |
| اور پورا بدلہ دیا جائے گا | ہر | شخص کو | اسکا جو | اس نے عمل کیا | اور وہ | خوب واقف ہے | اس سے جو | وہ کرتے ہیں | اور لے جایا جائے گا | ان لوگوں کو جو |

اور جس شخص نے جو عمل کیا ہو گا اس کو اس کا پورا پورا بدلہ مل جائے گا، اور جو کچھ یہ کرتے ہیں اس کو سب کی خبر ہے۔ اور کافروں کو گروہ گروہ

كَفَرُوْٓا اِلٰى جَهَنَّمَ زُمَرًا ؕ حَتّٰٓى اِذَا جَآءُوْهَا فُتِحَتْ اَبْوَابُهَا وَ قَالَ لَهُمْ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| كَفَرُوْا | اِلٰى | جَهَنَّمَ | زُمَرًا | حَتّٰى | اِذَا | جَآءُوْهَا | فُتِحَتْ | اَبْوَابُهَا | وَ قَالَ | لَهُمْ |
| کافر ہیں | طرف | جہنم کی | گروہ در گروہ | یہاں تک کہ | جب | وہ آجائیں گے اسکے پاس | کھول دیئے جائیں گے | اسکے دروازے | اور کہیں گے | ان سے |

بنا کر جہنم کی طرف لے جائیں گے، یہاں تک کہ جب وہ اس کے پاس پہنچ جائیں گے تو اس کے دروازے کھول دیئے جائیں گے تو اس کے داروغہ ان سے

خَزَنَتُهَآ اَلَمْ يَاْتِكُمْ رُسُلٌ مِّنْكُمْ يَتْلُوْنَ عَلَيْكُمْ اٰيٰتِ رَبِّكُمْ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| خَزَنَتُهَا | اَلَمْ يَاْتِكُمْ | رُسُلٌ | مِنْكُمْ | يَتْلُوْنَ | عَلَيْكُمْ | اٰيٰتِ | رَبِّكُمْ |
| اسکے داروغے | کیا نہیں آئے تھے تمہارے پاس | رسول | تم میں سے | وہ پڑھتے تھے | تم پر | آیات | تمہارے رب کی |

کہیں گے کہ کیا تمہارے پاس تم ہی میں سے پیغمبر نہیں آئے تھے جو تم کو تمہارے پروردگار کی آیتیں پڑھ پڑھ کر سناتے

وَ يُنْذِرُوْنَكُمْ لِقَآءَ يَوْمِكُمْ هٰذَا ؕ قَالُوْا بَلٰى وَ لٰكِنْ حَقَّتْ كَلِمَةُ الْعَذَابِ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ يُنْذِرُوْنَكُمْ | لِقَآءَ | يَوْمِكُمْ | هٰذَا | قَالُوْا | بَلٰى | وَ لٰكِنْ | حَقَّتْ | كَلِمَةُ | الْعَذَابِ |
| اور ڈراتے تھے تم کو | ملاقات/پیشی سے | تمہارے دن کی | اس | وہ کہیں گے | ہاں | اور لیکن | ثابت ہوا | حکم | عذاب کا |

اور اس دن کے پیش آنے سے ڈراتے تھے۔ کہیں گے، کیوں نہیں، لیکن کافروں کے حق میں عذاب کا حکم

عَلَى الْكٰفِرِيْنَ ﴿۷۱﴾ قِيْلَ ادْخُلُوْٓا اَبْوَابَ جَهَنَّمَ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا ۚ فَبِئْسَ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| عَلَى الْكٰفِرِيْنَ | قِيْلَ | اُدْخُلُوْٓا | اَبْوَابَ | جَهَنَّمَ | خٰلِدِيْنَ | فِيْهَا | فَبِئْسَ |
| کافروں پر | کہا جائے گا | داخل ہو جاؤ | دروازوں میں | جہنم کے | ہمیشہ رہنے والے | اس میں | پس برا ہے |

تحقیق ہو چکا تھا۔ کہا جائے گا کہ دوزخ کے دروازوں میں داخل ہو جاؤ۔ ہمیشہ اس میں رہو گے۔ تکبر کرنے والوں کا

مَثْوَى الْمُتَكَبِّرِيْنَ ﴿۷۲﴾ وَ سِيْقَ الَّذِيْنَ اتَّقَوْا رَبَّهُمْ اِلَى الْجَنَّةِ زُمَرًا ۭ حَتّٰٓى اِذَا

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مَثْوٰى | الْمُتَكَبِّرِيْنَ | وَ سِيْقَ | الَّذِيْنَ | اِتَّقَوْا | رَبَّهُمْ | اِلَى الْجَنَّةِ | زُمَرًا | حَتّٰٓى | اِذَا |
| ٹھکانا | تکبر کرنے والوں کا | اور لے جایا جائے گا | انکو جو | ڈرے | اپنے رب سے | جنت کی طرف | گروہ گروہ | یہاں تک کہ | جب |

برا ٹھکانا ہے۔ اور جو لوگ اپنے پروردگار سے ڈرتے ہیں ان کو گروہ گروہ بنا کر بہشت کی طرف لے جائیں گے۔ یہاں تک کہ جب

جَآءُوْهَا وَ فُتِحَتْ اَبْوَابُهَا وَ قَالَ لَهُمْ خَزَنَتُهَا سَلٰمٌ عَلَيْكُمْ طِبْتُمْ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| جَآءُوْهَا | وَ فُتِحَتْ | اَبْوَابُهَا | وَ قَالَ | لَهُمْ | خَزَنَتُهَا | سَلٰمٌ | عَلَيْكُمْ | طِبْتُمْ |
| وہ آئیں گے اسکے پاس | اور کھول دیئے جائیں گے | اس کے دروازے | اور کہیں گے | ان سے | اسکے داروغے | سلام | تم پر | تم خوب رہے |

اس کے پاس پہنچ جائیں گے اور اس کے دروازے کھول دیئے جائیں گے تو ان کے داروغہ ان سے کہیں گے کہ تم پر سلام! تم بہت اچھے رہے،

فَادْخُلُوْهَا خٰلِدِيْنَ ﴿۷۳﴾ وَ قَالُوا الْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ صَدَقَنَا وَعْدَهٗ وَ اَوْرَثَنَا

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| فَادْخُلُوْهَا | خٰلِدِيْنَ | وَ قَالُوْا | اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ | الَّذِيْ | صَدَقَنَا | وَعْدَهٗ | وَ اَوْرَثَنَا |
| پس داخل ہو جاؤ اس میں | ہمیشہ کیلئے | اور وہ کہیں گے | شکر ہے اللہ کا | وہ جس نے | سچا کیا ہم سے | اپنا وعدہ | اور اس نے وارث بنایا ہمیں |

اب اس میں ہمیشہ کے لیے داخل ہو جاؤ۔ وہ کہیں گے کہ اللہ کا شکر ہے جس نے اپنے وعدے کو ہم سے سچا کر دیا اور ہم کو اس زمین کا وارث

الْاَرْضَ نَتَبَوَّاُ مِنَ الْجَنَّةِ حَيْثُ نَشَآءُ ۚ فَنِعْمَ اَجْرُ الْعٰمِلِيْنَ ﴿۷۴﴾ وَ تَرَى

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الْاَرْضَ | نَتَبَوَّاُ | مِنَ الْجَنَّةِ | حَيْثُ | نَشَآءُ | فَنِعْمَ | اَجْرُ | الْعٰمِلِيْنَ | وَ تَرٰى |
| اس زمین کا | ہم رہیں گے | جنت میں | جہاں | ہم چاہیں | تو بہت اچھا | اجر | عمل کرنے والوں کا | اور آپ دیکھیں گے |

بنا دیا، ہم بہشت میں جس مکان میں چاہیں رہیں۔ تو (اچھے) عمل کرنے والوں کا بدلہ بھی کیسا خوب ہے۔ تم فرشتوں کو

الْمَلٰٓئِكَةَ حَآفِّيْنَ مِنْ حَوْلِ الْعَرْشِ يُسَبِّحُوْنَ بِحَمْدِ رَبِّهِمْ ۚ وَ قُضِيَ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الْمَلٰٓئِكَةَ | حَآفِّيْنَ | مِنْ | حَوْلِ | الْعَرْشِ | يُسَبِّحُوْنَ | بِحَمْدِ | رَبِّهِمْ | وَ قُضِيَ |
| فرشتے | گھیرا باندھے ہوئے ہیں | سے | گرداگرد | عرش کے | تسبیح کر رہے ہیں | تعریف کے ساتھ | اپنے رب کی | اور فیصلہ کیا جائے گا |

دیکھو گے کہ عرش کے گرد گھیرا باندھے ہوئے ہیں (اور) اپنے پروردگار کی تعریف کے ساتھ تسبیح کر رہے ہیں۔ اور ان میں انصاف کے ساتھ

بَيْنَهُمْ بِالْحَقِّ وَ قِيْلَ الْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿٧٥﴾

| بَيْنَهُمْ | بِالْحَقِّ | وَ قِيْلَ | الْحَمْدُ لِلّٰهِ | رَبِّ | الْعٰلَمِيْنَ |
|---|---|---|---|---|---|
| ان کے درمیان | حق کے ساتھ | اور کہا جائے گا | سب تعریف اللہ کیلئے | رب | سارے جہانوں کا |

فیصلہ کیا جائے گا اور کہا جائے گا کہ ہر طرح کی تعریف اللہ ہی کو سزاوار ہے جو سارے جہان کا مالک ہے۔

سُوْرَةُ الْمُؤْمِنِ مَكِّيَّةٌ — بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ — اٰيَاتُهَا ٨٥ — رُكُوْعَاتُهَا ٩

| اَلْمُؤْمِن | بِ | اِسْمِ | اللّٰهِ | الرَّحْمٰنِ | الرَّحِيْمِ | غَافِر |
|---|---|---|---|---|---|---|
| مومن | ساتھ/سے | نام | اللہ کے | بے حد مہربان | نہایت رحم کرنے والا | بخشنے والا |

شروع اللہ کا نام لے کر جو بڑا مہربان، نہایت رحم والا ہے۔

حٰمٓ ﴿١﴾ تَنْزِيْلُ الْكِتٰبِ مِنَ اللّٰهِ الْعَزِيْزِ الْعَلِيْمِ ﴿٢﴾ غَافِرِ الذَّنْۢبِ وَ قَابِلِ

| حٰمٓ | تَنْزِيْلُ | الْكِتٰبِ | مِنَ اللّٰهِ | الْعَزِيْزِ | الْعَلِيْمِ | غَافِرِ | الذَّنْۢبِ | وَ قَابِلِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| حا-میم | اتارا جانا | اس کتاب کا | اللہ کی طرف سے | غالب | سب کچھ جاننے والا | بخشنے والا | گناہ | اور قبول کرنے والا |

حم۔ اس کتاب کا اتارا جانا اللہ غالب و دانا کی طرف سے ہے۔ جو گناہ بخشنے والا اور توبہ

التَّوْبِ شَدِيْدِ الْعِقَابِ ذِي الطَّوْلِ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ اِلَيْهِ الْمَصِيْرُ ﴿٣﴾ مَا

| التَّوْبِ | شَدِيْدِ | الْعِقَابِ | ذِي الطَّوْلِ | لَا | اِلٰهَ | اِلَّا | هُوَ | اِلَيْهِ | الْمَصِيْرُ | مَا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| توبہ | سخت | سزا دینے والا | فضل کرنے والا/صاحب کرم | نہیں | کوئی معبود | سوائے | اسکے | اسی کی طرف | لوٹ کر جانا ہے | نہیں |

قبول کرنے والا (اور) سخت عذاب دینے والا (اور) صاحب کرم ہے۔ اس کے سوا کوئی معبود نہیں۔ اسی کی طرف پھر کر جانا ہے۔ اللہ

يُجَادِلُ فِيْٓ اٰيٰتِ اللّٰهِ اِلَّا الَّذِيْنَ كَفَرُوْا فَلَا يَغْرُرْكَ تَقَلُّبُهُمْ فِي الْبِلَادِ ﴿٤﴾

| يُجَادِلُ | فِيْٓ اٰيٰتِ | اللّٰهِ | اِلَّا | الَّذِيْنَ | كَفَرُوْا | فَلَا يَغْرُرْكَ | تَقَلُّبُهُمْ | فِي الْبِلَادِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| جھگڑتے | آیات میں | اللہ کی | مگر | وہ لوگ جو | کافر ہیں | پس نہ دھوکا دے آپ کو | چلنا پھرنا ان کا | شہروں میں |

کی آیتوں میں وہی لوگ جھگڑتے ہیں جو کافر ہیں، تو ان لوگوں کا شہروں میں چلنا تمہیں دھوکے میں نہ ڈال دے۔

كَذَّبَتْ قَبْلَهُمْ قَوْمُ نُوْحٍ وَّ الْاَحْزَابُ مِنْۢ بَعْدِهِمْ وَ هَمَّتْ كُلُّ اُمَّةٍۭ

| كَذَّبَتْ | قَبْلَهُمْ | قَوْمُ | نُوْحٍ | وَ الْاَحْزَابُ | مِنْۢ بَعْدِهِمْ | وَ هَمَّتْ | كُلُّ | اُمَّةٍ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| جھٹلایا | ان سے پہلے | قوم | نوح | اور اور گروہوں نے | ان کے بعد | اور ارادہ کیا | ہر | امت نے |

ان سے پہلے نوح کی قوم اور ان کے بعد اور امتوں نے بھی (پیغمبروں کی) تکذیب کی اور ہر امت نے اپنے پیغمبر کے بارے میں

بِرَسُوْلِهِمْ لِيَاْخُذُوْهُ وَ جٰدَلُوْا بِالْبَاطِلِ لِيُدْحِضُوْا بِهِ الْحَقَّ فَاَخَذْتُهُمْ ۫ قف

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بِرَسُوْلِهِمْ | لِيَاْخُذُوْهُ | وَ جٰدَلُوْا | بِالْبَاطِلِ | لِيُدْحِضُوْا | بِهِ | الْحَقَّ | فَاَخَذْتُهُمْ |
| اپنے رسول کے بارے میں | کہ پکڑ لیں اس کو | اور جھگڑا کیا انہوں نے | ناحق | تاکہ زائل کر دیں | اسکے ساتھ | حق | پھر میں نے پکڑ لیا انکو |

یہی قصد کیا کہ اس کو پکڑ لیں اور بیہودہ (شبہات سے) جھگڑتے رہے کہ اس سے حق کو زائل کر دیں،

فَكَيْفَ كَانَ عِقَابِ ۵ وَ كَذٰلِكَ حَقَّتْ كَلِمَتُ رَبِّكَ عَلَى الَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| فَكَيْفَ | كَانَ | عِقَابِ | وَ كَذٰلِكَ | حَقَّتْ | كَلِمَتُ | رَبِّكَ | عَلَى | الَّذِيْنَ | كَفَرُوْٓا |
| پس کیسا | تھا | میرا عذاب | اور اسی طرح | پوری ہو چکی | بات | آپ کے رب کی | پر | ان لوگوں جو | کافر ہیں |

تو میں نے ان کو پکڑ لیا۔ سو (دیکھ لو) میرا عذاب کیسا ہوا؟ اور اسی طرح کافروں کے بارے میں بھی تمہارے پروردگار کی بات پوری ہو چکی ہے

وقف لازم

اَنَّهُمْ اَصْحٰبُ النَّارِ ۶ اَلَّذِيْنَ يَحْمِلُوْنَ الْعَرْشَ وَ مَنْ حَوْلَهٗ يُسَبِّحُوْنَ

وقف النبی صلی اللہ علیہ وسلم

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اَنَّهُمْ | اَصْحٰبُ النَّارِ | اَلَّذِيْنَ | يَحْمِلُوْنَ | الْعَرْشَ | وَ مَنْ | حَوْلَهٗ | يُسَبِّحُوْنَ |
| کہ بیشک وہ | اہل دوزخ ہیں | جو لوگ | اٹھائے ہوئے ہیں | عرش | اور جو | اس کے گرداگرد ہیں | تسبیح کرتے ہیں |

کہ وہ اہل دوزخ ہیں۔ جو لوگ عرش کو اٹھائے ہوئے اور جو اس کے گرداگرد (حلقہ باندھے ہوئے) ہیں (یعنی فرشتے) وہ اپنے پروردگار

بِحَمْدِ رَبِّهِمْ وَ يُؤْمِنُوْنَ بِهٖ وَ يَسْتَغْفِرُوْنَ لِلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا ۚ رَبَّنَا وَسِعْتَ كُلَّ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بِحَمْدِ | رَبِّهِمْ | وَ يُؤْمِنُوْنَ | بِهٖ | وَ يَسْتَغْفِرُوْنَ | لِلَّذِيْنَ | اٰمَنُوْا | رَبَّنَا | وَسِعْتَ | كُلَّ |
| تعریف کے ساتھ | اپنے رب کی | اور ایمان رکھتے ہیں | اس پر | اور بخشش مانگتے ہیں | ان لوگوں کیلئے جو | ایمان لائے | اے رب ہمارے | تو احاطہ کیے ہوئے ہے | ہر |

کی تعریف کے ساتھ تسبیح کرتے رہتے ہیں اور اس پر ایمان رکھتے ہیں اور مومنوں کے لیے بخشش مانگتے رہتے ہیں کہ ہمارے پروردگار! تیری رحمت اور تیرا علم

شَيْءٍ رَّحْمَةً وَّ عِلْمًا فَاغْفِرْ لِلَّذِيْنَ تَابُوْا وَ اتَّبَعُوْا سَبِيْلَكَ وَ قِهِمْ عَذَابَ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| شَيْءٍ | رَحْمَةً | وَ عِلْمًا | فَاغْفِرْ | لِلَّذِيْنَ | تَابُوْا | وَ اتَّبَعُوْا | سَبِيْلَكَ | وَ قِهِمْ | عَذَابَ |
| چیز کا | (اپنی) رحمت | اور علم سے | پس معاف فرما | ان لوگوں کو جنہوں نے | توبہ کی | اور پیروی کی | تیرے راستے کی | اور بچا ان کو | عذاب سے |

ہر چیز کو احاطہ کیے ہوئے ہے، تو جن لوگوں نے توبہ کی اور تیرے رستے پر چلے ان کو بخش دے اور دوزخ کے عذاب سے

الْجَحِيْمِ ۷ رَبَّنَا وَ اَدْخِلْهُمْ جَنّٰتِ عَدْنِ ِالَّتِيْ وَعَدْتَّهُمْ وَ مَنْ صَلَحَ مِنْ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الْجَحِيْمِ | رَبَّنَا | وَ اَدْخِلْهُمْ | جَنّٰتِ | عَدْنِ | الَّتِيْ | وَعَدْتَّهُمْ | وَ مَنْ | صَلَحَ | مِنْ |
| جہنم کے | اے رب ہمارے | اور داخل کر ان کو | باغات میں | ہمیشہ رہنے کے | وہ جو/جن کا | تو نے وعدہ کیا ان سے | اور جو | نیک ہیں | سے |

بچا لے۔ اے ہمارے پروردگار! ان کو ہمیشہ رہنے کی بہشتوں میں داخل کر جن کا تو نے ان سے وعدہ کیا ہے اور جو ان کے باپ دادا

اٰبَآىِٕهِمْ وَ اَزْوَاجِهِمْ وَ ذُرِّيّٰتِهِمْ ؕ اِنَّكَ اَنْتَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ⑧ وَ قِهِمُ

| اٰبَآىِٕهِمْ | وَ اَزْوَاجِهِمْ | وَ ذُرِّيّٰتِهِمْ | اِنَّكَ | اَنْتَ | الْعَزِيْزُ | الْحَكِيْمُ | وَ قِهِمُ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ان کے باپ دادا | اور ان کی ازواج | اور ان کی اولاد میں | بے شک تو | تو ہی | غالب | بڑی حکمت والا ہے | اور بچا ان کو |

اور ان کی بیویوں اور ان کی اولاد میں سے نیک ہوں ان کو بھی۔ بے شک تو غالب حکمت والا ہے۔ اور ان کو عذابوں سے

السَّيِّاٰتِ ؕ وَ مَنْ تَقِ السَّيِّاٰتِ يَوْمَىِٕذٍ فَقَدْ رَحِمْتَهٗ ؕ وَ ذٰلِكَ هُوَ الْفَوْزُ

| السَّيِّاٰتِ | وَ مَنْ | تَقِ | السَّيِّاٰتِ | يَوْمَىِٕذٍ | فَقَدْ | رَحِمْتَهٗ | وَ ذٰلِكَ | هُوَ | الْفَوْزُ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| برائیوں/عذابوں سے | اور جس کو | تو بچالے | عذابوں سے | اس دن | تو بے شک | تونے اس پر رحمت فرمائی | اور یہ | وہ/ہی | کامیابی ہے |

بچائے رکھ، اور جس کو تو اس روز عذابوں سے بچا لے گا تو بے شک (تو نے) اس پر مہربانی فرمائی۔ اور یہی بڑی

ع ١ ٩ ٦ الْعَظِيْمُ ⑨ اِنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا يُنَادَوْنَ لَمَقْتُ اللّٰهِ اَكْبَرُ مِنْ مَّقْتِكُمْ

| الْعَظِيْمُ | اِنَّ | الَّذِيْنَ | كَفَرُوْا | يُنَادَوْنَ | لَمَقْتُ | اللّٰهِ | اَكْبَرُ | مِنْ | مَقْتِكُمْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بڑی | بے شک | جن لوگوں نے | کفر کیا | ان کو پکار کر کہا جائے گا | البتہ بیزاری/ناراضی | اللہ کی | بہت زیادہ | سے | بیزاری تمہاری |

کامیابی ہے۔ جن لوگوں نے کفر کیا ان سے پکار کر کہہ دیا جائے گا کہ جب تم (دنیا میں) ایمان کی طرف بلائے جاتے تھے اور مانتے نہیں تھے

اَنْفُسَكُمْ اِذْ تُدْعَوْنَ اِلَى الْاِيْمَانِ فَتَكْفُرُوْنَ ⑩ قَالُوْا رَبَّنَآ اَمَتَّنَا

| اَنْفُسَكُمْ | اِذْ | تُدْعَوْنَ | اِلَى الْاِيْمَانِ | فَتَكْفُرُوْنَ | قَالُوْا | رَبَّنَا | اَمَتَّنَا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اپنی جانوں سے | جب | تم بلائے جاتے تھے | ایمان کی طرف | تو تم انکار کردیتے تھے | وہ کہیں گے | اے رب ہمارے | تونے موت دی ہمیں |

تو اللہ اس سے کہیں زیادہ بیزار ہوتا تھا جس قدر تم اپنے آپ سے بیزار ہو رہے ہو۔ وہ کہیں گے کہ اے پروردگار! تونے ہم کو دو دفعہ

اثْنَتَيْنِ وَ اَحْيَيْتَنَا اثْنَتَيْنِ فَاعْتَرَفْنَا بِذُنُوْبِنَا فَهَلْ اِلٰى خُرُوْجٍ مِّنْ

| اِثْنَتَيْنِ | وَ اَحْيَيْتَنَا | اِثْنَتَيْنِ | فَاعْتَرَفْنَا | بِذُنُوْبِنَا | فَهَلْ | اِلٰى | خُرُوْجٍ | مِنْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| دوبار | اور تونے زندہ کیا ہمیں | دوبار | پس ہم نے اقرار کیا | اپنے گناہوں کا | تو کیا | طرف | نکلنے کی | کوئی/کچھ |

بے جان کیا اور دو دفعہ جان بخشی۔ ہم کو اپنے گناہوں کا اقرار ہے، تو کیا نکلنے کی کوئی

سَبِيْلٍ ⑪ ذٰلِكُمْ بِاَنَّهٗٓ اِذَا دُعِيَ اللّٰهُ وَحْدَهٗ كَفَرْتُمْ ۚ وَاِنْ يُّشْرَكْ بِهٖ تُؤْمِنُوْا ؕ

| سَبِيْلٍ | ذٰلِكُمْ | بِاَنَّهٗ | اِذَا | دُعِيَ اللّٰهُ | وَحْدَهٗ | كَفَرْتُمْ | وَاِنْ | يُشْرَكْ | بِهٖ | تُؤْمِنُوْا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| راستہ ہے | یہ | اسلئے کہ بیشک وہ | جب | پکارا جاتا اللہ کو | تنہا | تم کفر کرتے تھے | اور اگر | شریک مقرر کیا جاتا | اس کے ساتھ | تم مان لیتے تھے |

سبیل ہے؟ یہ اس لیے کہ جب تنہا اللہ کو پکارا جاتا تھا تو تم انکار کر دیتے تھے اور اگر اس کے ساتھ شریک مقرر کیا جاتا تھا تو تسلیم کر لیتے تھے۔

فَالْحُكْمُ لِلّٰهِ الْعَلِيِّ الْكَبِيْرِ ⑫ هُوَ الَّذِيْ يُرِيْكُمْ اٰيٰتِهٖ وَ يُنَزِّلُ لَكُمْ مِّنَ

| مِنْ | لَكُمْ | وَ يُنَزِّلُ | اٰيٰتِهٖ | يُرِيْكُمْ | الَّذِيْ | هُوَ | الْكَبِيْرِ | الْعَلِيِّ | لِلّٰهِ | فَالْحُكْمُ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| سے | تمہارے لیے | اور نازل کرتا ہے | اپنی نشانیاں | دکھاتا ہے تم کو | جو | وہی | بہت بڑا | بلند | اللہ کا ہے | پس حکم |

تو حکم تو اللہ ہی کا ہے جو (سب سے) اوپر (اور سب سے) بڑا ہے۔ وہی تو ہے جو تم کو اپنی نشانیاں دکھاتا ہے اور تم پر آسمان سے

السَّمَآءِ رِزْقًا ؕ وَ مَا يَتَذَكَّرُ اِلَّا مَنْ يُّنِيْبُ ⑬ فَادْعُوا اللّٰهَ مُخْلِصِيْنَ لَهُ

| لَهُ | مُخْلِصِيْنَ | فَادْعُوا اللّٰهَ | يُنِيْبُ | مَنْ | اِلَّا | يَتَذَكَّرُ | وَ مَا | رِزْقًا | السَّمَآءِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اس کے لیے | خالص کرتے ہوئے | پس پکارو اللہ کو | رجوع کرتا ہے | جو | مگر | نصیحت پکڑتا | اور نہیں | رزق | آسمان |

رزق اتارتا ہے، اور نصیحت تو وہی پکڑتا ہے جو (اس کی طرف) رجوع کرتا ہے۔ تو اللہ کی عبادت کو خالص کر کر اُسی کو

الدِّيْنَ وَ لَوْ كَرِهَ الْكٰفِرُوْنَ ⑭ رَفِيْعُ الدَّرَجٰتِ ذُو الْعَرْشِ ۚ يُلْقِي الرُّوْحَ

| الرُّوْحَ | يُلْقِيْ | ذُو الْعَرْشِ | الدَّرَجٰتِ | رَفِيْعُ ❶ | الْكٰفِرُوْنَ | كَرِهَ | وَ لَوْ | الدِّيْنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| روح | ڈالتا ہے | صاحب عرش | درجات | بلند رکھنے والا/ بلند کرنے والا | کافر | برا مانیں | اگرچہ | عبادت |

پکارو اگرچہ کافر برا ہی مانیں۔ وہ مالک درجات عالی (اور) صاحب عرش ہے۔ اپنے بندوں میں سے

مِنْ اَمْرِهٖ عَلٰى مَنْ يَّشَآءُ مِنْ عِبَادِهٖ لِيُنْذِرَ يَوْمَ التَّلَاقِ ⑮ يَوْمَ هُمْ

| هُمْ | يَوْمَ | التَّلَاقِ | يَوْمَ | لِيُنْذِرَ | عِبَادِهٖ | مِنْ | يَشَآءُ | مَنْ | عَلٰى | مِنْ اَمْرِهٖ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وہ | جس دن | ملاقات کے | دن سے | تاکہ ڈرائے | اپنے بندوں میں | سے | چاہتا ہے | جس | پر | اپنے حکم سے |

جس کو چاہتا ہے اپنے حکم سے وحی بھیجتا ہے تاکہ ملاقات کے دن سے ڈرائے۔ جس روز وہ

بٰرِزُوْنَ ۚ۬ لَا يَخْفٰى عَلَى اللّٰهِ مِنْهُمْ شَيْءٌ ؕ لِمَنِ الْمُلْكُ الْيَوْمَ ؕ لِلّٰهِ الْوَاحِدِ

| الْوَاحِدِ | لِلّٰهِ | الْيَوْمَ | الْمُلْكُ | لِمَنِ | شَيْءٌ | مِنْهُمْ | عَلَى اللّٰهِ | لَا يَخْفٰى | بٰرِزُوْنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ایک/ یکتا | اللہ کی | آج | بادشاہت ہے | کس کی | کوئی چیز | ان کی | اللہ پر | نہیں پوشیدہ رہے گی | ظاہر ہوں گے |

نکل پڑیں گے، ان کی کوئی چیز اللہ سے مخفی نہ رہے گی۔ آج کس کی بادشاہت ہے؟ اللہ کی، جو اکیلا (اور)

الْقَهَّارِ ⑯ اَلْيَوْمَ تُجْزٰى كُلُّ نَفْسٍۭ بِمَا كَسَبَتْ ؕ لَا ظُلْمَ الْيَوْمَ ؕ اِنَّ اللّٰهَ

| اِنَّ اللّٰهَ | الْيَوْمَ | لَا ظُلْمَ | كَسَبَتْ | بِمَا | نَفْسٍ | كُلُّ | تُجْزٰى | اَلْيَوْمَ | الْقَهَّارِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بے شک اللہ | آج | نہیں کوئی ظلم (ہوگا) | اس نے کمایا | اس کا جو | شخص کو | ہر | بدلہ دیا جائے گا | آج | زبردست |

غالب ہے۔ آج کے دن ہر شخص کو اس کے اعمال کا بدلہ دیا جائے گا۔ آج (کسی کے حق میں) بے انصافی نہیں ہو گی۔ بے شک اللہ



❶ رَفِيْعُ الدَّرَجٰتِ اس کے دونوں معنی ہو سکتے ہیں یعنی بلند مرتبوں والے کے بھی اور درجوں کو بلند کرنے والے کے بھی۔

**سَرِيۡعُ الۡحِسَابِ ⑰ وَ اَنۡذِرۡهُمۡ يَوۡمَ الۡاٰزِفَةِ اِذِ الۡقُلُوۡبُ لَدَى الۡحَنَاجِرِ**

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| سَرِيۡعُ | الۡحِسَابِ | وَ اَنۡذِرۡهُمۡ | يَوۡمَ | الۡاٰزِفَةِ | اِذِ | الۡقُلُوۡبُ | لَدَى | الۡحَنَاجِرِ |
| جلد لینے والا | حساب | اور ڈرایئے ان کو | دن سے | قریب آنے والے | جب | دل | قریب | گلوں کے (آرہے ہوں گے) |

جلد حساب لینے والا ہے۔ اور ان کو قریب آنے والے دن سے ڈراؤ جب کہ دل غم سے بھر کر گلوں تک

**كٰظِمِيۡنَ ۬ؕ مَا لِلظّٰلِمِيۡنَ مِنۡ حَمِيۡمٍ وَّ لَا شَفِيۡعٍ يُّطَاعُ ؕ⑱ يَعۡلَمُ خَآئِنَةَ**

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| كٰظِمِيۡنَ | مَا | لِلظّٰلِمِيۡنَ | مِنۡ | حَمِيۡمٍ | وَ لَا | شَفِيۡعٍ | يُّطَاعُ | يَعۡلَمُ | خَآئِنَةَ |
| غم سے بھرے ہوئے | نہیں | ظالموں کے لیے | کوئی | دوست | اور نہ | سفارشی | جس کی بات مانی جائے | وہ جانتا ہے | خیانت |

آ رہے ہوں گے (اور) ظالموں کا کوئی دوست نہیں ہو گا اور نہ کوئی سفارشی، جس کی بات قبول کی جائے۔ وہ آنکھوں کی خیانت کو

**الۡاَعۡيُنِ وَ مَا تُخۡفِي الصُّدُوۡرُ ⑲ وَ اللّٰهُ يَقۡضِيۡ بِالۡحَقِّ ؕ وَ الَّذِيۡنَ يَدۡعُوۡنَ مِنۡ**

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الۡاَعۡيُنِ | وَ مَا | تُخۡفِي | الصُّدُوۡرُ | وَ اللّٰهُ | يَقۡضِيۡ | بِالۡحَقِّ | وَ الَّذِيۡنَ | يَدۡعُوۡنَ | مِنۡ |
| آنکھوں کی | اور جو | چھپاتے ہیں | سینے | اور اللہ | فیصلہ کرتا ہے | حق کے ساتھ | اور جن لوگوں کو | وہ پکارتے ہیں | |

جانتا ہے اور جو (باتیں) سینوں میں پوشیدہ ہیں (ان کو بھی)۔ اور اللہ سچائی کے ساتھ حکم فرماتا ہے۔ اور جن کو یہ لوگ پکارتے ہیں

۲ ع ۱۱ ۷ **دُوۡنِهٖ لَا يَقۡضُوۡنَ بِشَيۡءٍ ؕ اِنَّ اللّٰهَ هُوَ السَّمِيۡعُ الۡبَصِيۡرُ ۠⑳ اَوَ لَمۡ يَسِيۡرُوۡا فِي**

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| دُوۡنِهٖ | لَا يَقۡضُوۡنَ | بِشَيۡءٍ | اِنَّ اللّٰهَ | هُوَ | السَّمِيۡعُ | الۡبَصِيۡرُ | اَوَ لَمۡ يَسِيۡرُوۡا | فِيۡ |
| اس کے سوا | نہیں وہ فیصلہ کرسکتے | کسی چیز کا | بے شک اللہ | وہی | سب کچھ سننے والا | دیکھنے والا ہے | کیا نہیں سیر کی انہوں نے | میں |

وہ کچھ بھی حکم نہیں دے سکتے۔ بے شک اللہ سننے والا (اور) دیکھنے والا ہے۔ کیا انہوں نے زمین میں سیر نہیں

**الۡاَرۡضِ فَيَنۡظُرُوۡا كَيۡفَ كَانَ عَاقِبَةُ الَّذِيۡنَ كَانُوۡا مِنۡ قَبۡلِهِمۡ ؕ كَانُوۡا هُمۡ**

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الۡاَرۡضِ | فَيَنۡظُرُوۡا | كَيۡفَ | كَانَ | عَاقِبَةُ | الَّذِيۡنَ | كَانُوۡا | مِنۡ قَبۡلِهِمۡ | كَانُوۡا | هُمۡ |
| زمین | کہ وہ دیکھتے | کیسا | ہوا | انجام | ان لوگوں کا جو | تھے | ان سے پہلے | تھے | وہ |

کی تاکہ دیکھ لیتے کہ جو لوگ ان سے پہلے تھے ان کا انجام کیسا ہوا۔ وہ ان سے زور

**اَشَدَّ مِنۡهُمۡ قُوَّةً وَّ اٰثَارًا فِي الۡاَرۡضِ فَاَخَذَهُمُ اللّٰهُ بِذُنُوۡبِهِمۡ ؕ وَ مَا كَانَ لَهُمۡ**

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اَشَدَّ | مِنۡهُمۡ | قُوَّةً | وَّ اٰثَارًا | فِي الۡاَرۡضِ | فَاَخَذَهُمُ | اللّٰهُ | بِذُنُوۡبِهِمۡ | وَ مَا | كَانَ | لَهُمۡ |
| بہت زیادہ | ان سے | قوت | اور نشانات (کے لحاظ سے) | زمین میں | پس پکڑلیا ان کو | اللہ نے | انکے گناہوں کے سبب | اور نہیں | تھا | ان کیلئے |

اور زمین میں نشانات (بنانے) کے لحاظ سے کہیں بڑھ کر تھے، تو اللہ نے ان کو ان کے گناہوں کے سبب پکڑ لیا۔ اور ان کو اللہ (کے عذاب) سے

مِّنَ اللّٰهِ مِنْ وَّاقٍ ﴿۲۱﴾ ذٰلِكَ بِاَنَّهُمْ كَانَتْ تَّاْتِيْهِمْ رُسُلُهُمْ بِالْبَيِّنٰتِ

| مِنَ اللّٰهِ | مِنْ | وَاقٍ | ذٰلِكَ | بِاَنَّهُمْ | كَانَتْ | تَاْتِيْهِمْ | رُسُلُهُمْ | بِالْبَيِّنٰتِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اللہ سے | کوئی | بچانے والا | یہ | اس لیے کہ وہ | تھے | آتے ان کے پاس | رسول ان کے | کھلی نشانیوں کے ساتھ |

کوئی بھی بچانے والا نہ تھا۔ یہ اس لیے کہ ان کے پاس پیغبر کھلی دلیلیں لاتے تھے

فَكَفَرُوْا فَاَخَذَهُمُ اللّٰهُ ؕ اِنَّهٗ قَوِيٌّ شَدِيْدُ الْعِقَابِ ﴿۲۲﴾ وَ لَقَدْ اَرْسَلْنَا

| فَكَفَرُوْا | فَاَخَذَهُمُ اللّٰهُ | اِنَّهٗ | قَوِيٌّ | شَدِيْدُ | الْعِقَابِ | وَ لَقَدْ | اَرْسَلْنَا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تو کفر کیا انہوں نے | پس پکڑا ان کو اللہ نے | بے شک وہ | طاقت ور | سخت | سزا دینے والا | اور بے شک | بھیجا ہم نے |

تو یہ کفر کرتے تھے، سو اللہ نے ان کو پکڑ لیا۔ بے شک وہ صاحب قوت (اور) سخت عذاب دینے والا ہے۔ اور ہم نے موسیٰؑ کو

مُوْسٰى بِاٰيٰتِنَا وَ سُلْطٰنٍ مُّبِيْنٍ ﴿۲۳﴾ اِلٰى فِرْعَوْنَ وَ هَامٰنَ وَ قَارُوْنَ فَقَالُوْا

| مُوْسٰى | بِاٰيٰتِنَا | وَ سُلْطٰنٍ | مُبِيْنٍ | اِلٰى | فِرْعَوْنَ | وَ هَامٰنَ | وَ قَارُوْنَ | فَقَالُوْا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| موسیٰ کو | ساتھ اپنی نشانیوں | اور دلیل | روشن کے | طرف | فرعون | اور ہامان | اور قارون کی | تو کہا انہوں نے |

اپنی نشانیاں اور دلیل روشن دے کر بھیجا۔ (یعنی) فرعون اور ہامان اور قارون کی طرف، تو انہوں نے کہا

سٰحِرٌ كَذَّابٌ ﴿۲۴﴾ فَلَمَّا جَآءَهُمْ بِالْحَقِّ مِنْ عِنْدِنَا قَالُوا اقْتُلُوْٓا اَبْنَآءَ الَّذِيْنَ

| سٰحِرٌ | كَذَّابٌ | فَلَمَّا | جَآءَهُمْ | بِالْحَقِّ | مِنْ عِنْدِنَا | قَالُوْا | اُقْتُلُوْٓا | اَبْنَآءَ | الَّذِيْنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| جادوگر | بڑا جھوٹا | پس جب | وہ پہنچا ان کے پاس | حق کے ساتھ | ہمارے پاس سے | کہا انہوں نے | قتل کردو | بیٹوں کو | ان لوگوں کے جو |

کہ یہ تو جادوگر ہے جھوٹا۔ غرض جب وہ ان کے پاس ہماری طرف سے حق لے کر پہنچے تو کہنے لگے کہ جو لوگ اس کے ساتھ (اللہ پر)

اٰمَنُوْا مَعَهٗ وَ اسْتَحْيُوْا نِسَآءَهُمْ ؕ وَ مَا كَيْدُ الْكٰفِرِيْنَ اِلَّا فِيْ ضَلٰلٍ ﴿۲۵﴾

| اٰمَنُوْا | مَعَهٗ | وَ اسْتَحْيُوْا | نِسَآءَهُمْ ❶ | وَ مَا | كَيْدُ | الْكٰفِرِيْنَ | اِلَّا | فِيْ | ضَلٰلٍ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ایمان لائے | اس کے ساتھ | اور زندہ رہنے دو | ان کی عورتیں/ بیٹیاں | اور نہیں | تدبیر | کافروں کی | مگر | میں | گمراہی |

ایمان لائے ہیں ان کے بیٹوں کو قتل کر دو اور بیٹیوں کو رہنے دو۔ اور کافروں کی تدبیریں بے ٹھکانے ہوتی ہیں۔

وَ قَالَ فِرْعَوْنُ ذَرُوْنِيْٓ اَقْتُلْ مُوْسٰى وَ لْيَدْعُ رَبَّهٗ ۚ اِنِّيْٓ اَخَافُ اَنْ يُّبَدِّلَ

| وَ قَالَ | فِرْعَوْنُ | ذَرُوْنِيْٓ | اَقْتُلْ | مُوْسٰى | وَ لْيَدْعُ | رَبَّهٗ | اِنِّيْٓ | اَخَافُ | اَنْ | يُبَدِّلَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور کہا | فرعون نے | مجھے چھوڑو | میں قتل کروں | موسیٰ کو | اور چاہیے کہ وہ بلائے | اپنے رب کو | بیشک میں | ڈرتا ہوں | کہ | وہ بدل دے |

اور فرعون بولا کہ مجھے چھوڑو کہ موسیٰؑ کو قتل کر دوں اور وہ اپنے پروردگار کو بلا لے۔ مجھے ڈر ہے کہ وہ (کہیں) تمہارے دین کو (نہ)



❶ نِسَآءَهُمْ: ان کی عورتیں یعنی ان کی بیٹیاں یا ان کی لڑکیاں۔

دِيْنَكُمْ اَوْ اَنْ يُّظْهِرَ فِي الْاَرْضِ الْفَسَادَ ﴿۲۶﴾ وَ قَالَ مُوْسٰۤى اِنِّيْ عُذْتُ بِرَبِّيْ

| دِيْنَكُمْ | اَوْ | اَنْ | يُّظْهِرَ | فِي الْاَرْضِ | الْفَسَادَ | وَ قَالَ | مُوْسٰى | اِنِّيْ | عُذْتُ | بِرَبِّيْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تمہارے دین کو | یا | یہ کہ | پھیلا دے | زمین میں | فساد | اور کہا | موسیٰ نے | بیشک میں | پناہ لے چکا ہوں | اپنے رب کی |

بدل دے یا ملک میں فساد (نہ) پیدا کر دے۔ موسیٰؑ نے کہا کہ میں ہر متکبر سے جو حساب کے دن (یعنی قیامت) پر

۳ ع ۸

وَ رَبِّكُمْ مِّنْ كُلِّ مُتَكَبِّرٍ لَّا يُؤْمِنُ بِيَوْمِ الْحِسَابِ ﴿۲۷﴾ وَ قَالَ رَجُلٌ مُّؤْمِنٌ ۖ

| وَ رَبِّكُمْ | مِنْ | كُلِّ | مُتَكَبِّرٍ | لَا يُؤْمِنُ | بِيَوْمِ | الْحِسَابِ | وَ قَالَ | رَجُلٌ | مُؤْمِنٌ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور تمہارے رب کی | سے | ہر | تکبر کرنے والے | جو نہیں ایمان لاتا | دن پر | حساب کے | اور کہا | ایک مردِ | مومن نے |

ایمان نہیں لاتا، اپنے اور تمہارے پروردگار کی پناہ لے چکا ہوں۔ اور فرعون کے لوگوں میں سے ایک مومن شخص

مِّنْ اٰلِ فِرْعَوْنَ يَكْتُمُ اِيْمَانَهٗۤ اَتَقْتُلُوْنَ رَجُلًا اَنْ يَّقُوْلَ رَبِّيَ اللّٰهُ وَ قَدْ

| مِنْ | اٰلِ فِرْعَوْنَ | يَكْتُمُ | اِيْمَانَهٗ | اَتَقْتُلُوْنَ | رَجُلًا | اَنْ | يَقُوْلَ | رَبِّيَ | اللّٰهُ | وَ قَدْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| سے | قومِ فرعون | وہ پوشیدہ رکھتا تھا | اپنا ایمان | کیا تم قتل کرتے ہو | ایک شخص کو | کہ | وہ کہتا ہے | میرا رب | اللہ ہے | اور تحقیق |

جو اپنے ایمان کو پوشیدہ رکھتا تھا، کہنے لگا، کیا تم ایسے شخص کو قتل کرنا چاہتے ہو جو کہتا ہے کہ میرا پروردگار اللہ ہے اور وہ

جَآءَكُمْ بِالْبَيِّنٰتِ مِنْ رَّبِّكُمْ ؕ وَ اِنْ يَّكُ كَاذِبًا فَعَلَيْهِ كَذِبُهٗ ۚ وَ اِنْ يَّكُ

| جَآءَكُمْ | بِالْبَيِّنٰتِ | مِنْ رَّبِّكُمْ | وَاِنْ | يَكُ | كَاذِبًا | فَعَلَيْهِ | كَذِبُهٗ | وَاِنْ | يَكُ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وہ آیا ہے تمہارے پاس | روشن نشانیوں کے ساتھ | تمہارے رب سے | اور اگر | وہ ہوگا | جھوٹا | تو اس پر | اس کا جھوٹ | اور اگر | وہ ہے |

تمہارے پاس تمہارے پروردگار (کی طرف) سے نشانیاں بھی لے کر آیا ہے، اور اگر وہ جھوٹا ہوگا تو اس کے جھوٹ کا ضرر اسی کو ہوگا اور اگر سچا

صَادِقًا يُّصِبْكُمْ بَعْضُ الَّذِيْ يَعِدُكُمْ ؕ اِنَّ اللّٰهَ لَا يَهْدِيْ مَنْ هُوَ مُسْرِفٌ

| صَادِقًا | يُصِبْكُمْ | بَعْضُ | الَّذِيْ | يَعِدُكُمْ | اِنَّ اللّٰهَ | لَا يَهْدِيْ | مَنْ | هُوَ | مُسْرِفٌ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| سچا | پہنچے گا تمہیں | کچھ/کوئی | جس کا | وہ وعدہ کرتا ہے تم سے | بے شک اللہ | نہیں ہدایت دیتا | اس شخص کو جو | وہ | حد سے گزرنے والا |

ہوگا تو کوئی سا عذاب جس کا وہ تم سے وعدہ کرتا ہے تم پر واقع ہو کر رہے گا۔ بے شک اللہ اس شخص کو ہدایت نہیں دیتا جو بے لحاظ

كَذَّابٌ ﴿۲۸﴾ يٰقَوْمِ لَكُمُ الْمُلْكُ الْيَوْمَ ظٰهِرِيْنَ فِي الْاَرْضِ ۫ فَمَنْ يَّنْصُرُنَا

| كَذَّابٌ | يٰقَوْمِ | لَكُمُ | الْمُلْكُ | الْيَوْمَ | ظٰهِرِيْنَ | فِي الْاَرْضِ | فَمَنْ | يَنْصُرُنَا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بڑا جھوٹا ہے | اے میری قوم | تمہارے لیے | بادشاہت ہے | آج | غالب ہو | زمین میں | پس کون | مدد کرے گا ہماری |

جھوٹا ہے۔ اے قوم! آج تمہاری ہی بادشاہت ہے اور تم ہی ملک میں غالب ہو، (لیکن) اگر ہم پر اللہ کا عذاب آ گیا

مِنۡ بَاۡسِ اللّٰهِ اِنۡ جَآءَنَا ؕ قَالَ فِرۡعَوۡنُ مَاۤ اُرِيۡكُمۡ اِلَّا مَاۤ اَرٰى وَمَاۤ اَهۡدِيۡكُمۡ

| مِنۡ | بَاۡسِ اللّٰهِ | اِنۡ | جَآءَنَا | قَالَ | فِرۡعَوۡنُ | مَا | اُرِيۡكُمۡ | اِلَّا | مَا | اَرٰى | وَمَا | اَهۡدِيۡكُمۡ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| سے | اللہ کے عذاب | اگر | آجائے ہمارے اوپر | کہا | فرعون نے | نہیں | میں دکھاتا تم کو | مگر | جو | میں دیکھتا ہوں | اور نہیں | میں راہ بتاتا تم کو |

تو (اس کو دور کرنے کے لیے) ہماری مدد کون کرے گا؟ فرعون نے کہا کہ میں تمہیں وہی بات سجھاتا ہوں جو مجھے سوجھی ہے اور وہی راہ بتاتا ہوں

اِلَّا سَبِيۡلَ الرَّشَادِ ﴿۲۹﴾ وَقَالَ الَّذِىۡۤ اٰمَنَ يٰقَوۡمِ اِنِّىۡۤ اَخَافُ عَلَيۡكُمۡ مِّثۡلَ

| اِلَّا | سَبِيۡلَ | الرَّشَادِ | وَقَالَ | الَّذِىۡ | اٰمَنَ | يٰقَوۡمِ | اِنِّىۡ | اَخَافُ | عَلَيۡكُمۡ | مِثۡلَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مگر | راہ | بھلائی کی | اور کہا اس نے | وہ جو | ایمان لایا | اے میری قوم | بیشک میں | خوف رکھتا ہوں | تم پر | مانند |

جس میں بھلائی ہے۔ تو جو مومن تھا وہ کہنے لگا کہ اے قوم! مجھے تمہاری نسبت خوف ہے کہ (مبادا) تم پر اور امتوں کی طرح کے دن کا

يَوۡمِ الۡاَحۡزَابِ ﴿۳۰﴾ مِثۡلَ دَاۡبِ قَوۡمِ نُوۡحٍ وَّعَادٍ وَّثَمُوۡدَ وَالَّذِيۡنَ مِنۡ

| يَوۡمِ | الۡاَحۡزَابِ ➊ | مِثۡلَ | دَاۡبِ | قَوۡمِ نُوۡحٍ | وَعَادٍ | وَثَمُوۡدَ | وَالَّذِيۡنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| دن کی | (گزشتہ) امتوں کے | جیسے | حال (ہوا) | قوم نوح | اور عاد | اور ثمود | اور ان لوگوں کا جو |

عذاب آ جائے۔ (یعنی) نوح کی قوم اور عاد اور ثمود اور جو لوگ ان کے پیچھے

بَعۡدِهِمۡ ؕ وَمَا اللّٰهُ يُرِيۡدُ ظُلۡمًا لِّلۡعِبَادِ ﴿۳۱﴾ وَيٰقَوۡمِ اِنِّىۡۤ اَخَافُ عَلَيۡكُمۡ يَوۡمَ

| مِنۡۢ بَعۡدِهِمۡ | وَمَا | اللّٰهُ | يُرِيۡدُ | ظُلۡمًا | لِلۡعِبَادِ | وَيٰقَوۡمِ | اِنِّىۡ | اَخَافُ | عَلَيۡكُمۡ | يَوۡمَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| انکے بعد (ہوئے) | اور نہیں | اللہ | چاہتا | ظلم | بندوں کیلئے | اور اے میری قوم | بیشک میں | خوف رکھتا ہوں | تم پر | دن کا |

ہوئے ہیں۔ اور اللہ تو بندوں پر ظلم نہیں کرنا چاہتا۔ اور اے قوم! مجھے تمہاری نسبت پکار کے دن (یعنی قیامت) کا

التَّنَادِ ﴿۳۲﴾ يَوۡمَ تُوَلُّوۡنَ مُدۡبِرِيۡنَ ۚ مَا لَـكُمۡ مِّنَ اللّٰهِ مِنۡ عَاصِمٍ ۚ وَمَنۡ يُّضۡلِلِ

| التَّنَادِ | يَوۡمَ | تُوَلُّوۡنَ | مُدۡبِرِيۡنَ | مَا | لَكُمۡ | مِنَ اللّٰهِ | مِنۡ عَاصِمٍ | وَمَنۡ | يُضۡلِلِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| چیخ پکار کے | جس دن | تم پھر جاؤ گے/ بھاگو گے | پیٹھ پھیر کر | نہیں | تمہارے لیے | اللہ سے | کوئی بچانے والا | اور جس کو | گمراہ کرے |

خوف ہے۔ جس دن تم پیٹھ پھیر کر (قیامت کے میدان سے) بھاگو گے، (اس دن) تم کو کوئی (عذاب) اللہ سے بچانے والا نہ ہوگا۔ اور جس شخص کو اللہ گمراہ

اللّٰهُ فَمَا لَهٗ مِنۡ هَادٍ ﴿۳۳﴾ وَلَقَدۡ جَآءَكُمۡ يُوۡسُفُ مِنۡ قَبۡلُ بِالۡبَيِّنٰتِ

| اللّٰهُ | فَمَا | لَهٗ | مِنۡ | هَادٍ | وَلَقَدۡ | جَآءَكُمۡ | يُوۡسُفُ | مِنۡ قَبۡلُ | بِالۡبَيِّنٰتِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اللہ | پس نہیں | اس کے لیے | کوئی | ہدایت دینے والا | اور بے شک | آچکا تمہارے پاس | یوسف | اس سے پہلے | روشن نشانیوں کے ساتھ |

کرے اس کو کوئی ہدایت دینے والا نہیں۔ اور پہلے یوسف بھی تمہارے پاس نشانیاں لے کر آئے تھے



➊ (گزشتہ) گروہوں (یاامتوں) کے دن کی مانند۔

فَمَا زِلْتُمْ فِيْ شَكٍّ مِّمَّا جَآءَكُمْ بِهٖ ؕ حَتّٰۤى اِذَا هَلَكَ قُلْتُمْ لَنْ يَّبْعَثَ اللّٰهُ

| فَمَا زِلْتُمْ ❶ | فِيْ شَكٍّ | مِّمَّا | جَآءَكُمْ | بِهٖ | حَتّٰۤى | اِذَا | هَلَكَ | قُلْتُمْ | لَنْ يَّبْعَثَ | اللّٰهُ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| پس تم ہمیشہ رہے | شک میں | اس چیز سے کہ | وہ آیا تمہارے پاس | ساتھ جس کے | یہاں تک کہ | جب | وہ فوت ہوا | کہا تم نے | ہرگز نہیں بھیجے گا | اللہ |

تو جو وہ لائے تھے اس سے تم ہمیشہ شک ہی میں رہے۔ یہاں تک کہ جب وہ فوت ہوگئے تو تم کہنے لگے کہ اللہ اس کے بعد کبھی کوئی پیغمبر نہیں

مِنْۢ بَعْدِهٖ رَسُوْلًا ؕ كَذٰلِكَ يُضِلُّ اللّٰهُ مَنْ هُوَ مُسْرِفٌ مُّرْتَابُۨ ۚۖ ﴿۳۴﴾ الَّذِيْنَ

| مِنْۢ بَعْدِهٖ | رَسُوْلًا | كَذٰلِكَ | يُضِلُّ اللّٰهُ | مَنْ | هُوَ | مُسْرِفٌ | مُّرْتَابٌ | الَّذِيْنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اس کے بعد | کوئی رسول | اسی طرح | گمراہ کرتا ہے اللہ | اس شخص کو جو | وہ | حد سے نکل جانے والا | شک کرنے والا ہو | جو لوگ |

بھیجے گا۔ اسی طرح اللہ اس شخص کو گمراہ کر دیتا ہے جو حد سے نکل جانے والا (اور) شک کرنے والا ہو۔ جو لوگ

يُجَادِلُوْنَ فِيْۤ اٰيٰتِ اللّٰهِ بِغَيْرِ سُلْطٰنٍ اَتٰىهُمْ ؕ كَبُرَ مَقْتًا عِنْدَ اللّٰهِ وَ عِنْدَ

| يُجَادِلُوْنَ | فِيْۤ اٰيٰتِ | اللّٰهِ | بِغَيْرِ | سُلْطٰنٍ | اَتٰىهُمْ | كَبُرَ | مَقْتًا | عِنْدَ اللّٰهِ | وَ عِنْدَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| جھگڑا کرتے ہیں | آیات میں | اللہ کی | بغیر | کسی دلیل کے | جو آئی ہو ان کے پاس | بڑی/سخت ہے | ناپسندیدہ | نزدیک اللہ کے | اور نزدیک |

بغیر اس کے کہ ان کے پاس کوئی دلیل آئی ہو اللہ کی آیتوں میں جھگڑتے ہیں، اللہ کے نزدیک اور مومنوں کے نزدیک یہ (جھگڑا)

الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا ؕ كَذٰلِكَ يَطْبَعُ اللّٰهُ عَلٰى كُلِّ قَلْبِ مُتَكَبِّرٍ جَبَّارٍ ﴿۳۵﴾ وَ قَالَ

| الَّذِيْنَ | اٰمَنُوْا | كَذٰلِكَ | يَطْبَعُ اللّٰهُ | عَلٰى | كُلِّ | قَلْبِ | مُتَكَبِّرٍ | جَبَّارٍ | وَ قَالَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ان لوگوں کے جو | ایمان لائے | اسی طرح | مہر لگا دیتا ہے اللہ | پر | ہر | دل | تکبر کرنے والے | سرکش کے | اور کہا |

سخت ناپسند ہے۔ اسی طرح اللہ ہر متکبر سرکش کے دل پر مہر لگا دیتا ہے۔ اور فرعون نے

فِرْعَوْنُ يٰهَامٰنُ ابْنِ لِيْ صَرْحًا لَّعَلِّيْۤ اَبْلُغُ الْاَسْبَابَ ﴿۳۶﴾ اَسْبَابَ السَّمٰوٰتِ

| فِرْعَوْنُ | يٰهَامٰنُ | ابْنِ | لِيْ | صَرْحًا | لَّعَلِّيْۤ | اَبْلُغُ | الْاَسْبَابَ | اَسْبَابَ | السَّمٰوٰتِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| فرعون نے | اے ہامان | بنا | میرے لیے | ایک محل | تاکہ میں | پہنچ جاؤں | راستوں تک | راستے | آسمانوں کے |

کہا کہ ہامان! میرے لیے ایک محل بناؤ تاکہ میں (اس پر چڑھ کر) رستوں پر پہنچ جاؤں۔ (یعنی) آسمان کے رستوں پر۔

فَاَطَّلِعَ اِلٰۤى اِلٰهِ مُوْسٰى وَ اِنِّيْ لَاَظُنُّهٗ كَاذِبًا ؕ وَ كَذٰلِكَ زُيِّنَ لِفِرْعَوْنَ سُوْٓءُ

| فَاَطَّلِعَ | اِلٰۤى | اِلٰهِ | مُوْسٰى | وَ اِنِّيْ | لَاَظُنُّهٗ | كَاذِبًا | وَ كَذٰلِكَ | زُيِّنَ | لِفِرْعَوْنَ | سُوْٓءُ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| پھر میں جھانک کر دیکھ لوں | طرف | معبود کی | موسیٰ کے | اور میں | البتہ سمجھتا ہوں اس کو | جھوٹا | اور اسی طرح | اچھا دکھایا گیا | فرعون کو | برا |

پھر موسیٰؑ کے خدا کو دیکھ لوں اور میں تو اسے جھوٹا سمجھتا ہوں۔ اور اسی طرح فرعون کو اس کے اعمال بد اچھے معلوم



❶ مَا زِلْتُمْ: نہیں تم علیحدہ رہے (شک سے) یعنی تم برابر رہے، تم ہمیشہ رہے۔

ع ۴ / ۹ عَمَلِهٖ وَ صُدَّ عَنِ السَّبِيۡلِ ؕ وَ مَا كَيۡدُ فِرۡعَوۡنَ اِلَّا فِىۡ تَبَابٍ ﴿۳۷﴾ وَ قَالَ الَّذِىۡۤ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| عَمَلِهٖ | وَ صُدَّ | عَنِ السَّبِيۡلِ | وَ مَا | كَيۡدُ | فِرۡعَوۡنَ | اِلَّا | فِىۡ | تَبَابٍ | وَ قَالَ | الَّذِىۡ |
| عمل اس کا | اور اسے روک دیا گیا | راستے سے | اور نہیں | تدبیر | فرعون کی | مگر | میں | تباہی | اور کہا اس نے | جو |

ہوتے تھے اور وہ رستے سے روک دیا گیا تھا۔ اور فرعون کی تدبیر تو بے کار تھی۔ اور وہ شخص جو مومن تھا

اٰمَنَ يٰقَوۡمِ اتَّبِعُوۡنِ اَهۡدِكُمۡ سَبِيۡلَ الرَّشَادِ ۚ ﴿۳۸﴾ يٰقَوۡمِ اِنَّمَا هٰذِهِ الۡحَيٰوةُ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اٰمَنَ | يٰقَوۡمِ | اِتَّبِعُوۡنِ | اَهۡدِكُمۡ | سَبِيۡلَ | الرَّشَادِ | يٰقَوۡمِ | اِنَّمَا | هٰذِهِ | الۡحَيٰوةُ |
| ایمان لایا | اے میری قوم | پیروی کرو میری | میں دکھاؤں گا تمہیں | راستہ | بھلائی کا | اے میری قوم | سوائے اسکے نہیں کہ | یہ | زندگی |

اس نے کہا کہ بھائیو! میرے پیچھے چلو، میں تمہیں بھلائی کا رستہ دکھاؤں گا۔ بھائیو! یہ دنیا کی زندگی (چند روز) فائدہ

الدُّنۡيَا مَتَاعٌ ۫ وَّ اِنَّ الۡاٰخِرَةَ هِىَ دَارُ الۡقَرَارِ ﴿۳۹﴾ مَنۡ عَمِلَ سَيِّئَةً فَلَا يُجۡزٰٓى

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الدُّنۡيَا | مَتَاعٌ | وَاِنَّ | الۡاٰخِرَةَ | هِىَ | دَارُ | الۡقَرَارِ | مَنۡ | عَمِلَ | سَيِّئَةً | فَلَا | يُجۡزٰى |
| دنیا کی | چند روزہ فائدہ ہے | اور بیشک | آخرت | وہی | گھر ہے | ہمیشہ ٹھہرنے کا | جو | عمل کرے | برا | پس نہیں | اسے بدلہ دیا جائے گا |

اٹھانے کی چیز ہے۔ اور جو آخرت ہے وہی ہمیشہ رہنے کا گھر ہے۔ جو برے کام کرے گا اس کو بدلہ بھی

اِلَّا مِثۡلَهَا ۚ وَ مَنۡ عَمِلَ صَالِحًا مِّنۡ ذَكَرٍ اَوۡ اُنۡثٰى وَ هُوَ مُؤۡمِنٌ فَاُولٰٓئِكَ

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اِلَّا | مِثۡلَهَا | وَ مَنۡ | عَمِلَ | صَالِحًا | مِنۡ | ذَكَرٍ | اَوۡ | اُنۡثٰى | وَ هُوَ | مُؤۡمِنٌ | فَاُولٰٓئِكَ |
| مگر | اس جیسا/ویسا ہی | اور جو | عمل کرے | نیک | سے | مرد | یا | عورت | اور وہ | مومن ہو | تو یہی لوگ |

ویسا ہی ملے گا اور جو نیک کام کرے گا، مرد ہو یا عورت، اور وہ صاحب ایمان بھی ہو گا تو ایسے لوگ

يَدۡخُلُوۡنَ الۡجَنَّةَ يُرۡزَقُوۡنَ فِيۡهَا بِغَيۡرِ حِسَابٍ ﴿۴۰﴾ وَ يٰقَوۡمِ مَا لِىۡۤ اَدۡعُوۡكُمۡ اِلَى

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| يَدۡخُلُوۡنَ | الۡجَنَّةَ | يُرۡزَقُوۡنَ | فِيۡهَا | بِغَيۡرِ | حِسَابٍ | وَ يٰقَوۡمِ | مَا لِىۡ | اَدۡعُوۡكُمۡ | اِلَى |
| داخل ہوں گے | جنت میں | ان کو رزق دیا جائے گا | اس میں | بغیر | حساب کے | اور اے میری قوم | کیا ہے مجھے | میں بلاتا ہوں تم کو | طرف |

بہشت میں داخل ہوں گے۔ وہاں ان کو بے شمار رزق ملے گا۔ اور اے قوم! میرا کیا (حال) ہے کہ میں تو تم کو نجات کی طرف

النصف النَّجٰوةِ وَ تَدۡعُوۡنَنِىۡۤ اِلَى النَّارِ ؕ ﴿۴۱﴾ تَدۡعُوۡنَنِىۡ لِاَكۡفُرَ بِاللّٰهِ وَ اُشۡرِكَ بِهٖ مَا

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| النَّجٰوةِ | وَ تَدۡعُوۡنَنِىۡ | اِلَى النَّارِ | تَدۡعُوۡنَنِىۡ | لِاَكۡفُرَ | بِاللّٰهِ | وَ اُشۡرِكَ | بِهٖ | مَا |
| نجات کی | اور تم بلاتے ہو مجھے | آگ کی طرف | تم مجھے بلاتے ہو | کہ میں کفر کروں | اللہ سے | اور میں شریک مقرر کروں | اسکے ساتھ | اس چیز کو کہ |

بلاتا ہوں اور تم مجھے (دوزخ کی) آگ کی طرف بلاتے ہو۔ تم مجھے اس لیے بلاتے ہو کہ اللہ کے ساتھ کفر کروں اور اس چیز کو اس کا شریک مقرر کروں جس کا

لَيْسَ لِيْ بِهٖ عِلْمٌ ۫ وَّ اَنَا اَدْعُوْكُمْ اِلَى الْعَزِيْزِ الْغَفَّارِ ۝۴۲ لَا جَرَمَ اَنَّمَا

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| لَيْسَ | لِيْ | بِهٖ | عِلْمٌ | وَ اَنَا | اَدْعُوْكُمْ | اِلٰى | الْعَزِيْزِ | الْغَفَّارِ | لَا جَرَمَ | اَنَّمَا |
| نہیں ہے | مجھے | جس کا | کوئی علم | اور میں | بلاتا ہوں تم کو | طرف | غالب | بہت بخشنے والے کی | کچھ شک نہیں/یقیناً | بلاشبہ وہ چیز کہ |

مجھے کچھ بھی علم نہیں۔ اور میں تم کو (خدائے) غالب (اور) بخشنے والے کی طرف بلاتا ہوں۔ سچ تو یہ ہے کہ

تَدْعُوْنَنِيْٓ اِلَيْهِ لَيْسَ لَهٗ دَعْوَةٌ فِي الدُّنْيَا وَ لَا فِي الْاٰخِرَةِ وَ اَنَّ مَرَدَّنَآ اِلَى

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تَدْعُوْنَنِيْٓ | اِلَيْهِ | لَيْسَ | لَهٗ | دَعْوَةٌ | فِي الدُّنْيَا | وَ لَا | فِي الْاٰخِرَةِ | وَ اَنَّ | مَرَدَّنَآ | اِلَى |
| تم مجھے بلاتے ہو | جس کی طرف | نہیں ہے | اس کیلئے | بلانا | دنیا میں | اور نہ | آخرت میں | اور یہ کہ | ہمارا لوٹنا ہے | طرف |

جس چیز کی طرف تم مجھے بلاتے ہو اس کو دنیا اور آخرت میں بلانے (یعنی دعا قبول کرنے) کا مقدور نہیں، اور ہم کو اللہ کی طرف لوٹنا

اللّٰهِ وَ اَنَّ الْمُسْرِفِيْنَ هُمْ اَصْحٰبُ النَّارِ ۝۴۳ فَسَتَذْكُرُوْنَ مَآ اَقُوْلُ لَكُمْ ۭ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اللّٰهِ | وَ اَنَّ | الْمُسْرِفِيْنَ | هُمْ | اَصْحٰبُ النَّارِ | فَسَتَذْكُرُوْنَ | مَا | اَقُوْلُ | لَكُمْ |
| اللہ کی | اور یہ کہ | حد سے نکلنے والے | وہ | آگ کے رہنے والے ہیں | پس عنقریب تم یاد کرو گے | جو | میں کہتا ہوں | تمہارے لیے |

ہے اور حد سے نکل جانے والے دوزخی ہیں۔ جو بات میں تم سے کہتا ہوں تم اسے (آگے چل کر) یاد کرو گے۔

وَ اُفَوِّضُ اَمْرِيْٓ اِلَى اللّٰهِ ۭ اِنَّ اللّٰهَ بَصِيْرٌۢ بِالْعِبَادِ ۝۴۴ فَوَقٰىهُ اللّٰهُ سَيِّاٰتِ مَا

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ اُفَوِّضُ | اَمْرِيْ | اِلَى اللّٰهِ | اِنَّ اللّٰهَ | بَصِيْرٌ | بِالْعِبَادِ | فَوَقٰىهُ | اللّٰهُ | سَيِّاٰتِ | مَا |
| اور میں سپرد کرتا ہوں | اپنا کام | اللہ کی طرف | بے شک اللہ | دیکھنے والا ہے | بندوں کو | پس بچا لیا اس کو | اللہ نے | برائیوں سے | اسکی جو |

اور میں اپنا کام اللہ کے سپرد کرتا ہوں۔ بے شک اللہ بندوں کو دیکھنے والا ہے۔ غرض اللہ نے موسیٰؑ کو ان لوگوں کی تدبیروں کی برائیوں سے

مَكَرُوْا وَ حَاقَ بِاٰلِ فِرْعَوْنَ سُوْٓءُ الْعَذَابِ ۝۴۵ اَلنَّارُ يُعْرَضُوْنَ عَلَيْهَا

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مَكَرُوْا | وَ حَاقَ | بِاٰلِ | فِرْعَوْنَ | سُوْٓءُ | الْعَذَابِ | اَلنَّارُ | يُعْرَضُوْنَ | عَلَيْهَا |
| مکر کیے انہوں نے | اور گھیر لیا | قوم کو | فرعون کی | برے | عذاب نے | آگ | وہ پیش کیے جاتے ہیں | اس پر |

محفوظ رکھا اور فرعون والوں کو برے عذاب نے آ گھیرا۔ (یعنی) آتش (جہنم) کہ صبح و شام اس کے سامنے

غُدُوًّا وَّ عَشِيًّا ۚ وَ يَوْمَ تَقُوْمُ السَّاعَةُ ۣ اَدْخِلُوْٓا اٰلَ فِرْعَوْنَ اَشَدَّ الْعَذَابِ ۝۴۶

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| غُدُوًّا | وَ عَشِيًّا | وَ يَوْمَ | تَقُوْمُ | السَّاعَةُ | اَدْخِلُوْا | اٰلَ فِرْعَوْنَ | اَشَدَّ | الْعَذَابِ |
| صبح | اور شام | اور جس دن | قائم ہوگی | قیامت | داخل کرو | قوم فرعون کو | اور زیادہ سخت | عذاب میں |

پیش کیے جاتے ہیں۔ اور جس روز قیامت برپا ہو گی (حکم ہوگا کہ) فرعون والوں کو سخت عذاب میں داخل کرو۔

وَ اِذْ يَتَحَآجُّوْنَ فِي النَّارِ فَيَقُوْلُ الضُّعَفٰٓؤُا لِلَّذِيْنَ اسْتَكْبَرُوْٓا اِنَّا كُنَّا

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَاِذْ | يَتَحَآجُّوْنَ | فِيْ | النَّارِ | فَيَقُوْلُ | الضُّعَفٰٓؤُا | لِلَّذِيْنَ | اِسْتَكْبَرُوْا | اِنَّا | كُنَّا |
| اور جب | وہ باہم جھگڑیں گے | میں | آگ/دوزخ | پھر کہیں گے | کمزور لوگ | ان لوگوں کو جو | بڑے بنتے تھے | بے شک ہم | تھے |

اور جب وہ دوزخ میں جھگڑیں گے تو ادنیٰ درجے کے لوگ بڑے آدمیوں سے کہیں گے کہ ہم تو

لَكُمْ تَبَعًا فَهَلْ اَنْتُمْ مُّغْنُوْنَ عَنَّا نَصِيْبًا مِّنَ النَّارِ ﴿۴۷﴾ قَالَ الَّذِيْنَ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| لَكُمْ | تَبَعًا | فَهَلْ | اَنْتُمْ | مُغْنُوْنَ | عَنَّا | نَصِيْبًا | مِنْ | النَّارِ | قَالَ | الَّذِيْنَ |
| تمہارے لیے | پیروی کرنے والے | پس کیا | تم | دور کرو گے | ہم سے | ایک حصہ | سے | آگ | کہیں گے | وہ لوگ جو |

تمہارے تابع تھے تو کیا تم دوزخ (کے عذاب) کا کچھ حصہ ہم سے دور کر سکتے ہو؟ بڑے آدمی

اسْتَكْبَرُوْٓا اِنَّا كُلٌّ فِيْهَآ ۙ اِنَّ اللّٰهَ قَدْ حَكَمَ بَيْنَ الْعِبَادِ ﴿۴۸﴾ وَ قَالَ الَّذِيْنَ فِي

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اِسْتَكْبَرُوْا | اِنَّا | كُلٌّ | فِيْهَا | اِنَّ اللّٰهَ | قَدْ حَكَمَ | بَيْنَ | الْعِبَادِ | وَ قَالَ | الَّذِيْنَ | فِيْ |
| بڑے بنتے تھے | بیشک ہم | سب | اس (دوزخ) میں ہیں | بیشک اللہ | فیصلہ کرچکا ہے | درمیان | بندوں کے | اور کہیں گے | وہ لوگ جو | میں |

کہیں گے کہ تم (بھی) اور ہم (بھی) سب دوزخ میں ہیں، اللہ بندوں میں فیصلہ کر چکا ہے۔ اور جو لوگ آگ میں (جل رہے)

النَّارِ لِخَزَنَةِ جَهَنَّمَ ادْعُوْا رَبَّكُمْ يُخَفِّفْ عَنَّا يَوْمًا مِّنَ الْعَذَابِ ﴿۴۹﴾ قَالُوْٓا

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| النَّارِ | لِخَزَنَةِ | جَهَنَّمَ | اُدْعُوْا | رَبَّكُمْ | يُخَفِّفْ | عَنَّا | يَوْمًا | مِنْ | الْعَذَابِ | قَالُوْا |
| آگ | داروغوں سے | جہنم کے | دعا کرو | اپنے رب سے | ہلکا کردے | ہم سے | ایک دن | سے | عذاب | وہ کہیں گے |

ہوں گے وہ دوزخ کے داروغوں سے کہیں گے کہ اپنے پروردگار سے دعا کرو کہ ایک روز تو ہم سے عذاب ہلکا کر دے۔ وہ کہیں گے

اَوَلَمْ تَكُ تَاْتِيْكُمْ رُسُلُكُمْ بِالْبَيِّنٰتِ ؕ قَالُوْا بَلٰى ؕ قَالُوْا فَادْعُوْا ۚ وَ مَا دُعٰٓؤُا

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اَوَ لَمْ تَكُ | تَاْتِيْكُمْ | رُسُلُكُمْ | بِالْبَيِّنٰتِ | قَالُوْا | بَلٰى | قَالُوْا | فَادْعُوْا | وَ مَا | دُعٰٓؤُا |
| کیا نہیں تھے | آتے تمہارے پاس | تمہارے رسول | روشن نشانیوں کے ساتھ | کہیں گے | ہاں | وہ کہیں گے | پس دعا کرو | اور نہیں | دعا |

کہ کیا تمہارے پاس تمہارے پیغمبر نشانیاں لے کر نہیں آئے تھے؟ وہ کہیں گے، کیوں نہیں۔ تو وہ کہیں گے کہ تم ہی دعا کرو، اور کافروں کی

ع ۵ ۱۳ ۱۰ الْكٰفِرِيْنَ اِلَّا فِيْ ضَلٰلٍ ﴿۵۰﴾ ع اِنَّا لَنَنْصُرُ رُسُلَنَا وَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا فِي الْحَيٰوةِ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الْكٰفِرِيْنَ | اِلَّا | فِيْ ضَلٰلٍ | اِنَّا | لَنَنْصُرُ | رُسُلَنَا | وَ الَّذِيْنَ | اٰمَنُوْا | فِي الْحَيٰوةِ |
| کافروں کی | مگر | بے کار | بے شک ہم | یقیناً مدد کرتے ہیں | اپنے رسولوں کی | اور جو لوگ | ایمان لائے ہیں | زندگی میں |

دعا (اس روز) بے کار ہو گی۔ ہم اپنے پیغمبروں کی اور جو لوگ ایمان لائے ہیں ان کی دنیا کی زندگی میں بھی مدد کرتے

الدُّنۡيَا وَ يَوۡمَ يَقُوۡمُ الۡاَشۡهَادُ ﴿۵۱﴾ يَوۡمَ لَا يَنۡفَعُ الظّٰلِمِيۡنَ مَعۡذِرَتُهُمۡ

| الدُّنۡيَا | وَ يَوۡمَ | يَقُوۡمُ | الۡاَشۡهَادُ | يَوۡمَ | لَا يَنۡفَعُ | الظّٰلِمِيۡنَ | مَعۡذِرَتُهُمۡ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| دنیا کی | اور جس دن | کھڑے ہوں گے | گواہ | جس دن | نہیں فائدہ دے گی | ظالموں کو | معذرت ان کی |

ہیں اور جس دن گواہ کھڑے ہوں گے (یعنی قیامت کو بھی)۔ جس دن ظالموں کو ان کی معذرت کچھ فائدہ نہ دے گی

وَ لَهُمُ اللَّعۡنَةُ وَ لَهُمۡ سُوۡٓءُ الدَّارِ ﴿۵۲﴾ وَ لَقَدۡ اٰتَيۡنَا مُوۡسَى الۡهُدٰى وَ اَوۡرَثۡنَا

| وَ لَهُمُ | اللَّعۡنَةُ | وَ لَهُمۡ | سُوۡٓءُ | الدَّارِ | وَ لَقَدۡ | اٰتَيۡنَا | مُوۡسٰى | الۡهُدٰى | وَ اَوۡرَثۡنَا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور ان کیلئے | لعنت | اور ان کیلئے | برا | گھر | اور البتہ تحقیق | دی ہم نے | موسیٰ کو | ہدایت | اور وارث بنایا ہم نے |

اور ان کے لیے لعنت اور برا گھر ہے۔ اور ہم نے موسیٰؑ کو ہدایت (کی کتاب) دی۔ اور بنی اسرائیل کو

بَنِيۡۤ اِسۡرَآءِيۡلَ الۡكِتٰبَ ﴿۵۳﴾ هُدًى وَّ ذِكۡرٰى لِاُولِى الۡاَلۡبَابِ ﴿۵۴﴾ فَاصۡبِرۡ اِنَّ

| بَنِيۡۤ اِسۡرَآءِيۡلَ | الۡكِتٰبَ | هُدًى | وَ ذِكۡرٰى | لِاُولِى الۡاَلۡبَابِ | فَاصۡبِرۡ | اِنَّ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| بنی اسرائیل کو | کتاب کا | ہدایت | اور نصیحت | عقل والوں کے لیے | پس صبر کیجئے | بے شک |

اس کتاب کا وارث بنایا۔ عقل والوں کے لیے ہدایت اور نصیحت ہے۔ تو صبر کرو بے شک

وَعۡدَ اللّٰهِ حَقٌّ وَّ اسۡتَغۡفِرۡ لِذَنۡۢبِكَ وَ سَبِّحۡ بِحَمۡدِ رَبِّكَ بِالۡعَشِىِّ وَ الۡاِبۡكَارِ ﴿۵۵﴾

| وَعۡدَ اللّٰهِ | حَقٌّ | وَ اسۡتَغۡفِرۡ | لِذَنۡۢبِكَ | وَ سَبِّحۡ | بِحَمۡدِ | رَبِّكَ | بِالۡعَشِىِّ | وَ الۡاِبۡكَارِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وعدہ اللہ کا | سچا ہے | اور معافی مانگیے | اپنے گناہوں کی | اور تسبیح کیجئے | تعریف کے ساتھ | اپنے رب کی | شام کو | اور صبح |

اللہ کا وعدہ سچا ہے اور اپنے گناہوں کی معافی مانگو اور صبح و شام اپنے پروردگار کی تعریف کے ساتھ تسبیح کرتے رہو۔

اِنَّ الَّذِيۡنَ يُجَادِلُوۡنَ فِىۡۤ اٰيٰتِ اللّٰهِ بِغَيۡرِ سُلۡطٰنٍ اَتٰٮهُمۡ ۙ اِنۡ فِىۡ صُدُوۡرِهِمۡ اِلَّا

| اِنَّ الَّذِيۡنَ | يُجَادِلُوۡنَ | فِىۡ | اٰيٰتِ | اللّٰهِ | بِغَيۡرِ | سُلۡطٰنٍ | اَتٰٮهُمۡ | اِنۡ | فِىۡ | صُدُوۡرِهِمۡ | اِلَّا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بیشک جو لوگ | جھگڑا کرتے ہیں | میں | آیات | اللہ کی | بغیر | کسی دلیل کے | جو آئی ہو ان کے پاس | نہیں | میں | ان کے دلوں | مگر |

جو لوگ بغیر کسی دلیل کے جو ان کے پاس آئی ہو اللہ کی آیتوں میں جھگڑتے ہیں ان کے دلوں میں اور کچھ نہیں

كِبۡرٌ مَّا هُمۡ بِبَالِغِيۡهِ ۚ فَاسۡتَعِذۡ بِاللّٰهِ ؕ اِنَّهٗ هُوَ السَّمِيۡعُ الۡبَصِيۡرُ ﴿۵۶﴾ لَخَلۡقُ

| كِبۡرٌ | مَا | هُمۡ | بِبَالِغِيۡهِ | فَاسۡتَعِذۡ | بِاللّٰهِ | اِنَّهٗ | هُوَ | السَّمِيۡعُ | الۡبَصِيۡرُ | لَخَلۡقُ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| کبر/ بڑائی | نہیں | وہ | کبھی پہنچنے والے اس تک | پس پناہ طلب کیجئے | اللہ کی | بیشک وہ | وہی | سب کچھ سننے والا | (اور) دیکھنے والا ہے | البتہ پیدا کرنا |

(ارادۂ) عظمت ہے اور وہ اس کو پہنچنے والے نہیں۔ تو اللہ کی پناہ مانگو۔ بے شک وہ سننے والا (اور) دیکھنے والا ہے۔ آسمانوں

السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضِ اَكْبَرُ مِنْ خَلْقِ النَّاسِ وَ لٰكِنَّ اَكْثَرَ النَّاسِ لَا

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| السَّمٰوٰتِ | وَ الْاَرْضِ | اَكْبَرُ | مِنْ | خَلْقِ | النَّاسِ | وَ لٰكِنَّ | اَكْثَرَ | النَّاسِ | لَا |
| آسمانوں کا | اور زمین کا | زیادہ بڑا ہے | سے | پیدا کرنے | انسانوں کے | اور لیکن | اکثر | لوگ | نہیں |

اور زمین کا پیدا کرنا لوگوں کے پیدا کرنے کی نسبت بڑا (کام) ہے، لیکن اکثر لوگ نہیں

يَعْلَمُوْنَ ﴿۵۷﴾ وَ مَا يَسْتَوِي الْاَعْمٰى وَ الْبَصِيْرُ ۙ۬ وَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَ عَمِلُوا

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| يَعْلَمُوْنَ | وَ مَا | يَسْتَوِي | الْاَعْمٰى | وَ الْبَصِيْرُ | وَ الَّذِيْنَ | اٰمَنُوْا | وَ عَمِلُوْا |
| جانتے | اور نہیں | برابر ہوتے | اندھا | اور دیکھنے والا | اور وہ لوگ جو | ایمان لائے | اور عمل کیے |

جانتے۔ اور اندھا اور آنکھ والا برابر نہیں اور نہ ایمان لانے والے نیکوکار

الصّٰلِحٰتِ وَ لَا الْمُسِيْٓءُ ؕ قَلِيْلًا مَّا تَتَذَكَّرُوْنَ ﴿۵۸﴾ اِنَّ السَّاعَةَ لَاٰتِيَةٌ لَّا

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الصّٰلِحٰتِ | وَ لَا | الْمُسِيْٓءُ | قَلِيْلًا مَّا | تَتَذَكَّرُوْنَ | اِنَّ | السَّاعَةَ | لَاٰتِيَةٌ | لَا |
| نیک | اور نہ | بدکار | بہت کم | تم نصیحت پکڑتے ہو | بے شک | قیامت | ضرور آنے والی ہے | نہیں |

اور نہ بدکار (برابر ہیں)۔ (حقیقت یہ ہے کہ) تم بہت کم غور کرتے ہو۔ قیامت تو آنے والی ہے اس میں

رَيْبَ فِيْهَا وَ لٰكِنَّ اَكْثَرَ النَّاسِ لَا يُؤْمِنُوْنَ ﴿۵۹﴾ وَ قَالَ رَبُّكُمُ ادْعُوْنِيْٓ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| رَيْبَ | فِيْهَا | وَ لٰكِنَّ | اَكْثَرَ | النَّاسِ | لَا يُؤْمِنُوْنَ | وَ قَالَ | رَبُّكُمُ | اُدْعُوْنِيْٓ |
| کوئی شک | اس میں | اور لیکن | اکثر | لوگ | نہیں ایمان لاتے | اور فرمایا | تمہارے رب نے | دعا کرو مجھ سے |

کچھ شک نہیں، لیکن اکثر لوگ ایمان نہیں رکھتے۔ اور تمہارے پروردگار نے کہا ہے کہ تم مجھ سے دعا کرو

اَسْتَجِبْ لَكُمْ ؕ اِنَّ الَّذِيْنَ يَسْتَكْبِرُوْنَ عَنْ عِبَادَتِيْ سَيَدْخُلُوْنَ جَهَنَّمَ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اَسْتَجِبْ | لَكُمْ | اِنَّ الَّذِيْنَ | يَسْتَكْبِرُوْنَ | عَنْ | عِبَادَتِيْ | سَيَدْخُلُوْنَ | جَهَنَّمَ |
| میں قبول کروں گا | تمہارے لیے | بے شک جو لوگ | تکبر کرتے ہیں | سے | میری عبادت | عنقریب وہ داخل ہوں گے | جہنم میں |

میں تمہاری (دعا) قبول کروں گا۔ جو لوگ میری عبادت سے ازراہِ تکبر کنیاتے ہیں عنقریب جہنم میں ذلیل ہو کر

ع ۶ ۱۱ دٰخِرِيْنَ ﴿۶۰﴾ ع اَللّٰهُ الَّذِيْ جَعَلَ لَكُمُ الَّيْلَ لِتَسْكُنُوْا فِيْهِ وَ النَّهَارَ مُبْصِرًا ؕ اِنَّ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| دٰخِرِيْنَ | اَللّٰهُ | الَّذِيْ | جَعَلَ | لَكُمُ | الَّيْلَ | لِتَسْكُنُوْا | فِيْهِ | وَ النَّهَارَ | مُبْصِرًا | اِنَّ |
| ذلیل ہو کر | اللہ ہی ہے | وہ ذات کہ | اس نے بنایا | تمہارے لیے | رات کو | کہ تم آرام کرو | اس میں | اور دن کو | روشن | بے شک |

داخل ہوں گے۔ اللہ ہی تو ہے جس نے تمہارے لیے رات بنائی کہ اس میں آرام کرو اور دن کو روشن بنایا (کہ اس میں کام کرو)، بے شک

اللّٰهَ لَذُوْ فَضْلٍ عَلَى النَّاسِ وَ لٰكِنَّ اَكْثَرَ النَّاسِ لَا يَشْكُرُوْنَ ﴿٦١﴾ ذٰلِكُمُ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اللّٰهَ | لَذُوْ فَضْلٍ | عَلَى النَّاسِ | وَ لٰكِنَّ | اَكْثَرَ | النَّاسِ | لَا يَشْكُرُوْنَ | ذٰلِكُمُ |
| اللہ | فضل والا | لوگوں پر | اور لیکن | اکثر | لوگ | نہیں شکر کرتے | یہ |

اللہ لوگوں پر فضل کرنے والا ہے، لیکن اکثر لوگ شکر نہیں کرتے۔ یہی

وقف لازم

اللّٰهُ رَبُّكُمْ خَالِقُ كُلِّ شَيْءٍ ۘ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۡ فَاَنّٰى تُؤْفَكُوْنَ ﴿٦٢﴾ كَذٰلِكَ

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اللّٰهُ | رَبُّكُمْ | خَالِقُ | كُلِّ | شَيْءٍ | لَا | اِلٰهَ | اِلَّا | هُوَ | فَاَنّٰى | تُؤْفَكُوْنَ | كَذٰلِكَ |
| اللہ | تمہارا رب | پیدا کرنے والا | ہر | چیز | نہیں | کوئی معبود | مگر | وہ | پس کہاں | تم بھٹکتے پھرتے ہو | اسی طرح |

اللہ تمہارا پروردگار ہے جو ہر چیز کا پیدا کرنے والا ہے۔ اس کے سوا کوئی معبود نہیں، پھر تم کہاں بھٹک رہے ہو؟ اسی طرح

يُؤْفَكُ الَّذِيْنَ كَانُوْا بِاٰيٰتِ اللّٰهِ يَجْحَدُوْنَ ﴿٦٣﴾ اَللّٰهُ الَّذِيْ جَعَلَ لَكُمُ الْاَرْضَ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| يُؤْفَكُ | الَّذِيْنَ | كَانُوْا | بِاٰيٰتِ | اللّٰهِ | يَجْحَدُوْنَ | اَللّٰهُ | الَّذِيْ | جَعَلَ | لَكُمُ | الْاَرْضَ |
| بھٹکے جاتے ہیں | وہ لوگ جو | تھے/ ہیں | آیات سے | اللہ کی | انکار کرتے | اللہ ہی | وہ جس نے | بنایا | تمہارے لیے | زمین کو |

وہ لوگ بھٹک رہے ہیں جو اللہ کی آیتوں سے انکار کرتے تھے۔ اللہ ہی تو ہے جس نے زمین کو تمہارے

قَرَارًا وَّ السَّمَآءَ بِنَآءً وَّ صَوَّرَكُمْ فَاَحْسَنَ صُوَرَكُمْ وَ رَزَقَكُمْ مِّنَ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| قَرَارًا | وَ السَّمَآءَ | بِنَآءً | وَ صَوَّرَكُمْ | فَاَحْسَنَ | صُوَرَكُمْ | وَ رَزَقَكُمْ | مِنَ |
| ٹھہرنے کی جگہ | اور آسمان کو | چھت | اور صورتیں بنائیں تمہاری | پس بہت اچھی بنائیں | صورتیں تمہاری | اور رزق دیا تم کو | سے |

ٹھہرنے کی جگہ اور آسمان کو چھت بنایا اور تمہاری صورتیں بنائیں اور صورتیں بھی اچھی بنائیں اور تمہیں پاکیزہ چیزیں

الطَّيِّبٰتِ ۭ ذٰلِكُمُ اللّٰهُ رَبُّكُمْ ۚۖ فَتَبٰرَكَ اللّٰهُ رَبُّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿٦٤﴾ هُوَ الْحَيُّ لَآ اِلٰهَ

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الطَّيِّبٰتِ | ذٰلِكُمُ | اللّٰهُ | رَبُّكُمْ | فَتَبٰرَكَ | اللّٰهُ | رَبُّ | الْعٰلَمِيْنَ | هُوَ | الْحَيُّ | لَا | اِلٰهَ |
| پاکیزہ چیزوں | یہی | اللہ | رب تمہارا | پس بہت ہی بابرکت ہے | اللہ | رب | جہانوں کا | وہ | زندہ | نہیں | کوئی معبود |

کھانے کو دیں۔ یہی اللہ تمہارا پروردگار ہے۔ پس اللہ پروردگار عالم بہت ہی بابرکت ہے۔ وہ زندہ (جسے موت نہیں) اس کے سوا کوئی عبادت کے لائق

اِلَّا هُوَ فَادْعُوْهُ مُخْلِصِيْنَ لَهُ الدِّيْنَ ۭ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿٦٥﴾ قُلْ اِنِّيْ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اِلَّا | هُوَ | فَادْعُوْهُ | مُخْلِصِيْنَ | لَهُ | الدِّيْنَ | اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ | رَبِّ | الْعٰلَمِيْنَ | قُلْ | اِنِّيْ |
| مگر | وہ | پس اس کو پکارو | خالص کرکے | اس کیلیے | عبادت | سب تعریف اللہ کیلئے | رب | تمام جہانوں کا | کہہ دیجئے | بے شک میں |

نہیں، تو اس کی عبادت کو خالص کر کر اسی کو پکارو۔ ہر طرح کی تعریف اللہ ہی کو (سزاوار) ہے جو تمام جہان کا پروردگار ہے۔ (اے محمدؐ! ان سے) کہہ دو کہ مجھے

نُهِيْتُ اَنْ اَعْبُدَ الَّذِيْنَ تَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ لَمَّا جَآءَنِيَ الْبَيِّنٰتُ مِنْ رَّبِّيْ ۫

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| نُهِيْتُ | اَنْ | اَعْبُدَ | الَّذِيْنَ | تَدْعُوْنَ | مِنْ دُوْنِ | اللّٰهِ | لَمَّا | جَآءَنِيَ | الْبَيِّنٰتُ | مِنْ | رَبِّيْ |
| منع کیا گیا ہوں | کہ | میں عبادت کروں | ان لوگوں کی جن کو | تم پکارتے ہو | سوائے | اللہ کے | جبکہ | آئیں میرے پاس | روشن دلیلیں | سے | رب میرے |

اس بات کی ممانعت کی گئی ہے کہ جن کو تم اللہ کے سوا پکارتے ہو ان کی پرستش کروں (اور میں ان کی کیونکر پرستش کروں) جبکہ میرے پاس میرے پروردگار

وَ اُمِرْتُ اَنْ اُسْلِمَ لِرَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۞٦٦ هُوَ الَّذِيْ خَلَقَكُمْ مِّنْ تُرَابٍ ثُمَّ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ اُمِرْتُ | اَنْ | اُسْلِمَ | لِرَبِّ | الْعٰلَمِيْنَ | هُوَ | الَّذِيْ | خَلَقَكُمْ | مِنْ تُرَابٍ | ثُمَّ |
| اور مجھے حکم دیا گیا ہے | کہ | میں تابع رہوں | رب کے لیے | جہانوں کے | وہ | جس نے | پیدا کیا تم کو | مٹی سے | پھر |

(کی طرف) سے کھلی دلیلیں آ چکی ہیں اور مجھ کو یہ حکم ہوا ہے کہ پروردگار عالم ہی کا تابع فرمان رہوں۔ وہی تو ہے جس نے تم کو (پہلے) مٹی سے پیدا کیا، پھر

مِنْ نُّطْفَةٍ ثُمَّ مِنْ عَلَقَةٍ ثُمَّ يُخْرِجُكُمْ طِفْلًا ثُمَّ لِتَبْلُغُوْٓا اَشُدَّكُمْ ثُمَّ

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مِنْ | نُطْفَةٍ | ثُمَّ | مِنْ | عَلَقَةٍ | ثُمَّ | يُخْرِجُكُمْ | طِفْلًا | ثُمَّ | لِتَبْلُغُوْٓا | اَشُدَّكُمْ | ثُمَّ |
| سے | نطفہ | پھر | سے | لوتھڑا | پھر | وہ نکالتا ہے تم کو | بچہ/بچہ بنا کر | پھر | تا کہ تم پہنچو | اپنی جوانی کو | پھر |

نطفہ بنا کر، پھر لوتھڑا بنا کر، پھر تم کو نکالتا ہے (کہ تم) بچے (ہوتے ہو) پھر تم اپنی جوانی کو پہنچتے ہو، پھر

لِتَكُوْنُوْا شُيُوْخًا ۚ وَ مِنْكُمْ مَّنْ يُّتَوَفّٰى مِنْ قَبْلُ وَ لِتَبْلُغُوْٓا اَجَلًا مُّسَمًّى

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| لِتَكُوْنُوْا | شُيُوْخًا | وَ مِنْكُمْ | مَنْ | يُتَوَفّٰى | مِنْ قَبْلُ | وَ لِتَبْلُغُوْٓا | اَجَلًا | مُسَمًّى |
| تا کہ تم ہو جاؤ | بوڑھے | اور تم میں سے | کوئی شخص | وفات پاتا ہے | اس سے پہلے ہی | اور تا کہ تم پہنچو | وقت | مقررہ تک |

بوڑھے ہو جاتے ہو، اور کوئی تم میں سے پہلے ہی مر جاتا ہے اور تم (موت کے) وقت مقرر تک پہنچ جاتے ہو

وَّ لَعَلَّكُمْ تَعْقِلُوْنَ ۞٦٧ هُوَ الَّذِيْ يُحْيٖ وَ يُمِيْتُ ۚ فَاِذَا قَضٰٓى اَمْرًا فَاِنَّمَا يَقُوْلُ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ لَعَلَّكُمْ | تَعْقِلُوْنَ | هُوَ الَّذِيْ | يُحْيٖ | وَ يُمِيْتُ | فَاِذَا | قَضٰى | اَمْرًا | فَاِنَّمَا | يَقُوْلُ |
| اور تا کہ تم | عقل کرو | وہی تو ہے جو | زندہ کرتا ہے | اور مارتا ہے | پس جب | وہ فیصلہ کرتا ہے | کسی کام کا | تو صرف | کہتا ہے |

اور تا کہ تم سمجھو۔ وہی تو ہے جو جلاتا ہے اور مارتا ہے۔ پھر جب وہ کوئی کام کرنا (اور کسی کو پیدا کرنا) چاہتا ہے تو اس سے کہہ دیتا ہے کہ

لَهٗ كُنْ فَيَكُوْنُ ۞٦٨ اَلَمْ تَرَ اِلَى الَّذِيْنَ يُجَادِلُوْنَ فِيْٓ اٰيٰتِ اللّٰهِ ؕ اَنّٰى يُصْرَفُوْنَ ۞٦٩ ع ۸/۷

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| لَهٗ | كُنْ | فَيَكُوْنُ | اَلَمْ تَرَ | اِلَى | الَّذِيْنَ | يُجَادِلُوْنَ | فِيْٓ اٰيٰتِ | اللّٰهِ | اَنّٰى | يُصْرَفُوْنَ |
| اس کو | ہو جا | پس وہ ہو جاتا ہے | کیا نہیں آپ نے دیکھا | طرف | ان لوگوں کی جو | جھگڑتے ہیں | آیتوں میں | اللہ کی | کہاں | وہ بھٹک رہے ہیں |

معانقة ۱۲

ہو جا تو وہ ہو جاتا ہے۔ کیا تم نے ان لوگوں کو نہیں دیکھا جو اللہ کی آیتوں میں جھگڑتے ہیں۔ یہ کہاں بھٹک رہے ہیں؟

الَّذِيْنَ كَذَّبُوْا بِالْكِتٰبِ وَ بِمَآ اَرْسَلْنَا بِهٖ رُسُلَنَا ۛ فَسَوْفَ يَعْلَمُوْنَ ۝۷۰ اِذِ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الَّذِيْنَ | كَذَّبُوْا | بِالْكِتٰبِ | وَ بِمَآ | اَرْسَلْنَا | بِهٖ | رُسُلَنَا | فَسَوْفَ | يَعْلَمُوْنَ | اِذْ |
| جن لوگوں نے | جھٹلایا | کتاب کو | اور اس کو کہ | بھیجا ہم نے | جس کے ساتھ | اپنے رسولوں کو | پس عنقریب | وہ جان لیں گے | جب |

جن لوگوں نے کتاب (اللہ) کو اور جو کچھ ہم نے اپنے پیغمبروں کو دے کر بھیجا اس کو جھٹلایا، وہ عنقریب معلوم کر لیں گے۔ جبکہ

الْاَغْلٰلُ فِيْٓ اَعْنَاقِهِمْ وَ السَّلٰسِلُ ۭ يُسْحَبُوْنَ ۝۷۱ فِي الْحَمِيْمِ ۥ ثُمَّ فِي النَّارِ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الْاَغْلٰلُ | فِيْٓ | اَعْنَاقِهِمْ | وَ السَّلٰسِلُ | يُسْحَبُوْنَ | فِي الْحَمِيْمِ | ثُمَّ | فِي النَّارِ |
| طوق | میں | ان کی گردنوں | اور زنجیریں | گھسیٹے جائیں گے | کھولتے ہوئے پانی میں | پھر | آگ میں |

ان کی گردنوں میں طوق اور زنجیریں ہوں گی (اور) گھسیٹے جائیں گے۔ (یعنی) کھولتے ہوئے پانی میں۔ پھر آگ میں

يُسْجَرُوْنَ ۝۷۲ ثُمَّ قِيْلَ لَهُمْ اَيْنَ مَا كُنْتُمْ تُشْرِكُوْنَ ۝۷۳ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ ۭ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| يُسْجَرُوْنَ | ثُمَّ | قِيْلَ | لَهُمْ | اَيْنَ | مَا | كُنْتُمْ | تُشْرِكُوْنَ | مِنْ دُوْنِ | اللّٰهِ |
| جھونک دیئے جائیں گے | پھر | کہا جائے گا | ان کو | کہاں ہیں | وہ جو | تھے تم | شریک ٹھہراتے | سوائے | اللہ کے |

جھونک دیئے جائیں گے۔ پھر ان سے کہا جائے گا کہ وہ کہاں ہیں جن کو تم (اللہ کے) شریک بناتے تھے۔ (یعنی) غیر اللہ۔

قَالُوْا ضَلُّوْا عَنَّا بَلْ لَّمْ نَكُنْ نَّدْعُوْا مِنْ قَبْلُ شَيْـًٔا ۭ كَذٰلِكَ يُضِلُّ اللّٰهُ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| قَالُوْا | ضَلُّوْا | عَنَّا | بَلْ | لَمْ نَكُنْ | نَدْعُوْا | مِنْ قَبْلُ | شَيْـًٔا | كَذٰلِكَ | يُضِلُّ اللّٰهُ |
| کہیں گے | وہ گم ہوگئے | ہم سے | بلکہ | نہیں تھے | ہم پکارتے | اس سے پہلے | کسی چیز کو | اسی طرح | گمراہ کرتا ہے اللہ |

کہیں گے، وہ تو ہم سے جاتے رہے بلکہ ہم تو پہلے کسی چیز کو پکارتے ہی نہیں تھے۔ اسی طرح اللہ کافروں کو

الْكٰفِرِيْنَ ۝۷۴ ذٰلِكُمْ بِمَا كُنْتُمْ تَفْرَحُوْنَ فِي الْاَرْضِ بِغَيْرِ الْحَقِّ وَ بِمَا

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الْكٰفِرِيْنَ | ذٰلِكُمْ | بِمَا | كُنْتُمْ | تَفْرَحُوْنَ | فِي الْاَرْضِ | بِغَيْرِ | الْحَقِّ | وَ بِمَا |
| کافروں کو | یہ | بسبب اس کے جو | تھے تم | خوش ہوتے | زمین میں | بغیر | حق کے | اور بوجہ اسکے جو |

گمراہ کرتا ہے۔ یہ اس کا بدلہ ہے کہ تم زمین میں حق کے بغیر (یعنی اس کے خلاف) خوش ہوا کرتے تھے اور اس کی (سزا ہے) کہ

كُنْتُمْ تَمْرَحُوْنَ ۝۷۵ اُدْخُلُوْٓا اَبْوَابَ جَهَنَّمَ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا ۚ فَبِئْسَ مَثْوَى

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| كُنْتُمْ | تَمْرَحُوْنَ | اُدْخُلُوْٓا | اَبْوَابَ | جَهَنَّمَ | خٰلِدِيْنَ | فِيْهَا | فَبِئْسَ | مَثْوٰى |
| تھے تم | اتراتے | داخل ہو جاؤ | دروازوں میں | جہنم کے | ہمیشہ رہو گے | اس میں | پس برا ہے | ٹھکانا |

اترایا کرتے تھے۔ (اب) جہنم کے دروازوں میں داخل ہو جاؤ، ہمیشہ اسی میں رہو گے۔ متکبروں کا کیا برا

الْمُتَكَبِّرِيْنَ ﴿۷۶﴾ فَاصْبِرْ اِنَّ وَعْدَ اللّٰهِ حَقٌّ ۚ فَاِمَّا نُرِيَنَّكَ بَعْضَ الَّذِيْ

| الْمُتَكَبِّرِيْنَ | فَاصْبِرْ | اِنَّ | وَعْدَ اللّٰهِ | حَقٌّ | فَاِمَّا | نُرِيَنَّكَ | بَعْضَ | الَّذِيْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| متکبروں کا | پس صبر کیجیے | بے شک | وعدہ اللہ کا | سچا ہے | پس اگر | ہم دکھا دیں آپ کو | بعض/کچھ | وہ جو |

ٹھکانا ہے۔ تو (اے پیغمبرؐ) صبر کرو، اللہ کا وعدہ سچا ہے۔ اگر ہم تم کو کچھ اس میں سے دکھا دیں جس کا

نَعِدُهُمْ اَوْ نَتَوَفَّيَنَّكَ فَاِلَيْنَا يُرْجَعُوْنَ ﴿۷۷﴾ وَ لَقَدْ اَرْسَلْنَا رُسُلًا مِّنْ

| نَعِدُهُمْ | اَوْ | نَتَوَفَّيَنَّكَ | فَاِلَيْنَا | يُرْجَعُوْنَ | وَ لَقَدْ | اَرْسَلْنَا | رُسُلًا | مِنْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ہم ان سے وعدہ کرتے ہیں | یا | ہم فوت کر دیں آپ کو | پس ہماری طرف | وہ لوٹائے جائیں گے | اور بے شک | بھیجا ہم نے | رسولوں کو | سے |

ہم ان سے وعدہ کرتے ہیں (یعنی کافروں پر عذاب نازل کریں) یا تمہاری مدتِ حیات پوری کر دیں تو ان کو ہماری ہی طرف لوٹ کر آنا ہے۔ اور ہم نے تم سے

قَبْلِكَ مِنْهُمْ مَّنْ قَصَصْنَا عَلَيْكَ وَ مِنْهُمْ مَّنْ لَّمْ نَقْصُصْ عَلَيْكَ ؕ وَ مَا

| قَبْلِكَ | مِنْهُمْ | مَنْ | قَصَصْنَا | عَلَيْكَ | وَ مِنْهُمْ | مَنْ | لَمْ نَقْصُصْ | عَلَيْكَ | وَ مَا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| پہلے آپ | ان میں سے کچھ | وہ ہیں جن کے | قصے بیان کیے ہم نے | آپ سے | اور ان میں سے بعض | وہ ہیں جن کے | نہیں حالات بیان کیے | آپ سے | اور نہیں |

پہلے (بہت سے) پیغمبر بھیجے۔ ان میں کچھ تو ایسے ہیں جن کے حالات تم سے بیان کر دیئے ہیں اور کچھ ایسے ہیں جن کے حالات بیان نہیں کیے۔ اور کسی

كَانَ لِرَسُوْلٍ اَنْ يَّاْتِيَ بِاٰيَةٍ اِلَّا بِاِذْنِ اللّٰهِ ۚ فَاِذَا جَآءَ اَمْرُ اللّٰهِ قُضِيَ بِالْحَقِّ

| كَانَ | لِرَسُوْلٍ | اَنْ | يَّاْتِيَ | بِاٰيَةٍ | اِلَّا | بِاِذْنِ | اللّٰهِ | فَاِذَا | جَآءَ | اَمْرُ اللّٰهِ | قُضِيَ | بِالْحَقِّ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ہے | کسی رسول کے لیے | کہ | لے آئے | نشانی | مگر | اذن سے | اللہ کے | پس جب | آ گیا | حکم اللہ کا | فیصلہ کر دیا گیا | حق کے ساتھ |

پیغمبر کا مقدور نہ تھا کہ اللہ کے حکم کے بغیر کوئی نشانی لائے۔ پھر جب اللہ کا حکم آ پہنچا تو انصاف کے ساتھ فیصلہ کر دیا گیا

وَ خَسِرَ هُنَالِكَ الْمُبْطِلُوْنَ ﴿۷۸﴾ اَللّٰهُ الَّذِيْ جَعَلَ لَكُمُ الْاَنْعَامَ لِتَرْكَبُوْا ع ۸ ۱۰ ۱۳

| وَ خَسِرَ | هُنَالِكَ | الْمُبْطِلُوْنَ | اَللّٰهُ | الَّذِيْ | جَعَلَ | لَكُمْ | الْاَنْعَامَ | لِتَرْكَبُوْا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور نقصان اٹھایا | وہاں | اہل باطل نے | اللہ ہی ہے | وہ جس نے | بنائے | تمہارے لیے | چارپائے | تاکہ تم سواری کرو |

اور اہل باطل نقصان میں پڑ گئے۔ اللہ ہی تو ہے جس نے تمہارے لیے چارپائے بنائے تاکہ ان میں سے بعض پر سوار

مِنْهَا وَ مِنْهَا تَاْكُلُوْنَ ﴿۷۹﴾ وَ لَكُمْ فِيْهَا مَنَافِعُ وَ لِتَبْلُغُوْا عَلَيْهَا حَاجَةً فِيْ

| مِنْهَا | وَ مِنْهَا | تَاْكُلُوْنَ | وَ لَكُمْ | فِيْهَا | مَنَافِعُ | وَ لِتَبْلُغُوْا | عَلَيْهَا | حَاجَةً | فِيْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ان سے/ان کی | اور ان میں سے | تم کھاتے ہو | اور تمہارے لیے | ان میں | فائدے ہیں | اور تاکہ تم پہنچو | ان پر | حاجت کو | میں |

ہو اور بعض کو تم کھاتے ہو۔ اور تمہارے لیے ان میں (اور بھی) فائدے ہیں اور اس لیے بھی کہ (کہیں جانے کی) تمہارے دلوں میں جو حاجت ہو ان پر (چڑھ کر

صُدُوْرِكُمْ وَ عَلَيْهَا وَ عَلَى الْفُلْكِ تُحْمَلُوْنَ ﴿٨٠﴾ وَ يُرِيْكُمْ اٰيٰتِهٖ ۖ فَاَيَّ اٰيٰتِ اللّٰهِ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| صُدُوْرِكُمْ | وَ عَلَيْهَا | وَ عَلَى الْفُلْكِ | تُحْمَلُوْنَ | وَ يُرِيْكُمْ | اٰيٰتِهٖ | فَاَيَّ | اٰيٰتِ | اللّٰهِ |
| تمہارے دلوں | اور ان پر | اور کشتیوں پر | تم سوار ہوتے ہو | اور وہ دکھاتا ہے تم کو | اپنی نشانیاں | تو کن کن | نشانیوں کا | اللہ کی |

وہاں) پہنچ جاؤ۔ اور ان پر اور کشتیوں پر تم سوار ہوتے ہو۔ اور وہ تمہیں اپنی نشانیاں دکھاتا ہے، تو تم اللہ کی کن کن نشانیوں کو

تُنْكِرُوْنَ ﴿٨١﴾ اَفَلَمْ يَسِيْرُوْا فِي الْاَرْضِ فَيَنْظُرُوْا كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| تُنْكِرُوْنَ | اَفَلَمْ يَسِيْرُوْا | فِي الْاَرْضِ | فَيَنْظُرُوْا | كَيْفَ | كَانَ | عَاقِبَةُ |
| تم انکار کرو گے | کیا نہیں انہوں نے سیر کی | زمین میں | تا کہ وہ دیکھتے | کیسا | ہوا | انجام |

نہ مانو گے۔ کیا ان لوگوں نے زمین میں سیر نہیں کی تا کہ دیکھتے کہ جو لوگ ان سے پہلے تھے ان کا انجام

الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ ۭ كَانُوْٓا اَكْثَرَ مِنْهُمْ وَ اَشَدَّ قُوَّةً وَّ اٰثَارًا فِي الْاَرْضِ فَمَآ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الَّذِيْنَ | مِنْ قَبْلِهِمْ | كَانُوْا | اَكْثَرَ | مِنْهُمْ | وَ اَشَدَّ | قُوَّةً | وَ | اٰثَارًا | فِي الْاَرْضِ | فَمَا |
| ان لوگوں کا جو | ان سے پہلے تھے | تھے | بہت زیادہ | ان سے | اور کہیں زیادہ | قوت میں | اور | آثار/نشانیوں میں | زمین میں | پس نہ |

کیسا ہوا؟ (حالانکہ) وہ ان سے کہیں زیادہ طاقتور اور زمین میں نشانات (بنانے) کے اعتبار سے بہت بڑھ کر تھے، تو جو کچھ

اَغْنٰى عَنْهُمْ مَّا كَانُوْا يَكْسِبُوْنَ ﴿٨٢﴾ فَلَمَّا جَآءَتْهُمْ رُسُلُهُمْ بِالْبَيِّنٰتِ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اَغْنٰى | عَنْهُمْ | مَا | كَانُوْا | يَكْسِبُوْنَ | فَلَمَّا | جَآءَتْهُمْ | رُسُلُهُمْ | بِالْبَيِّنٰتِ |
| کام آیا | ان کے | جو | تھے وہ | کماتے/کرتے | پھر جب | آئے ان کے پاس | ان کے رسول | روشن نشانیوں کے ساتھ |

وہ کرتے تھے وہ ان کے کچھ کام نہ آیا۔ اور جب ان کے پیغمبر ان کے پاس کھلی نشانیاں لے کر آئے

فَرِحُوْا بِمَا عِنْدَهُمْ مِّنَ الْعِلْمِ وَحَاقَ بِهِمْ مَّا كَانُوْا بِهٖ يَسْتَهْزِءُوْنَ ﴿٨٣﴾

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| فَرِحُوْا | بِمَا | عِنْدَهُمْ | مِنَ الْعِلْمِ | وَ حَاقَ | بِهِمْ | مَا | كَانُوْا | بِهٖ | يَسْتَهْزِءُوْنَ |
| وہ اترانے لگے | اس پر جو | ان کے پاس تھا | کچھ علم | اور گھیر لیا | ان کو | اس چیز نے کہ | تھے | جس سے | وہ مذاق کرتے |

تو جو علم (اپنے خیال میں) ان کے پاس تھا اس پر اترانے لگے اور جس چیز سے تمسخر کیا کرتے تھے اس نے ان کو آ گھیرا۔

فَلَمَّا رَاَوْا بَاْسَنَا قَالُوْٓا اٰمَنَّا بِاللّٰهِ وَحْدَهٗ وَ كَفَرْنَا بِمَا كُنَّا بِهٖ مُشْرِكِيْنَ ﴿٨٤﴾

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| فَلَمَّا | رَاَوْا | بَاْسَنَا | قَالُوْا | اٰمَنَّا | بِاللّٰهِ | وَحْدَهٗ | وَ كَفَرْنَا | بِمَا | كُنَّا | بِهٖ | مُشْرِكِيْنَ |
| پھر جب | دیکھا انہوں نے | ہمارا عذاب | کہا انہوں نے | ہم ایمان لائے | اللہ پر | اکیلا/یکتا | اور منکر ہوئے ہم | اس سے جو | تھے ہم | ساتھ اسکے | شریک بناتے |

پھر جب انہوں نے ہمارا عذاب دیکھ لیا تو کہنے لگے کہ ہم اللہ واحد پر ایمان لائے اور جس چیز کو اس کے ساتھ شریک بناتے تھے اس سے نا معتقد ہوئے۔

فَلَمْ يَكُ يَنْفَعُهُمْ اِيْمَانُهُمْ لَمَّا رَاَوْا بَاْسَنَا ؕ سُنَّتَ اللّٰهِ الَّتِيْ قَدْ خَلَتْ

| فَلَمْ يَكُ | يَنْفَعُهُمْ | اِيْمَانُهُمْ | لَمَّا | رَاَوْا | بَاْسَنَا | سُنَّتَ اللّٰهِ | الَّتِيْ | قَدْ خَلَتْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| پس نہیں تھا | نفع دیا ان کو | ان کے ایمان نے | جب | دیکھا انہوں نے | ہمارا عذاب | دستور اللہ کا | جو | گزر چکا ہے/ چلا آتا ہے |

لیکن جب وہ ہمارا عذاب دیکھ چکے (اس وقت) ان کے ایمان نے ان کو کچھ بھی فائدہ نہ دیا۔ (یہ) اللہ کی عادت (ہے) جو اس کے بندوں (کے بارے) میں

فِيْ عِبَادِهٖ ۚ وَ خَسِرَ هُنَالِكَ الْكٰفِرُوْنَ ﴿۸۵﴾ ع

ع ۹ / ۱۴

| فِيْ عِبَادِهٖ | وَ خَسِرَ | هُنَالِكَ | الْكٰفِرُوْنَ |
|---|---|---|---|
| اس کے بندوں میں | اور خسارہ اٹھایا | اس وقت | کافروں نے |

چلی آتی ہے۔ اور وہاں کافر گھاٹے میں پڑ کر رہ گئے۔

## سُوْرَةُ حٰمٓ السَّجْدَةِ مَكِّيَّةٌ — بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ — اٰيَاتُهَا ۵۴ رُكُوْعَاتُهَا ۶

| حٰمٓ السَّجْدَة | بِ | اِسْمِ | اللّٰهِ | الرَّحْمٰنِ | الرَّحِيْمِ | فُصِّلَتْ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| حم سجدہ | ساتھ/سے | نام | اللہ کے | بے حد مہربان | نہایت رحم کرنے والا | مفصل بیان کی گئی |

شروع اللہ کا نام لے کر جو بڑا مہربان، نہایت رحم والا ہے۔

حٰمٓ ۚ ﴿۱﴾ تَنْزِيْلٌ مِّنَ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ﴿۲﴾ ۚ كِتٰبٌ فُصِّلَتْ اٰيٰتُهٗ قُرْاٰنًا

| حٰمٓ | تَنْزِيْلٌ | مِنْ | الرَّحْمٰنِ | الرَّحِيْمِ | كِتٰبٌ | فُصِّلَتْ | اٰيٰتُهٗ | قُرْاٰنًا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| حا۔میم | نازل کی گئی | طرف سے | الرحمٰن | (اور) الرحیم | کتاب | مفصل بیان کی گئیں | اس کی آیات | قرآن |

حم۔ (یہ کتاب خدائے) رحمٰن و رحیم (کی طرف) سے اتری ہے۔ (ایسی) کتاب جس کی آیتیں واضح (المعانی) ہیں (یعنی) قرآن

عَرَبِيًّا لِّقَوْمٍ يَّعْلَمُوْنَ ﴿۳﴾ ۙ بَشِيْرًا وَّ نَذِيْرًا ۚ فَاَعْرَضَ اَكْثَرُهُمْ فَهُمْ لَا

| عَرَبِيًّا | لِقَوْمٍ | يَعْلَمُوْنَ | بَشِيْرًا | وَ نَذِيْرًا | فَاَعْرَضَ | اَكْثَرُهُمْ | فَهُمْ | لَا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| عربی | ان لوگوں کیلئے | جو علم (سمجھ) رکھتے ہیں | خوشخبری دینے والا | اور ڈرانے والا | پس منہ پھیر لیا | ان کی اکثریت نے | پس وہ | نہیں |

عربی ان لوگوں کے لیے جو سمجھ رکھتے ہیں۔ جو بشارت بھی سناتا ہے اور خوف بھی دلاتا ہے، لیکن ان میں سے اکثروں نے منہ پھیر لیا اور وہ

يَسْمَعُوْنَ ﴿۴﴾ وَ قَالُوْا قُلُوْبُنَا فِيْۤ اَكِنَّةٍ مِّمَّا تَدْعُوْنَاۤ اِلَيْهِ وَ فِيْۤ اٰذَانِنَا وَقْرٌ

| يَسْمَعُوْنَ | وَ قَالُوْا | قُلُوْبُنَا | فِيْۤ اَكِنَّةٍ | مِمَّا | تَدْعُوْنَا | اِلَيْهِ | وَ فِيْۤ اٰذَانِنَا | وَقْرٌ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| سنتے ہیں | اور کہا انہوں نے | دل ہمارے | پردوں میں | اس چیز سے کہ | تو پکارتا ہے ہمیں | جس کی طرف | اور ہمارے کانوں میں | بوجھ |

سنتے ہی نہیں۔ اور کہنے لگے کہ جس چیز کی طرف تم ہمیں بلاتے ہو اس سے ہمارے دل پردوں میں ہیں اور ہمارے کانوں میں بوجھ (یعنی بہرا پن) ہے

الثلثة

وَّ مِنْۢ بَيْنِنَا وَ بَيْنِكَ حِجَابٌ فَاعْمَلْ اِنَّنَا عٰمِلُوْنَ ۝٥ قُلْ اِنَّمَآ اَنَا بَشَرٌ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ مِنْۢ بَيْنِنَا | وَ بَيْنِكَ | حِجَابٌ | فَاعْمَلْ | اِنَّنَا | عٰمِلُوْنَ | قُلْ | اِنَّمَآ | اَنَا | بَشَرٌ |
| اور ہمارے درمیان | اور تیرے درمیان | ایک پردہ | پس تو عمل کر | بے شک ہم | عمل کرنے والے ہیں | کہہ دیجئے | بے شک | میں | آدمی ہوں |

اور ہمارے اور تمہارے درمیان پردہ ہے، تو تم (اپنا) کام کرو ہم (اپنا) کام کرتے ہیں۔ کہہ دو کہ میں بھی آدمی ہوں

مِّثْلُكُمْ يُوْحٰٓى اِلَيَّ اَنَّمَآ اِلٰهُكُمْ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ فَاسْتَقِيْمُوْٓا اِلَيْهِ وَ اسْتَغْفِرُوْهُ ؕ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مِثْلُكُمْ | يُوْحٰى | اِلَيَّ | اَنَّمَآ | اِلٰهُكُمْ | اِلٰهٌ | وَّاحِدٌ | فَاسْتَقِيْمُوْٓا | اِلَيْهِ | وَ اسْتَغْفِرُوْهُ |
| تم جیسا | وحی کی جاتی ہے | میری طرف | یہ کہ صرف | تمہارا معبود | معبود | ایک ہے | پس قائم رہو/تو سیدھے رہو | اس کی طرف | اور اس سے معافی مانگو |

جیسے تم، (ہاں) مجھ پر وحی آتی ہے کہ تمہارا معبود خدائے واحد ہے تو سیدھے اسی کی طرف متوجہ رہو اور اسی سے مغفرت مانگو۔

وَ وَيْلٌ لِّلْمُشْرِكِيْنَ ۝٦ الَّذِيْنَ لَا يُؤْتُوْنَ الزَّكٰوةَ وَ هُمْ بِالْاٰخِرَةِ هُمْ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ وَيْلٌ | لِّلْمُشْرِكِيْنَ | الَّذِيْنَ | لَا يُؤْتُوْنَ | الزَّكٰوةَ | وَ هُمْ | بِالْاٰخِرَةِ | هُمْ |
| اور افسوس ہے | مشرکین کے لیے | جو | نہیں دیتے | زکوٰۃ | اور وہ | آخرت سے | وہ |

اور مشرکوں پر افسوس ہے۔ جو زکوٰۃ نہیں دیتے اور آخرت کے بھی

ع ١٥/٨

كٰفِرُوْنَ ۝٧ اِنَّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَ عَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ لَهُمْ اَجْرٌ غَيْرُ مَمْنُوْنٍ ۝٨ ع

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| كٰفِرُوْنَ | اِنَّ | الَّذِيْنَ | اٰمَنُوْا | وَ عَمِلُوْا | الصّٰلِحٰتِ | لَهُمْ | اَجْرٌ | غَيْرُ مَمْنُوْنٍ |
| انکار کرنے والے ہیں | بے شک | جو لوگ | ایمان لائے | اور عمل کیے | نیک | ان کے لیے | ثواب ہے | نہ ختم ہونے والا |

قائل نہیں۔ جو لوگ ایمان لائے اور نیک عمل کرتے رہے ان کے لیے (ایسا) ثواب ہے جو ختم ہی نہ ہو۔

قُلْ اَئِنَّكُمْ لَتَكْفُرُوْنَ بِالَّذِيْ خَلَقَ الْاَرْضَ فِيْ يَوْمَيْنِ وَ تَجْعَلُوْنَ لَهٗٓ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| قُلْ | اَئِنَّكُمْ | لَتَكْفُرُوْنَ | بِالَّذِيْ | خَلَقَ | الْاَرْضَ | فِيْ يَوْمَيْنِ | وَ تَجْعَلُوْنَ | لَهٗٓ |
| کہہ دیجئے | کیا واقعی تم | انکار کرتے ہو | اس سے جس نے | پیدا کیا | زمین کو | دو دن میں | اور تم بناتے ہو | اس کیلئے |

کہو، کیا تم اس سے انکار کرتے ہو جس نے زمین کو دو دن میں پیدا کیا اور (بتوں کو) اس کا مدمقابل

اَنْدَادًا ؕ ذٰلِكَ رَبُّ الْعٰلَمِيْنَ ۝٩ وَ جَعَلَ فِيْهَا رَوَاسِيَ مِنْ فَوْقِهَا وَ بٰرَكَ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اَنْدَادًا | ذٰلِكَ | رَبُّ | الْعٰلَمِيْنَ | وَ جَعَلَ | فِيْهَا | رَوَاسِيَ | مِنْ فَوْقِهَا | وَ بٰرَكَ |
| شریک | وہ ہے | رب | سارے جہانوں کا | اور بنائے اس نے | اس میں | پہاڑ | اوپر اس کے | اور برکت دی |

بناتے ہو؟ وہی تو سارے جہان کا مالک ہے۔ اور اسی نے زمین میں اس کے اوپر پہاڑ بنائے اور زمین میں

فِيْهَا وَ قَدَّرَ فِيْهَآ اَقْوَاتَهَا فِيْٓ اَرْبَعَةِ اَيَّامٍ ؕ سَوَآءً لِّلسَّآئِلِيْنَ ۝۱۰ ثُمَّ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| فِيْهَا | وَ قَدَّرَ | فِيْهَا | اَقْوَاتَهَا | فِيْٓ | اَرْبَعَةِ | اَيَّامٍ | سَوَآءً | لِلسَّآئِلِيْنَ | ثُمَّ |
| اس میں | اور مقرر کیا | اس میں | اس کا سامانِ معیشت | میں | چار | دن | یکساں | تمام حاجت مندوں کے لیے | پھر |

برکت رکھی اور اس میں سامانِ معیشت مقرر کیا (سب) چار دن میں۔ (اور تمام) طلبگاروں کے لیے یکساں۔ پھر

اسْتَوٰٓى اِلَى السَّمَآءِ وَ هِيَ دُخَانٌ فَقَالَ لَهَا وَ لِلْاَرْضِ ائْتِيَا طَوْعًا اَوْ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اِسْتَوٰى | اِلَى السَّمَآءِ | وَ هِيَ | دُخَانٌ | فَقَالَ | لَهَا | وَ لِلْاَرْضِ | اِئْتِيَا | طَوْعًا | اَوْ |
| متوجہ ہوا | آسمان کی طرف | اور وہ | دھواں تھا | پھر کہا | اس کو | اور زمین کو | دونوں آؤ | خوشی سے | یا |

آسمان کی طرف متوجہ ہوا اور وہ دھواں تھا تو اس سے اور زمین سے فرمایا کہ دونوں آؤ (خواہ) خوشی سے

كَرْهًا ؕ قَالَتَآ اَتَيْنَا طَآئِعِيْنَ ۝۱۱ فَقَضٰىهُنَّ سَبْعَ سَمٰوَاتٍ فِيْ يَوْمَيْنِ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| كَرْهًا | قَالَتَا | اَتَيْنَا | طَآئِعِيْنَ | فَقَضٰىهُنَّ | سَبْعَ | سَمٰوَاتٍ | فِيْ يَوْمَيْنِ |
| ناخوشی سے | دونوں نے کہا | ہم آتے ہیں | خوشی سے | پھر اس نے بنادیا ان کو | سات | آسمان | دو دن میں |

خواہ ناخوشی سے۔ انہوں نے کہا کہ ہم خوشی سے آتے ہیں۔ پھر دو دن میں سات آسمان بنائے

وَ اَوْحٰى فِيْ كُلِّ سَمَآءٍ اَمْرَهَا ؕ وَ زَيَّنَّا السَّمَآءَ الدُّنْيَا بِمَصَابِيْحَ ۖ وَ حِفْظًا ؕ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ اَوْحٰى | فِيْ | كُلِّ | سَمَآءٍ | اَمْرَهَا | وَ زَيَّنَّا | السَّمَآءَ | الدُّنْيَا | بِمَصَابِيْحَ | وَ حِفْظًا |
| اور حکم کیا | میں | ہر | آسمان | اس کا کام | اور زینت دی ہم نے | آسمانِ | دنیا کو | ستاروں سے | اور محفوظ کیا |

اور ہر آسمان میں اس (کے کام) کا حکم بھیجا۔ اور ہم نے آسمانِ دنیا کو چراغوں (یعنی ستاروں) سے مزین کیا اور (شیطانوں سے) محفوظ رکھا۔

ذٰلِكَ تَقْدِيْرُ الْعَزِيْزِ الْعَلِيْمِ ۝۱۲ فَاِنْ اَعْرَضُوْا فَقُلْ اَنْذَرْتُكُمْ صٰعِقَةً

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ذٰلِكَ | تَقْدِيْرُ | الْعَزِيْزِ | الْعَلِيْمِ | فَاِنْ | اَعْرَضُوْا | فَقُلْ | اَنْذَرْتُكُمْ | صٰعِقَةً |
| یہ | اندازے ہیں | زبردست | جاننے والے کے | پس اگر | وہ منہ پھیرلیں | تو کہہ دیجئے | میں خبردار کرتا ہوں تم کو | ایک چنگھاڑ سے |

یہ زبردست (اور) خبردار کے (مقرر کیے ہوئے) اندازے ہیں۔ پھر اگر یہ منہ پھیرلیں تو کہہ دو کہ میں تم کو (ایسی) چنگھاڑ (کے عذاب) سے آگاہ کرتا ہوں

مِّثْلَ صٰعِقَةِ عَادٍ وَّ ثَمُوْدَ ؕ ۝۱۳ اِذْ جَآءَتْهُمُ الرُّسُلُ مِنْۢ بَيْنِ اَيْدِيْهِمْ وَ مِنْ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مِثْلَ | صٰعِقَةِ | عَادٍ | وَ ثَمُوْدَ | اِذْ | جَآءَتْهُمُ | الرُّسُلُ | مِنْ | بَيْنِ اَيْدِيْهِمْ | وَ مِنْ |
| جیسی | چنگھاڑ | عاد | اور ثمود پر (آئی تھی) | جب | آئے ان کے پاس | رسول | سے | ان کے آگے | اور سے |

جیسے عاد اور ثمود پر چنگھاڑ (کا عذاب آیا تھا)۔ جب ان کے پاس پیغمبر ان کے آگے اور پیچھے سے

خَلْفِهِمْ اَلَّا تَعْبُدُوْٓا اِلَّا اللّٰهَ ؕ قَالُوْا لَوْ شَآءَ رَبُّنَا لَاَنْزَلَ مَلٰٓئِكَةً فَاِنَّا بِمَآ

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| خَلْفِهِمْ | اَلَّا | تَعْبُدُوْا | اِلَّا اللّٰهَ | قَالُوْا | لَوْ | شَآءَ | رَبُّنَا | لَاَنْزَلَ | مَلٰٓئِكَةً | فَاِنَّا | بِمَا |
| ان کے پیچھے | کہ نہ | تم عبادت کرو | مگر اللہ کی | کہا انہوں نے | اگر | چاہتا | ہمارا رب | تو لازماً نازل کرتا | فرشتے | سو بیشک ہم | اس چیز سے کہ |

آئے کہ اللہ کے سوا (کسی کی) عبادت نہ کرو۔ کہنے لگے کہ اگر ہمارا پروردگار چاہتا تو فرشتے اتار دیتا، سو جو تم دے کر

اُرْسِلْتُمْ بِهٖ كٰفِرُوْنَ ﴿١٤﴾ فَاَمَّا عَادٌ فَاسْتَكْبَرُوْا فِي الْاَرْضِ بِغَيْرِ الْحَقِّ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اُرْسِلْتُمْ | بِهٖ | كٰفِرُوْنَ | فَاَمَّا | عَادٌ | فَاسْتَكْبَرُوْا | فِي الْاَرْضِ | بِغَيْرِ الْحَقِّ |
| تم بھیجے گئے ہو | جس کے ساتھ | انکار کرتے ہیں | سو وہ جو | عاد تھے | تو تکبر کیا انہوں نے | زمین میں | ناحق |

بھیجے گئے ہو ہم اس کو نہیں مانتے۔ جو عاد تھے وہ ناحق ملک میں غرور کرنے لگے

وَ قَالُوْا مَنْ اَشَدُّ مِنَّا قُوَّةً ؕ اَوَ لَمْ يَرَوْا اَنَّ اللّٰهَ الَّذِيْ خَلَقَهُمْ هُوَ اَشَدُّ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ قَالُوْا | مَنْ | اَشَدُّ | مِنَّا | قُوَّةً | اَوَ لَمْ يَرَوْا | اَنَّ اللّٰهَ | الَّذِيْ | خَلَقَهُمْ | هُوَ | اَشَدُّ |
| اور کہا انہوں نے | کون ہے | بڑھ کر | ہم سے | قوت میں | کیا نہیں دیکھا انہوں نے | کہ اللہ | وہ جس نے | پیدا کیا ان کو | وہ | بہت بڑھ کر ہے |

اور کہنے لگے کہ ہم سے بڑھ کر قوت میں کون ہے۔ کیا انہوں نے نہیں دیکھا کہ اللہ جس نے ان کو پیدا کیا وہ ان سے قوت میں

مِنْهُمْ قُوَّةً ؕ وَ كَانُوْا بِاٰيٰتِنَا يَجْحَدُوْنَ ﴿١٥﴾ فَاَرْسَلْنَا عَلَيْهِمْ رِيْحًا صَرْصَرًا

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مِنْهُمْ | قُوَّةً | وَ كَانُوْا | بِاٰيٰتِنَا | يَجْحَدُوْنَ | فَاَرْسَلْنَا | عَلَيْهِمْ | رِيْحًا | صَرْصَرًا |
| ان سے | قوت میں | اور وہ تھے | ہماری آیات سے | انکار کرتے | پھر بھیجی ہم نے | ان پر | ہوا | تیز و تند |

بہت بڑھ کر ہے؟ اور وہ ہماری آیتوں سے انکار کرتے رہے۔ تو ہم نے بھی ان پر نحوست کے دنوں میں

فِيْٓ اَيَّامٍ نَّحِسَاتٍ لِّنُذِيْقَهُمْ عَذَابَ الْخِزْيِ فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ؕ وَ لَعَذَابُ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| فِيْ | اَيَّامٍ | نَحِسَاتٍ | لِنُذِيْقَهُمْ | عَذَابَ | الْخِزْيِ | فِي الْحَيٰوةِ | الدُّنْيَا | وَ لَعَذَابُ |
| میں | دن/ایام | نحوست والے | تاکہ ہم چکھائیں ان کو | عذاب | رسوائی کا | زندگی میں | دنیا کی | اور البتہ عذاب |

زور کی ہوا چلائی تاکہ ان کو دنیا کی زندگی میں ذلت کے عذاب کا مزہ چکھا دیں۔ اور آخرت کا

الْاٰخِرَةِ اَخْزٰى وَ هُمْ لَا يُنْصَرُوْنَ ﴿١٦﴾ وَ اَمَّا ثَمُوْدُ فَهَدَيْنٰهُمْ فَاسْتَحَبُّوا

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الْاٰخِرَةِ | اَخْزٰى | وَ هُمْ | لَا يُنْصَرُوْنَ | وَ اَمَّا | ثَمُوْدُ | فَهَدَيْنٰهُمْ | فَاسْتَحَبُّوا |
| آخرت | بہت ذلیل کرنے والا ہے | اور وہ | نہیں مدد کیے جائیں گے | اور وہ جو | ثمود | سو ہم نے ہدایت دی ان کو | تو پسند کیا انہوں نے |

عذاب تو بہت ذلیل کرنے والا ہے اور (اس روز) ان کو مدد بھی نہ ملے گی۔ اور جو ثمود تھے ان کو ہم نے سیدھا رستہ دکھا دیا تھا مگر انہوں نے ہدایت کے مقابلے

الْعَمٰی عَلَی الْهُدٰی فَاَخَذَتْهُمْ صٰعِقَةُ الْعَذَابِ الْهُوْنِ بِمَا كَانُوْا يَكْسِبُوْنَ ۱۷

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الْعَمٰی | عَلَی الْهُدٰی | فَاَخَذَتْهُمْ | صٰعِقَةُ | الْعَذَابِ | الْهُوْنِ | بِمَا | كَانُوْا | يَكْسِبُوْنَ |
| اندھارہنا | ہدایت پر/ راہ سوجھنے سے | تو آپکڑا ان کو | کڑک نے | عذاب کی | رسوا کن | بسبب اس کے جو | تھے | وہ کماتے |

میں اندھا رہنا پسند کیا۔ تو ان کے اعمال کی سزا میں کڑک نے ان کو آ پکڑا، اور وہ ذلت کا عذاب تھا۔

وَ نَجَّيْنَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَ كَانُوْا يَتَّقُوْنَ ۱۸ وَ يَوْمَ يُحْشَرُ اَعْدَآءُ اللّٰهِ اِلَى ع ۲ ۱۰ ۱۶

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ نَجَّيْنَا | الَّذِيْنَ | اٰمَنُوْا | وَ كَانُوْا | يَتَّقُوْنَ | وَ يَوْمَ | يُحْشَرُ | اَعْدَآءُ | اللّٰهِ | اِلَى |
| اور نجات دی ہم نے | ان لوگوں کو جو | ایمان لائے | اور تھے | پرہیزگاری کرتے | اور جس دن | جمع کیا جائے گا | دشمنوں کو | اللہ کے | طرف |

اور جو ایمان لائے اور پرہیز گاری کرتے رہے ان کو ہم نے بچا لیا۔ اور جس دن اللہ کے دشمن دوزخ کی طرف چلائے جائیں

النَّارِ فَهُمْ يُوْزَعُوْنَ ۱۹ حَتّٰٓى اِذَا مَا جَآءُوْهَا شَهِدَ عَلَيْهِمْ سَمْعُهُمْ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| النَّارِ | فَهُمْ | يُوْزَعُوْنَ | حَتّٰٓى | اِذَا مَا | جَآءُوْهَا | شَهِدَ | عَلَيْهِمْ | سَمْعُهُمْ |
| آگ/ دوزخ کی | تو وہ | ترتیب وار کیے جائیں گے | یہاں تک کہ | جب | وہ پہنچیں اس کے پاس | گواہی دیں | ان پر/ انکے خلاف | ان کے کان |

گے تو ترتیب وار کر لیے جائیں گے۔ یہاں تک کہ جب اس کے پاس پہنچ جائیں گے تو ان کے کان اور آنکھیں

وَ اَبْصَارُهُمْ وَ جُلُوْدُهُمْ بِمَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ۲۰ وَ قَالُوْا لِجُلُوْدِهِمْ لِمَ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ اَبْصَارُهُمْ | وَ جُلُوْدُهُمْ | بِمَا | كَانُوْا | يَعْمَلُوْنَ | وَ قَالُوْا | لِجُلُوْدِهِمْ | لِمَ |
| اور ان کی آنکھیں | اور ان کی جلدیں | بسبب جو | تھے | وہ عمل کرتے | اور وہ کہیں گے | اپنے چمڑوں کو | کیوں |

اور چمڑے (یعنی دوسرے اعضا) ان کے خلاف ان کے اعمال کی شہادت دیں گے۔ اور وہ اپنے چمڑوں (یعنی اعضا) سے کہیں گے کہ تم نے

شَهِدْتُّمْ عَلَيْنَا ؕ قَالُوْٓا اَنْطَقَنَا اللّٰهُ الَّذِيْٓ اَنْطَقَ كُلَّ شَيْءٍ وَّ هُوَ خَلَقَكُمْ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| شَهِدْتُّمْ | عَلَيْنَا | قَالُوْٓا | اَنْطَقَنَا | اللّٰهُ | الَّذِيْٓ | اَنْطَقَ | كُلَّ | شَيْءٍ | وَّ هُوَ | خَلَقَكُمْ |
| گواہی دی تم نے | ہمارے خلاف | وہ کہیں گے | گویائی دی ہم کو | اللہ نے | وہ جس نے | گویائی دی | ہر | چیز کو | اور اسی نے | پیدا کیا تم کو |

ہمارے خلاف کیوں شہادت دی؟ وہ کہیں گے کہ جس اللہ نے سب چیزوں کو نطق بخشا اسی نے ہم کو بھی گویائی دی، اور اسی نے تم کو پہلی بار

اَوَّلَ مَرَّةٍ وَّ اِلَيْهِ تُرْجَعُوْنَ ۲۱ وَ مَا كُنْتُمْ تَسْتَتِرُوْنَ اَنْ يَّشْهَدَ عَلَيْكُمْ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اَوَّلَ | مَرَّةٍ | وَّ اِلَيْهِ | تُرْجَعُوْنَ | وَ مَا | كُنْتُمْ | تَسْتَتِرُوْنَ ❶ | اَنْ | يَّشْهَدَ | عَلَيْكُمْ |
| پہلی | بار | اور اسی کی طرف | تم لوٹائے جاؤ گے | اور نہیں | تھے تم | پردہ کرتے/ چھپتے پھرتے | (اس خوف سے) کہ | گواہی دیں گے | تم پر |

پیدا کیا تھا اور اسی کی طرف تم کو لوٹ کر جانا ہے۔ اور تم اس (بات کے خوف) سے تو پردہ نہیں کرتے تھے کہ تمہارے کان اور تمہاری آنکھیں



❶ یعنی تم دنیا میں جرائم کرتے وقت جب چھپتے تھے تو تمہیں یہ خیال نہ تھا کہ کبھی تمہارے اپنے اعضاء تم پر گواہی دیں گے بلکہ تم نے تو یہ سمجھا تھا کہ تمہارے بہت سے اعمال کی اللہ کو بھی خبر نہیں۔

سَمْعُكُمْ وَ لَآ اَبْصَارُكُمْ وَ لَا جُلُوْدُكُمْ وَلٰكِنْ ظَنَنْتُمْ اَنَّ اللّٰهَ لَا يَعْلَمُ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| سَمْعُكُمْ | وَ لَا | اَبْصَارُكُمْ | وَ لَا | جُلُوْدُكُمْ | وَ لٰكِنْ | ظَنَنْتُمْ | اَنَّ اللّٰهَ | لَا يَعْلَمُ |
| کان تمہارے | اور نہ | آنکھیں تمہاری | اور نہ | چمڑے تمہارے | اور لیکن/ بلکہ | تم خیال کرتے تھے | یہ کہ اللہ | نہیں جانتا |

اور چمڑے تمہارے خلاف شہادت دیں گے بلکہ تم یہ خیال کرتے تھے کہ اللہ کو تمہارے بہت سے عملوں کی

كَثِيْرًا مِّمَّا تَعْمَلُوْنَ ﴿۲۲﴾ وَ ذٰلِكُمْ ظَنُّكُمُ الَّذِيْ ظَنَنْتُمْ بِرَبِّكُمْ اَرْدٰىكُمْ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| كَثِيْرًا | مِّمَّا | تَعْمَلُوْنَ | وَ ذٰلِكُمْ | ظَنُّكُمْ | الَّذِيْ | ظَنَنْتُمْ | بِرَبِّكُمْ | اَرْدٰىكُمْ |
| بہت سا | اس میں سے جو | تم عمل کرتے ہو | اور یہ/ اور اسی | تمہارے خیال نے | وہ جو | خیال کیا تم نے | اپنے رب کے بارے میں | ہلاک کر دیا تم کو |

خبر ہی نہیں۔ اور اسی خیال نے جو تم اپنے پروردگار کے بارے میں رکھتے تھے تم کو ہلاک کر دیا

فَاَصْبَحْتُمْ مِّنَ الْخٰسِرِيْنَ ﴿۲۳﴾ فَاِنْ يَّصْبِرُوْا فَالنَّارُ مَثْوًى لَّهُمْ ۚ وَ اِنْ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| فَاَصْبَحْتُمْ | مِنَ الْخٰسِرِيْنَ | فَاِنْ | يَصْبِرُوْا | فَالنَّارُ | مَثْوًى | لَهُمْ | وَاِنْ |
| پھر ہو گئے تم | خسارہ پانے والوں میں | اب اگر | وہ صبر کریں گے | تو آگ ہی | ٹھکانا ہے | ان کے لیے | اور اگر |

اور تم خسارہ پانے والوں میں ہو گئے۔ اب اگر یہ صبر کریں گے تو ان کا ٹھکانا دوزخ ہی ہے اور اگر

يَّسْتَعْتِبُوْا فَمَا هُمْ مِّنَ الْمُعْتَبِيْنَ ﴿۲۴﴾ وَ قَيَّضْنَا لَهُمْ قُرَنَآءَ فَزَيَّنُوْا لَهُمْ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| يَسْتَعْتِبُوْا | فَمَا | هُمْ | مِنَ الْمُعْتَبِيْنَ | وَ قَيَّضْنَا | لَهُمْ | قُرَنَآءَ | فَزَيَّنُوْا | لَهُمْ |
| وہ توبہ کریں گے | تو نہیں | وہ | توبہ قبول کیے جانے والوں میں | اور مقرر کیے ہم نے | ان کے لیے | ہم نشین | پس خوبصورت بنایا انہوں نے | ان کیلئے |

توبہ کریں گے تو ان کی توبہ قبول نہیں کی جائے گی۔ اور ہم نے (شیطانوں کو) ان کا ہم نشین مقرر کر دیا تھا تو انہوں نے ان کے اگلے

مَّا بَيْنَ اَيْدِيْهِمْ وَ مَا خَلْفَهُمْ وَ حَقَّ عَلَيْهِمُ الْقَوْلُ فِيْٓ اُمَمٍ قَدْ خَلَتْ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مَا | بَيْنَ اَيْدِيْهِمْ | وَ مَا | خَلْفَهُمْ | وَ | حَقَّ | عَلَيْهِمْ | الْقَوْلُ | فِيْٓ اُمَمٍ | قَدْ خَلَتْ |
| جو | ان کے آگے | اور جو | ان کے پیچھے تھا | اور | ثابت ہوا/ پورا ہوا | ان پر | قول/ وعدہ | امتوں میں | جو تحقیق گزر چکیں |

اور پچھلے اعمال ان کو عمدہ کر دکھائے تھے اور جنات اور انسانوں کی جماعتیں جو ان سے پہلے

ع ۳ ۱۷ مِنْ قَبْلِهِمْ مِّنَ الْجِنِّ وَ الْاِنْسِ ۚ اِنَّهُمْ كَانُوْا خٰسِرِيْنَ ﴿۲۵﴾ وَ قَالَ الَّذِيْنَ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مِنْ قَبْلِهِمْ | مِنْ | الْجِنِّ | وَ الْاِنْسِ | اِنَّهُمْ | كَانُوْا | خٰسِرِيْنَ | وَ قَالَ | الَّذِيْنَ |
| ان سے پہلے | سے | جنوں | اور انسانوں | بے شک وہ | تھے/ ہیں | خسارہ پانے والے | اور کہا | ان لوگوں نے جو |

گزر چکیں ان پر بھی (اللہ کے عذاب کا) وعدہ پورا ہو گیا۔ بے شک یہ نقصان اٹھانے والے ہیں۔ اور کافر کہنے لگے

كَفَرُوْا لَا تَسْمَعُوْا لِهٰذَا الْقُرْاٰنِ وَ الْغَوْا فِيْهِ لَعَلَّكُمْ تَغْلِبُوْنَ ٢٦

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| كَفَرُوْا | لَا تَسْمَعُوْا | لِهٰذَا | الْقُرْاٰنِ | وَ الْغَوْا | فِيْهِ | لَعَلَّكُمْ | تَغْلِبُوْنَ |
| کافریں | نہ تم سنو | یہ | قرآن | اور شور مچاؤ | اس میں | تاکہ تم | غالب رہو |

کہ اس قرآن کو سنا ہی نہ کرو اور (جب پڑھنے لگیں تو) شور مچا دیا کرو تاکہ تم غالب رہو۔

فَلَنُذِيْقَنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا عَذَابًا شَدِيْدًا ۙ وَّ لَنَجْزِيَنَّهُمْ اَسْوَاَ الَّذِيْ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| فَلَنُذِيْقَنَّ | الَّذِيْنَ | كَفَرُوْا | عَذَابًا | شَدِيْدًا | وَ لَنَجْزِيَنَّهُمْ | اَسْوَاَ | الَّذِيْ |
| پس ہم ضرور مزہ چکھائیں گے | ان لوگوں کو جنہوں نے | کفر کیا | عذاب کا | سخت | اور ہم ضرور بدلہ دینگے ان کو | بدترین | اس کا جو |

سو ہم بھی کافروں کو سخت عذاب کے مزے چکھائیں گے اور ان کے برے عملوں کی جو وہ کرتے تھے

كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ٢٧ ذٰلِكَ جَزَآءُ اَعْدَآءِ اللّٰهِ النَّارُ ۚ لَهُمْ فِيْهَا دَارُ الْخُلْدِ ؕ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| كَانُوْا | يَعْمَلُوْنَ | ذٰلِكَ | جَزَآءُ | اَعْدَآءِ اللّٰهِ | النَّارُ | لَهُمْ | فِيْهَا | دَارُ | الْخُلْدِ |
| تھے | وہ عمل کرتے | یہ | بدلہ ہے | دشمنوں کا اللہ کے | دوزخ | ان کے لیے | اس میں | گھر | ہمیشہ کا |

سزا دیں گے۔ یہ اللہ کے دشمنوں کا بدلہ ہے (یعنی) دوزخ۔ ان کے لیے اسی میں ہمیشہ کا گھر ہے۔

جَزَآءًۢ بِمَا كَانُوْا بِاٰيٰتِنَا يَجْحَدُوْنَ ٢٨ وَ قَالَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا رَبَّنَاۤ اَرِنَا

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| جَزَآءً | بِمَا | كَانُوْا | بِاٰيٰتِنَا | يَجْحَدُوْنَ | وَ قَالَ | الَّذِيْنَ | كَفَرُوْا | رَبَّنَا | اَرِنَا |
| بدلہ | اس کا جو | وہ تھے | ہماری آیات سے | انکار کرتے | اور کہیں گے | وہ لوگ جنہوں نے | کفر کیا | اے رب ہمارے | دکھا ہم کو |

یہ اس کی سزا ہے کہ ہماری آیتوں سے انکار کرتے تھے۔ اور کافر کہیں گے کہ اے ہمارے پروردگار! جنوں اور انسانوں

الَّذَيْنِ اَضَلّٰنَا مِنَ الْجِنِّ وَ الْاِنْسِ نَجْعَلْهُمَا تَحْتَ اَقْدَامِنَا لِيَكُوْنَا مِنَ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الَّذَيْنِ | اَضَلّٰنَا | مِنَ | الْجِنِّ | وَ الْاِنْسِ | نَجْعَلْهُمَا | تَحْتَ | اَقْدَامِنَا | لِيَكُوْنَا | مِنَ |
| دونوں گروہوں میں جنہوں نے | گمراہ کیا ہم کو | سے | جنوں | اور انسانوں | ہم کریں ان کو | نیچے | اپنے قدموں کے | تاکہ وہ ہوں | سے |

میں سے جن لوگوں نے ہم کو گمراہ کیا تھا ان کو ہمیں دکھا کہ ہم ان کو اپنے پاؤں تلے (روند) ڈالیں تاکہ وہ

الْاَسْفَلِيْنَ ٢٩ اِنَّ الَّذِيْنَ قَالُوْا رَبُّنَا اللّٰهُ ثُمَّ اسْتَقَامُوْا تَتَنَزَّلُ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الْاَسْفَلِيْنَ | اِنَّ | الَّذِيْنَ | قَالُوْا | رَبُّنَا | اللّٰهُ | ثُمَّ | اِسْتَقَامُوْا | تَتَنَزَّلُ |
| نہایت ذلیل لوگوں میں | بے شک | جن لوگوں نے | کہا | رب ہمارا | اللہ ہے | پھر | وہ قائم رہے | اترتے ہیں/اتریں گے |

نہایت ذلیل ہوں۔ جن لوگوں نے کہا کہ ہمارا پروردگار اللہ ہے پھر وہ (اس پر) قائم رہے، ان پر فرشتے

عَلَيۡهِمُ الۡمَلٰٓـئِكَةُ اَلَّا تَخَافُوۡا وَ لَا تَحۡزَنُوۡا وَ اَبۡشِرُوۡا بِالۡجَنَّةِ الَّتِىۡ كُنۡتُمۡ

| عَلَيۡهِمُ | الۡمَلٰٓـئِكَةُ | اَلَّا | تَخَافُوۡا | وَ لَا تَحۡزَنُوۡا | وَ | اَبۡشِرُوۡا | بِالۡجَنَّةِ | الَّتِىۡ | كُنۡتُمۡ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ان پر | فرشتے | کہ نہ | تم خوف کرو | اور نہ تم غم کرو | اور | خوشخبری پاؤ/خوشی مناؤ | جنت کی | وہ جس کا | تم تھے |

اتریں گے (اور کہیں گے) کہ نہ خوف کرو اور نہ غمناک ہو اور بہشت کی جس کا تم سے وعدہ کیا جاتا ہے،

تُوۡعَدُوۡنَ ﴿۳۰﴾ نَحۡنُ اَوۡلِيٰٓـؤُكُمۡ فِى الۡحَيٰوةِ الدُّنۡيَا وَ فِى الۡاٰخِرَةِ ۚ وَ لَـكُمۡ فِيۡهَا

| تُوۡعَدُوۡنَ | نَحۡنُ | اَوۡلِيٰٓـؤُكُمۡ | فِى الۡحَيٰوةِ | الدُّنۡيَا | وَ فِى الۡاٰخِرَةِ | وَ لَـكُمۡ | فِيۡهَا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وعدہ کیے جاتے | ہم | تمہارے دوست | زندگی میں | دنیا کی | اور آخرت میں | اور تمہارے لیے | اس میں |

خوشی مناؤ۔ ہم دنیا کی زندگی میں بھی تمہارے دوست تھے اور آخرت میں (تمہارے رفیق ہیں)۔ اور وہاں

ع ۴ ۱۸

مَا تَشۡتَهِىۡۤ اَنۡفُسُكُمۡ وَ لَـكُمۡ فِيۡهَا مَا تَدَّعُوۡنَ ﴿۳۱﴾ نُزُلًا مِّنۡ غَفُوۡرٍ رَّحِيۡمٍ ﴿۳۲﴾

| مَا | تَشۡتَهِىۡۤ | اَنۡفُسُكُمۡ | وَ لَـكُمۡ | فِيۡهَا | مَا | تَدَّعُوۡنَ | نُزُلًا | مِّنۡ | غَفُوۡرٍ | رَّحِيۡمٍ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| جو | چاہیں گے | تمہارے دل | اور تمہارے لیے | اس میں | جو | تم طلب کرو گے | مہمانی | سے | بخشنے والا | مہربان |

جس (نعمت) کو تمہارا جی چاہے گا تم کو ملے گی اور جو چیز طلب کرو گے تمہارے لیے موجود ہوگی۔ (یہ) بخشنے والے مہربان کی طرف سے مہمانی ہے۔

وَ مَنۡ اَحۡسَنُ قَوۡلًا مِّمَّنۡ دَعَاۤ اِلَى اللّٰهِ وَ عَمِلَ صَالِحًا وَّ قَالَ اِنَّنِىۡ مِنَ

| وَ مَنۡ | اَحۡسَنُ | قَوۡلًا | مِّمَّنۡ | دَعَا | اِلَى اللّٰهِ | وَ عَمِلَ | صَالِحًا | وَ قَالَ | اِنَّنِىۡ | مِنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور کس کی | زیادہ اچھی | بات | اس سے جو | بلائے | اللہ کی طرف | اور عمل کرے | نیک | اور کہے | بے شک میں | سے |

اور اس شخص سے بات کا اچھا کون ہو سکتا ہے جو اللہ کی طرف بلائے اور نیک عمل کرے اور کہے کہ میں

الۡمُسۡلِمِيۡنَ ﴿۳۳﴾ وَ لَا تَسۡتَوِى الۡحَسَنَةُ وَ لَا السَّيِّئَةُ ؕ اِدۡفَعۡ بِالَّتِىۡ هِىَ اَحۡسَنُ

| الۡمُسۡلِمِيۡنَ | وَ لَا | تَسۡتَوِى | الۡحَسَنَةُ | وَ لَا | السَّيِّئَةُ | اِدۡفَعۡ | بِالَّتِىۡ | هِىَ | اَحۡسَنُ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مسلمانوں میں | اور نہیں | برابر ہو سکتی | بھلائی | اور نہ | برائی | دور کر/جواب دے | اس طریق سے جو | وہ | بہت اچھا ہو |

مسلمان ہوں۔ اور بھلائی اور برائی برابر نہیں ہو سکتی۔ تو (سخت کلامی کا) ایسے طریق سے جواب دو جو بہت اچھا ہو (ایسا کرنے سے تم دیکھو گے)

فَاِذَا الَّذِىۡ بَيۡنَكَ وَ بَيۡنَهٗ عَدَاوَةٌ كَاَنَّهٗ وَلِىٌّ حَمِيۡمٌ ﴿۳۴﴾ وَ مَا يُلَقّٰٮهَاۤ اِلَّا

| فَاِذَا | الَّذِىۡ | بَيۡنَكَ | وَ بَيۡنَهٗ | عَدَاوَةٌ | كَاَنَّهٗ | وَلِىٌّ | حَمِيۡمٌ | وَ مَا | يُلَقّٰٮهَا | اِلَّا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| پس یکایک | وہ جو | درمیان تیرے | اور درمیان اسکے | دشمنی تھی | گویا کہ (اب) وہ | دوست ہے | گرم جوش/قرابت والا | اور نہیں | دی جاتی یہ بات | مگر |

کہ جس میں اور تم میں دشمنی تھی وہ تمہارا گرم جوش دوست ہے۔ اور یہ بات ان ہی لوگوں کو حاصل ہوتی ہے

الَّذِيْنَ صَبَرُوْا ۚ وَ مَا يُلَقّٰهَآ اِلَّا ذُوْ حَظٍّ عَظِيْمٍ ﴿۳۵﴾ وَ اِمَّا يَنْزَغَنَّكَ مِنَ

| الَّذِيْنَ | صَبَرُوْا | وَ مَا | يُلَقّٰهَا | اِلَّا | ذُوْ حَظٍّ | عَظِيْمٍ | وَ اِمَّا | يَنْزَغَنَّكَ | مِنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ان لوگوں کو جو | صبر کرتے ہیں | اور نہیں | ملتی وہ بات | مگر | صاحب نصیب کو | بڑے | اور اگر | بہکادے تجھ کو | طرف سے |

جو برداشت کرنے والے ہیں اور ان ہی کو نصیب ہوتی ہے جو بڑے صاحب نصیب ہیں۔ اور اگر تمہیں شیطان کی جانب سے

الشَّيْطٰنِ نَزْغٌ فَاسْتَعِذْ بِاللّٰهِ ؕ اِنَّهٗ هُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ﴿۳۶﴾ وَ مِنْ اٰيٰتِهِ

| الشَّيْطٰنِ | نَزْغٌ | فَاسْتَعِذْ | بِاللّٰهِ | اِنَّهٗ | هُوَ | السَّمِيْعُ | الْعَلِيْمُ | وَ مِنْ | اٰيٰتِهِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| شیطان کی | کوئی وسوسہ | تو پناہ طلب کر | اللہ کی | بے شک وہ | وہی | سب کچھ سننے والا | سب کچھ جاننے والا ہے | اور سے | اس کی نشانیوں میں |

کوئی وسوسہ پیدا ہو تو اللہ کی پناہ مانگ لیا کرو۔ بے شک وہ سنتا جانتا ہے۔ اور رات

الَّيْلُ وَ النَّهَارُ وَ الشَّمْسُ وَ الْقَمَرُ ؕ لَا تَسْجُدُوْا لِلشَّمْسِ وَ لَا لِلْقَمَرِ

| الَّيْلُ | وَ النَّهَارُ | وَ الشَّمْسُ | وَ الْقَمَرُ | لَا تَسْجُدُوْا | لِلشَّمْسِ | وَ لَا | لِلْقَمَرِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| رات | اور دن | اور سورج | اور چاند | نہ تم سجدہ کرو | سورج کو | اور نہ | چاند کو |

اور دن اور سورج اور چاند اس کی نشانیوں میں سے ہیں۔ تم لوگ نہ تو سورج کو سجدہ کرو اور نہ چاند کو

وَ اسْجُدُوْا لِلّٰهِ الَّذِيْ خَلَقَهُنَّ اِنْ كُنْتُمْ اِيَّاهُ تَعْبُدُوْنَ ﴿۳۷﴾ فَاِنِ

| وَ اسْجُدُوْا | لِلّٰهِ | الَّذِيْ | خَلَقَهُنَّ | اِنْ | كُنْتُمْ | اِيَّاهُ | تَعْبُدُوْنَ | فَاِنِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور سجدہ کرو | اللہ کو | وہ جس نے | پیدا کیا ان کو | اگر | ہو تم | خاص اسی کی | عبادت کرتے | پس اگر |

بلکہ اللہ ہی کو سجدہ کرو جس نے ان چیزوں کو پیدا کیا ہے، اگر تم کو اس کی عبادت منظور ہے۔ اگر

اسْتَكْبَرُوْا فَالَّذِيْنَ عِنْدَ رَبِّكَ يُسَبِّحُوْنَ لَهٗ بِالَّيْلِ وَ النَّهَارِ وَ هُمْ لَا

| اِسْتَكْبَرُوْا | فَالَّذِيْنَ | عِنْدَ | رَبِّكَ | يُسَبِّحُوْنَ | لَهٗ | بِالَّيْلِ | وَ النَّهَارِ | وَ هُمْ | لَا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وہ تکبر کریں | تو جو لوگ | نزدیک ہیں | آپ کے رب کے | وہ تسبیح کرتے ہیں | اس کی | رات | اور دن | اور وہ | نہیں |

یہ لوگ سرکشی کریں تو (اللہ کو بھی ان کی پرواہ نہیں) جو (فرشتے) تمہارے پروردگار کے پاس ہیں وہ رات دن اس کی تسبیح کرتے رہتے ہیں اور (کبھی)

يَسْـَٔمُوْنَ ﴿۳۸﴾ السجدة وَ مِنْ اٰيٰتِهٖٓ اَنَّكَ تَرَى الْاَرْضَ خَاشِعَةً فَاِذَآ اَنْزَلْنَا عَلَيْهَا السجدۃ ۱۱

| يَسْـَٔمُوْنَ | وَ مِنْ اٰيٰتِهٖ | اَنَّكَ | تَرَى | الْاَرْضَ | خَاشِعَةً | فَاِذَا | اَنْزَلْنَا | عَلَيْهَا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اکتاتے/تھکتے | اور اس کی نشانیوں میں سے | کہ تو | دیکھتا ہے | زمین کو | دبی ہوئی | پس جب | نازل کرتے ہیں ہم | اس پر |

تھکتے ہی نہیں۔ اور (اے بندے یہ) اس (کی قدرت) کے نمونے ہیں کہ تو زمین کو دبی ہوئی (یعنی خشک) دیکھتا ہے، جب ہم اس پر پانی

الْمَآءَ اهْتَزَّتْ وَ رَبَتْ ؕ اِنَّ الَّذِیْۤ اَحْیَاهَا لَمُحْیِ الْمَوْتٰی ؕ اِنَّهٗ عَلٰی كُلِّ شَیْءٍ

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الْمَآءَ | اِهْتَزَّتْ | وَ رَبَتْ | اِنَّ | الَّذِیْۤ | اَحْیَاهَا | لَمُحْیِ | الْمَوْتٰی | اِنَّهٗ | عَلٰی | كُلِّ | شَیْءٍ |
| پانی | شاداب ہوجاتی ہے | اور پھولتی ہے | بیشک | وہ جس نے | زندہ کیا اس کو | یقیناً زندہ کرنے والا ہے | مردے | بیشک وہ | پر | ہر | چیز |

برسا دیتے ہیں تو شاداب ہو جاتی اور پھولنے لگتی ہے۔ تو جس نے زمین کو زندہ کیا وہی مردوں کو زندہ کرنے والا ہے۔ بے شک وہ ہر چیز پر

قَدِیْرٌ ﴿۳۹﴾ اِنَّ الَّذِیْنَ یُلْحِدُوْنَ فِیْۤ اٰیٰتِنَا لَا یَخْفَوْنَ عَلَیْنَا ؕ اَفَمَنْ یُّلْقٰی فِی

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| قَدِیْرٌ | اِنَّ | الَّذِیْنَ | یُلْحِدُوْنَ | فِیْۤ اٰیٰتِنَا | لَا یَخْفَوْنَ | عَلَیْنَا | اَفَمَنْ | یُلْقٰی | فِیْ |
| قادر ہے | بے شک | جو لوگ | کج روی کرتے ہیں | ہماری آیات میں | نہیں وہ پوشیدہ ہیں | ہم پر/ہم سے | تو بھلا جو شخص | ڈالا جائے | میں |

قادر ہے۔ جو لوگ ہماری آیتوں میں کج راہی کرتے ہیں وہ ہم سے پوشیدہ نہیں ہیں۔ بھلا جو شخص دوزخ میں

النَّارِ خَیْرٌ اَمْ مَّنْ یَّاْتِیْۤ اٰمِنًا یَّوْمَ الْقِیٰمَةِ ؕ اِعْمَلُوْا مَا شِئْتُمْ ۙ اِنَّهٗ بِمَا

| | | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| النَّارِ | خَیْرٌ | اَمْ | مَنْ | یَّاْتِیْۤ | اٰمِنًا | یَوْمَ | الْقِیٰمَةِ | اِعْمَلُوْا | مَا | شِئْتُمْ | اِنَّهٗ | بِمَا |
| آگ | بہتر ہے | یا | جو | آئے | امن سے | دن | قیامت کے | عمل کرو | جو | تم چاہو | بے شک وہ | اس کو جو |

ڈالا جائے وہ بہتر ہے یا وہ جو قیامت کے دن امن و امان سے آئے؟ (تو خیر) جو چاہو سو کر لو۔ جو کچھ

تَعْمَلُوْنَ بَصِیْرٌ ﴿۴۰﴾ اِنَّ الَّذِیْنَ كَفَرُوْا بِالذِّكْرِ لَمَّا جَآءَهُمْ ۚ وَ اِنَّهٗ لَكِتٰبٌ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تَعْمَلُوْنَ | بَصِیْرٌ | اِنَّ | الَّذِیْنَ | كَفَرُوْا | بِالذِّكْرِ | لَمَّا | جَآءَهُمْ | وَاِنَّهٗ | لَكِتٰبٌ |
| تم عمل کرتے ہو | دیکھنے والا ہے | بے شک | جن لوگوں نے | کفر کیا/انکار کیا | نصیحت سے | جب | آئی ان کے پاس | اور بے شک یہ | البتہ کتاب ہے |

تم کرتے ہو وہ اس کو دیکھ رہا ہے۔ جن لوگوں نے نصیحت کو نہ مانا جب وہ ان کے پاس آئی۔ اور یہ تو ایک عالی رتبہ

عَزِیْزٌ ﴿۴۱﴾ لَّا یَاْتِیْهِ الْبَاطِلُ مِنْۢ بَیْنِ یَدَیْهِ وَ لَا مِنْ خَلْفِهٖ ؕ تَنْزِیْلٌ مِّنْ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| عَزِیْزٌ | لَا یَاْتِیْهِ | الْبَاطِلُ | مِنْ | بَیْنِ یَدَیْهِ | وَ لَا | مِنْ خَلْفِهٖ | تَنْزِیْلٌ | مِنْ |
| عالی مرتبہ | نہیں آتا اس میں | باطل/جھوٹ | سے | آگے اس کے | اور نہ | اسکے پیچھے سے | نازل کی گئی ہے | طرف سے |

کتاب ہے۔ اس پر جھوٹ کا دخل نہ آگے سے ہو سکتا ہے نہ پیچھے سے، (اور) دانا (اور) خوبیوں والے (خدا)

حَكِیْمٍ حَمِیْدٍ ﴿۴۲﴾ مَا یُقَالُ لَكَ اِلَّا مَا قَدْ قِیْلَ لِلرُّسُلِ مِنْ قَبْلِكَ ؕ اِنَّ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| حَكِیْمٍ | حَمِیْدٍ | مَا | یُقَالُ | لَكَ | اِلَّا | مَا | قَدْ قِیْلَ | لِلرُّسُلِ | مِنْ قَبْلِكَ | اِنَّ |
| بہت حکمت والے | قابل تعریف | نہیں | کہا جاتا | آپ سے | مگر | جو | کہا جا چکا ہے | رسولوں کو | آپ سے پہلے | بے شک |

کی اتاری ہوئی ہے۔ تم سے وہی باتیں کہی جاتی ہیں جو تم سے پہلے اور پیغمبروں سے کہی گئی تھیں۔ بے شک

رَبَّكَ لَذُوْ مَغْفِرَةٍ وَّ ذُوْ عِقَابٍ اَلِيْمٍ ﴿۴۳﴾ وَ لَوْ جَعَلْنٰهُ قُرْاٰنًا اَعْجَمِيًّا لَّقَالُوْا

| رَبَّكَ | لَذُوْ مَغْفِرَةٍ | وَ ذُوْ عِقَابٍ | اَلِيْمٍ | وَ لَوْ | جَعَلْنٰهُ | قُرْاٰنًا | اَعْجَمِيًّا | لَقَالُوْا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| آپ کا رب | معاف کرنے والا | اور عذاب دینے والا | دردناک | اور اگر | ہم بناتے اس کو | قرآن | غیر عربی | تو وہ کہتے |

تمہارا پروردگار بخش دینے والا بھی ہے اور عذابِ الیم دینے والا بھی ہے۔ اور اگر ہم اس قرآن کو غیر زبانِ عرب میں (نازل) کرتے تو یہ لوگ کہتے،

لَوْلَا فُصِّلَتْ اٰيٰتُهٗ ؕ ءَ اَعْجَمِيٌّ وَّ عَرَبِيٌّ ؕ قُلْ هُوَ لِلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا هُدًى وَّ شِفَآءٌ ؕ

| لَوْلَا | فُصِّلَتْ | اٰيٰتُهٗ | ءَ اَعْجَمِيٌّ | وَ عَرَبِيٌّ | قُلْ | هُوَ | لِلَّذِيْنَ | اٰمَنُوْا | هُدًى | وَ شِفَآءٌ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| کیوں نہیں | کھول کر بیان کی گئیں | اسکی آیات | کیا عجمی (کتاب) | اور عربی (رسول) | کہہ دیجئے | وہ/یہ | ان لوگوں کیلئے جو | ایمان لائے | ہدایت | اور شفا ہے |

اس کی آیتیں (ہماری زبان میں) کیوں کھول کر بیان نہیں کی گئیں؟ کیا (خوب کہ قرآن تو) عجمی اور (مخاطب) عربی! کہہ دو کہ جو ایمان لاتے ہیں ان کیلئے

قرء حفص بتسهيل الهمزة الثانية

وَ الَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ فِيْٓ اٰذَانِهِمْ وَقْرٌ وَّ هُوَ عَلَيْهِمْ عَمًى ؕ اُولٰٓئِكَ يُنَادَوْنَ

| وَ الَّذِيْنَ | لَا يُؤْمِنُوْنَ | فِيْٓ اٰذَانِهِمْ | وَقْرٌ | وَ هُوَ | عَلَيْهِمْ | عَمًى | اُولٰٓئِكَ | يُنَادَوْنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور جو لوگ | نہیں ایمان لاتے ہیں | ان کے کانوں میں | گرانی ہے | اور وہ | ان پر/ان کے حق میں | نابینائی/کور باطنی ہے | یہی لوگ | پکارے جاتے ہیں |

یہ ہدایت اور شفا ہے۔ اور جو ایمان نہیں لاتے ان کے کانوں میں گرانی (یعنی بہرا پن) ہے اور یہ ان کے حق میں (موجب) نابینائی ہے۔ گرانی کے سبب ان

ع ۵ ۱۲ ۱۹

مِنْ مَّكَانٍۭ بَعِيْدٍ ﴿۴۴﴾ وَ لَقَدْ اٰتَيْنَا مُوْسَى الْكِتٰبَ فَاخْتُلِفَ فِيْهِ ؕ وَ لَوْلَا

| مِنْ | مَكَانٍ | بَعِيْدٍ | وَ لَقَدْ | اٰتَيْنَا | مُوْسٰى | الْكِتٰبَ | فَاخْتُلِفَ | فِيْهِ | وَ لَوْلَا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| سے | جگہ | دور | اور بے شک | دی ہم نے | موسیٰ کو | کتاب | تو اختلاف کیا گیا | اس میں | اور اگر نہ |

کو (گویا) دور جگہ سے آواز دی جاتی ہے۔ اور ہم نے موسیٰؑ کو کتاب دی تو اس میں اختلاف کیا گیا۔ اور اگر

كَلِمَةٌ سَبَقَتْ مِنْ رَّبِّكَ لَقُضِيَ بَيْنَهُمْ ؕ وَ اِنَّهُمْ لَفِيْ شَكٍّ مِّنْهُ مُرِيْبٍ ﴿۴۵﴾

| كَلِمَةٌ | سَبَقَتْ [1] | مِنْ رَّبِّكَ | لَقُضِيَ | بَيْنَهُمْ | وَ اِنَّهُمْ | لَفِيْ | شَكٍّ | مِنْهُ | مُرِيْبٍ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ایک بات | پہلے صادر ہو چکی ہوتی | آپ کے رب کی طرف سے | تو فیصلہ کر دیا جاتا | ان کے درمیان | اور بیشک وہ | البتہ میں | شک | اس سے | متردد کرنیوالے |

تمہارے پروردگار کی طرف سے ایک بات پہلے نہ ٹھہر چکی ہوتی تو ان میں فیصلہ کر دیا جاتا۔ اور یہ اس (قرآن) سے شک میں الجھ رہے ہیں۔

مَنْ عَمِلَ صَالِحًا فَلِنَفْسِهٖ وَ مَنْ اَسَآءَ فَعَلَيْهَا ؕ وَ مَا رَبُّكَ بِظَلَّامٍ لِّلْعَبِيْدِ ﴿۴۶﴾

| مَنْ | عَمِلَ | صَالِحًا | فَلِنَفْسِهٖ | وَ مَنْ | اَسَآءَ | فَعَلَيْهَا | وَ مَا | رَبُّكَ | بِظَلَّامٍ | لِلْعَبِيْدِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| جو | عمل کرے | نیک | پس اس کے نفس کیلئے ہے | اور جو | برا کرے | پس اسی پر ہے | اور نہیں | آپکا رب | ظلم کرنے والا | بندوں پر |

جو نیک کام کرے گا تو اپنے لیے اور جو برے کرے گا تو ان کا ضرر اسی کو ہو گا۔ اور تمہارا پروردگار بندوں پر ظلم کرنے والا نہیں۔



[1] سَبَقَتْ: پہلے ٹھہر چکی ہوتی، پہلے صادر ہو چکی ہوتی۔